الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ

جو لوگ | بخل کرتے ہیں | اور حکم دیتے ہیں | لوگوں کو | بخل کا | اور وہ چھپاتے ہیں | وہ جو | دیا اُنکو

جو خود بخل کریں اور دوسروں کو بخل سکھائیں، اللہ نے جو کچھ انھیں دے رکھا ہے اسے خرچ کرنے کے

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿37﴾ۚ وَالَّذِيْنَ

اللہ نے | سے | اپنے فضل | اور ہم نے تیار کیا ہے | کافروں کیلئے | عذاب | ذلیل کرنے والا | اور جو لوگ

بجائے چھپائیں۔ ایسے ناشکروں کے لیے ہم نے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ وہ اگر

يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَاۗءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ

خرچ کرتے ہیں | مال اپنے | دکھانے کو | لوگوں کے | اور نہیں | وہ ایمان رکھتے | اللہ پر | اور نہ | دن پر

کچھ خرچ بھی کرتے ہیں تو لوگوں کو دکھانے کے لیے، نہ اللہ پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ آخرت کے

الْاٰخِرِ ۭ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَاۗءَ قَرِيْنًا ﴿38﴾ وَمَاذَا

آخرت کے | اور جو کوئی | ہو | شیطان | اُسکا | ساتھی | پس وہ بُرا ہے | ساتھی | اور کیا ہے

دن پر۔ حقیقت یہ ہے کہ شیطان جس کا ساتھی ہو وہ بہت برا ساتھی ہے۔ آخر ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيۡهِمۡ لَوۡ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَنۡفَقُوۡا مِمَّا رَزَقَهُمُ

اُن پر | اگر | وہ ایمان لائیں | اللہ پر | اور دن پر | آخرت کے | اور وہ خرچ کریں | اُس سے جو | دیا اُنکو

لوگوں کا کیا نقصان تھا اگر وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے، اللہ نے جو کچھ انھیں دے رکھا ہے اُس میں سے اُس کی راہ میں

اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمۡ عَلِيۡمًا ﴿39﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظۡلِمُ مِثۡقَالَ

اللہ نے | اور ہے | اللہ | اُنکو | خوب جاننے والا | بیشک | اللہ | نہیں | ظلم کرتا | برابر

خرچ کرتے؟ اور اللہ ایسے لوگوں سے اچھی طرح باخبر ہے۔ بے شک اللہ ذرا بھی کسی کی حق تلفی

ذَرَّةٍ ۚ وَاِنۡ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفۡهَا وَيُؤۡتِ مِنۡ لَّدُنۡهُ اَجۡرًا

ایک ذرّے کے | اور اگر | ہو | کوئی نیکی | وہ دوگنا کرے گا اُسکو | اور دے گا | سے | پاس اپنے | ثواب

نہیں کرتا بلکہ اگر کسی نے معمولی نیکی کی ہو تو اسے دگنا بڑھاتا اور اپنے پاس سے بڑا

عَظِيۡمًا ﴿40﴾ فَكَيۡفَ اِذَا جِئۡنَا مِنۡ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيۡدٍ وَّجِئۡنَا بِكَ عَلٰى

بڑا | پس کیا ہوگا | جب | ہم لائیں گے | سے | ہر | اُمت | ایک گواہ | اور ہم لائیں گے | آپ کو | اوپر

ثواب دیتا ہے۔ پھر اُس دن کیا حال ہوگا جب سب لوگ جمع ہوں گے اور ہم ہر امت میں سے ایک نبی کو گواہ لائیں گے اور اے

هٰۤؤُلَاۤءِ شَهِيۡدًا ؕ ﴿41﴾ يَوۡمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَعَصَوُا الرَّسُوۡلَ لَوۡ

اُنکے | گواہ | اُس دن | چاہیں گے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | اور نافرمانی کی | رسول کی | کاش

نبی ﷺ! ہم آپ ﷺ کو ان پر گواہ بنا کر کھڑا کریں گے۔ پھر اس دن وہ لوگ جنھوں نے کفر کیا اور رسول کی نافرمانی کی، یہ تمنا

وقف النبی علیہ السلام

تُسَوّٰى بِهِمُ الۡاَرۡضُ ؕ وَلَا يَكۡتُمُوۡنَ اللّٰهَ حَدِيۡثًا ﴿42﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ (6 ع 9 3)

برابر کردی جائے | اُن پر | زمین | اور نہ | وہ چھپائیں گے | اللہ سے | کوئی بات | اے | لوگو جو

کریں گے کہ اے کاش! زمین ان پر برابر کردی جائے، اور اس دن وہ اللہ سے کوئی بات چھپا نہ سکیں گے۔ اے ایمان

اٰمَنُوۡا لَا تَقۡرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنۡتُمۡ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعۡلَمُوۡا مَا تَقُوۡلُوۡنَ

ایمان لائے ہو | نہ | قریب ہو جاؤ | نماز کے | جبکہ تم ہو | نشے میں | یہاں تک کہ | تُم جانو | جو | تم کہتے ہو

والو! نشے کی حالت میں نماز کے قریب نہ جاؤ۔ یہاں تک کہ جو کچھ تم زبان سے کہو اُسے سمجھو۔

وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِىۡ سَبِيۡلٍ حَتّٰى تَغۡتَسِلُوۡا ؕ وَاِنۡ كُنۡتُمۡ

اور نہ | جنابت کی حالت میں | مگر | گزرنے والے | راہ کے | یہاں تک کہ | تُم غسل کرلو | اور اگر | تُم ہو

اسی طرح جب غسل کی حاجت ہو تو بھی نماز کے قریب نہ جاؤ جب تک غسل نہ کر لو۔ البتہ بغیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ

بیمار | یا | پر | سفر | یا | آئے | کوئی | تم میں سے | سے | بیت الخلا | یا | تم نے ملاپ کیا ہو

غسل کیے مسجد اور نماز کی جگہ میں سے گزرنے کی اجازت ہے۔ اگر تم بیمار ہو یا سفر پر ہو یا تم میں سے کوئی شخص رفع حاجت کر کے

النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا

بیویوں سے | پس نہ | تم پاؤ | پانی | تو تم تیمم کرو | مٹی | پاک سے | پس تم مسح کرو

آئے، یا تم بیویوں کے پاس گئے ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم کر لو اور اپنے چہرے

بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿43﴾ اَلَمْ تَرَ

اپنے چہروں کا | اور اپنے ہاتھوں کا | بیشک | اللہ | ہے | بہت معاف کرنے والا | بڑا بخشنے والا | کیا نہیں | تو نے دیکھا

اور ہاتھوں کا مسح کر لو۔ بے شک اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ مسلمانو! کیا تم نے

اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ وَيُرِيْدُوْنَ

طرف | اُن کی جن کو | ملا | حصہ | سے | کتاب میں | خریدتے ہیں | گمراہی | اور وہ چاہتے ہیں

ان لوگوں کا حال نہیں دیکھا جنہیں کتابِ الٰہی کا کچھ حصہ دیا گیا مگر وہ گمراہی خرید رہے ہیں اور چاہتے ہیں

اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿44﴾ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۟ۙ

کہ | تم بہک جاؤ | راہ سے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | تمہارے دشمنوں کو | اور کافی ہے | اللہ | دوست

تم بھی گمراہ ہو جاؤ۔ اللہ تمہارے دشمنوں کو خوب جانتا ہے اور اللہ کی حمایت اور مدد

وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا ﴿45﴾ مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ

اور کافی ہے | اللہ | مددگار | بعض سے | اُن لوگوں سے جو | یہودی ہوئے | بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | سے

ہی تمہارے لیے کافی ہے۔ اے نبی ﷺ! یہودیوں کا ایک گروہ بات کو اُس کے ٹھکانے سے ہٹا

مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ وَّرَاعِنَا لَيًّا

اُن کی جگہوں | اور وہ کہتے ہیں | ہم نے سُنا | اور ہم نے نہ مانا | اور سُن | نہ | سُنایا جائے | اور راعنا | مروڑ کر

دیتا ہے اور آپ ﷺ سے کہتا ہے "ہم نے سنا مگر نہ مانا" وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ "سنیں اور تمہیں سنایا نہ جائے" اور وہ اپنی

بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا

اپنی زبانوں کو | اور طعن کرتے ہوئے | بارے میں | دین کے | اور اگر | یہ کہ وہ | کہتے | ہم نے سُنا | اور ہم نے مانا

زبان کو موڑ کر رَاعِنَا کہتے ہیں تاکہ دینِ حق پر عیب لگائیں۔ اگر وہ اس کی بجائے یہ کہتے "ہم نے سنا اور مانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاسۡمَعۡ وَانۡظُرۡنَا لَكَانَ خَيۡرًا لَّهُمۡ وَاَقۡوَمَ ۙ وَلٰكِنۡ لَّعَنَهُمُ اللّٰهُ

اور سنئے | اور ہماری طرف دیکھئے | ضرور ہوتا | بہتر | اُن کے لیے | اور بہت درست | اور لیکن | لعنت کی اُن پر | اللہ نے

اور ہماری طرف متوجہ ہوں'' تو اُن کے حق میں بہتر ہوتا اور صحیح بات ہوتی۔ مگر اللہ نے اُن کے کفر کی

بِكُفۡرِهِمۡ فَلَا يُؤۡمِنُوۡنَ اِلَّا قَلِيۡلًا ﴿46﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ

اُنکے کفر کی وجہ سے | پس نہ | وہ ایمان لائیں گے | مگر | تھوڑے | اے | لوگو جن کو | دی گئی | کتاب

وجہ سے ان پر لعنت کردی اس لیے وہ بہت کم ایمان لائیں گے۔ اے اہلِ کتاب!

اٰمِنُوۡا بِمَا نَزَّلۡنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ نَّطۡمِسَ

تم ایمان لاؤ | اُس پر جو | ہم نے اتارا | تصدیق کرنیوالا | اُس کی جو | ساتھ تمہارے ہے | سے | پہلے | کہ | ہم مٹا ڈالیں

ہمارے نازل کیے ہوئے قرآن پر جو تمہاری کتابوں کو سچا کر دکھانے والا ہے ایمان لاؤ، اس سے پہلے کہ ہم تمہارے چہرے مسخ

وُجُوۡهًا فَنَرُدَّهَا عَلٰۤى اَدۡبَارِهَاۤ اَوۡ نَلۡعَنَهُمۡ كَمَا لَعَنَّاۤ اَصۡحٰبَ

چہرے | پس ہم پھیر دیں اُنکو | پر | اُنکی پیٹھوں | یا | ہم لعنت کریں اُن پر | جیسا کہ | ہم نے لعنت کی | والوں

کردیں اور انھیں اُلٹی طرف لگا دیں، یا تم پر لعنت کردیں جیسے ہفتے کے دن والوں پر

السَّبۡتِ ؕ وَكَانَ اَمۡرُ اللّٰهِ مَفۡعُوۡلًا ﴿47﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغۡفِرُ اَنۡ

ہفتے پر | اور ہے | کام | اللہ کا | ضرور ہونے والا | بیشک | اللہ | نہیں | بخشے گا | یہ کہ

کی تھی اور یاد رکھو اللہ کا حکم پورا ہو کر رہتا ہے۔ بے شک اللہ شرک کو معاف

يُّشۡرَكَ بِهٖ وَيَغۡفِرُ مَا دُوۡنَ ذٰلِكَ لِمَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَمَنۡ يُّشۡرِكۡ

شریک کیا جائے | ساتھ اُسکے | اور وہ بخشے گا | جو | سوائے | اسکے ہے | جس کیلئے | وہ چاہے | اور جو کوئی | شریک بنائے

نہیں کرے گا۔ اس کے سوا باقی گناہوں میں سے جو چاہے گا بخش دے گا۔ جو شخص اللہ کا شریک

بِاللّٰهِ فَقَدِ افۡتَرٰۤى اِثۡمًا عَظِيۡمًا ﴿48﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الَّذِيۡنَ يُزَكُّوۡنَ

ساتھ اللہ کے | پس بیشک | اُس نے گھڑلیا | گناہ | بڑا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | طرف | اُن لوگوں کی جو | پاک بناتے ہیں

بناتا ہے وہ بڑا بہتان باندھتا ہے۔ اے نبی ﷺ! کیا آپ ﷺ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو گناہوں سے پاک سمجھتے

اَنۡفُسَهُمۡ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّىۡ مَنۡ يَّشَآءُ وَلَا يُظۡلَمُوۡنَ فَتِيۡلًا ﴿49﴾ اُنۡظُرۡ

خود کو | بلکہ | اللہ | پاک کرتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور نہ | اُن پر ظلم ہوگا | دھاگے برابر | تو دیکھ

ہیں حالاں کہ اللہ جسے چاہتا ہے پاک کرتا ہے اور اللہ کسی پر ذرا ظلم نہیں کرتا مگر دیکھو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ع 7/8 4
كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿50﴾ اَلَمْ

کیسے | وہ باندھتے ہیں | پر | اللہ | جھوٹ | اور کافی ہے | اُسکا یہ | گناہ | ظاہر | کیا نہیں

یہ لوگ اللہ پر کیسا جھوٹ باندھ رہے ہیں اور صریح گناہ ہونے کے لیے یہی کافی ہے۔ کیا تم نے

تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ

تو نے دیکھا | طرف اُنکی | جن کو | دیا گیا | حصّہ | سے | کتاب | وہ ایمان رکھتے ہیں | بتوں پر

ان لوگوں کی حالت پر غور نہیں کیا جنھیں کتابِ الٰہی کا کچھ حصہ دیا گیا مگر وہ بتوں کو اور شیطان کو

وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ

اور شیطان پر | اور وہ کہتے ہیں | اُنکو جو | کافر ہوئے | کہ یہ لوگ | زیادہ ہدایت والے ہیں | سے | اُن لوگوں

مانتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں وہ مسلمانوں سے زیادہ صحیح

اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ﴿51﴾ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ

جو ایمان لائے | راستے پر | یہ لوگ | وہ ہیں جو | لعنت کی اُن پر | اللہ نے | اور جس پر | لعنت کرے | اللہ

راستے پر ہیں۔ یہی لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جس پر اللہ لعنت کر دے

فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ﴿52﴾ ۭ اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا

پس ہرگز نہ | تُو پائے گا | اُن کیلئے | مددگار | کیا | اُن کیلئے | حصّہ ہے | سے | بادشاہی میں | پھر فوراً

اس کا کوئی مددگار نہیں۔ کیا اللہ کی بادشاہی میں ان کا بھی کوئی دخل ہے؟ پھر تو

لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ﴿53﴾ اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ

نہ | وہ دیں گے | لوگوں کو | تل برابر | کیا | وہ حسد کرتے ہیں | لوگوں سے | پر | اس بات جو | دیا اُنکو

یہ لوگوں کو ایک تل برابر بھی نہ دیں۔ یا پھر انھیں اس بات کا حسد ہے کہ کیوں اللہ نے مسلمانوں کو

اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

اللہ نے | سے | اپنے فضل | پس بیشک | ہم نے دی | اولادِ | ابراہیم کو | کتاب | اور حکمت

اپنے فضل سے نوازا؟ حالاں کہ اس سے پہلے ہم نے خاندانِ ابراہیم علیہ السلام کو کتاب و حکمت

وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ﴿54﴾ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ

اور ہم نے دی اُنکو | بادشاہی | بڑی | پس کوئی اُن میں سے | جو | ایمان لایا | ساتھ اُسکے | اور کوئی اُن میں سے | جو | رُکا رہا

اور عظیم سلطنت دی تھی۔ پھر ان لوگوں میں سے کوئی ایمان لایا، کوئی رُکا رہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ﴿55﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ

اُس سے | اور کافی ہے | دوزخ کی | بھڑکتی آگ | بیشک | جن لوگوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | عنقریب

تو ایسے لوگوں کے لیے جہنم کی بھڑکتی آگ کافی ہے۔ بے شک جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا، انھیں ہم قیامت کے دن

نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُھُمْ بَدَّلْنٰھُمْ جُلُوْدًا غَيْرَھَا

ہم داخل کریں گے اُنکو | آگ میں | جب جب | گل جائیں گے | چمڑے اُنکے | ہم بدل دیں گے اُنکو | چمڑے | علاوہ اُنکے

دوزخ کی آگ میں ڈالیں گے۔ جب اُن کے جسم کی کھالیں جل جائیں گی تو ہم ان کی کھالیں بدل کر دوسری کر دیں گے

لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿56﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

تاکہ وہ چکھیں | عذاب کو | بیشک | اللہ | ہے | غالب | حکمت والا | اور جو لوگ | ایمان لائے

تاکہ وہ عذاب سہتے رہیں۔ بے شک اللہ سب پر غالب اور حکمت والا ہے۔ جو لوگ ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُھُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور انہوں نے کام کیے | اچھے | ضرور ہم داخل کریں گے اُنکو | ایسے باغوں میں | بہتی ہیں | سے | نیچے اُنکے | نہریں

اور انھوں نے نیک کام کیے انھیں ہم ایسے باغوں میں داخل کریں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ لَھُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۡ وَّنُدْخِلُھُمْ ظِلًّا

ہمیشہ رہنے والے | اُن میں | ہمیشہ | اُن کیلئے | اُن میں ہیں | بیویاں | پاکیزہ | اور ہم داخل کریں گے اُنکو | چھاؤں

وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اُن کے لیے پاکیزہ بیویاں ہوں گی۔ ہم انھیں گھنی چھاؤں میں

ظَلِيْلًا ﴿57﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَھْلِهَا ۙ وَاِذَا

گھنی میں | بیشک | اللہ | حکم دیتا ہے تمہیں | کہ | تم پہنچاؤ | امانتیں | طرف | اُنکے حق داروں کی | اور جب

رکھیں گے۔ مسلمانو! اللہ تمھیں حکم دیتا ہے امانتیں اُن کے حق داروں کو پہنچاؤ۔ اور جب لوگوں

حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا

تم فیصلہ کرو | درمیان | لوگوں کے | یہ کہ | تم فیصلہ کرو | انصاف کے ساتھ | بیشک | اللہ | اچھی

کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف سے فیصلہ کرو۔ اللہ تمہیں کتنی اچھی

يَعِظُكُمْ بِهٖ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿58﴾ يٰٓاَيُّھَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

نصیحت کرتا ہے تم کو | اُسکے ساتھ | بیشک | اللہ | ہے | بہت سُننے والا | بہت دیکھنے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے

نصیحت کرتا ہے۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ اے ایمان والو!

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ ۖ فَإِن تَنَازَعْتُمْ

اطاعت کرو | اللہ کی | اور اطاعت کرو | رسول کی | اور اختیار والوں کی | تم میں سے | پھر اگر | تم جھگڑو

اطاعت کرو اللہ کی، اطاعت کرو رسول ﷺ کی اور اُن کی جو تم میں سے حکمران ہیں۔ پھر اگر تمہارے درمیان

فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ

میں | کسی چیز | پس پھیر دو اُسکو | طرف | اللہ کی | اور رسول کی | اگر | تُم ہو | ایمان رکھتے | اللہ پر

کسی چیز میں اختلاف ہوجائے تو اسے اللہ اور رسول ﷺ کی طرف پھیر دو اگر تم واقعی اللہ پر اور آخرت کے دن پر

ع 8 9 5

وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ۚ ذَٰلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلًا ﴿59﴾ ع أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ

اور روزِ | آخرت پر | یہی | بہتر ہے | اور اچھا | انجام میں | کیا نہیں | تونے دیکھا | طرف | اُنکی جو

ایمان رکھتے ہو۔ یہی طریقہ تمہارے لیے بہتر ہے اور اس کا انجام بہت اچھا ہے۔ اے نبی ﷺ! کیا آپ ﷺ نے منافقوں کو نہیں

يَزْعُمُونَ أَنَّهُمْ آمَنُوا بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ

دعویٰ کرتے ہیں | کہ وہ | ایمان لائے | اُس پر جو | نازل کیا گیا | طرف تیری | اور جو | نازل ہوا | سے | پہلے تیرے

دیکھا جو دعویٰ کرتے ہیں کہ اس قرآن پر ایمان لائے ہیں جو آپ ﷺ پر نازل کیا گیا اور ان کتابوں پر بھی ایمان رکھتے ہیں جو

يُرِيدُونَ أَن يَتَحَاكَمُوا إِلَى الطَّاغُوتِ وَقَدْ أُمِرُوا أَن يَكْفُرُوا بِهِ ط

وہ چاہتے ہیں | کہ | فیصلہ لے جائیں | طرف | شیطان کے | اور بے شک | اُنکو حکم دیا گیا | کہ | وہ انکار کریں | اُسکا

آپ ﷺ سے پہلے نازل ہوئیں لیکن وہ چاہتے ہیں کہ اپنے معاملات کا فیصلہ شیطان سے کرائیں حالاں کہ انھیں حکم دیا گیا ہے کہ

وَيُرِيدُ الشَّيْطَانُ أَن يُضِلَّهُمْ ضَلَالًا بَعِيدًا ﴿60﴾ وَإِذَا قِيلَ لَهُمْ

اور چاہتا ہے | شیطان | کہ | وہ گمراہ کرے اُنکو | گمراہی | دُور کی | اور جب | کہا جاتا ہے | اُنکو

اُسے نہ مانیں۔ شیطان تو چاہتا ہے کہ انھیں سیدھی راہ سے بھٹکا کر دُور لے جائے۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا إِلَىٰ مَا أَنزَلَ اللَّهُ وَإِلَى الرَّسُولِ رَأَيْتَ الْمُنَافِقِينَ

تُم آؤ | طرف | اُس کے جو | نازل کیا | اللہ نے | اور طرف | رسول کی | تو دیکھتا ہے | منافقوں کو

کہ آؤ اللہ کی اُتاری ہوئی کتاب اور اُس کے رسول ﷺ کی طرف تو آپ ﷺ دیکھیں گے

يَصُدُّونَ عَنكَ صُدُودًا ﴿61﴾ ج فَكَيْفَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ بِمَا

رُک جاتے ہیں | تجھ سے | رُک کر | پھر کیا ہوگا | جب | پہنچے گی اُنکو | مصیبت | اس وجہ سے جو

وہ آپ ﷺ سے کھسک جاتے ہیں۔ پھر اُس وقت کیا حال ہوگا جب اُن پر اپنے کرتوتوں کی وجہ سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ

آگے بھیجا | اُنکے ہاتھوں نے | پھر | وہ آتے ہیں تیرے پاس | قسمیں کھاتے ہوئے | اللہ کی | نہیں | ہم نے چاہا تھا | مگر

کوئی مصیبت آ جائے گی؟ اُس وقت آپ ﷺ کے پاس اللہ کی قسمیں کھاتے ہوئے آئیں گے اور کہیں گے ہم نے جو کچھ بھی کیا

اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿62﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ ق

بھلائی کرنا | اور سمجھوتہ کرنا | یہ لوگ | وہ ہیں کہ | جانتا ہے | اللہ | جو کچھ ہے | میں | اُنکے دلوں

بھلائی کی خاطر کیا، ہم چاہتے تھے دونوں فریق آپس میں راضی ہوجائیں۔ ان لوگوں کے دلوں میں جو کچھ ہے اللہ اس سے خوب

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿63﴾

پس تُو منہ پھیر لے | اُن سے | اور تُو نصیحت کر انکو | اور کہہ دیجیے | اُنکو | میں | دلوں اُنکے | بات | اثر کرنے والی

واقف ہے۔ اس لیے اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے اِعراض کریں، انھیں نصیحت کریں اور ان سے ایسی بات کریں جو ان کے

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ

اور نہیں | ہم نے بھیجا | کوئی | رسول | مگر | تا کہ ہو اطاعت اسکی | ساتھ حکم | اللہ کے | اور اگر | یہ کہ وہ | جب

دلوں میں اُتر جائے۔ اور ہم نے جو رسول بھیجا اس لیے بھیجا کہ اللہ کے حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے اور اے نبی ﷺ! اگر

ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ

ظلم کرتے ہیں | اپنی جانوں پر | آئیں تیرے پاس | پس وہ بخشش مانگیں | اللہ سے | اور بخشش مانگے | اُن کیلئے | رسول

منافقوں نے یہ طریقہ اختیار کیا ہوتا کہ جب وہ آپ ﷺ کی نافرمانی کر کے اپنے اوپر ظلم کر بیٹھے تھے تو آپ ﷺ کی خدمت میں

لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿64﴾ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى

ضرور پائیں گے | اللہ کو | توبہ قبول کرنیوالا | بہت رحم کرنیوالا | پس | قسم آپ کے رب کی | نہیں | وہ ایمان لائیں گے | یہاں تک کہ

حاضر ہوتے اور اللہ سے معافی مانگتے اور اللہ کا رسول ﷺ بھی ان کے لیے معافی کی دعا کرتا تو یہ لوگ دیکھ لیتے کہ اللہ توبہ قبول

يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا

مُنصف مانیں تجھ کو | اُس میں جو | جھگڑا پڑے | درمیان اُنکے | پھر | نہ | وہ پائیں | میں | دلوں اپنے | تنگی

فرمانے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کے رب کی قسم! ایسے لوگ کبھی ایمان والے نہیں ہو سکتے جب تک وہ تمام باہمی

مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿65﴾ وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا

اُس سے جو | تُو فیصلہ کر دے | اور وہ مان لیں | اچھی طرح مان کر | اور اگر | ہم | فرض کر دیتے | اُن پر | یہ کہ | قتل کرو

جھگڑوں میں آپ ﷺ کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں۔ پھر جو فیصلہ آپ ﷺ فرمائیں اس پر وہ اپنے دلوں میں کوئی تنگی محسوس نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَنْفُسَكُمْ أَوِ اخْرُجُوْا مِنْ دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ إِلَّا قَلِيْلٌ مِّنْهُمْ ط

اپنی جانوں کو | یا | تم نکل جاؤ | سے | اپنے گھروں | نہ | وہ کرتے اسکو | مگر | تھوڑے | اُن میں سے

کریں بلکہ دل وجان سے اسے تسلیم کرلیں۔ اگر ہم ان لوگوں کو حکم دیتے کہ جہاد میں جانیں پیش کرو، یا اپنے گھروں سے نکلو، تو ان

وَلَوْ أَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَأَشَدَّ

اور اگر | وہ | کرگزریں | اسے جو | نصیحت کیجاتی ہے اُنکو | ساتھ اُسکے | تو ہوتا | بہتر | اُن کیلئے | اور زیادہ ہوتا

میں سے بہت تھوڑے اس پر عمل کرتے۔ اور اگر یہ لوگ وہ کرتے جس کی انھیں نصیحت کی جاتی ہے تو ان کے لیے یہ بات بہتر اور

تَثْبِيْتًا ۙ﴿66﴾ وَّإِذًا لَّآتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّآ أَجْرًا عَظِيْمًا ۙ﴿67﴾ وَّلَهَدَيْنٰهُمْ

ثابت رکھنے میں | اور اُس وقت | ضرور ہم دیتے اُنکو | سے | پاس اپنے | ثواب | بڑا | اور ضرور ہم ہدایت دیتے اُنکو

ایمان پر ثابت رکھنے والی ہوتی۔ اور اس وقت ہم انھیں اپنے پاس سے بڑا اجر دیتے اور انھیں سیدھا

صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿68﴾ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَأُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ

راہ | سیدھی کی | اور جو کوئی | اطاعت کرے | اللہ کی | اور رسول کی | پس یہ لوگ ہیں | ساتھ | اُن لوگوں کے

راستہ دکھاتے۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کریں گے وہ آخرت میں ان لوگوں کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ نے

أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ

انعام کیا | اللہ نے | جن پر | سے | نبیوں | اور صدیقین | اور شہداء

انعام کیا یعنی پیغمبر، صدیق، شہید

وَالصّٰلِحِيْنَ ۚ وَحَسُنَ أُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿69﴾ ط ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ط وَكَفٰى

اور نیکوں | اور اچھے ہیں | یہ لوگ | ساتھی | یہ | فضل ہے | طرف سے | اللہ کی | اور کافی ہے

اور صالح لوگ۔ کیسی اچھی ہے ان کی رفاقت! یہ فضل ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ کا

9 ع 11 6 بِاللّٰهِ عَلِيْمًا ﴿70﴾ ع يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ

اللہ | جاننے والا۔ | اے | لوگو جو | ایمان لائے | لو | ہتھیار اپنے | پس تم نکلو | الگ الگ

علم کافی ہے۔ اے ایمان والو! اپنے دفاع کی تیاری کرو۔ پھر دستے بنا کر یا اکٹھے مل کر

أَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿71﴾ وَإِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَإِنْ أَصَابَتْكُمْ

یا | نکلو | اکٹھے | اور بیشک | بعض تم میں سے ہے | البتہ وہ | ضرور دیر کرتا ہے نکلنے میں | پس اگر | پہنچ جاتی ہے تمہیں

جہاد کے لیے نکلا کرو۔ اور تم میں کوئی منافق بھی ہے جو جہاد سے جی چُراتا ہے اور اگر جنگ میں تم پر کوئی مصیبت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُّصِيبَةٌ قَالَ قَدْ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيَّ إِذْ لَمْ أَكُن مَّعَهُمْ شَهِيدًا ﴿72﴾

کوئی مصیبت | وہ کہتا ہے | بے شک | مہربانی کی | اللہ نے | مجھ پر | جبکہ | نہ | مَیں ہوا | ساتھ اُنکے | حاضر

آن پڑے تو کہتا ہے کہ مجھ پر اللہ نے بڑا احسان کیا کہ میں اُن کے ساتھ نہ تھا۔

وَلَئِنْ أَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللَّهِ لَيَقُولَنَّ كَأَن لَّمْ تَكُن بَيْنَكُمْ

اور اگر | پہنچ جاتا ہے تمہیں | فضل | طرف سے | اللہ کی | البتہ ضرور وہ کہتا ہے | گویا کہ | نہ | تھی | درمیان تمہارے

اور اگر تمہیں اللہ کا کوئی فضل حاصل ہو تو کہتا ہے ...... گویا تمہارے اور اس کے درمیان کوئی تعلق نہیں......

وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ يَا لَيْتَنِي كُنتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿73﴾

اور درمیان اُسکے | دوستی | اے کاش کہ مَیں | مَیں ہوتا | ساتھ اُنکے | پس میں کامیاب ہوتا | کامیابی | بڑی

”اے کاش! میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو بڑی کامیابی حاصل کر لیتا!“

فَلْيُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يَشْرُونَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا بِالْآخِرَةِ ۚ

پس چاہیے کہ لڑیں | میں | راہ | اللہ کی | وہ لوگ جو | بیچتے ہیں | زندگی کو | دنیا کی | بدلے آخرت کے

پس چاہیے وہ لوگ اللہ کی راہ میں جہاد کریں جو پہلے ہی دنیا کی زندگی کو آخرت پر قربان کر چکے ہیں۔

وَمَن يُقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيُقْتَلْ أَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيهِ

اور جو کوئی | لڑے | میں | راہ | اللہ کی | پس وہ قتل ہو جائے | یا | غالب آجائے | تو عنقریب | ہم دیں گے اُسے

جو اللہ کی راہ میں جہاد کرے پھر شہید ہو یا غازی، ہم اسے بڑا

أَجْرًا عَظِيمًا ﴿74﴾ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

ثواب | بڑا | اور کیا ہے | تم کو | کہ نہیں | تم لڑتے | میں | راہ | اللہ کی

اجر دیں گے۔ مسلمانو! تمہیں کیا ہوا تم جہاد نہیں کرتے اللہ کی راہ میں

وَالْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِينَ يَقُولُونَ

اور کمزور | سے | مردوں | اور عورتیں | اور بچے | وہ جو | کہتے ہیں

اور ان بے بس مردوں، عورتوں اور بچوں کی خاطر جو اللہ کے آگے فریاد کرتے ہیں

رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا ج وَاجْعَل لَّنَا مِن

رب ہمارے | تو نکال ہم کو | سے | اس | بستی | کہ ظالم ہیں | باشندے اُسکے | اور تو بنا | ہمارے لیے | سے

خدایا! ہمیں اِس بستی سے نکال جس میں ظالموں کا راج ہے۔ ہمارے لیے اپنے پاس سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿75﴾ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اپنے پاس | دوست | اورتوکر | ہمارے لیے | سے | پاس اپنے | مددگار | جولوگ | ایمان لائے

کوئی حمایتی پیدا کردے اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی مددگار کھڑا کردے!'' جو لوگ ایمان والے ہیں

يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ

لڑتے ہیں | میں | راہ | اللہ کی | اور جولوگ | کافر ہوئے | وہ لڑتے ہیں | میں | راہ

وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور جو کافر ہیں وہ شیطان کی راہ میں

الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ كَانَ

شیطان کی | پس لڑو | دوستوں سے | شیطان کے | بیشک | چال | شیطان کی | ہے

لڑتے ہیں۔ اس لیے اے مسلمانو تم شیطان کے ساتھیوں سے لڑو۔ بے شک شیطان کی چال کمزور

ضَعِيْفًا ﴿76﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا (ع 10 6 7)

بہت کمزور | کیانہیں | تونے دیکھا | طرف | اُن لوگوں کے | کہا گیا | اُنکو | تم روکو | ہاتھ اپنے | اورتم قائم کرو

ہوتی ہے۔ کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہیں حکم دیا گیا کہ ابھی جہاد سے اپنے ہاتھ روکے رکھو، نماز

الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ

نماز | اورتم دو | زکوۃ | پھر جب | فرض کیا گیا | اُن پر | لڑنا | اچانک | ایک گروہ | اُن میں سے

قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ پھر جب ان پر جہاد فرض ہوا تو ان میں سے ایک گروہ انسانوں سے

يَخْشَوْنَ النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا

ڈرتے ہیں | لوگوں سے | جیسے ڈر | اللہ کا | یا | زیادہ | ڈرنا | اورانہوں نے کہا | رب ہمارے

ایسے ڈرنے لگا جیسے اللہ سے ڈرنا چاہیے بلکہ اس سے بھی زیادہ۔ وہ کہنے لگے

لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ؕ قُلْ

کیوں | تونے فرض کیا | ہم پر | لڑنا | کیوں نہ | تونے ڈھیل دی ہمیں | تک | ایک وقت | نزدیک | کہہ دیجئے

''اے ہمارے رب! تونے ہم پر جہاد کیوں فرض کردیا؟ ابھی ہمیں کچھ اور مہلت دی ہوتی!'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے

مَتَاعُ الدُّنْيَا قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ اتَّقٰى ۗ وَلَا تُظْلَمُوْنَ

فائدہ | دنیا کا | تھوڑا ہے | اور آخرت | بہتر ہے | اُس کیلئے جو | اللہ سے ڈرے | اور نہ | تم پر ظلم کیا جائے گا

کہیں ''دنیا کا عیش چند روزہ ہے، آخرت بہتر ہے اس کے لیے جو اللہ سے ڈرتا ہے اور وہاں تمہارے ساتھ ذرا بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَتِيْلًا ﴿٧٧﴾ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ

دھاگے برابر | جہاں کہیں بھی | تم ہو | آ لے گی تم کو | موت | اور اگر چہ | تم ہو | میں | قلعوں

ظلم نہ ہوگا۔ رہی موت، تو یاد رکھو، تم جہاں کہیں ہوگے وہ تمہیں آ کر رہے گی خواہ تم مضبوط

مُّشَيَّدَةٍ ؕ وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ

مضبوط | اور اگر | پہنچے اُنکو | بھلائی | وہ کہتے ہیں | یہ ہے | سے | پاس | اللہ کے | اور اگر

قلعوں میں ہو۔'' اے نبی ﷺ! منافقوں کو کوئی فائدہ ہو تو کہتے ہیں یہ اللہ کی طرف سے ہے، کوئی

تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ؕ قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ

پہنچے اُنکو | بُرائی | وہ کہتے ہیں | یہ ہے | سے | طرف تیری | کہہ دیجئے | ہر ایک ہے | سے | پاس

نقصان پہنچے تو کہتے ہیں یہ تمہاری وجہ سے ہے۔ آپ ﷺ کہہ دیں سب اللہ کی طرف

اللّٰهِ ؕ فَمَالِ هٰٓؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿٧٨﴾ مَآ

اللہ کے | پس کیا ہے | اس | قوم کو | نہیں | قریب ہوتے | کہ وہ سمجھیں | بات | جو

سے ہے۔ آخر ان لوگوں کو کیا ہوگیا ہے کوئی بات نہیں سمجھتے؟ اے انسان!

اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۫ وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ

پہنچتی ہے تجھے | سے | بھلائی | پس طرف سے ہے | اللہ کی | اور جو | پہنچتی ہے تجھے | سے | بُرائی | تو طرف سے

تجھے کوئی نعمت ملتی ہے تو اللہ کی طرف سے ہے اور کوئی نقصان ہوتا ہے تو تیرے اعمال کا

نَّفْسِكَ ؕ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿٧٩﴾ مَنْ

تیری جان کی | اور ہم نے بھیجا ہے تجھے | لوگوں کیلئے | رسول | اور کافی ہے | اللہ | گواہ | جس نے

نتیجہ ہے۔ اے نبی ﷺ! ہم نے آپ کو لوگوں کے لیے رسول ﷺ بنا کر بھیجا ہے اور اس بات پر اللہ کی گواہی کافی ہے۔ جس نے

يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ

اطاعت کی | رسول کی | پس بیشک | اطاعت کی | اللہ کی | اور جو کوئی | پھر جائے | پس نہیں | ہم نے بھیجا تجھ کو | اُن پر

رسول ﷺ کی اطاعت کی اُس نے اللہ کی اطاعت کر لی اور جو لوگ اس سے منہ موڑیں تو اے نبی ﷺ! ہم نے اُن پر آپ ﷺ کو

حَفِيْظًا ﴿٨٠﴾ ؕ وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۫ فَاِذَا بَرَزُوْا مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ

نگہبان | اور وہ کہتے ہیں | ہمارا کام فرماں برداری ہے | پھر جب | باہر نکلتے ہیں | سے | پاس تیرے | مشورہ کرتا ہے

نگران بنا کر نہیں بھیجا۔ اے نبی ﷺ! منافقوں کا حال یہ ہے کہ آپ ﷺ کے سامنے کہتے ہیں ''ہم اطاعت کرتے ہیں'' مگر جب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِي تَقُولُ ۖ وَاللَّهُ يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُونَ ۖ

ایک گروہ | اُن میں سے | سوائے | اُس کے جو | کہتے ہیں | اوراللہ | لکھتا ہے | جو کچھ | وہ مشورہ کرتے ہیں

آپ ﷺ کے پاس سے چلے جاتے ہیں تو ان میں سے ایک گروہ اس بات کے خلاف مشورہ کرتا ہے جو وہ کہہ چکا تھا۔ اور اللہ ان کی

فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا ﴿٨١﴾ أَفَلَا

پس تُو مُنہ پھیر لے | اُن سے | اور بھروسا کر | پر | اللہ | اور کافی ہے | اللہ | کام بنانے والا | کیا پھر نہیں

سرگوشیاں لکھ رہا ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ ان سے اعراض کریں، اللہ پر بھروسا رکھیں اور وہی بھروسے کے لیے کافی ہے۔ کیا یہ لوگ

يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ ۚ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِندِ غَيْرِ اللَّهِ لَوَجَدُوا فِيهِ

وہ غور کرتے | قرآن پر | اوراگر | ہوتا | سے | پاس | غیر | اللہ کے | ضرور وہ پاتے | اُس میں

قرآن پر غور نہیں کرتے؟ اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے آیا ہوتا تو وہ اس کے اندر بڑا

اخْتِلَافًا كَثِيرًا ﴿٨٢﴾ وَإِذَا جَاءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ الْأَمْنِ أَوِ الْخَوْفِ

اختلاف | بہت | اور جب | آتی ہے اُنکے پاس | کوئی بات | کی | امن | یا | خطرے کی

اختلاف پاتے۔ ان منافقوں کے پاس امن یا خوف کی کوئی بات پہنچتی ہے تو اسے فوراً لوگوں میں

أَذَاعُوا بِهِ ۖ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى الرَّسُولِ وَإِلَىٰ أُولِي الْأَمْرِ مِنْهُمْ

وہ پھیلاتے ہیں | اُسکو | اوراگر | وہ پھیرتے | طرف | رسول کی | اور طرف | اختیار والوں | اُن میں سے

پھیلا دیتے ہیں۔ اور اگر وہ اسے رسول ﷺ تک یا اپنے ذمہ دار لوگوں تک پہنچاتے تو ان میں سے جو لوگ تحقیق

لَعَلِمَهُ الَّذِينَ يَسْتَنبِطُونَهُ مِنْهُمْ ۗ وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ

تو جان لیتے اسکو | وہ لوگ جو | تحقیق کرتے اُسکو | اُن میں سے | اور اگر نہ ہوتا | فضل | اللہ کا | تم پر

کرنے والے ہیں وہ اس کی حقیقت جان لیتے۔ اور اے مسلمانو! اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت

وَرَحْمَتُهُ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطَانَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٨٣﴾ فَقَاتِلْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۚ

اور رحمت اُسکی | تو تم پیچھے چلتے | شیطان کے | مگر | تھوڑے | پس تُو لڑ | میں | راہ | اللہ کی

نہ ہوتی تو تھوڑے لوگوں کے سوا تم سب اپنی کمزوریوں کے باعث شیطان کے پیچھے لگ جاتے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ اللہ کی

لَا تُكَلَّفُ إِلَّا نَفْسَكَ ۚ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ عَسَى اللَّهُ أَن يَكُفَّ

نہیں آپ ذمہ دار بنائے گئے | مگر | جان اپنی کے | اور تُو اُبھار | ایمان والوں کو | ممکن ہے | اللہ | کہ | بند کرے

راہ میں جہاد کریں۔ آپ ﷺ پر اپنے سوا کسی کی ذمہ داری نہیں۔ اور مسلمانوں کو جہاد کی ترغیب دیں۔ امید ہے اللہ کافروں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَأْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿84﴾ مَنْ

لڑائی | اُن لوگوں کی جو | کافر ہوئے | اور اللہ | بہت سخت ہے | لڑائی میں | اور بہت سخت ہے | سزا دینے میں | جو کوئی

کا زور توڑ دے گا۔ اللہ بڑا زور آور اور سخت سزا دینے والا ہے۔ جو شخص

يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ

سفارش کرے | سفارش | اچھی | ہوگا | اُس کیلئے | حصّہ | اُس میں سے | اور جو کوئی | سفارش کرے

کسی اچھی بات کی سفارش کرے گا، اس کے لیے اس میں سے ثواب کا حصہ ہے، اور جو کسی برائی

شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

سفارش | بری | ہوگا | اُس کیلئے | حصّہ | اُس میں سے | اور ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے

کی سفارش کرے گا وہ اس میں سے گناہ کا حصہ پائے گا۔ اور اللہ ہر چیز پر قدرت

مُّقِيْتًا ﴿85﴾ وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ۭ اِنَّ

قدرت والا | اور جب | تم کو دعا دی جائے | دُعا | پس تم دُعا دو | ساتھ بہتر کے | اُس سے | یا | پھیر دو اُسی کو | بیشک

رکھنے والا ہے۔ مسلمانو! جب تمہیں دعا دی جائے تو تم اُس سے بہتر دعا دو یا کم سے کم اسی کو لوٹا دو۔ بے شک

اللّٰهَ كَانَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿86﴾ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ

اللہ | ہے | پر | ہر | چیز | حساب لینے والا | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہ

اللہ ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔ یاد رکھو اللہ ہی معبود ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ

البتہ ضرور وہ جمع کرے گا تم کو | طرف | دن | قیامت کے | نہیں | شک | اس میں | اور کون ہے | زیادہ سچا | سے

وہ تم سب کو قیامت کے دن ضرور جمع کرے گا جس کے آنے میں کوئی شک نہیں۔ اللہ کی بات سے بڑھ کر سچی بات

اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿87﴾ ع فَمَا لَكُمْ فِي الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ ع 11 11 8

اللہ | بات میں | پس کیا ہے | تم کو | بارے میں | منافقوں کے | دو گروہ بن رہے ہو | اور اللہ نے | اُلٹا کیا اُنکو

اور کس کی ہوسکتی ہے۔؟ مسلمانو! تمہیں کیا ہو گیا ہے تم منافقوں کے معاملے میں دو گروہ بن رہے ہو حالاں کہ اللہ نے اُن کے برے

بِمَا كَسَبُوْا ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ

اس وجہ سے جو | اُنہوں نے کمایا | کیا تم چاہتے ہو | کہ | تم ہدایت دو | جسے | گمراہ کیا | اللہ نے | اور جس کو

اعمال کی وجہ سے انھیں کفر کی طرف پھیر دیا۔ کیا تم چاہتے ہو انھیں ہدایت دو جنھیں اللہ نے گمراہ کر دیا؟ یاد رکھو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُّضۡلِلِ اللّٰهُ فَلَنۡ تَجِدَ لَهٗ سَبِيۡلًا ۝ وَدُّوۡا لَوۡ تَكۡفُرُوۡنَ كَمَا كَفَرُوۡا

گمراہ کرے | اللہ | پس ہرگز نہ | تُو پائے گا | اُس کیلئے | راستہ | وہ چاہتے ہیں | کاش | تم کافر ہو جاؤ | جیسے | وہ کافر ہوئے

جسے اللہ گمراہ کردے اس کے لیے تم سیدھی راہ نہیں پا سکتے۔ منافق چاہتے ہیں جس طرح وہ خود کافر ہیں اسی طرح تم بھی کافر ہو جاؤ

فَتَكُوۡنُوۡنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوۡا مِنۡهُمۡ اَوۡلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوۡا فِىۡ

پھر تم ہو جاؤ | برابر | پس نہ | تم پکڑو | اُن میں سے | دوست | یہاں تک کہ | وہ ہجرت کریں | میں

تاکہ سب برابر ہو جاؤ۔ پس تم ان میں سے کسی کو دوست نہ بناؤ جب تک وہ اللہ کی راہ میں

سَبِيۡلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَخُذُوۡهُمۡ وَاقۡتُلُوۡهُمۡ حَيۡثُ وَجَدۡتُّمُوۡهُمۡ ۖ

راہ | اللہ کی | پس اگر | وہ پھر جائیں | تو تم پکڑو اُنکو | اور تم قتل کرو اُنکو | جہاں | تم پاؤ اُنکو

ہجرت نہ کریں۔ پھر اگر وہ ہجرت نہ کریں تو انھیں پکڑو جہاں کہیں بھی انھیں پاؤ قتل کر دو

وَلَا تَتَّخِذُوۡا مِنۡهُمۡ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيۡرًا ۙ ۝ اِلَّا الَّذِيۡنَ يَصِلُوۡنَ اِلٰى

اور نہ | تم پکڑو | اُن میں سے | دوست | اور نہ | مددگار | مگر | وہ لوگ جو | جا ملیں | طرف

اور ان میں سے کسی کو اپنا ساتھی اور مددگار نہ بناؤ۔ البتہ وہ لوگ اس حکم میں شامل نہیں

قَوۡمٍۢ بَيۡنَكُمۡ وَبَيۡنَهُمۡ مِّيۡثَاقٌ اَوۡ جَآءُوۡكُمۡ حَصِرَتۡ صُدُوۡرُهُمۡ

اس قوم کی | درمیان تمہارے | اور درمیان اُنکے | مُعاہدہ ہے | یا | وہ آئیں تمہارے پاس | رُک گئے ہیں | سینے اُنکے

جو کسی ایسی قوم سے جا ملیں جن سے تمہارا معاہدہ ہو یا ایسے کمزور ہوں جو لڑائی سے گھبراتے ہوں کہ نہ تمہارے پاس آ کر تم سے لڑیں

اَنۡ يُّقَاتِلُوۡكُمۡ اَوۡ يُقَاتِلُوۡا قَوۡمَهُمۡ ؕ وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَسَلَّطَهُمۡ

اس سے کہ | وہ لڑیں تُم سے | یا | وہ لڑیں | اپنی قوم سے | اور اگر | چاہتا | اللہ | تو مسلّط کرتا اُنکو

اور نہ تمہاری طرف سے اپنی قوم کے خلاف لڑیں۔ اگر اللہ کو منظور ہوتا تو ان لوگوں کو بھی تم پر دلیر کر دیتا۔

عَلَيۡكُمۡ فَلَقٰتَلُوۡكُمۡ ۚ فَاِنِ اعۡتَزَلُوۡكُمۡ فَلَمۡ يُقَاتِلُوۡكُمۡ وَاَلۡقَوۡا

تم پر | پس وہ ضرور لڑتے تُم سے | پس اگر | وہ ایک طرف ہو جائیں تُم سے | پس نہ | وہ لڑیں تُم سے | اور ڈالیں

پھر وہ ضرور تم سے لڑتے۔ لہٰذا اگر وہ جنگ سے باز رہیں اور تم سے لڑنے کی بجائے صلح کا پیغام

اِلَيۡكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ اللّٰهُ لَـكُمۡ عَلَيۡهِمۡ سَبِيۡلًا ۝ سَتَجِدُوۡنَ

تمہاری طرف | صلح | پس نہیں | بنائی | اللہ نے | تمہارے لیے | اُن پر | کوئی راہ | عنقریب تم پاؤ گے

بھیج دیں تو اللہ تمہیں بھی ان کے خلاف کسی اقدام کی اجازت نہیں دیتا۔ ان کے علاوہ کچھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ۭ كُلَّمَا رُدُّوْٓا

دوسرے لوگ | جو چاہتے ہیں | کہ | وہ امن میں رہیں تم سے | اور وہ امن میں رہیں | اپنی قوم سے | جب کبھی | پھیرے جاتے ہیں

اور منافقوں سے تمہیں واسطہ پڑے گا جو چاہتے ہیں تم سے امن میں رہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہیں۔ مگر فساد کا

اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَيُلْقُوْٓا اِلَيْكُمُ

طرف | لڑائی کی | اُلٹائے جاتے ہیں | اُس میں | پس اگر | نہ | وہ ایک طرف ہوجائیں تم سے | اور وہ ڈالیں | تمہاری طرف

کوئی موقع پائیں تو اس میں کُود پڑیں گے۔ ایسے لوگ اگر غیر جانبدار نہ رہیں، نہ تمہارے ساتھ صلح کا رویہ رکھیں اور لڑائی سے بھی

السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فَخُذُوْهُمْ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ ۭ

صلح | اور وہ روک لیں | اپنے ہاتھ | پس تم پکڑو اُنکو | اور تم قتل کرو اُنکو | جہاں | تم پاؤ اُنکو

اپنے ہاتھ نہ روکیں تو تم انہیں پکڑو اور جہاں کہیں پاؤ قتل کر دو۔

وَاُولٰۗىِٕكُمْ جَعَلْنَا لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿91﴾ۧ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ 12 ع 4 9

اور یہ لوگ ہیں کہ | ہم نے کیا ہے | تمہارے لیے | اُن پر | غلبہ | ظاہر | اور نہیں | ہے (لائق) | مومن کیلئے

ان لوگوں کے خلاف ایسی کاروائی کرنے کا ہم نے تمہیں پورا اختیار دیا ہے۔ کسی مسلمان کا کام نہیں

اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـــًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـــًٔا فَتَحْرِيْرُ

کہ | وہ قتل کرے | کسی مومن کو | مگر | غلطی سے | اور جو کوئی | قتل کرے | کسی مومن کو | غلطی سے | پس آزاد کرنا ہے

وہ دوسرے مسلمان کو قتل کرے مگر یہ کہ غلطی سے ایسا ہو جائے۔ جو کسی مسلمان کو غلطی سے قتل کر دے اسے چاہیے ایک مسلمان غلام

رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَھْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ۭ فَاِنْ

ایک گردن | مومن | اور خوں بہا ہے | حوالے کیا ہوا | طرف | اُسکے وارثوں کی | مگر | یہ کہ | وہ معاف کردیں | پس اگر

آزاد کرے اور مقتول کے وارثوں کو خوں بہا دے۔ البتہ مقتول کے وارث خوں بہا معاف کر سکتے ہیں۔ اگر وہ مقتول تمہاری دشمن

كَانَ مِنْ قَوْمٍ عَدُوٍّ لَّكُمْ وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ۭ

وہ ہو | سے | ایسی قوم | کہ جو دشمن ہیں | تمہارے لیے | اور وہ ہو | مومن | پس آزاد کرنا ہے | ایک گردن | مومن

قوم کا شہری ہو لیکن مسلمان ہو تو پھر کوئی خوں بہا نہیں ہے بلکہ صرف ایک مسلمان غلام آزاد کرنا ہے۔

وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍۢ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَھُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ

اور اگر | ہو | سے | ایسی قوم | کہ درمیان تمہارے | اور درمیان اُنکے | معاہدہ ہے | پس خوں بہا ہے | حوالے کیا ہوا

اگر وہ کسی ایسی غیر مسلم قوم کا فرد ہو جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہو تو قاتل کے ذمہ خوں بہا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلٰٓى اَهۡلِهٖ وَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مُّؤۡمِنَةٍ ۚ فَمَنۡ لَّمۡ يَجِدۡ فَصِيَامُ

طرف | اُسکے وارثوں کی | اور آزاد کرنا ہے | ایک گردن | مومن | پھر جو کوئی | نہ | پائے | پس روزے ہیں

جو وہ مقتول کے وارثوں کو دے گا اور ایک مسلمان غلام بھی آزاد کرے گا۔ جسے یہ میسر نہ ہو کہ مسلمان غلام کو آزاد کرا سکے وہ لگا تار دو

شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ ۫ تَوۡبَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيۡمًا حَكِيۡمًا ﴿۹۲﴾

دو مہینے کے | لگا تار | توبہ ہے | طرف سے | اللہ کی | اور ہے | اللہ | خوب جاننے والا | بڑی حکمت والا

مہینے کے روزے رکھے۔ اس گناہ پر توبہ کا یہی طریقہ ہے اللہ کی طرف سے اور اللہ خوب جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَمَنۡ يَّقۡتُلۡ مُؤۡمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيۡهَا

اور جو کوئی | قتل کرے | کسی مومن کو | جان بوجھ کر | پس سزا اُسکی | دوزخ ہے | ہمیشہ رہنے والا | اُس میں

جو شخص کسی مسلمان کو جان بوجھ کر قتل کردے تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا عَظِيۡمًا ﴿۹۳﴾ يٰۤاَيُّهَا

اور غضب نازل ہوا | اللہ کا | اُس پر | اور اُسکی لعنت ہے | اور تیار کر رکھا ہے | اُس کیلئے | عذاب | بڑا | اے

اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہے اور اللہ نے اس کے لیے بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ اے

الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا ضَرَبۡتُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوۡا وَلَا تَقُوۡلُوۡا

لوگو جو | ایمان لائے ہو | جب | تم چلو | میں | راہ | اللہ کی | تو تم تحقیق کر لیا کرو | اور نہ | تم کہو

ایمان والو! جب تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے نکلے ہوئے ہو تو تحقیق کر لیا کرو کہ جو شخص راستے

لِمَنۡ اَلۡقٰٓى اِلَيۡكُمُ السَّلٰمَ لَسۡتَ مُؤۡمِنًا ۚ تَبۡتَغُوۡنَ عَرَضَ الۡحَيٰوةِ

اُسکو جو | ڈالے | تمہاری طرف | سلام | تو نہیں ہے | مومن | تم چاہتے ہو | سامان | زندگی کا

میں تمہیں سلام کرے اور اپنے آپ کو مسلمان ظاہر کرے تو اسے یہ نہ کہو تو مسلمان نہیں۔ اچھا، تم دنیا کی زندگی کا سامان

الدُّنۡيَا ۫ فَعِنۡدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيۡرَةٌ ؕ كَذٰلِكَ كُنۡتُمۡ مِّنۡ قَبۡلُ

دنیا کی | پس نزدیک | اللہ کے ہیں | اموالِ غنیمت | بہت | اسی طرح | تم تھے | سے | پہلے

چاہتے ہو تو اللہ کے پاس تمہارے لیے بہت مالِ غنیمت ہے۔ تمہیں معلوم ہونا چاہیے اس سے پہلے تم بھی ایسے ہی تھے۔ پھر اللہ نے

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيۡكُمۡ فَتَبَيَّنُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ﴿۹۴﴾

پس احسان کیا | اللہ نے | تم پر | پس تم تحقیق کر لیا کرو | بیشک | اللہ | ہے | اُس سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر

تم پر فضل کیا۔ لہٰذا اچھی طرح تحقیق کر لیا کرو۔ بے شک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ

نہیں | برابر ہوتے | بیٹھ رہنے والے | سے | مومنوں | سوائے | والے | عذر

جو مسلمان بغیر عذر کے گھروں میں بیٹھے رہے اور جہاد میں ان کے شریک ہونے کی کوئی خاص ضرورت نہ تھی اور دوسرے وہ جنہوں

وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ

اور جہاد کرنے والے | میں | راہ | اللہ کی | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنی جانوں کے ساتھ | فضیلت دی | اللہ نے

نے اللہ کی راہ میں اپنے جان و مال سے جہاد کیا، یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔ اللہ نے مال و جان سے جہاد کرنے والوں کا درجہ پیچھے

الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا وَّعَدَ

جہاد کرنے والوں کو | اپنے مالوں کے ساتھ | اور اپنی جانوں کے ساتھ | پر | بیٹھ رہنے والوں | درجے میں | اور ہر ایک کو | وعدہ دیا

رہ جانے والوں سے زیادہ رکھا ہے۔ اگرچہ دونوں سے اللہ نے بھلائی کا

اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا

اللہ نے | اچھا | اور فضیلت دی | اللہ نے | جہاد کرنے والوں کو | پر | بیٹھ رہنے والوں | ثواب

وعدہ فرمایا ہے۔ لیکن اللہ نے جہاد کرنے والوں کو اجر عظیم میں پیچھے بیٹھ رہنے والوں پر برتری دی ہے۔ ان کے لیے اللہ کی طرف

عَظِيْمًا ۙ﴿۹۵﴾ دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا

بڑا | درجے | طرف سے | اور بخشش | اور رحمت | اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا

سے بڑے درجے ہیں اور مغفرت اور رحمت ہے۔ اور اللہ بخشنے والا

رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ع اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا 13 ع 5 10

بہت رحم کرنیوالا | بیشک | وہ لوگ کہ | وفات دیتے ہیں اُنکو | فرشتے | جبکہ وہ ظالم ہوں | اپنی جانوں پر | وہ کہتے ہیں

بڑا مہربان ہے۔ جو لوگ ہجرت نہ کر کے اپنے لیے برا کر رہے ہیں جب فرشتے ان کی جان قبض کریں گے تو ان سے پوچھیں گے "تم

فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ

کس دین میں | تم تھے | وہ کہتے ہیں | ہم تھے | بے بس | میں | زمین | وہ کہتے ہیں | کیا نہ

کس حال میں تھے؟" وہ کہیں گے "ہم اپنے ملک میں بے بس تھے؟" فرشتے کہیں گے "کیا اللہ کی

تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ

تھی | زمین | اللہ کی | وسیع | پس تم ہجرت کرتے | اُس میں | پس یہ لوگ | ٹھکانا انکا ہے

زمین وسیع نہ تھی کہ تم دوسری جگہ ہجرت کر جاتے؟" ایسے لوگوں کا ٹھکانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَهَنَّمُ ۭ وَسَاۗءَتْ مَصِيْرًا ۙ﴿97﴾ اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاۗءِ

دوزخ | اور وہ بُری ہے | جگہ لوٹنے کی | مگر | کمزور | سے | مردوں میں | اور عورتوں میں

دوزخ ہے جو بہت برا ٹھکانا ہے۔ البتہ وہ بے بس مرد اور عورتیں

وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ۙ﴿98﴾ فَاُولٰۗىِٕكَ

اور بچوں سے | کہ نہیں | وہ کر سکتے | کوئی چارہ | اور نہیں | وہ پاتے | کوئی راہ | پس یہ لوگ

اور بچے جو کوئی تدبیر نہیں کر سکتے اور ہجرت کے لیے کوئی راہ نہیں پاتے ان کے بارے میں

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْھُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿99﴾ وَمَنْ

اُمید ہے | اللہ | کہ | وہ مُعاف کرے | اُنکو | اور ہے | اللہ | مُعاف کرنے والا | بہت بخشنے والا | بڑا اور جو کوئی

توقع ہے کہ اللہ انھیں معاف کرے گا اور اللہ معاف کرنے والا بخشنے والا ہے۔ جو

يُّھَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ۭ

ہجرت کرے | میں | راہ | اللہ کی | وہ پائے گا | میں | زمین | جگہ | بہت | اور کشادگی

اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا وہ زمین میں بڑے ٹھکانے اور وسعت پائے گا۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُھَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ

اور جو کوئی | نکلے | سے | گھر اپنے | ہجرت کرتا ہوا | طرف | اللہ کی | اور اُسکے رسول کی | پھر | پالے اُسکو

اور جو اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی طرف ہجرت کر کے نکلے، پھر راستے میں اسے موت آ جائے تو اس کا اجر اللہ کے

الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿100﴾ۧ 14 ع 4 11

موت | پس ضرور | ثابت ہو گیا | ثواب اُسکا | پر | اللہ | اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | بہت رحم کرنیوالا

ہاں مقرر ہو چکا اور اللہ بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔

وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ

اور جب | تُم چلو | میں | زمین | پس نہیں | تم پر | گناہ | کہ | تم کم کرو | سے

مسلمانو! جب تم زمین میں سفر کرو اور تمہیں اندیشہ ہو کہ کافر تمہیں ستائیں گے تو تم پر

الصَّلٰوةِ ڰ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا

نماز | اگر | تم ڈرو | کہ | فتنہ میں ڈالیں تمہیں | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | بیشک | کافر | ہیں

کوئی گناہ نہیں کہ تم نماز میں قصر کر لیا کرو۔ بے شک کافر تمہارے کھلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿١٠١﴾ وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ

تمہارے لیے | دشمن | ظاہر | اور جب | تُو ہو | اُن میں | پس تُو قائم کر | اُن کیلئے | نماز

دشمن ہیں۔ اے نبی ﷺ! جب آپ ﷺ مسلمانوں کی فوج کے ساتھ ہوں اور نماز میں ان کی امامت کریں تو چاہیے کہ ان میں

فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۣ فَاِذَا

پس چاہیے کہ کھڑا ہو | ایک گروہ | اُن میں سے | ساتھ تیرے | اور چاہیے کہ وہ لیں | ہتھیار اپنے | پس جب

سے ایک گروہ آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھے اور اپنے ہتھیار ساتھ لیے ہوئے ہو۔ پھر جب وہ

سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآئِكُمْ ۠ وَلْتَاْتِ طَآئِفَةٌ اُخْرٰى

وہ سجدہ کرلیں | پھر چاہیے کہ وہ ہو جائیں | سے | پیچھے تمہارے | اور چاہیے کہ آجائے | گروہ | دوسرا

سجدہ کرچکیں تو یہ پیچھے ہٹ جائیں اور دوسرا گروہ جس نے ابھی نماز

لَمْ يُصَلُّوْا فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ

نہیں نماز پڑھی | پس چاہیے کہ وہ نماز پڑھیں | ساتھ تیرے | اور چاہیے کہ وہ لیں | بچاؤ اپنا | اور ہتھیار اپنے | چاہتے ہیں

نہیں پڑھی وہ آجائے اور آپ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھے اور وہ بھی اپنے تحفظ کا سامان اور اپنے ہتھیار ساتھ لیے ہوئے ہو۔ کافر

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَاَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ

وہ لوگ جو | کافر ہوئے | کاش | تم غافل ہو جاؤ | سے | اپنے ہتھیاروں | اور اپنے سامان سے | پس وہ حملہ کردیں

چاہتے ہیں تم اپنے ہتھیاروں اور سامان سے کسی طرح غافل ہو جاؤ اور وہ تم پر

عَلَيْكُمْ مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى

تم پر | حملہ | ایک دم | اور نہیں | گناہ | تم پر | اگر | ہو | تم کو | تکلیف

اچانک ٹوٹ پڑیں۔ اگر بارش کی وجہ سے دقت ہو یا تم بیمار ہو تو پھر

مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ وَخُذُوْا

سے | بارش | یا | تم ہو | بیمار | کہ | رکھ دو | ہتھیار اپنے | اور تم لے لو

اس میں کوئی گناہ نہیں کہ ہتھیار اُتار کر رکھ دو۔ لیکن پھر بھی بچاؤ کا

حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿١٠٢﴾ فَاِذَا قَضَيْتُمُ

بچاؤ اپنا | بیشک | اللہ نے | تیار کیا ہے | کافروں کیلئے | عذاب | رُسوا کرنے والا | پس جب | تم پوری کرلو

سامان لیے رہو۔ بے شک اللہ نے کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ جب تم نماز خوف ادا کر لو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ

نماز | تو تم یاد کرو | اللہ کو | کھڑے | اور بیٹھے | اور پر | اپنے پہلوؤں | پس جب | تم اطمینان پاؤ

تو کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہر حال میں اللہ کو یاد کرو، جب دشمن کی طرف سے اطمینان ہوجائے تو معمول کے

فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ﴿103﴾

تو تم قائم کرو | نماز | بیشک | نماز | ہے | پر | مومنوں | فرض | وقت پر

مطابق پوری نماز پڑھو۔ بے شک نماز مسلمانوں پر وقت کی پابندی کے ساتھ فرض ہے۔

وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَآءِ الْقَوْمِ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ

اور نہ | تم کمزور پڑو | میں | تعاقب | دشمن قوم کے | اگر | تم ہو | درد سہتے | پس بیشک وہ ہیں | درد سہتے

اور دیکھو دشمن کا پیچھا کرنے سے ہمت نہ ہارو۔ اگر تم دُکھ اٹھاتے ہو تو تمہارا دشمن بھی

كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا يَرْجُوْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

جیسے | تم درد سہتے ہو | اور تم امید رکھتے ہو | سے | اللہ | جو | نہیں | وہ اُمید رکھتے | اور ہے | اللہ

تمہاری طرح دکھ اٹھاتا ہے۔ لیکن اللہ سے اجر وثواب کی جو امیدیں تم رکھتے ہو وہ نہیں رکھتے اور اللہ سب کچھ

عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿104﴾ ع اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ 15 ع 4 12

جاننے والا | حکمت والا | بیشک ہم | ہم نے نازل کی | تیری طرف | کتاب | ساتھ حق کے | تاکہ تُو فیصلہ کرے | درمیان

جاننے والا حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ! ہم نے یہ کتاب حق کے ساتھ آپ ﷺ پر نازل کی تاکہ آپ ﷺ وحی کی روشنی میں

النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ﴿105﴾

لوگوں کے | ساتھ اُسکے جو | دکھایا ہے تجھ کو | اللہ نے | اور نہ | تُو ہو | طرف دار خائنوں کا | جھگڑنے میں

لوگوں کے درمیان فیصلے کریں اور آپ ﷺ خیانت کرنے والوں کی طرفداری میں نہ جھگڑیں

وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿106﴾ وَلَا تُجَادِلْ عَنِ

اور تُو بخشش مانگ | اللہ سے | بیشک | اللہ | ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | اور نہ | تُو جھگڑا کر | طرف سے

اور اللہ سے بخشش مانگیں۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور آپ ﷺ ان لوگوں کی طرفداری میں نہ جھگڑیں جو اپنے آپ

الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ خَوَّانًا

اُن لوگوں کی جو | خیانت کرتے ہیں | اپنی جانوں سے | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | اُسے جو | ہو | خیانت کار

سے خیانت کرتے ہیں۔ اللہ اس شخص کو پسند نہیں کرتا جو بد دیانت اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَثِيْمًا ۚۙ ﴿107﴾ يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ

گناہ گار | وہ چھپتے ہیں | لوگوں | سے | اور نہیں | وہ چھپتے | سے | اللہ | جبکہ وہ ہے

گناہ گار ہو۔ وہ لوگوں سے چھپتے پھرتے ہیں لیکن اللہ سے نہیں چھپ سکتے۔ وہ ان کے ساتھ اس وقت بھی موجود ہوتا ہے جب وہ

مَعَهُمْ اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا

ساتھ اُنکے | جب | رات کو مشورہ کرتے ہیں | اُسکا جو | نہیں | وہ پسند کرتا | سے | بات | اور ہے | اللہ | اُسکو جو

راتوں کو ایسے خفیہ منصوبے بناتے ہیں جن سے اللہ راضی نہیں۔ اور جو کچھ وہ کرتے ہیں

يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطًا ﴿108﴾ هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَاۤءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِى الْحَيٰوةِ

وہ کرتے ہیں | گھیرنے والا | ہاں تم | وہی ہو کہ | تم نے جھگڑے کیے | اُنکی طرف سے | میں | زندگی

اللہ اسے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ مسلمانو! تم نے دنیا کی زندگی میں منافقوں کی طرفداری میں

الدُّنْيَا ۟ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ

دنیا کی | پس کون | جھگڑے گا | اللہ سے | اُنکی طرف سے | دن | قیامت کے | یا | کون | ہوگا

جھگڑا کیا۔ مگر قیامت کے دن کون ان کی طرفداری میں اللہ سے جھگڑے گا یا کون ہوگا ان کا

اپنے سروں کا | اور تم دھوؤ پاؤں اپنے | تک | دونوں ٹخنوں | اور اگر | تم ہو | ناپاک | پس نہا کر خوب پاک ہو جاؤ

مسح کرو اور پاؤں ٹخنوں تک دھولو۔ جنابت کی حالت ہو تو غسل کرلو۔

وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ

اور اگر | تم ہو | بیمار | یا | پر | سفر | یا | آئے | کوئی | تم میں سے | سے

اگر بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی شخص جائے ضرورت سے ہو کر

الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

جائے ضرورت | یا | صحبت کرو تم | بیویوں سے | پس نہ | تم پاؤ | پانی | تو تم تیمم کرو | مٹی

آئے یا تم نے بیوی سے صحبت کی ہو اور تمہیں پانی نہ ملے تو پاک مٹی سے تیمم

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

پاک سے | پس تم مسح کرو | اپنے منہ کو | اور اپنے ہاتھوں کو | اُس سے | نہیں | چاہتا | اللہ

کرلو اور اس سے اپنے چہروں اور ہاتھوں پر مسح کرلو۔ اللہ نہیں چاہتا تم پر کوئی

لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ

یہ کہ وہ کرے | تم پر | کچھ | تنگی | اور لیکن | وہ چاہتا ہے | کہ وہ پاک کرے تم کو | اور یہ کہ پوری کرے | نعمت اپنی

تنگی ڈالے بلکہ چاہتا ہے تمہیں پاک کرے اور تم پر اپنی نعمت پوری

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝6 وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ

تم پر | تا کہ تم | تم شکر کرو | اور تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | اور عہد اس کا

کرے تاکہ تم شکرگزار بنو۔ اور اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو یاد کرو۔ اور اس کے اس عہد کو یاد کرو

الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ

جو | اس نے باندھا تم سے | ساتھ اس کے | جب | تم نے کہا | ہم نے سنا | اور ہم نے مانا | اور تم ڈرو | اللہ سے | بے شک

جو اس نے تم سے لیا تھا جب تم نے اسلام قبول کرتے ہوئے کہا ''ہم نے سنا اور ہم نے مانا۔'' ہر حال میں اللہ سے ڈرو۔ بے شک

اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝7 يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ

اللہ ہے | خوب جاننے والا | سینوں کی بات کو | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم ہو جاؤ | قائم رہنے والے

وہ دلوں کی بات بھی جانتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کے لیے قائم رہنے والے اور انصاف کے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ز وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَلَّا

اللہ کے لیے | گواہی دینے والے | ساتھ انصاف کے | اور نہ | اکسائے تم کو | دشمنی | کسی قوم کی | اس پر | کہ نہ

گواہی دینے والے بنو۔ کسی گروہ کی دشمنی تمھیں اس پر نہ اُبھارے کہ تم انصاف

تَعْدِلُوْا ط اِعْدِلُوْا قف هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ز وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ

تم عدل کرو | تم عدل کرو | وہ | بہت قریب ہے | پرہیز گاری کے | اور تم ڈرو | اللہ سے | بے شک | اللہ | باخبر ہے

نہ کرو۔ ہر حال میں انصاف کرو۔یہی تقوے کے زیادہ قریب ہے اور اللہ سے ڈرو۔ بے شک وہ باخبر ہے اس سے جو

بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿8﴾ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لا

اس سے جو | تم کرتے ہو | وعدہ کیا | اللہ نے | ان لوگوں سے | جو ایمان لائے | اور انھوں نے عمل کئے | اچھے

کچھ تم کرتے ہو۔ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿9﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ

اُن کے لیے ہے | بخشش | اور ثواب | بڑا | اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انھوں نے جھٹلایا | ہماری آیتوں کو

ان سے اللہ کا وعدہ ہے کہ آخرت میں ان کے لیے بخشش اور بڑا اجر ہے۔جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿10﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

یہ لوگ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی

وہ دوزخی ہیں۔ اے ایمان والو! اپنے اوپر اللہ کے اس احسان کو یاد کرو

عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ

تم پر | جب | ارادہ کیا | ایک قوم نے | کہ | وہ دراز کریں | تمہاری طرف | ہاتھ اپنے | پس اس نے روک دیئے

جب ایک گروہ نے ارادہ کیا کہ تم پر دست درازی کرے تو اللہ نے ان کا ہاتھ

اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ ط وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿11﴾ ع 2/6/6

ہاتھ ان کے | تم سے | اور تم ڈرو | اللہ سے | اور پر | اللہ کے | پس چاہیئے کہ توکل کریں | ایمان والے

روک دیا۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو اور ایمان والوں کو اللہ پر بھروسا کرنا چاہیے۔

وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ج وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ

اور بے شک | لیا | اللہ نے | عہد | بنی اسرائیل کا | اور ہم نے بھیجے | ان میں سے | بارہ (12)

اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ان میں بارہ (12) سردار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَقِيبًا ؕ وَقَالَ اللّٰهُ إِنِّي مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ أَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ

سردار | اور کہا | اللہ نے | بے شک میں ہوں | ساتھ تمہارے | اگر | تم قائم کرو | نماز کو

مقرر کیے۔ اللہ نے ان سے کہا میں تمہارے ساتھ ہوں اگر تم نماز قائم کرو،

وَآتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَآمَنْتُمْ بِرُسُلِي وَعَزَّرْتُمُوهُمْ وَأَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ

اور تم دو | زکوۃ | اور تم ایمان لاؤ | میرے رسولوں پر | اور تم تقویت دو ان کو | اور تم قرض دو | اللہ کو

زکوۃ ادا کرو میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ، ان کا ساتھ دو اور اللہ کو

قَرْضًا حَسَنًا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّئَاتِكُمْ وَلَأُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِي

قرض | اچھا | ضرور میں دور کروں گا | تم سے | برائیاں تمہاری | اور ضرور میں داخل کروں گا تم کو | ایسے باغوں میں | بہتی ہیں

قرض حسنہ دو تو میں تم سے تمہارے گناہ دور کر دونگا۔ تمہیں ایسے باغوں میں داخل کروں گا جن میں نہریں

مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ

سے | نیچے جن کے | نہریں | پس جو کوئی | کافر ہوا | بعد | اس کے | تم میں سے | پس بے شک | وہ بھٹک گیا | سیدھی

بہتی ہوں گی۔ مگر تم میں سے اس کے بعد جس نے کفر کیا، وہ سیدھے راستے سے بھٹک

السَّبِيلِ ﴿12﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ

راہ سے | پس بسبب | توڑنے ان کے | عہد اپنے کو | ہم نے لعنت کی ان پر | اور ہم نے کر دیئے | دل ان کے

گیا۔ پھر ان لوگوں کے عہد توڑنے کی وجہ سے ہم نے ان پر لعنت کردی اور ان کے دل سخت

قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُونَ الْكَلِمَ عَنْ مَوَاضِعِهِ ۙ وَنَسُوا حَظًّا مِمَّا ذُكِّرُوا

سخت | وہ بدل ڈالتے ہیں | باتوں کو | سے | جگہوں ان کی | اور وہ بھول گئے | وہ حصہ | اُس سے جو | وہ نصیحت کیے گئے

کردیے۔ وہ کلام کو اُس کی جگہ سے بدل دیتے ہیں۔ جو نصیحت انھیں کی گئی اُس کا بڑا حصہ بھلا بیٹھے

بِهِ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَائِنَةٍ مِنْهُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِنْهُمْ

ساتھ اس کے | اور ہمیشہ تو رہے گا | آگاہ ہوتا | پر | خیانت | اُن کی طرف سے | مگر | تھوڑے | اُن میں سے

ہیں۔ اور اے نبی ﷺ! آئے دن آپ ﷺ کو ان میں سے کچھ لوگوں کے سوا، سب کی کسی نہ کسی خیانت کا پتہ چلتا رہتا ہے۔

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ﴿13﴾ وَمِنَ الَّذِينَ

پس تو معاف کر | اُن کو | اور تو درگزر کر | بے شک | اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنے والوں کو | اور سے | ان لوگوں

تاہم آپ ﷺ انکے قصور معاف کردیں۔ ان سے درگزر کریں۔ بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ جو لوگ اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا

جو کہتے ہیں | ہم | عیسائی ہیں | ہم نے لیا | عہد ان کا | پھر وہ بھول گئے | حصہ | اُس سے جو | اُن کو نصیحت کی گئی

آپ کو عیسائی کہتے ہیں ان سے بھی ہم نے عہد لیا تھا مگر انھوں نے بھی اس نصیحت کا بڑا حصہ بھلا دیا

بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۭ

ساتھ اس کے | پس ہم نے لگا دی | درمیان ان کے | دشمنی | اور نفرت | تک | دن | قیامت کے

جو انھیں کی گئی۔ اس پر ہم نے قیامت تک کے لیے ان کے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دیا۔

وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿14﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

اور ضرور | آگاہ کرے گا ان کو | اللہ | اُس سے جو | تھے | وہ کرتے | اے اہل کتاب | بے شک

وہ جو کچھ کرتے ہیں اللہ ضرور اس سے انھیں آگاہ فرمائے گا۔ اے اہلِ کتاب! تمہارے پاس

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ

آیا تمہارے پاس | رسول ہمارا | جو واضح کرتا ہے | تمہارے لیے | بہت کچھ | اس سے جو | تھے | تم چھپاتے | سے

ہمارا رسول ﷺ آیا ہے جو کتاب الٰہی کی بہت سی باتوں کو تمہارے سامنے کھول رہا ہے جنھیں تم چھپاتے

الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ڛ قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ

کتاب | اور وہ درگزر کرتا ہے | سے | بہت | بیشک | آئی تمہارے پاس | طرف سے | اللہ کی | ایک روشنی | اور کتاب

رہے۔ وہ تمہاری بہت سی حرکتوں سے درگزر بھی کرتا ہے۔ بے شک اللہ کی طرف سے تمہارے پاس ایک نور آ گیا جو واضح کتاب کی

مُّبِيْنٌ ﴿15﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ

واضح | ہدایت دیتا ہے | ساتھ اس کے | اللہ | اس کو جو | پیروی کرے | اُس کی رضا کی | راہوں کی طرف | سلامتی کی

صورت میں ہے، اُس کے ذریعے سے اللہ ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے طالب ہیں سلامتی کی راہیں دکھاتا ہے،

وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

اور وہ نکالتا ہے ان کو | سے | اندھیروں | طرف | روشنی کے | اپنے حکم سے | اور وہ ہدایت دیتا ہے | طرف | راہ کی

اپنی توفیق سے انھیں اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے اور سیدھی راہ کی طرف ان کی رہنمائی فرماتا

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿16﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ

سیدھی | بے شک | کافر ہوئے | وہ لوگ | جنھوں نے کہا | بے شک | اللہ | وہی ہے | مسیح | ابن

ہے۔ بے شک ان لوگوں نے کفر کیا جنھوں نے مسیح ابن مریم علیہا السلام کو خدا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ

مریم | کہہ دیجئے | پس کون | اختیار رکھتا ہے | سے | اللہ کے کام | کچھ بھی | اگر | وہ چاہے | تو | وہ ہلاک کر دے

کہا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں اگر اللہ تعالیٰ مسیح ابن مریم علیہ السلام کو، اور اس کی ماں کو اور جتنے لوگ دنیا میں ہیں سب کو ہلاک

الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ

مسیح | ابن | مریم کو | اور اُس کی ماں کو | اور جو کوئی ہے | میں | زمین | سب کو | اور اللہ کیلئے ہے | بادشاہی

کر ڈالے تو کون ہے جس کا اللہ کے آگے زور چل سکتا ہے؟ یادرکھو، آسمانوں اور زمین کا اور جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور جو کچھ | درمیان ان دونوں کے ہے | وہ پیدا کرتا ہے | جو کچھ | وہ چاہتا ہے | اور اللہ | اوپر

ان دونوں کے درمیان ہے سب کا اللہ ہی بادشاہ ہے۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ اور وہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿17﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ

ہر | چیز کے | قادر ہے | اور کہا | یہود نے | اور عیسائیوں نے | ہم ہیں | بیٹے | اللہ کے

قادر ہے۔ یہودی اور عیسائی کہتے ہیں ''ہم خدا کے بیٹے ہیں اور اس کے چہیتے

وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ

اور پیارے اس کے | کہہ دیجئے | پھر کیوں | وہ عذاب دیتا ہے تمہیں | تمہارے گناہوں کی وجہ سے | بلکہ | تم ہو | آدمی | اس سے جو

ہیں۔'' اے نبی! آپ ﷺ ان سے پوچھیں پھر اللہ تمہارے گناہوں پر تمہیں سزا کیوں دیتا ہے۔ نہیں بلکہ تم بھی اس کے پیدا کیے ہوئے

خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

پیدا کیا ہے | وہ بخشتا ہے | جس کو | وہ چاہے | اور وہ عذاب دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | اور اللہ کیلئے ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

دوسرے انسانوں کی طرح انسان ہو۔ آخرت میں اللہ جسے چاہے گا بخشے گا اور جسے چاہے گا عذاب دے گا۔ آسمانوں پر

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۫ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿18﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ

اور زمین کی | اور جو کچھ ہے | درمیان ان دونوں کے | اور طرف اس کی ہے | لوٹنا | اے اہل | کتاب | بیشک

زمین پر اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب پر اللہ ہی کی حکمرانی ہے۔ سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اہل کتاب!

جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا

آ گیا تمہارے پاس | رسول ہمارا | جو بیان کرتا ہے | تمہارے لیے | بعد | عرصہ گذر جانے | کے | رسولوں | ایسا نہ ہو کہ | تم کہو

ہمارا یہ رسول ﷺ تمہارے پاس آیا ہے اور دین کی باتیں صاف صاف بتا رہا ہے۔ یہ رسولوں کے ایک طویل وقفے کے بعد مبعوث ہوا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ز فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ

نہیں | آیا ہمارے پاس | کوئی | خوشخبری دینے والا | اور نہ | ڈرانے والا | پس بے شک | آیا ہے تمہارے پاس | خوشخبری دینے والا

تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا۔ دیکھو یہ خوشخبری دینے والا اور ڈرانے

وَّنَذِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ع ﴿19﴾ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ

3 ع 8 7

اور ڈرانے والا | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور جب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو

والا آگیا۔ اور یاد رکھو اللہ ہرچیز پر قادر ہے۔ یاد کرو جب موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا

يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ

اے میری قوم | تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | جب | اُس نے بنائے | تم میں | بہت سے نبی | اور بنایا تم کو

''اے میری قوم! اپنے اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو جو اس نے تمہارے اندر نبی پیدا کیے، تمہیں بادشاہ

مُّلُوْكًا ۖ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿20﴾ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا

بادشاہ | اور دیا تمہیں | جو | نہ | دیا | کسی کو | سے | دنیا والوں میں | اے میری قوم | تم داخل ہو جاؤ

بنایا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو دنیا میں کسی کو نہیں دیا۔ اے میری قوم! پاک سرزمین میں

الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ

زمین | پاک میں | جو | لکھی ہے | اللہ نے | تمہارے لیے | اور نہ | پھر جاؤ | پر | اپنی پیٹھوں

داخل ہوجاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے لکھ دی ہے اور اُلٹے پاؤں نہ پھر جانا ورنہ

فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿21﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا

ورنہ تم ہو جاؤ گے | نقصان اٹھانے والے | انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بے شک | اُس میں ہے | قوم | زور آور | اور بے شک ہم

نقصان اٹھاؤ گے۔ انھوں نے کہا اے موسیٰ علیہ السلام! وہاں ایک زبردست قوم ہے۔ ہم ہرگز

لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ج فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا

ہرگز نہ | ہم داخل ہوں گے اس میں | جب تک کہ | وہ نکلیں | اس میں سے | پھر اگر | وہ نکلیں | اس میں سے | تو بے شک ہم

نہ وہاں جائیں گے جب تک وہ وہاں سے نکل نہ جائیں۔ جب وہ نکل جائیں پھر ہم داخل ہوں گے

دٰخِلُوْنَ ﴿22﴾ قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا

داخل ہونے والے ہیں | کہا | دو مردوں نے | سے | ان لوگوں | جو ڈرتے تھے | انعام کیا تھا | اللہ نے | دونوں پر

اس پر دو آدمی جو اللہ سے ڈرنے والوں میں سے تھے اور ان پر اللہ کا فضل بھی تھا، کہنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ ۚ وَعَلَى

تم داخل ہو جاؤ | اُن پر | دروازے میں سے | پھر جب | تم داخل ہو جاؤ اس میں سے | تو بے شک تم ہو | غالب | اور پر

لگے "تم ان پر حملہ کر کے شہر کے پھاٹک میں داخل ہو جاؤ۔ جب تم اس میں داخل ہو جاؤ گے تو فتح تمہاری ہے۔ اور اللہ پر

اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿٢٣﴾ قَالُوا يَا مُوسَىٰ إِنَّا

اللہ | پس تم توکل کرو | اگر | تم ہو | ایمان والے | انہوں نے کہا | اے موسیٰ | بے شک ہم

بھروسا کرو اگر ایمان والے ہو۔" انھوں نے کہا "اے موسیٰ علیہ السلام! جب تک دشمن کے لوگ

لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا

ہرگز نہ ہم داخل ہوں گے اس میں | کبھی | جب تک | وہ ہیں | اس میں | اس لئے جا | تو | اور رب تیرا | اور دونوں لڑو

وہاں ہیں ہم داخل نہیں ہوں گے۔ تم اور تمہارا خدا دونوں جا کر لڑو ہم یہاں بیٹھے

إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ ﴿٢٤﴾ قَالَ رَبِّ إِنِّي لَا أَمْلِكُ إِلَّا نَفْسِي

بے شک ہم ہیں | یہیں | بیٹھے | کہا | اے میرے رب | بے شک میں | نہیں | میں اختیار رکھتا | مگر | جان اپنی کا

ہیں۔" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "اے میرے رب! میرا اپنے سوا اور اپنے بھائی کے سوا کسی پر

وَأَخِي فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٥﴾ قَالَ فَإِنَّهَا

اور بھائی اپنے کا | پس تو جدائی ڈال | درمیان ہمارے | اور درمیان | قوم | نافرمان کے | کہا | پس بے شک وہ

زور نہیں۔ تو ہمارے اور اس نافرمان قوم کے درمیان جدائی کر دے۔" اللہ نے فرمایا "وہ ملک ان

مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً ۚ يَتِيهُونَ فِي الْأَرْضِ ط فَلَا تَأْسَ

حرام کی گئی | اُن پر | چالیس | برس | بھٹکتے پھریں گے | میں | زمین | پس نہ | تو غم کھا

پر چالیس (۴۰) سال کے لیے حرام کر دیا گیا۔ یہ لوگ زمین پر بھٹکتے پھریں گے۔ اے موسیٰ علیہ السلام! تم ان نافرمان

ع 4/7 8 عَلَى الْقَوْمِ الْفَاسِقِينَ ﴿٢٦﴾ وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَأَ ابْنَيْ آدَمَ بِالْحَقِّ ۘ إِذْ

پر | قوم | نافرمان | اور تو سنا | ان کو | خبر | دو بیٹوں | آدم کے کی | ساتھ حق کے | جب

وقف لازم لوگوں پر افسوس نہ کرو۔ اے نبی ﷺ! آدم علیہ السلام کے دو بیٹوں کا واقعہ بھی ان کو ٹھیک سنا دیں۔ جب دونوں

قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ أَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْآخَرِ ط

وہ دونوں قربانی لائے | قربانی | پس قبول کی گئی | سے | ایک کی ان دونوں میں | اور نہ | قبول کی گئی | سے | دوسرے

بیٹوں نے اپنی اپنی قربانی پیش کی تو ان میں سے ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالَ لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿27﴾ لَئِنْۢ

اس نے کہا | ضرور میں تجھے قتل کروں گا | اس نے کہا | صرف | قبول کرتا ہے | اللہ | سے | پرہیزگاروں | البتہ اگر

اس پر دوسرے نے پہلے سے کہا ”میں تمہیں قتل کردوں گا“۔ پہلے نے جواب دیا ”اللہ صرف متقی بندوں کی قربانی قبول کرتا ہے۔

بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ

تونے دراز کیا | طرف میری | ہاتھ اپنا | تاکہ تو قتل کرے مجھے | نہیں | میں | دراز کرنے والا | ہاتھ اپنا | طرف تیری

اگر تونے مجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ اٹھایا تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے ہاتھ نہیں اٹھاؤں

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿28﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ

تاکہ میں قتل کروں تجھے | بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | اللہ سے | جو رب | جہانوں کا | بے شک میں چاہتا ہوں | کہ | تو پھرے

گا۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ میں چاہتا ہوں تو میرا اور اپنا

بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا

ساتھ گناہ میرے کے | اور گناہ اپنے کے | پھر تو ہوجائے | سے | رہنے والوں میں | آگ کے | اور یہ ہے | سزا

گناہ اپنے سر لے لے اور پھر دوزخی بنے کیونکہ ظالموں کی یہی

الظّٰلِمِيْنَ ﴿29﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ

ظالموں کی | پس اکسایا | اس کو | نفس اس کے نے | قتل پر | اپنے بھائی کے | پھر اس نے قتل کردیا اس کو | پھر وہ ہوگیا

سزا ہے“ پھر اس کے نفس نے اسے اپنے بھائی کے قتل پر راضی کرلیا اور اس نے اسے قتل کردیا۔ پھر وہ نقصان

مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿30﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ

سے | نقصان اٹھانے والوں میں | پھر بھیجا | اللہ نے | ایک کوّا | جو کریدتا تھا | میں | زمین | تاکہ دکھائے اس کو

اٹھانے والوں میں سے ہوگیا۔ اللہ نے ایک کوے کو بھیجا جو زمین کریدتا تھا تاکہ وہ اسے دکھائے

كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰٓى اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ

کیسے | وہ چھپائے | لاش | بھائی اپنے کی | اس نے کہا | اے کاش | کیا میں عاجز ہوا | یہ کہ | میں ایسا ہوتا | جیسا

کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کو کس طرح چھپائے۔ وہ بولا ”افسوس میری حالت پر

هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿31﴾ ۛۚ مِنْ

یہ | کوّا | پھر میں ڈھانک دوں | لاش | بھائی اپنے کی | پھر وہ ہوگیا | سے | پشیمانوں میں | سے

میں اس کوے جیسا بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش کو چھپا دیتا“ اور وہ اپنے کیے پر شرمسار ہوا۔ اسی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًا

وجہ | اسی | ہم نے لکھا | پر | بنی اسرائیل | یہ کہ | جو کوئی | قتل کرے | کسی جان کو

سبب سے ہم نے بنی اسرائیل کے لیے لکھ دیا کہ جس نے کسی کو بغیر

بِغَیْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ

بغیر | بدلے جان کے | یا | فساد کے | میں | زمین | تو گویا کہ | اس نے قتل کیا | لوگوں | سب کو

قصاص کے یا بغیر زمین میں فساد پھیلانے کی سزا کے قتل کیا تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا۔

وَمَنْ اَحْیَاهَا فَكَاَنَّمَآ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ

اور جس نے | جان بچائی کسی کی | تو گویا کہ | اس نے جان بچائی | لوگوں | سب کی | اور بے شک | آئے ان کے پاس

اور جس نے کسی ایک کی جان بچائی اس نے گویا سارے انسانوں کی جان بچائی۔ یہ واقعہ ہے کہ ہمارے بھیجے ہوئے پیغمبر واضح احکام

رُسُلُنَا بِالْبَیِّنٰتِ ۡ ثُمَّ اِنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِی الْاَرْضِ

رسول ہمارے | ساتھ واضح دلیلوں کے | پھر | بے شک | بہت | ان میں سے | بعد | اس کے ہیں | میں | زمین

لے کر بنی اسرائیل کے پاس آئے مگر اس کے باوجود ان میں سے اکثر لوگ

لَمُسْرِفُوْنَ ﴿32﴾ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

حد سے نکل جانے والے | بے شک | سزا | ان لوگوں کی | جو جنگ کرتے ہیں | اللہ سے | اور رسول اس کے سے

ملک میں زیادتیاں کرتے رہے۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کرتے ہیں

وَیَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْٓا اَوْ یُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ

اور بھاگ دوڑ کرتے ہیں | میں | زمین | فساد کے لئے | یہ کہ | وہ قتل کیے جائیں | یا | وہ سولی دیئے جائیں | یا | کاٹے جائیں

اور ملک میں فساد پھیلاتے ہیں ان کی یہ سزا ہے کہ انہیں قتل کیا جائے، یا سُولی پر لٹکایا جائے یا اُن کے ہاتھ پاؤں

اَیْدِیْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ مِّنْ خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ

ہاتھ ان کے | اور پاؤں ان کے | طرف سے | مخالف | یا | جلاوطن کیے جائیں | سے | زمین | یہ

الٹی طرف سے کاٹے جائیں یا انہیں ملک بدر کیا جائے۔ یہ ان کے لیے

لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ﴿33﴾ لا اِلَّا

ان کیلئے ہے | ذلت | میں | دنیا | اور ان کیلئے | میں | آخرت ہے | عذاب | بڑا | مگر

دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔ لیکن جو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

جولوگ | توبہ کرلیں | اس سے | پہلے | کہ | تم قابو پالو | اُن پر | پس تم جان لو | کہ | اللہ ہے

لوگ تمہارے قابو پانے سے پہلے توبہ کرلیں تو جان لو اللہ بخشنے والا

5 ع 8 9

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ع (34) يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ

بہت بخشنے والا | بڑا مہربان | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے | ڈرو | اللہ سے | اور تلاش کرو | طرف اس کی

مہربان ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو۔ اس کا قرب حاصل

الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ (35) اِنَّ الَّذِيْنَ

وسیلہ | اور تم جہاد کرو | میں | اُس کی راہ | تاکہ تم | کامیاب ہوجاؤ | بے شک | جولوگ

کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ بے شک جن لوگوں نے

كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا

کافر ہوئے | اگر | ہو | اُن کے لیے | جو کچھ | میں | زمین | سارا | اور اُس جیسا | ساتھ اس کے | تاکہ وہ فدیہ دیں

کفر کیا اگر ان کے پاس ساری زمین کی دولت ہو اور اتنی ہی اور بھی ہو اور وہ چاہیں کہ یہ سب کچھ فدیے میں دے کر

بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ

ساتھ اس کے | سے | عذاب | دن | قیامت کے | نہ | قبول کیا جائے گا | اُن سے | اور ان کیلئے ہے | عذاب

قیامت کے دن عذاب سے چھوٹ جائیں پھر بھی ان کا یہ فدیہ قبول نہ ہوگا اور ان کے لیے دردناک

اَلِيْمٌ (36) يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ

دردناک | وہ چاہیں گے | کہ | وہ نکلیں | سے | آگ | جبکہ | نہیں | وہ نکل جانے والے

عذاب ہے۔ وہ چاہیں گے کہ دوزخ کی آگ سے نکل جائیں مگر وہ اس سے نکل نہ سکیں گے اور ان کے لیے

مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ (37) وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا

اُس سے | اور ان کیلئے ہے | عذاب | مستقل | اور چور مرد | اور چور عورت | پس تم کاٹو

مستقل عذاب ہے۔ اور چور مرد ہو یا عورت دونوں کے ہاتھ

اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (38)

ہاتھ ان دونوں کے | یہ سزا ہے | بسبب اس کے | جو دونوں نے کمایا | عبرت ہے | سے | اللہ | اور اللہ ہے | بڑا غالب | بڑی حکمت والا

کاٹ دو۔ یہی ان کی کمائی کا بدلہ اور اللہ کی طرف سے عبرت ناک سزا ہے۔ اور اللہ غالب حکمت والا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ

پس جو کوئی | توبہ کرلے | سے | بعد | ظلم اپنے کے | اور اصلاح کرلے | تو بے شک | اللہ | توبہ قبول کرتا ہے | اُس سے | بے شک

پھر جس نے ظلم کے بعد توبہ کی اور اپنی اصلاح کرلی تو اللہ اس کی توبہ قبول فرمائے گا۔ بے شک اللہ

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٣٩﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | کیا نہیں | تو نے جانا | یہ کہ | اللہ | اس کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

بخشنے والا مہربان ہے۔ کیا تم نہیں جانتے کہ آسمانوں اور زمین میں اللہ

وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ

اور زمین کی | وہ عذاب دے | جسے | وہ چاہے | اور وہ بخش دے | جس کو | وہ چاہے | اور اللہ | اوپر | ہر

ہی کی بادشاہی ہے؟ وہ جسے چاہے عذاب دے اور جسے چاہے بخش دے۔ اور اللہ ہر چیز پر

شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٤٠﴾ يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي

چیز کے | قادر ہے | اے | رسول | نہ | غمگین کریں تجھے | وہ لوگ | جو بھاگ دوڑ کرتے ہیں | میں

قادر ہے۔ اے رسول ﷺ! جو لوگ کفر میں سرگرم ہیں ان کی وجہ سے آپ ﷺ غمگین نہ ہوں۔

الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ مع

کفر | سے | ان لوگوں جو | کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | ساتھ منہ اپنے کے | اور نہیں | ایمان لائے | دل ان کے

ان میں بعض ہیں ایسے جو زبان سے دعویٰ کرتے ہیں "ہم ایمان لائے" حالانکہ ان کے دلوں نے ایمان قبول نہیں کیا۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ

اور سے | ان لوگوں جو | یہودی ہوئے | خوب سننے والے | جھوٹ کو | خوب سننے والے | لوگوں کو | دوسرے

اور بعض یہودی ایسے ہیں جو جھوٹ کے رسیا ہیں اور مخبری کرکے ان لوگوں تک خبریں پہنچاتے ہیں جو آپ ﷺ کے پاس حاضر نہیں ہونا

لَمْ يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ

جو نہیں آئے پاس تیرے | جو پھیرتے ہیں | کلمات کو | سے | بعد | اس کی جگہوں | وہ کہتے ہیں | اگر | تمہیں دیا جائے

چاہتے۔ وہ کلام کو اس کے مقام سے ہٹا دیتے ہیں۔ لوگوں سے کہتے ہیں "اگر تمہیں

هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ

یہ | پھر لے لو اسے | اور اگر | نہ | وہ تمہیں دی جائے | تو بچو | اور جس کے لئے | چاہے | اللہ | گمراہ کرنا اس کا

یہ حکم ملے تو قبول کرلینا اور اگر یہ نہ ملے تو اس سے بچ کر رہنا" اور جسے اللہ فتنے میں مبتلا کرنا چاہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ

پس ہرگز نہ | تو اختیار رکھے گا | اُس کے لیے | سے | اللہ | کچھ بھی | یہ لوگ | وہ ہیں کہ | نہ | چاہا | اللہ نے

پھر اللہ کے مقابلے میں آپ اس کے لیے کچھ نہیں کرسکتے۔ یہی لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ پاک کرنا

اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ۭ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ ښ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ

کہ | وہ پاک کرے | اُن کے دلوں کو | ان کیلئے ہے | میں | دنیا | ذلت | اوران کیلئے ہے | میں | آخرت

نہیں چاہتا۔ ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿41﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ ۭ فَاِنْ جَاۗءُوْكَ

عذاب | بڑا | بہت سننے والے ہیں | جھوٹ کو | بہت کھانے والے ہیں | حرام کو | پس اگر | وہ آئیں تیرے پاس

بڑا عذاب ہے۔ یہ جھوٹی باتوں کے لیے رسیا اور بڑے حرام خور ہیں اگر آپ کے پاس آئیں تو ان کے

فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ

تو فیصلہ کیجئے | درمیان ان کے | یا | تو منہ پھیر لے | اُن سے | اور اگر | تو منہ پھیر لے | اُن سے

درمیان آپ فیصلہ کریں یا انہیں ٹال دیں۔ اگر آپ ﷺ انہیں ٹالیں گے تو

فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

تو ہرگز نہ وہ نقصان پہنچائیں گے تجھے | کچھ بھی | اور اگر | تو فیصلہ کرے | تو فیصلہ کر | درمیان ان کے | ساتھ انصاف کے | بے شک | اللہ

وہ آپ ﷺ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے لیکن اگر آپ ﷺ فیصلہ کریں تو ان کے درمیان انصاف کے مطابق فیصلہ کریں۔ بے شک اللہ

يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿42﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا

پسند کرتا ہے | انصاف کرنے والوں کو | اور کیسے | وہ منصف بنائیں گے تجھ کو | اور پاس ان کے ہے | توریت | اُس میں ہے

انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اور یہ لوگ آپ ﷺ سے فیصلہ کرانے کیوں آتے ہیں؟ حالانکہ ان کے پاس توریت ہے جس میں

حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ

حکم | اللہ کا | پھر | وہ پھر جاتے ہیں | سے | بعد | اس کے | اور نہیں | وہ

اللہ کا حکم موجود ہے، پھر وہ اس سے منہ موڑ رہے ہیں۔ درحقیقت یہ لوگ

بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿43﴾ ع اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا 6 ع 9 10

ایمان والے | بے شک ہم | ہم نے نازل کی | توریت | اُس میں تھی | ہدایت | اور روشنی | فیصلہ کرتے تھے | جس سے

ایمان والے نہیں ہیں۔ بے شک ہم نے توریت نازل کی جس میں ہدایت اور روشنی تھی۔ اس کے مطابق اللہ کے فرماں بردار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ

بہت سے نبی | جو کہ | مطیع تھے اللہ کے | ان لوگوں کیلئے جو | یہودی ہوئے | اور اللہ والے | اور علماء

نبی یہودیوں کے فیصلے کرتے تھے۔ یہی کام ان کے مشائخ اور علماء بھی کرتے تھے

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ

ساتھ اس چیز کے جو | وہ نگہبان ٹھہرائے گئے | سے | کتاب | اللہ کی | اور وہ تھے | اُس پر | گواہ

اس لیے کہ انھیں کتاب الٰہی کا نگہبان بنایا گیا اور وہ اس کے گواہ تھے۔ لہٰذا اے اہلِ

فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ

پس نہ تم ڈرو | لوگوں سے | اور تم ڈرو مجھ سے | اور نہ | تم خریدو | میری آیتوں کے بدلے | مال | تھوڑا | اور جو کوئی

کتاب! تم انسانوں سے نہ ڈرو صرف مجھ سے ڈرو اور میری آیتوں کو دنیا کے حقیر فائدے کی خاطر نہ بیچو۔ اور جو

لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ۝44 وَكَتَبْنَا

نہ | فیصلہ کرے | اُس کے ساتھ جو | اتاری | اللہ نے | پس وہ لوگ ہیں | وہی | کافر | اور ہم نے فرض کر دیا

اللہ کے نازل کیے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ کافر ہیں۔ ہم نے یہودیوں

عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ

اُن پر | اُس میں | یہ کہ | جان | بدلے جان کے | اور آنکھ | بدلے آنکھ کے | اور ناک

کے لیے توریت میں لکھا تھا: جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، ناک کے بدلے

بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ

بدلے ناک کے | اور کان | بدلے کان کے | اور دانت | بدلے دانت کے | اور زخموں کا | بدلہ ہے

ناک، کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت اور اسی طرح زخموں کا ویسا ہی بدلہ لینا۔

فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ

پھر جو کوئی | معاف کر دے | ساتھ اس کے | پس وہ | کفارہ ہے | اس کیلئے | اور جو کوئی | نہ | فیصلہ کرے | اُس کے ساتھ جو

پھر جو بدلہ لینے کی بجائے معاف کر دے تو یہ اس کے گناہوں کا کفارہ بن جائے گا۔ اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے

اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝45 وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى

نازل کیا | اللہ نے | پس وہ لوگ ہیں | وہی | ظالم | اور ہم نے پیچھے بھیجا | پر | نقش قدم ان کے | عیسیٰ

قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ ظالم ہیں۔ اس کے بعد ہم نے عیسیٰ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ

ابن | مریم کو | جو تصدیق والا ہے | اُس کے لیے جو | اس سے | پہلے | سے | توریت | اور ہم نے دی اس کو

ابن مریم علیہ السلام کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب توریت کی تصدیق کرتے تھے۔ ہم نے انہیں

الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ

انجیل | جس میں تھی | ہدایت | اور روشنی | اور جو تصدیق کرتی | اس چیز کی جو | اس کے | آگے تھی | سے

انجیل دی جس میں ہدایت اور روشنی تھی اور جو اپنے سے پہلے کی کتاب توریت کی تصدیق

التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ؕ﴿۴۶﴾ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ

توریت | اور ہدایت ہے | اور نصیحت ہے | پرہیزگاروں کیلئے | اور چاہیے کہ فیصلہ کریں | انجیل والے | ساتھ اس چیز کے جو

کرتی تھی اور ہدایت اور نصیحت تھی اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے۔ چاہیے تھا انجیل والے اس کے مطابق فیصلہ کرتے جو

اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

نازل کی | اللہ نے | اس میں | اور جو کوئی | نہ | فیصلہ کرے | ساتھ اس چیز کے جو | اتاری | اللہ نے | پس وہ لوگ ہیں | وہی

اللہ نے اس میں نازل کیا تھا۔ اور جو اللہ کے نازل کیے ہوئے قانون کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ نافرمان

الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

نافرمان | اور ہم نے اتاری | طرف تیری | کتاب | ساتھ حق کے | جو تصدیق کرتی ہے | اُس کی جو | اس سے

ہیں۔ اے نبی ﷺ! ہم نے آپ ﷺ کی طرف یہ کتاب سچائی کے ساتھ اُتاری ہے۔ یہ اپنے سے پہلی

يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ

پہلے ہے | سے | کتاب | اور نگہبان ہے | اس پر | پس فیصلہ کیجئے | درمیان ان کے | ساتھ اس چیز کے جو | اتاری

کتابوں کو سچا ثابت کرنے والی اور ان کے مضامین کی نگہبان ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ اللہ کے نازل کیے ہوئے قانون کے مطابق لوگوں کے

اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا

اللہ نے | اور نہ | تو پیروی کر | اُن کی خواہشوں کی | اس وجہ سے کہ | آئی تیرے پاس | سے | حق | ہر ایک کیلئے | ہم نے مقرر کی

درمیان فیصلے کریں اور جو حق آپ کے پاس آیا ہے اسے چھوڑ کر ان لوگوں کی خواہشوں کی پیروی نہ کریں۔ لوگو! ہم نے تم میں

مِنْكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

تم میں سے | شریعت | اور راہِ عمل | اور اگر | چاہتا | اللہ | ضرور بنا دیتا تم کو | امت | ایک

سے ہر امت کے لیے ایک شریعت اور ایک طریقہ مقرر کیا ہے۔ اگر اللہ چاہتا تم سب کو ایک ہی امت بنا دیتا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَّلٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اِلَى اللّٰهِ

اور لیکن | تاکہ وہ آزمائے تم کو | اس میں | جو | اس نے دی تم کو | پس دوڑو | بھلائیوں کے لیے | طرف | اللہ کی

مگر اس نے چاہا کہ وہ اپنے دیے ہوئے حکموں میں تمہاری آزمائش کرے۔ پس تم نیکیوں اور بھلائیوں کی طرف بڑھو۔ آخر کار تم سب کو اللہ کی

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿48﴾ۙ وَاَنِ

لوٹنا تمہارا | سب کا | پھر وہ آگاہ کرے گا تمہیں | ساتھ اس چیز کے جو | تم تھے | اُس میں | تم اختلاف کرتے | اور یہ کہ

طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں آگاہ کرے گا اس چیز سے جس میں تم اختلاف کرتے تھے۔ اے نبی ﷺ!

احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَاۗءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ

تو فیصلہ کر | درمیان ان کے | ساتھ | اس چیز کے جو اتاری | اللہ نے | اور نہ | تو پیروی کر | اُن کی خواہشوں کی | اور تو بچاؤ کر ان سے

آپ ﷺ اللہ کے نازل کیے ہوئے قانون کے مطابق لوگوں کے درمیان فیصلہ کریں اور ان کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلیں اور ان لوگوں سے

اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا

یہ کہ | وہ بہکا دیں تجھے | سے | بعض | جو | اتاری ہے | اللہ نے | طرف تیری | پس اگر | وہ پھر جائیں

بچیں کہیں وہ آپ کو اللہ کے نازل کیے ہوئے قانون سے ادھر ادھر ہٹا نہ دیں۔ اگر وہ آپ ﷺ کے فیصلہ

فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ ذُنُوْبِهِمْ ۭ وَاِنَّ

پس جان لیجئے | کہ | چاہتا ہے | اللہ | یہ کہ | پہنچائے ان کو سزا | ساتھ بعض | ان کے گناہوں کی | اور بے شک

کو نہ مانیں تو آپ جان لیں اللہ انہیں ان کے بعض گناہوں کی سزا دینا چاہتا ہے۔ اور اکثر لوگ

كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ﴿49﴾ اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ۭ وَمَنْ

بہت | سے | لوگ ہیں | البتہ نافرمان | کیا پھر فیصلہ | جاہلیت کا | وہ چاہتے ہیں | اور کون

اللہ کے نافرمان ہیں۔ کیا یہ لوگ کفرو جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں؟ حالانکہ

ع 7 7 11 اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿50﴾ۧ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بہتر ہے | سے | اللہ | فیصلے میں | اس قوم کیلئے جو | یقین رکھتے ہیں | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو

اللہ سے بڑھ کر کس کا فیصلہ بہتر ہو سکتا ہے ان لوگوں کے لیے جو یقین کرنا چاہیں۔ اے ایمان والو! یہودیوں

لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَاۗءَ ڝ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ بَعْضٍ ۭ وَمَنْ

نہ تم بناؤ | یہودیوں کو | اور عیسائیوں کو | دوست | بعض ان کے ہیں | دوست | بعض کے | اور جو کوئی

اور عیسائیوں کو دوست نہ بناؤ۔ وہ ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ تم میں سے جو

وقف لازم — وقف منزل۔ وقف غفران

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ ط إِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

دوستی کرے ان سے | تم میں سے | پس بے شک وہ ہے | اُن میں سے | بے شک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | قوم

انہیں دوست بنائے گا وہ انھی میں شمار ہوگا۔ بے شک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں

الظّٰلِمِينَ ﴿51﴾ فَتَرَى الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ يُّسَارِعُونَ فِيهِمْ

ظالم کو | پس تو دیکھتا ہے | ان لوگوں کو | میں | جن کے دلوں | کھوٹ ہے | بھاگ دوڑ کرتے ہیں | اُن میں

دیتا۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ دیکھیں گے کہ منافق لوگ یہودیوں اور عیسائیوں کی طرف دوڑے چلے جاتے ہیں۔

يَقُولُونَ نَخْشَى أَنْ تُصِيبَنَا دَآئِرَةٌ ط فَعَسَى اللّٰهُ أَنْ يَّأْتِيَ

وہ کہتے ہیں | ہم ڈرتے ہیں | یہ کہ | پہنچ جائے ہمیں | گردش زمانے کی | پس عنقریب ہے | اللہ | یہ کہ | لائے

اور کہتے ہیں ”ہمیں اندیشہ ہے کسی مصیبت میں نہ پھنس جائیں۔“ اور اے نبی ﷺ! توقع ہے اللہ آپ ﷺ کو

بِالْفَتْحِ أَوْ أَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهِ فَيُصْبِحُوا عَلَى مَآ أَسَرُّوا فِيٓ

فتح کو | یا | کوئی حکم | سے | پاس اپنے | پھر وہ ہو جائیں | پر | اس جو | وہ چھپاتے تھے | میں

فتح دیگا یا اس کی طرف سے کامیابی کی کوئی صورت ظاہر ہوگی۔ پھر ان لوگوں کو اپنی منافقت پر نادم ہونا پڑے گا جو انھوں نے دلوں

أَنْفُسِهِمْ نٰدِمِينَ ط ﴿52﴾ وَيَقُولُ الَّذِينَ آمَنُوٓا أَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِينَ أَقْسَمُوا

اپنے دلوں | پشیمان | اور کہیں گے | وہ لوگ جو | ایمان لائے | کیا یہی ہیں | وہ لوگ جو | قسمیں کھاتے تھے

میں چھپا رکھی ہے۔ اس وقت ان کے بارے میں اہل ایمان کہیں گے ”کیا یہ وہی ہیں جو بڑے زور شور سے اللہ کی قسمیں کھا

بِاللّٰهِ جَهْدَ أَيْمَانِهِمْ لا إِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ط حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَأَصْبَحُوا

اللہ کی | پختہ | قسمیں اپنی | کہ بے شک وہ | ضرور ساتھ تمہارے ہیں | ضائع ہوئے | عمل ان کے | پھر وہ ہو گئے

کر یقین دلاتے تھے کہ ”ہم تمہارے ساتھ ہیں“۔ ان کے سارے اعمال ضائع ہو گئے اور وہ گھاٹے

خٰسِرِينَ ﴿53﴾ يٰٓأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِينِهٖ الربع

نقصان اٹھانے والے | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے ہو | جو کوئی | پھر جائے گا | تم میں سے | سے | دین اپنے

میں رہے۔ اے ایمان والو! تم میں سے جو اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ کو کوئی پرواہ نہیں

فَسَوْفَ يَأْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّونَهٗٓ لا أَذِلَّةٍ عَلَى

تو جلد | لائے گا | اللہ | قوم ایسی کہ | وہ محبت کرے گا ان سے | اور وہ محبت کریں گے اس سے | جو نرمی کرنے والے ہیں | پر

وہ اور لوگ پیدا کر دے گا جو اللہ کو محبوب ہوں گے اور اللہ انہیں محبوب ہو گا، جو مسلمانوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ۖ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

مومنوں | جو سختی کرنے والے ہیں | پر | کافروں | وہ جہاد کریں گے | میں | راہ | اللہ کی

کے لئے نرم اور کافروں کے مقابلے میں سخت ہوں گے۔ جو اللہ کی راہ میں جہاد کریں گے اور کسی

وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ۭ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ

اور نہ وہ ڈریں گے | ملامت | کسی ملامت کرنے والے کی سے | یہ ہے | فضل | اللہ کا | وہ دیتا ہے اس کو | جس کو | وہ چاہے

ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کریں گے۔ یہ اللہ کا فضل ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے۔

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿54﴾ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا

اور اللہ ہے | بڑی وسعت والا | خوب جاننے والا | بے شک | دوست تمہارا | اللہ ہے | اور رسول اس کا ہے | اور وہ لوگ جو | ایمان لائے

اور اللہ وسعت والا علم والا ہے مسلمانو! تمہارا دوست اللہ ہے، اس کا رسول ہے اور وہ ایمان والے تمہارے دوست ہیں

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿55﴾ وَمَنْ

جو کہ | قائم کرتے ہیں | نماز | اور وہ دیتے ہیں | زکوۃ | اور وہ | جھکنے والے ہیں | اور جو کوئی

جو نماز قائم کرتے، زکوۃ ادا کرتے اور اللہ کے آگے جھکتے ہیں۔ اور جو

يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ

دوست رکھے | اللہ کو | اور اس کے رسول کو | اور ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | تو بے شک | گروہ | اللہ کے | وہی ہیں

اللہ، اس کے رسول اور ایمان والوں کو دوست بنائے وہ اللہ کی جماعت ہے جو غالب ہو کر

الْغٰلِبُوْنَ ﴿56﴾ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ ع 8 6 12

غالب | اے | وہ لوگو جو | ایمان لائے | نہ | تم بناؤ | ان لوگوں کو | جو بناتے ہیں | دین تمہارے کو

رہتی ہے۔ اے ایمان والو! اہل کتاب اور کافروں میں سے جن لوگوں نے تمہارے دین کو مذاق

هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ

مذاق | اور کھیل | سے | ان لوگوں جو | دیئے گئے | کتاب | سے | پہلے تم | اور کافروں کو

اور کھیل بنا رکھا ہے، انہیں اپنا دوست نہ بناؤ۔

اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿57﴾ وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى

دوست | اور تم ڈرو | اللہ سے | اگر | تم ہو | ایمان والے | اور جب | تم پکارتے ہو | طرف

اللہ سے ڈرو اگر تم واقعی ایمان والے ہو۔ جب تم نماز کے لئے پکارتے ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿58﴾

نماز کے | وہ بناتے ہیں اسے | مذاق | اور کھیل | یہ | اس لیے کہ وہ | لوگ ایسے ہیں | نہیں | وہ سمجھتے

تو وہ اس کا مذاق اڑاتے اور کھیل بنا لیتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ عقل سے کام نہیں لیتے۔

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ

کہہ دیجئے | اے اہل کتاب | کیا | تم ضد رکھتے ہو | ہم سے | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے | اللہ پر | اور جو کچھ

اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں اے اہل کتاب تم ہم سے صرف اس لئے ضد رکھتے ہو کہ ہم ایمان لائے اللہ پر اور اس کتاب پر

اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿59﴾ قُلْ

نازل ہوا | طرف ہماری | اور جو کچھ | نازل ہوا | سے | پہلے اسکے | اور یہ کہ | بہت تم میں سے ہیں | نافرمان | کہہ دیجئے

جو ہماری طرف نازل ہوئی اور ان کتابوں پر جو ہم سے پہلے نازل ہوئیں۔ اور تم میں سے اکثر لوگ نافرمان ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ کہیں

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ

کیا | میں خبر دوں تمہیں | ساتھ بدتر کے | سے | اس | جزا میں | نزدیک | اللہ کے | وہ جسے | لعنت کی | اللہ نے

”کیا میں ایسے لوگ بتاؤں جو اللہ کے ہاں برے انجام سے دوچار ہو گے؟ وہ جن پر اللہ نے لعنت کی،

وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ

اور غضب نازل کیا | جس پر | اور کر دیئے | اُن میں سے | بندر | اور سور | اور پوجا

جن پر اپنا غضب نازل کیا۔ جن میں سے بندر اور سور بنا دیئے اور جنہوں نے شیطان کی

الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿60﴾

شیطان کو | یہ لوگ | بدتر ہیں | مقام کے لحاظ سے | اور بہت بھٹکے ہوئے ہیں | سے | سیدھی | راہ

پوجا کی۔ یہی لوگ ہیں جو درجے کے لحاظ سے بدتر ہیں اور سیدھی راہ سے بہت بھٹکے ہوئے ہیں۔

وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ قَدْ

اور جب | وہ آتے ہیں تمہارے پاس | تو وہ کہتے ہیں | ہم ایمان لائے | اور بیشک | وہ داخل ہوئے ہیں | کفر میں | اور وہ | بے شک

اور جب وہ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے حالانکہ وہ کافر آئے تھے اور کافر

خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿61﴾ وَتَرٰى كَثِيْرًا

نکلے ہیں | ساتھ اس کے | اور اللہ | خوب جانتا ہے | اُسے جو | وہ ہیں | چھپاتے | اور تو دیکھے گا | بہتوں کو

ہی چلے گئے۔ اللہ اچھی طرح جانتا ہے اس چیز کو جو وہ چھپا رہے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان میں سے اکثر کو دیکھیں گے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا

اُن میں سے | وہ دوڑ دھوپ کر رہے ہیں | میں | گناہ | اور زیادتی میں | اور اُن کا کھانا | حرام سے | واقعی برا ہے | جو کچھ

وہ گناہ ظلم اور حرام کھانے کی طرف دوڑتے ہیں۔ کیسے برے اعمال ہیں جو وہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿62﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

وہ تھے | وہ کرتے | کیوں نہ | منع کیا ان کو | مشائخ نے | اور علماء نے | سے | اُن کی بات

کر رہے ہیں۔ کیوں ان کے مشائخ اور علماء انہیں گناہ کی بات

الْاِثْمَ وَ اَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿63﴾ وَقَالَتِ

گناہ کی | اور اُن کے کھانے | حرام سے | واقعی برا ہے | جو | وہ تھے | وہ کرتے | اور کہا

کہنے اور حرام کھانے سے نہیں روکتے؟ کیسے برے کام ہیں جو وہ کر رہے ہیں۔ یہودی کہتے ہیں

وقف لازم

الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ

یہودیوں نے | ہاتھ | اللہ کے | بند ہیں | بند ہوئے | ہاتھ ان کے | اور اُن پر لعنت ہوئی | بوجہ اس کے جو | انہوں نے کہا

”اللہ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں“ انہی کے ہاتھ بندھ جائیں اور ان پر لعنت ہو ان کی اسی بات پر!

بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا

بلکہ | دونوں ہاتھ اس کے | کھلے ہیں | وہ خرچ کرتا ہے | جس طرح | وہ چاہتا ہے | اور ضرور وہ زیادہ کرے گا | بہتوں کو

بلکہ اللہ کے دونوں ہاتھ کھلے ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے خرچ کرتا ہے اور اے نبی ﷺ! اللہ کی طرف سے جو قرآن

مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ؕ وَ اَلْقَيْنَا

اُن میں سے | جو | اتارا گیا ہے | طرف تیری | سے | رب تیرے | سرکشی میں | اور کفر میں | اور ہم نے ڈال دی

آپ ﷺ پر نازل ہوا وہ بھی یہودیوں میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر کو مزید بڑھا رہا ہے اور ہم نے ان کے

بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا

درمیان ان کے | دشمنی | اور نفرت | تک | دن | قیامت کے | جب جب | وہ جلاتے ہیں | آگ

درمیان دشمنی اور نفرت قیامت تک کے لئے ڈال دی ہے۔ جب کبھی لڑائی کی آگ بھڑکاتے ہیں

لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ

لڑائی کے لیے | بجھا دیتا ہے اسے | اللہ | اور وہ بھاگ دوڑ کرتے ہیں | میں | زمین | فساد کرتے ہوئے | اور اللہ

اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور وہ ملک میں فساد پھیلانے میں سرگرم رہتے ہیں حالاں کہ اللہ فساد

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا

نہیں پسند کرتا | فساد کرنے والوں کو | اور اگر | یہ کہ | اہل | کتاب | ایمان لاتے | اور تقویٰ اختیار کرتے | ضرور ہم مٹاتے

کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا۔ اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور اللہ سے ڈرتے تو ہم ضرور اُن کی برائیاں اُن سے دور

عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا

ان سے | برائیاں ان کی | اور ضرور ہم داخل کرتے ان کو | باغوں میں | نعمت کے | اور اگر | یہ کہ وہ | قائم رکھتے

کر دیتے اور انہیں نعمت کے باغوں میں داخل کرتے۔ اگر وہ سچے دل سے توریت اور

التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ

توریت کو | اور انجیل کو | اور جو | اتارا گیا | طرف ان کی | طرف سے | رب ان کے | ضرور وہ کھاتے | سے

انجیل کی پابندی کرتے اور اس چیز کی جو ان کے رب کی طرف سے ان پر اتاری گئی تو وہ کھاتے

فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ

اوپر اپنے | اور سے | نیچے | پاؤں اپنے کے | اُن میں | ایک جماعت | سیدھی راہ پر چلنے والی | اور بہت ہیں

اپنے اُوپر سے اور اپنے قدموں کے نیچے سے۔ ان میں کچھ لوگ سیدھی راہ پر ہیں لیکن اکثر کے

مِّنْهُمْ سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ 9 ع 10 13

اُن میں سے | برا ہے | جو کچھ | وہ کرتے ہیں | اے | رسول | تو پہنچا دے | جو کچھ | اتارا گیا | طرف تیری | سے

اعمال بہت برے ہیں۔ اے رسول ﷺ آپ ﷺ کے رب کی طرف سے جو کچھ آپ ﷺ کی طرف نازل ہوا اسے لوگوں تک

رَّبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ

رب تیرے | اور اگر | نہ | تو نے کیا | تو نہیں | تو نے پہنچایا | پیغام اس کا | اور اللہ | بچائے گا تجھے | سے

پہنچا دیں۔ اگر آپ ﷺ نے ایسا نہ کیا تو آپ ﷺ نے اللہ کا پیغام نہیں پہنچایا۔ اللہ آپ ﷺ کو دشمنوں سے محفوظ

النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

لوگوں | بے شک | اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | لوگوں | کافروں | کہہ دیجئے | اے اہل کتاب

رکھے گا۔ بے شک اللہ ایسے لوگوں کو ہدایت نہیں دیتا جو پکے کافر ہیں۔ اے نبی ﷺ ان سے کہیں ”اے اہلِ کتاب!

لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ

تم نہیں ہو | پر | کسی چیز | یہاں تک کہ | تم قائم کرو | توریت کو | اور انجیل کو | اور جو کچھ | نازل کیا گیا

تم کسی چیز پر نہیں ہو جب تک توریت اور انجیل کو اور اس چیز کو قائم نہ کرو جو تمہارے رب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ

طرف تمہاری | سے | رب تمہارے | اور ضرور زیادہ کرے گا | بہتوں کو | اُن میں سے | جو | اتارا گیا | طرف تیری | سے

کی طرف سے نازل ہوئی"، لیکن آپ ﷺ دیکھیں گے جو قرآن آپ کے رب کی جانب سے آپ ﷺ کی طرف بھیجا گیا، وہ ان میں اکثر لوگوں کی

رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ اِنَّ

رب تیرے | سرکشی میں | اور کفر میں | پس نہ | تو غم کھا | پر | لوگوں | کافر | بے شک

سرکشی اور کفر میں اضافے کا سبب بن گیا۔ لہٰذا آپ ﷺ کافروں کے بارے میں غمگین نہ ہوں۔ نجات کسی قوم

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ

جو لوگ | ایمان لائے | اور جو | یہودی ہوئے | اور صابی | اور عیسائی | جو کوئی | ایمان لائے | اللہ پر

کے ساتھ مخصوص نہیں خواہ وہ مسلمان قوم ہو، یہودی ہو، صابی ہوں یا عیسائی ہوں۔ البتہ جو لوگ اللہ پر اور آخرت

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

اور دن پر | آخرت کے | اور عمل کرے | اچھے | پس نہیں | خوف | اُن پر | اور نہ | وہ

کے دن پر ایمان لائیں اور نیک اعمال کریں، انہیں نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین

يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ

غمگین ہوں گے | بیشک | ہم نے لیا | عہد | بنی اسرائیل کا | اور ہم نے بھیجے | طرف ان کی

ہوں گے۔ ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ان کی طرف بہت سے

رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا

رسول | جب بھی | آیا ان کے پاس | کوئی رسول | ساتھ اس چیز کے جسے | نہ چاہتے تھے | دل ان کے | ایک فریق کو

رسول بھیجے۔ جب ان کے پاس کوئی رسول ایسی بات لے کر آتا جس کو اُن کا جی نہ چاہتا تو بعض رسولوں کو

كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا

انہوں نے جھٹلایا | اور ایک فریق کو | وہ قتل کر دیتے تھے | اور انہوں نے گمان کیا | یہ کہ نہ | ہوگا | فتنہ | پس وہ اندھے ہوگئے

انہوں نے جھٹلایا اور بعض کو قتل کیا۔ انہوں نے سمجھا کوئی پکڑ نہ ہو گی اس لئے وہ اندھے بہرے

وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ

اور بہرے ہوگئے | پھر | توبہ قبول کی | اللہ نے | اُن پر | پھر | وہ اندھے ہوگئے | اور وہ بہرے ہوگئے | بہت

بن گئے۔ پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول کی۔ مگر پھر ان میں بہت سے اندھے بہرے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿71﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ

اُن میں سے | اور اللہ | خوب دیکھنے والا ہے | اُس کو جو | وہ کرتے ہیں | بے شک | کافر ہوئے | وہ لوگ | جنہوں نے کہا | بے شک

بن گئے۔ اللہ دیکھ رہا ہے جو کچھ وہ کر رہے ہیں۔ بے شک وہ لوگ کافر ہیں جو کہتے ہیں

اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ

اللہ | وہی ہے | مسیح | ابن | مریم | اور کہا | مسیح نے | اے بنی اسرائیل

مسیح ابن مریم علیہ السلام بھی خدا ہے۔ حالانکہ مسیح نے کہا تھا "اے بنی اسرائیل"

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ

تم عبادت کرو | اللہ کی | جو ہے رب میرا | اور رب تمہارا | بے شک بات یہ ہے کہ | جو کوئی | شریک بنائے | اللہ کا | پس ضرور | حرام کردی

اللہ کی بندگی کرو۔ وہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے۔ جس نے اللہ کا شریک بنایا اُس کے لئے اللہ نے جنت

اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿72﴾

اللہ نے | اس پر | جنت | اور ٹھکانہ اس کا ہے | آگ | اور نہیں | ظالموں کے لیے | کوئی | مددگار

حرام کر دی۔ اُس کا ٹھکانا دوزخ ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ وقف لازم

بیشک | کافر ہوئے | وہ لوگ | جو کہتے ہیں | بے شک | اللہ ہے | تیسرا | تین میں کا | اور نہیں | کوئی | معبود

بے شک وہ لوگ کافر ہو گئے جنہوں نے کہا کہ "خدا تین میں سے ایک ہے" حالانکہ کہ سوائے ایک معبود

اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

مگر | معبود | ایک | اور اگر | نہ | باز آئے | اُس سے جو | وہ کہتے ہیں | البتہ ضرور پہنچے گا | ان لوگوں کو جو

کے کوئی اور معبود نہیں۔ اگر وہ باز نہ آئے اس سے، جو وہ کہتے ہیں، تو ان میں سے کفر پر رہنے والوں کو

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ

کافر ہوئے | اُن میں سے | عذاب | دردناک | کیا پس نہیں | وہ توبہ کرتے | طرف | اللہ کی

دردناک عذاب پکڑ لے گا۔ یہ لوگ اللہ کے آگے توبہ کیوں نہیں کرتے

وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿74﴾ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا

اور نہیں بخشش مانگتے اس سے | اور اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | نہیں | مسیح | ابن | مریم | مگر

اور اس سے بخشش کیوں نہیں مانگتے۔ اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ مسیح ابن مریم رسول علیہ السلام ہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ط كَانَا

رسول | بے شک | گزرے ہیں | سے | پہلے اس | بہت سے رسول | اور ماں اس کی تھی | بہت سچی | وہ دونوں تھے

تو ہیں۔ ان سے پہلے بھی بہت سے رسول علیہم السلام گزر چکے اور مسیح علیہ السلام کی ماں ایک سچی خاتون تھیں۔

يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ط اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى

وہ دونوں کھاتے تھے | کھانا | تو دیکھ | کس طرح | ہم واضح کرتے ہیں | اُن کے لیے | نشانیاں | پھر | تو دیکھ | کہاں سے

دونوں کھانا کھاتے تھے۔ اے نبی ﷺ آپ دیکھیں کس طرح ہم ان کے سامنے آیتیں بیان کرتے ہیں اور وہ کدھر اُلٹے

يُؤْفَكُوْنَ ﴿75﴾ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ

وہ بہکائے جاتے ہیں | کہہ دیجئے | کیا تم عبادت کرتے ہو | کی | غیر | اللہ کے | اس چیز کی جو | نہیں | اختیار رکھتی | تمہارے لیے

جا رہے ہیں۔ اے نبی ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں تم اللہ کو چھوڑ کر ان کی عبادت کرتے ہو جو تمہارے لئے نفع نقصان کا

ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ط وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿76﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ

نقصان کا | اور نہ | نفع کا | اور اللہ | وہی ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا ہے | کہہ دیجئے | اے اہل کتاب

اختیار نہیں رکھتے۔ اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ اے نبی! ﷺ ان سے کہیں اے اہل کتاب!

لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ

نہ | تم کمی بیشی کرو | میں | دین اپنے | سوائے | حق کے | اور نہ | تم پیروی کرو | خواہشوں | ان لوگوں کی جو | بے شک

اپنے دین میں ناحق کمی بیشی نہ کرو۔ ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو اس سے پہلے گمراہ ہوئے۔

ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ع ﴿77﴾ 10 ع 11 14

گمراہ ہوگئے | سے | پہلے اس | اور انہوں نے گمراہ کیا | بہتوں کو | اور وہ بہک گئے | سے | سیدھی | راہ

جنہوں نے دوسرے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا اور خود سیدھی راہ سے بھٹک گئے۔

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى

لعنت ہوئی | اُن پر جو | کافر ہوئے | سے | بنی اسرائیل | پر سے | زبان | داؤد | اور عیسیٰ

بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کیا ان پر داؤد علیہ السلام اور عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی زبان سے لعنت

ابْنِ مَرْيَمَ ط ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿78﴾ كَانُوْا

ابن | مریم کی | یہ | اس وجہ سے جو | انہوں نے نافرمانی کی | اور وہ تھے | حد سے نکل جاتے | وہ تھے

کی گئی۔ کیونکہ ان لوگوں نے نافرمانی کی اور حد سے بڑھ چکے تھے۔ کچھ لوگ برائی کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا یَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ۝79 تَرٰی

نہ ایک دوسرے کو منع کرتے | سے | برائی جو | وہ کرتے تھے اس کو | ضرور برا ہے | جو | وہ تھے | وہ کرتے | تو دیکھتا ہے

تو دوسرے انہیں منع نہ کرتے۔ یہ بہت برا کام تھا جو وہ کرتے تھے۔ ان میں سے

كَثِیْرًا مِّنْهُمْ یَتَوَلَّوْنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ

بہت کو | اُن میں سے | وہ دوستی کرتے ہیں | ان لوگوں سے جو | کافر ہوئے | ضرور برا ہے | جو کچھ | آگے بھیجا | اُن کے لیے

اکثر لوگوں کو دیکھو وہ کافروں سے دوستی کرتے ہیں۔ بہت بری چیز ہے جو انہوں نے اپنے لئے

اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَ فِی الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ۝80

اُن کی جانوں نے | یہ کہ | ناراض ہوا | اللہ | اُن پر | اور میں | عذاب | وہ ہیں | ہمیشہ رہنے والے

آگے بھیجی۔ ان پر اللہ کا غضب ہوا اور وہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

وَ لَوْ كَانُوْا یُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ النَّبِیِّ وَ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ

اور اگر | وہ ہوتے | وہ ایمان لاتے | اللہ پر | اور نبی پر | اور جو کچھ | نازل کیا گیا | طرف اس کی | نہ | بناتے ان کو

اگر یہ لوگ واقعی ایمان لائے ہوتے اللہ پر، نبی پر اور اس کتاب پر جو نبی ﷺ پر اتری تو کافروں کو

اَوْلِیَآءَ وَ لٰكِنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝81 لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ

دوست | اور لیکن | بہت ہیں | اُن میں سے | نافرمان | ضرور تو پائے گا | زیادہ | سب لوگوں میں سے

ہرگز دوست نہ بناتے۔ مگر ان میں سے اکثر اللہ کے نافرمان ہیں۔ ایمان والوں کے ساتھ دشمنی میں تم سب سے بڑھ کر

عَدَاوَةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الْیَهُوْدَ وَ الَّذِیْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَ لَتَجِدَنَّ

دشمنی میں | اُن لوگوں کے خلاف جو | ایمان لائے | یہودیوں کو | اور ان لوگوں کو جو | شرک کرتے ہیں | اور ضرور تو پائے گا

یہودیوں اور مشرکوں کو پاؤ گے، اور ایمان والوں سے دوستی میں قریب تر ان

اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوا الَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّا نَصٰرٰی ؕ ذٰلِكَ

زیادہ نزدیک ان میں سے | دوستی میں | ان لوگوں کے جو | ایمان لائے | ان لوگوں کو جو | کہتے ہیں | ہم | عیسائی ہیں | یہ ہے

لوگوں کو پاؤ گے جو اپنے آپ کو عیسائی کہتے ہیں۔ اس کی وجہ

بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّیْسِیْنَ وَ رُهْبَانًا وَّ اَنَّهُمْ لَا یَسْتَكْبِرُوْنَ ۝82

اس لیے کہ | اُن میں سے ہیں | علماء | اور عبادت گذار | اور یہ کہ وہ | نہیں | وہ تکبر کرتے

یہ ہے کہ ان کے ہاں ایسے عالم اور راہب ہیں جو تکبر نہیں کرتے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ

اور جب | وہ سنتے ہیں | جو کچھ | اتارا گیا ہے | طرف | رسول کی | تو دیکھتا ہے | اُن کی آنکھیں | بہتی ہیں | سے

اور جب یہ کلام سنتے ہیں جو رسول ﷺ پر نازل ہوا تو تم دیکھو گے کہ اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری

الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا

آنسوؤں | اس سے | جوانہوں نے پہچانا | سے | حق | وہ کہتے ہیں | اے رب ہمارے | ہم ایمان لائے | پس تو لکھ دے ہم کو

ہیں کیونکہ انہوں نے حق بات کو پہچان لیا۔ وہ پکار اٹھتے ہیں "اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے۔ ہمیں دینِ حق کی گواہی

مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿83﴾ وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا

ساتھ | گواہوں کے | اور کیا ہے | ہم کو | کہ نہ | ہم ایمان لائیں | اللہ پر | اور اس پر جو | آیا ہمارے پاس

دینے والوں میں لکھ لے" اور وہ کہتے ہیں "آخر ہم کیوں ایمان نہ لائیں اللہ پر اور اس حق پر جو ہم تک

مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿84﴾

سے | حق | اور ہم چاہتے ہیں | کہ | داخل کرے ہم کو | رب ہمارا | ساتھ | لوگوں | نیکوں کے

پہنچا ہے؟ ہماری آرزو ہے کہ ہمارا رب ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ شامل کرے"

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

پس ثواب دیا ان کو | اللہ نے | بدلے اسکے جو | انہوں نے کہا تھا | باغات | بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں

اُن کی اِس بات کے صلے میں اللہ انہیں ایسے باغ دے گا، جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿85﴾ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا

ہمیشہ رہنے والے | ان میں | اور یہ ہے | بدلہ | نیکی کرنے والوں کا | اور جو لوگ | کافر ہوئے | اور انہوں نے جھٹلایا

وہ وہاں ہمیشہ رہیں گے اور نیک لوگوں کی یہی جزا ہے۔ مگر جنہوں نے کفر کیا اور ہمارے نشانیوں کو جھٹلایا

بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿86﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا

ہماری آیتوں کو | یہ لوگ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | اے | لوگو | جو ایمان لائے ہو | نہ | تم حرام کرو

وہ دوزخی ہیں۔ اے ایمان والو! پاکیزہ چیزوں کو حرام نہ سمجھو

طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

پاکیزہ چیزوں کو | جو | حلال کی ہیں | اللہ نے | تمہارے لئے | اور نہ | تم حد سے نکل جاؤ | بے شک | اللہ | نہیں | پسند کرتا

جنہیں اللہ نے تمہارے لئے حلال ٹھہرایا ہے اور حد سے نہ بڑھو۔ بے شک اللہ حد سے بڑھنے والوں کو پسند

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُعْتَدِينَ ﴿87﴾ وَكُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ

حد سے نکل جانے والوں کو | اور تم کھاؤ | اس سے جو | دیا تمہیں | اللہ نے | حلال | پاکیزہ | اور تم ڈرو | اللہ سے

نہیں کرتا۔ اور کھاؤ اُس سے جو اللہ نے تم کو حلال اور پاکیزہ رزق دیا ہے۔ اللہ سے ڈرو

الَّذِي أَنتُم بِهِ مُؤْمِنُونَ ﴿88﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللَّهُ بِاللَّغْوِ فِي

وہ جو | تم | اس پر | ایمان رکھنے والے ہو | نہیں | پکڑے گا تمہیں | اللہ | بے مقصد پر | بارے میں

جس پر تمہارا ایمان ہے۔ یاد رکھو! اللہ تمہاری فضول قسموں پر گرفت نہیں

أَيْمَانِكُمْ وَلَٰكِن يُؤَاخِذُكُم بِمَا عَقَّدتُّمُ الْأَيْمَانَ ۖ فَكَفَّارَتُهُ

تمہاری قسموں کے | اور لیکن | وہ پکڑے گا تمہیں | اس پر جو | تم نے گرہ باندھی | قسموں کی | پس کفارہ اس کا ہے

کرے گا مگر جو پکی قسمیں تم جان بوجھ کر اٹھاتے ہو ان پر ضرور تمہیں پکڑے گا۔ ایسی قسم کا کفارہ ہے

إِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسَاكِينَ مِنْ أَوْسَطِ مَا تُطْعِمُونَ أَهْلِيكُمْ أَوْ

کھلا دینا | دس | محتاجوں کا | سے | اوسط | جو | تم کھلاتے ہو | اپنے گھر والوں کو | یا

دس مسکینوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو، یا

كِسْوَتُهُمْ أَوْ تَحْرِيرُ رَقَبَةٍ ۖ فَمَن لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ ۚ

پہنانا ان کا | یا | آزاد کرنا | ایک گردن کا | پس جو کوئی | نہ | پائے | تو روزے رکھنا ہے | تین | دن کے

دس مسکینوں کو کپڑے پہنانا، یا ایک غلام آزاد کرنا۔ لیکن جسے یہ میسر نہ ہو وہ تین دن کے روزے رکھے۔

ذَٰلِكَ كَفَّارَةُ أَيْمَانِكُمْ إِذَا حَلَفْتُمْ ۚ وَاحْفَظُوا أَيْمَانَكُمْ ۚ كَذَٰلِكَ

یہ ہے | کفارہ | تمہاری قسموں کا | جب | تم قسم کھاؤ | اور تم حفاظت کیا کرو | اپنی قسموں کی | اسی طرح

یہ کفارہ ہے تمہاری قسموں کا جب تم قسم کھا بیٹھو اور اسے پورا نہ کر سکو۔ ویسے اپنی قسموں کی حفاظت کرو۔ اس طرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ﴿89﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

بیان کرتا ہے | اللہ | تمہارے لئے | آیتیں اپنی | تاکہ تم | شکر کرو | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو

اللہ تمہارے لئے اپنے احکام کھول کر بیان کرتا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو۔ اے ایمان والو!

إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ

بے شک | شراب | اور جوا | اور تھان بتوں کے | اور تیر فال کے | ناپاک ہیں | سے | عمل | شیطان کے

شراب جوا، بتوں کے آستانے اور تیروں سے فال لینا، سب گندے کام ہیں شیطان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿90﴾ اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ بَيْنَكُمُ

پس تم بچو اس سے | تا کہ تم | تم فلاح پاؤ | بے شک | چاہتا ہے | شیطان | کہ | وہ ڈالے | درمیان تمہارے

کے، ان سے بچو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ شیطان تو چاہتا ہے کہ شراب

الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ

دشمنی | اور نفرت | میں | شراب | اور جوئے | اور وہ روکے تمہیں | سے | یاد | اللہ کی

اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے اور تمہیں اللہ کی یاد سے

وَعَنِ الصَّلٰوةِ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿91﴾ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا

اور سے | نماز | پس کیا | تم ہو | باز آنے والے | اور اطاعت کرو | اللہ کی | اور اطاعت کرو

اور نماز سے روک دے۔ تو کیا تم ان برے کاموں سے باز نہ آؤ گے! اور دیکھو اللہ کی اطاعت کرو،

الرَّسُوْلَ وَاحْذَرُوْا ج فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ

رسول کی | اور تم ڈرو | پس اگر | تم پھر جاؤ | تو تم جان لو | کہ | پر | ہمارے رسول | پہنچانا ہے

اللہ کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو اور نافرمانی سے بچو۔ اگر تم نے نافرمانی کی تو یاد رکھو! رسول ﷺ کا کام واضح

الْمُبِيْنُ ﴿92﴾ لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا

واضح | نہیں ہے | پر | ان لوگوں | ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | گناہ | اس میں جو

پیغام پہنچا دینا ہے آگے حساب لینا اللہ کا کام ہے۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک عمل کیے، اگر انہوں نے اس حکم سے

طَعِمُوْٓا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا

انہوں نے کھایا | جب | کہ | تقویٰ اختیار کیا | اور ایمان لائے | اور عمل کیے | اچھے | پھر | تقویٰ اختیار کیا | اور ایمان لائے

پہلے کوئی ناجائز چیز کھا پی لی، تو ان پر کوئی گناہ نہیں بشرطیکہ اب وہ اس سے بچتے ہوں، ایمان رکھتے ہوں اور نیک عمل کرتے ہوں، یا

12 ع 7 2

ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ط وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿93﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

پھر | تقویٰ اختیار کیا | اور نیکی کی | اور اللہ | پسند کرتا ہے | نیکی کرنے والوں کو | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو

انہوں نے اس سے پرہیز کر لیا اور وہ ایمان رکھتے ہوں۔ یا انہوں نے پرہیزگاری کے ساتھ نیکی کے کام بھی کر لیے۔ اور اللہ نیکی

لَيَبْلُوَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ

ضرور آزمائے گا تم کو | اللہ | کچھ | سے | شکار | کہ پہنچتے ہیں اس کو | ہاتھ تمہارے | اور نیزے تمہارے

کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ تمہیں اس شکار کے ذریعے آزمائے گا جو تمہارے ہاتھوں اور تمہارے نیزوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ

تا کہ جان لے | اللہ | اس شخص کو | جو ڈرتا ہے اس سے | بن دیکھے | پھر جو کوئی | حد سے نکل جائے | بعد | اس کے | تو اس کیلئے

زد میں ہو گا تا کہ اللہ یہ ظاہر کرے کون دیکھے بغیر اُس سے ڈرتا ہے۔ جو کوئی اس کے بعد زیادتی کرے گا اس کے لئے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿94﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ وَاَنْتُمْ

عذاب ہے | دردناک | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | نہ | قتل کرو | شکار کو | جبکہ تم ہو

دردناک عذاب ہے۔ اے ایمان والو! شکار نہ مارو جب تم

حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ

احرام باندھے | اور جو کوئی | قتل کریگا اسکو | تم میں سے | جان بوجھ کر | تو بدلہ اس کا ہے | مانند | اسکے جو کہ | قتل کیا ہے | سے

احرام میں ہو اور تم میں سے جو شخص جان بوجھ کر شکار کرے گا تو اس کا کفارہ اسی طرح کا ایک ایک جانور ہے جیسا اس نے

النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ هَدْيًاۢ بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ

جانوروں میں | فیصلہ کریں | اس کا | دو منصف | تم میں سے | قربانی | پہنچنے والی | کعبہ تک | یا | کفارہ

شکار کیا۔ اور اس بات کا فیصلہ تم میں سے دو معتبر آدمی کریں گے۔ کفارے کا جانور حرم کعبہ تک پہنچایا جائے یا کفارے کے

طَعَامُ مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا

کھلانا | محتاجوں کا | یا | برابر | اس کے | روزے | تا کہ وہ چکھے | وبال | کام اپنے کا | معاف کیا

طور پر محتاجوں کو کھانا کھلایا جائے یا اس کے برابر روزے رکھے جائیں تا کہ وہ شخص اپنے کیے کی سزا چکھے۔ اس سے پہلے

اللّٰهُ عَمَّا سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

اللہ نے | اس سے جو | پہلے ہو چکا | اور جو کوئی | پھر کرے گا | تو بدلہ لے گا | اللہ | اس سے | اور اللہ ہے | بہت غالب

جو ہو چکا اللہ نے معاف کیا، لیکن جو کوئی پھر ایسا کرے گا تو اللہ اس سے اپنی نافرمانی کا بدلہ لے گا اور اللہ غالب ہے

ذُو انْتِقَامٍ ﴿95﴾ اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ مَتَاعًا لَّكُمْ

بدلہ لینے والا | حلال کیا گیا | تمہارے لئے | شکار کرنا | سمندر کا | اور کھانا اس کا | فائدہ | تمہارے لئے

اور بدلہ لینے والا۔ تمہارے لئے سمندر کا شکار اور اس کا کھانا احرام کی حالت میں بھی حلال ہے تا کہ تم فائدہ حاصل کر سکو

وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ

اور مسافروں کے لئے | اور حرام کیا گیا | تم پر | شکار کرنا | خشکی کا | جب تک | تم رہو | احرام باندھے | اور تم ڈرو | اللہ سے

اور قافلوں کو زادِ راہ مل سکے۔ جب تک تم احرام میں ہو خشکی کا شکار تمہارے لئے حرام ہے۔ ہر حال میں اللہ سے ڈرو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿96﴾ جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيٰمًا

وہ جو | طرف اسکی | تم اکٹھے کئے جاؤ گے | ٹھہرایا | اللہ نے | کعبہ کو | گھر | احترام والا | باعث قیام بنایا

جس کے پاس ایک روز تمہیں پیش ہونا ہے۔ اللہ نے کعبے کے حرمت والے گھر کو لوگوں کے لئے پُر امن

لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَالْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ

لوگوں کیلئے | اور مہینوں | حرمت والوں کو | اور قربانیوں کو | اور پٹہ ڈالے جانوروں کو | یہ | کہ تم جانو | کہ

مرکز بنایا۔ اس کے علاوہ اس نے حرمت والے مہینوں کو، قربانی کے جانوروں کو، اور گلے میں پٹے پڑے ہوئے جانوروں کو مذہبی

اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ

اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور یہ کہ | اللہ | ساتھ ہر | چیز کے

شعائر قرار دیا تاکہ تم جانو کہ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور اللہ ہر چیز کا علم

عَلِيْمٌ ﴿97﴾ اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿98﴾ؕ

خوب علم رکھنے والا ہے | تم جانو | کہ | اللہ ہے | سخت | عذاب والا | اور یہ کہ | اللہ ہے | بڑا بخشنے والا | نہایت رحم کرنیوالا

رکھتا ہے۔ جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے، اور بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

نہیں | اوپر | رسول کے | مگر | پہنچا دینا | اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ | تم ظاہر کرتے ہو | اور جو کچھ

یاد رکھو! رسول ﷺ پر صرف پہنچا دینے کی ذمہ داری ہے آگے اللہ تمہارے ظاہری اور باطنی ہر عمل کو

تَكْتُمُوْنَ ﴿99﴾ قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ

تم چھپاتے ہو | کہہ دیجئے | نہیں | برابر ہوتا | ناپاک | اور پاک | اور اگرچہ | تجھے خوش لگے | بہتات

جانتا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہہ دیں ”ناپاک اور پاک برابر نہیں ہو سکتے اگرچہ ناپاک کی کثرت تمہیں

الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿100﴾ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ 13 ع 7 3

ناپاک کی | پس تم ڈرو | اللہ سے | اے عقلوں والو | تاکہ تم | تم فلاح پاؤ | اے | لوگو

اچھی لگے“ اس لئے اے عقل والو! اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ اے

اٰمَنُوْا لَا تَسْئَلُوْا عَنْ اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ وَاِنْ

ایمان والو | نہ | تم سوال کرو | بارے میں | ایسی چیزوں کے | کہ اگر | وہ ظاہر ہوں | تم پر | تو وہ ناگوار ہوں تم کو | اور اگر

ایمان والو! ایسی باتوں کے متعلق سوال نہ کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں ناگوار گزریں۔ اور اگر تم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ

تم سوال کرو | بارے میں انکے | جب | نازل کیا جاتا ہے | قرآن | ظاہر کیا جائیگا | تمہارے لئے | معاف کیا | اللہ نے | اس سے

ان کے متعلق ایسے وقت میں جب قرآن نازل ہو رہا ہے، پوچھو گے تو تم پر ظاہر کر دی جائیں گی۔ اب تک جو کچھ ہوا اسے اللہ نے

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿101﴾ قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ اَصْبَحُوْا

اور اللہ ہے | بہت بخشنے والا | بہت حلم والا | بے شک | سوال کیا تھا انکا | ایک قوم نے | سے | پہلے تم | پھر | وہ ہو گئے

معاف کر دیا۔ آئندہ احتیاط کرو۔ ویسے اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے۔ ایسی باتیں تم سے پہلے ایک جماعت نے پوچھی تھیں پھر وہ ان کی

بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿102﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا

اس سے | کافر | نہیں | مقرر کیا | اللہ نے | سے | کان پھٹے | اور نہ | سانڈ | اور نہ

وجہ سے کافر ہو گئے۔ اللہ نے بتوں کے نام پر چھوڑے ہوئے جانوروں، سائبہ،

وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ

وہ اونٹنی جو پہلی اور دوسری بار مادہ بچہ جنے | اور نہ | وہ اونٹ جو دس بچوں کا باپ ہو | اور لیکن | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | گھڑ لیتے ہیں

وصیلہ اور حام کو مقرر نہیں کیا۔ مگر جن لوگوں نے کفر کیا وہ اللہ پر جھوٹ

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿103﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

پر | اللہ | جھوٹ | اور اکثر ان کے | نہیں | وہ سمجھتے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو

باندھتے ہیں۔ ان میں سے اکثر ایسے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے

تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا

تم آؤ | طرف | اس کی جو | نازل کیا | اللہ نے | اور طرف | رسول کے | وہ کہتے ہیں | کافی ہے ہم کو | جو کچھ | ہم نے پایا

”اللہ نے جو قرآن نازل کیا ہے اس کی طرف آؤ اور رسول ﷺ کی طرف آؤ“ تو کہتے ہیں ”ہمارے لئے وہی کافی ہے

عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا

جس پر | باپ دادا اپنے کو | کیا اگرچہ | تھے | باپ ان کے | نہ | وہ جانتے | کچھ بھی

جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا“ ان سے پوچھو، اگر ان کے بڑے بھی کچھ نہ جانتے ہوں اور نہ

وَّلَا يَهْتَدُوْنَ ﴿104﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ

اور نہ وہ ہدایت رکھتے | اے | لوگو | ایمان والو | ذمہ داری ہے تم پر | اپنی جانوں کی | نہ | بگاڑ سکے گا تمہارا

ہدایت پر ہوں تو کیا پھر بھی ان کے پیچھے چلو گے! اے ایمان والو!! اپنی فکر رکھو، کوئی اور گمراہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَّنْ ضَلَّ إِذَا اهْتَدَيْتُمْ ۚ إِلَى اللَّهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا فَيُنَبِّئُكُم

جو | گمراہ ہوا | جبکہ | تم ہدایت پر قائم رہو | طرف | اللہ کی | پھر جانا تمہارا | سب کا | پھر وہ آگاہ کریگا تمہیں

ہو تو اس سے تمہارا کچھ نقصان نہیں اگر تم ہدایت پر ہو۔ تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتائے گا

بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿105﴾ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ إِذَا

ساتھ اسکے جو | تم تھے | تم کرتے | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | گواہی | درمیان تمہارے | جب

جو کچھ تم کرتے رہے۔ اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے

حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِينَ الْوَصِيَّةِ اثْنَانِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنكُمْ أَوْ

حاضر ہو | کسی ایک کو تم سے | موت | وقت | وصیت کے | دو شخص ہوں | اعتبار والے | تم میں سے | یا

اور وہ وصیت کرنا چاہے تو اس کے لئے گواہی کا نصاب یہ ہے کہ تم میں سے دو معتبر مسلمان گواہ ہوں۔ یا

آخَرَانِ مِنْ غَيْرِكُمْ إِنْ أَنتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْأَرْضِ فَأَصَابَتْكُم

دو شخص | سے | تمہارے غیر | اگر | تم ہو | چلتے | میں | زمین | پس پہنچے تمہیں

اگر تم سفر پر ہو اور وہاں موت کی مصیبت پیش آ جائے تو پھر دو غیر مسلم گواہ بھی لیے

مُّصِيبَةُ الْمَوْتِ ۚ تَحْبِسُونَهُمَا مِن بَعْدِ الصَّلَاةِ فَيُقْسِمَانِ بِاللَّهِ إِنِ

مصیبت | موت کی | روک لو دونوں کو | سے | بعد | نماز کے | پس وہ قسم کھائیں | اللہ کی | اگر

جا سکتے ہیں۔ اگر تمہیں گواہی میں کسی طرح کا شبہ ہو جائے تو دونوں گواہوں کو نماز کے بعد روک لو

ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِي بِهِ ثَمَنًا وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ ۙ وَلَا نَكْتُمُ

تم شک میں پڑو | نہ | ہم حاصل کرینگے | ساتھ اسکے | کچھ مال | اور اگرچہ | ہوں | قرابت والے | اور نہ | ہم چھپائینگے

اور وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں ”ہم کسی قیمت کے عوض اس گواہی کو نہیں بیچیں گے خواہ کوئی ہمارا رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو۔ نہ ہم اللہ کی

شَهَادَةَ اللَّهِ إِنَّا إِذًا لَّمِنَ الْآثِمِينَ ﴿106﴾ فَإِنْ عُثِرَ عَلَىٰ أَنَّهُمَا

گواہی | اللہ کی | بیشک ہم | اس وقت ہیں | البتہ سے | گنہگاروں میں | پھر اگر | معلوم ہوا | اس پر | کہ دونوں نے

گواہی کو چھپائیں گے۔ اگر ایسا کریں تو بے شک ہم گناہ گار ہوں گے۔“ اگر پتہ چلے ان دونوں گواہوں نے حق تلفی کی ہے تو ان کی

اسْتَحَقَّا إِثْمًا فَآخَرَانِ يَقُومَانِ مَقَامَهُمَا مِنَ الَّذِينَ اسْتَحَقَّ

حق دار بنایا ہے | گناہ سے | تو اور دو شخص | کھڑے ہوں | ان دونوں کی جگہ | سے | ان لوگوں | کہ حق ثابت کیا

جگہ دو نئے گواہ ان لوگوں میں سے کھڑے ہوں جن کا حق پہلے دو گواہوں نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ شَهَادَتِهِمَا

خلاف انکے جو | زیادہ حقدار تھے | تو وہ دونوں قسم کھائیں | اللہ کی | البتہ گواہی ہماری | زیادہ صحیح ہے | سے | گواہی ان دونوں کی

مارنا چاہا۔ اور وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں "ہماری گواہی پہلے دونوں کی گواہی سے زیادہ صحیح ہے

وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۖ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿107﴾ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا

اور نہیں | ہم نے زیادتی کی | بیشک ہم | اس وقت ہیں | البتہ سے | ظالموں میں | یہ | زیادہ قریب ہے | اس سے کہ | لائیں

اور ہم نے کوئی زیادتی نہیں کی۔ اگر ہم ایسا کریں تو ہم ظالموں میں سے ہوں گے" یہی بہتر طریقہ ہے تاکہ لوگ ٹھیک

بِالشَّهَادَةِ عَلٰى وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ

گواہی | پر | اس کے طریقے پر | یا | وہ ڈریں | کہ | رد ہوں گی | قسمیں ہماری | بعد | اُن کی قسموں کے

گواہی دیں یا انہیں کم سے کم اس بات کا ڈر رہے کہ ان کی قسموں کے بعد دوسرے کی قسموں سے کہیں ان کی تردید نہ ہو جائے۔

14 ع 8 4 وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿108﴾ يَوْمَ

اور تم ڈرو | اللہ سے | اور تم سنو | اور اللہ | نہیں | ہدایت دیتا | نافرمان لوگوں کو | جس دن

بہرحال اللہ سے ڈرو، اس کا حکم سنو اور مانو۔ یاد رکھو! اللہ نافرمانوں کو سیدھے راستے پر نہیں چلاتا۔ جس دن

يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ

جمع کرے گا | اللہ | رسولوں کو | پھر کہے گا | کیا | جواب تمہیں دیا گیا | وہ کہیں گے | نہیں | علم | ہم کو

اللہ سب رسولوں کو جمع کرے گا پھر ان سے پوچھے گا "تمہیں امتوں کی طرف سے کیا جواب ملا" وہ کہیں گے "ہمیں کچھ علم نہیں،

اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿109﴾ اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

بے شک تو | تو ہے | بہت جاننے والا | چھپی باتوں کا | جب | کہے گا | اللہ | اے عیسیٰ | ابن | مریم

تو ہی چھپی باتوں کو جاننے والا ہے" جب اللہ کہے گا "اے عیسیٰ علیہ السلام ابن مریم علیہ السلام

اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰي وَالِدَتِكَ ۘ اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۣ

تو یاد کر | نعمت میری | تجھ پر | اور پر | تیری ماں | جب کہ | میں نے قوت دی تجھ کو | ساتھ روح | پاک کے

میری نعمتوں کو یاد کرو جو میں نے تم پر اور تمہاری ماں پر کیں۔ میں نے پاک روح جبرئیل کے ذریعے تمہاری مدد کی۔

تُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

تو باتیں کرتا تھا | لوگوں سے | میں | جھولے | اور بڑی عمر میں | اور جب کہ | میں نے سکھائی تجھے | کتاب | اور حکمت

تم لوگوں سے کلام کرتے تھے چھوٹی عمر میں بھی اور بڑی عمر میں بھی۔ جب میں نے تمہیں کتاب و حکمت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ

اورتوریت | اورانجیل | اور جب | تو بناتا تھا | سے | مٹی | جیسے صورت | پرندے کی

اورتوریت و انجیل کی تعلیم دی۔ اور جب تم مٹی سے پرندے جیسی صورت میرے حکم سے

بِاِذْنِيْ فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِيْ وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ

میرے حکم سے | پھر تو پھونکتا تھا | اس میں | پھر وہ ہو جاتا | پرندہ | میرے حکم سے | اور تندرست کرتا تھا | پیدائشی اندھے کو

بناتے۔ پھر اس میں پھونک مارتے تو میرے حکم سے واقعی پرندہ بن جاتا تھا۔جب تم پیدائشی اندھے

وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ كَفَفْتُ

اور (برص) پھل بہری کو | میرے حکم سے | اور جب | تو نکالتا تھا | مردوں کو | میرے حکم سے | اور جب کہ | میں نے روک رکھا

اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا کر دیتے اور جب تم مردوں کو میرے حکم سے زندہ نکال کھڑا کرتے تھے۔میں نے تمہیں بنی اسرائیل

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَنْكَ اِذْ جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ

بنی اسرائیل کو | تجھ سے | جب کہ | تو لایا تھا انکے پاس | روشن دلیلیں | پھر کہا | ان لوگوں نے جو | کافر تھے | ان میں سے

کے شر سے بچایا جب تم ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تو ان کے کافروں نے کہا تھا

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿110﴾ وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ اٰمِنُوْا

نہیں | یہ | مگر | جادو | ظاہر | اور جب | میں نے وحی کی | طرف | حواریوں کے | یہ کہ | تم ایمان لاؤ

''یہ سب جادو کے سوا کچھ نہیں۔'' یاد کرو جب میں نے تیرے حواریوں کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ ''ایمان لاؤ

بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ﴿111﴾ اِذْ قَالَ

مجھ پر | اور میرے رسول پر | انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے | اور تو گواہ رہ | کہ ہم ہیں | مسلمان | جب | کہا

مجھ پر اور میرے رسول پر! وہ بول اٹھے ''ہم ایمان لائے۔تو گواہ رہ ہم تیرے فرماں بردار ہیں'' اور جب حواریوں

الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ يُّنَزِّلَ

حواریوں نے | اے عیسیٰ | ابن | مریم | کیا | قدرت رکھتا ہے | رب تیرا | یہ کہ | اتارے

نے کہا ''اے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کیا تمہارا رب اس پر قدرت رکھتا ہے کہ ہم پر آسمان سے

عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ ؕ قَالَ اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿112﴾

ہم پر | دسترخوان | سے | آسمان | اس نے کہا | تم ڈرو | اللہ سے | اگر | تم ہو | ایمان والے

کھانے کا دسترخوان اتارے؟'' اس پر عیسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اللہ سے ڈرو اگر تم ایمان والے ہو''

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَىِٕنَّ قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ

انہوں نے کہا | ہم چاہتے ہیں | کہ | ہم کھائیں | اس میں سے | اور اطمینان پائیں | دل ہمارے | اور ہم جانیں | کہ | واقعی

وہ بولے" ہم چاہتے ہیں اس میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہوں۔ ہم جان لیں جو کچھ آپ نے ہم سے

صَدَقْتَنَا وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿113﴾ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

تم نے سچ کہا ہم سے | اور ہم ہوں | اس پر | سے | گواہوں میں | کہا | عیسیٰ | ابن | مریم نے

کہا وہ سچ ہے اور ہم اس پر گواہی دینے والے بن جائیں۔ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام نے دعا کی" اے اللہ! اے ہمارے رب!

اللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا

اے اللہ | اے ہمارے رب | اتار دے | ہم پر | دسترخوان | سے | آسمان | تاکہ ہو | ہمارے لئے | عید

ہمارے لئے آسمان سے کھانے کا دسترخوان اتار جو عید بن جائے ہمارے لئے،

لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿114﴾

ہمارے پہلوں کیلئے | اور ہمارے بعد والوں کیلئے | اور نشانی | تیری طرف سے | اور ہمیں رزق دے | اور تو | بہترین | رزق دینے والا ہے

ہمارے اس زمانے کے لئے اور ہمارے پچھلوں کے لئے اور تیری طرف سے ایک نشانی ہو! ہمیں یہ روزی عطا کر، تو سب سے بہتر

قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ مُنَزِّلُهَا عَلَيْكُمْ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بَعْدُ مِنْكُمْ فَاِنِّيْٓ

کہا | اللہ نے | بیشک میں | اتاروں گا اس کو | تم پر | پھر جو کوئی | کفر کرے گا | بعد اس کے | تم میں سے | تو بیشک میں

روزی رساں ہے!" اللہ نے فرمایا" میں یہ دسترخوان ضرور تم پر اتاروں گا، لیکن اس کے بعد تم میں جو سے کفر کرے گا اسے ایسی

15 ع 7 5

اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّآ اُعَذِّبُهٗٓ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿115﴾ وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ

میں سزا دوں گا اسے | ایسا عذاب | کہ نہ | میں نے عذاب دیا ہوگا ایسا | کسی کو | سے | دنیا والوں میں | اور جب | کہا | اللہ نے

سزا دوں گا جو دنیا میں کسی کو نہ دی ہو گی"۔ جب اللہ تعالیٰ پوچھے گا

يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ

اے عیسیٰ | ابن | مریم | کیا تو | کہتا تھا | لوگوں کو | تم بناؤ مجھے | اور ماں میری کو | دو معبود

"اے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا مجھ کو اور میری ماں کو اللہ کے سوا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ

سے | سوائے | اللہ کے | وہ کہے گا | پاک ہے تو | نہیں | ہے | میرے لئے | یہ کہ | میں کہوں | وہ چیز کہ | نہیں

معبود بنا لو ؟ وہ جواب دیں گے" تو پاک ہے۔ میرا کام نہ تھا میں وہ بات کہتا جس کے کہنے کا مجھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِیْ ق بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِیْ

مجھ کو | اس کا حق | اگر | میں تھا | کہتا اسکو | تو بیشک | تو جانتا ہے اسے | تو جانتا ہے | جو ہے | میں

حق نہیں۔ اگر میں نے یہ کہا ہوگا تو تجھے ضرور معلوم ہو گا" تو جانتا ہے جو

نَفْسِیْ وَلَاۤ اَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ﴿۱۱۶﴾

میرے دل | اور نہیں | میں جانتا | جو کچھ ہے | میں | تیرے دل | بیشک تو | تو ہے | بہت جاننے والا | غیبوں کا

میرے جی میں ہے اور میں نہیں جانتا جو تیرے جی میں ہے۔ بے شک تو ہی غیب کی باتیں جاننے والا ہے۔ میں نے

مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَاۤ اَمَرْتَنِیْ بِهٖۤ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبَّكُمْ ج

نہیں میں نے کہا | ان کو | مگر | جو | تو نے حکم دیا مجھے | اس کا | یہ کہ | عبادت کرو | اللہ کی جو | رب ہے میرا | اور رب تمہارا

ان سے وہی بات کہی جس کا تو نے مجھے حکم دیا۔ یہ کہ صرف اللہ کی عبادت کرنا جو میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی۔

وَكُنْتُ عَلَیْهِمْ شَهِیْدًا مَّا دُمْتُ فِیْهِمْ ج فَلَمَّا تَوَفَّیْتَنِیْ كُنْتَ اَنْتَ

اور میں تھا | ان پر | گواہ | جب تک | میں رہا | ان میں | پھر جب | تو نے قبض کیا مجھے | تو تھا | تو

میں ان پر گواہ تھا جب تک ان میں رہا۔ پھر جب تو نے مجھے اٹھا لیا ان پر تو

الرَّقِیْبَ عَلَیْهِمْ ؕ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ﴿۱۱۷﴾ اِنْ تُعَذِّبْهُمْ

نگہبان | اُن پر | اور تو ہے | پر | ہر | چیز | گواہ | اگر | تو عذاب دیگا ان کو

ہی نگران تھا اور تو ہر چیز پر گواہ ہے۔ اب اگر ان کو عذاب دے

فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ج وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿۱۱۸﴾

تو بیشک وہ ہیں | بندے تیرے | اور اگر | تو بخش دے | ان کو | تو بیشک تو | تو ہے | خوب غالب | بڑی حکمت والا

تو یہ تیرے بندے ہیں اور اگر انہیں معاف کر دے تو بیشک تو غالب حکمت ہے اور بڑی والا ہے"۔

قَالَ اللّٰهُ هٰذَا یَوْمُ یَنْفَعُ الصّٰدِقِیْنَ صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ

کہے گا | اللہ | یہ | دن ہے | کہ فائدہ دے گا | سچوں کو | سچ ان کا | ان کیلئے ہیں | باغات

اللہ فرمائے گا "آج وہ دن ہے کہ سچوں کو ان کا سچ کام آئے گا۔ ان کے لئے ایسے باغ ہیں

تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَاۤ اَبَدًا ؕ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بہتی ہیں | سے | نیچے ان کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | ان میں | ہمیشہ۔ | راضی ہوا | اللہ | ان سے

جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ اللہ ان سے راضی ہوا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿119﴾ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

اور وہ راضی ہوئے | اس سے | یہ ہے | کامیابی | بڑی | اللہ کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی | اور زمین کی

اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، یہی ہے بڑی کامیابی! آسمانوں کی، زمین کی،

16 ع 5 6 وَمَا فِيْهِنَّ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿120﴾ ع

اور جو کچھ | ان میں | اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے۔

اور ہر شے کی بادشاہی صرف اللہ کے لئے ہے جو ہر چیز پر قادر ہے۔

(6) سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ (55)

رکوعاتها 20 — آیاتها 165

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ

سب تعریف | اللہ کے لئے ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور بنائے | اندھیرے

تمام تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا فرمایا اندھیروں اور روشنی

وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿1﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ

اور اجالا | پھر بھی | جنہوں نے | انکار کیا | اپنے رب کا | وہ شرک کرتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تم کو

کو بنایا۔ کافر لوگ پھر بھی دوسروں کو اپنے رب کا شریک بناتے ہیں۔ حالانکہ اسی نے تمہیں مٹی سے

مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى اَجَلًا وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ اَنْتُمْ

سے | مٹی | پھر | مقرر کی | ایک اجل | اور ایک اجل | مقرر کی گئی ہے | پاس اس کے | پھر بھی | تم ہو

پیدا کیا۔ تمہاری مدت مقرر کی اور ایک اور مقررہ مدت جو اسی کے علم میں ہے لیکن تم قیامت کے بارے میں

تَمْتَرُوْنَ ﴿2﴾ وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَفِي الْاَرْضِ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ

تم شک کرتے ہو | اور وہی ہے | اللہ | میں | آسمانوں | اور میں | زمین | وہ جانتا ہے | چپکے بولنا تمہارا

شک کرتے ہو۔ اور اللہ آسمانوں میں بھی ہے اور زمین میں بھی۔ وہ تمہارے ظاہر و باطن کو

وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿3﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ

اور اونچا بولنا تمہارا | اور وہ جانتا ہے | جو کچھ | تم کماتے ہو | اور نہیں | آتی ان کے پاس | کوئی | آیت | سے | آیتوں

جانتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو۔ مشرکوں کو دیکھو! اُن کے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ④ فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ؕ

انکے رب کی | مگر | ہیں | اس سے | منہ پھیرتے | بیشک | جھٹلایا انھوں نے | حق کو | جب بھی | ان کے پاس آیا

ان کے پاس آتی ہے وہ اُس سے منہ پھیر لیتے ہیں۔ چنانچہ جو حق ان کے پاس آیا اس کو بھی انہوں نے جھٹلا دیا۔

فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ⑤ اَلَمْ يَرَوْا

پس ضرور | آئیں گی انکے پاس | خبریں | اس کی جو | وہ تھے | اس کا | وہ مذاق کرتے | کیا نہیں | دیکھتے

جلد ہی ان کے پاس اس چیز کی خبریں آئیں گی جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا ان لوگوں

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا

کتنے | ہم نے ہلاک کئے | سے | پہلے ان کے | سے | قوموں | ہم نے اقتدار دیا انکو | میں | زمین | جو کہ

نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کیا جنہیں ہم نے زمین میں اتنی شان و شوکت

لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَآءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۪ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ

نہیں ہم نے اقتدار دیا | تم کو | اور ہم نے بھیجا | بادلوں کو | اُن پر | موسلا دھار | اور ہم نے بنائیں | نہریں

دی جتنی ان کو نہیں دی۔ ہم نے ان پر آسمان سے خوب بارش برسائی اور نہریں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ

جو بہتی تھیں | سے | نیچے ان کے | پھر ہم نے ہلاک کیا ان کو | ان کے گناہوں پر | اور ہم نے پیدا کیں | سے | بعد ان کے

جاری کیں جو ان کے ہاں بہتی تھیں۔ پھر ہم نے انہیں ان کے گناہوں کی پاداش میں ہلاک کر دیا۔ ان کے بعد ہم نے دوسری

قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ⑥ وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ

قومیں | دوسری | اور اگر | ہم اتارتے | تجھ پر | کوئی تحریر | میں | کاغذ | پھر وہ ٹٹولتے اس کو

قوموں کو اٹھایا۔ اے نبی ﷺ! اگر ہم آپ ﷺ پر کوئی ایسی کتاب اتارتے جو کاغذ پر لکھی ہوتی اور یہ لوگ اسے

بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑦ وَقَالُوْا

اپنے ہاتھوں سے | تو ضرور کہتے | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں ہے | یہ | مگر | جادو | ظاہر۔ | اور بولے

اپنے ہاتھوں سے چھو لیتے تب بھی کافروں نے یہی کہنا تھا "یہ کھلا جادو ہے"۔ اور وہ کہتے ہیں

لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ؕ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ

کیوں نہیں | اتارا گیا | اس پر | فرشتہ | اور اگر | ہم اتارتے | فرشتہ | ضرور فیصلہ ہو جاتا | معاملے کا | پھر

اگر یہ نبی ﷺ سچا ہے تو اس پر کوئی فرشتہ کیوں نہیں اتارا گیا؟ اگر ہم کوئی فرشتہ اتارتے تو معاملے کا فیصلہ ہو جاتا پھر انہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يُنْظَرُوْنَ ﴿٨﴾ وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ

نہ ان کو مہلت دی جاتی | اور اگر | ہم بنا دیتے اسے | فرشتہ | البتہ ہم بناتے اسے بھی | مرد | اور البتہ ہم شبہ ڈالتے | اُن پر

کوئی مہلت نہ ملتی۔ اگر ہم کسی فرشتے کو نبی بنا کر بھیجتے تو اسے بھی انسانی شکل میں اتارتے پھر ان لوگوں کو وہی شبہ ہوتا

مَّا يَلْبِسُوْنَ ﴿٩﴾ وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ

جو | وہ شبہ کرتے ہیں | اور بے شک | مذاق کیا گیا | ساتھ پیغمبروں کے | سے | پہلے تجھ | پھر گھیر لیا | ان کو جو

جس میں اب پڑے ہوئے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ سے پہلے بھی پیغمبروں کا مذاق اڑایا گیا تو ان لوگوں میں سے جنہوں

سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿١٠﴾ قُلْ سِيْرُوْا فِي ع 1 10 7

مذاق کرتے تھے | ان میں سے | اس نے جو | وہ تھے | جس کا | وہ مذاق کرتے | کہہ دیجئے | سیر کرو | میں

نے مذاق اڑایا ان کو اس چیز نے آگھیرا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”زمین میں چلو پھرو

الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١١﴾ قُلْ لِّمَنْ

زمین | پھر | تم دیکھو | کیسے | ہوا | انجام | جھٹلانے والوں کا | کہہ دیجئے | کس کا ہے

اور دیکھو جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا“۔ اور آپ ان سے پوچھیں

مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ قُلْ لِّلّٰهِ ۭ كَتَبَ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۭ

جو کچھ | میں | آسمانوں | اور زمین | کہہ دیجئے | اللہ کیلئے ہے | اس نے لکھی | پر | اپنی ذات | رحمت

”جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ کس کا ہے؟“ یہ لوگ کیا جواب دیں گے آپ ﷺ خود کہیں سب کچھ اللہ کا ہے۔ اس نے اپنے

لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰي يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا

ضرور وہ جمع کرے گا تمہیں | طرف | دن | قیامت کے | نہیں | شک | اس میں | جن لوگوں نے | نقصان کیا

اوپر رحمت لکھ دی۔ وہ قیامت کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ضرور تم لوگوں کو جمع کرے گا۔ مگر جنہوں نے اپنے آپ کو

اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٢﴾ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۭ

جانوں اپنی کا | پس وہ | نہیں | ایمان لاتے | اور اسی کا ہے | جو کچھ | بستا ہے | میں | رات | اور دن میں

گھاٹے میں ڈالا وہ ایمان نہیں لاتے۔ لیکن اللہ کو اس کی کیا پرواہ! کیونکہ ہر چیز اسی کی ہے خواہ وہ رات کی تاریکی میں ہو یا دن کے

وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣﴾ قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ

اور وہی ہے | خوب سننے والا | بہت جاننے والا | کہہ دیجئے | کیا سوا | اللہ کے | میں پکڑوں | کارساز | وہ تو موجد ہے | آسمانوں

اُجالے میں۔ اور وہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ مشرکین سے پوچھیں ”کیا میں بھی تمہاری طرح اللہ کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّىٓ اُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ

اور زمین کا | اور وہ | کھلاتا ہے | اور نہیں | وہ کھلایا جاتا | کہہ دیجئے | بیشک میں | حکم دیا گیا ہوں | کہ | میں ہو جاؤں

جو زمین و آسمان کا بنانے والا ہے، چھوڑ کر کسی اور کو اپنا کارساز بنالوں! حالانکہ اللہ سب کو روزی دیتا ہے مگر خود اسے روزی کی

اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿14﴾ قُلْ اِنِّىٓ اَخَافُ

پہلا | وہ شخص جو | مسلمان ہوا | اور نہ | ہرگز تو ہونا | سے | مشرکوں میں | کہہ دیجئے | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں

ضرورت نہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ''مجھے حکم ملا ہے میں سب سے پہلے اسلام لانے والا بنوں اور مشرکوں میں شامل نہ

اِنْ عَصَيْتُ رَبِّىْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿15﴾ مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ

اگر | میں نافرمانی کروں | اپنے رب کی | عذاب | دن | بڑے کے سے | جو شخص | پھیر دیا جاتا ہے | اس سے

ہوں''۔ اے نبی ﷺ آپ کہیں ''اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔ اُس دن جس

يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿16﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ

اس روز | تو بے شک | اس پر رحمت کی | اور یہ ہے | کامیابی | ظاہر | اور اگر | دے تجھ کو

کے سر سے عذاب ٹل گیا، اس پر اللہ نے بڑا رحم فرمایا اور یہی کھلی کامیابی ہے۔ اے انسان! اگر اللہ تجھے کسی

اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ

اللہ | کوئی تکلیف | تو نہیں | کھولنے والا | اس کو | مگر | وہی | اور اگر | وہ لگا دے تجھ کو | بھلائی | تو وہ

دکھ میں مبتلا کرے تو اس کے سوا کوئی نہیں جو اسے دور کرنے والا ہو۔ اور اگر وہ تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو کوئی اسے روک نہیں سکتا

عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿17﴾ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ

اوپر | ہر | چیز کے | قادر ہے | اور وہ | غالب ہے | پر | بندوں اپنے | اور وہ ہے | خوب حکمت والا

اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اسی کا زور ہے اپنے بندوں پر۔ اور وہ حکمت والا اور ہر بات سے

الْخَبِيْرُ ﴿18﴾ قُلْ اَىُّ شَىْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِىْ

باخبر | کہہ دیجئے | کون سی | چیز ہے | بڑی | گواہی میں | کہہ دیجئے | اللہ | گواہ ہے | درمیان میرے

باخبر ہے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''گواہی کے لئے سب سے بڑا معتبر گواہ کون ہے؟'' آپ ﷺ خود کہیں

وَبَيْنَكُمْ ۚ وَاُوْحِىَ اِلَىَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ

اور درمیان تمہارے | اور وحی کیا گیا ہے | طرف میری | یہ | قرآن | تاکہ ڈراؤں تمہیں | ساتھ اسکے | اور جس کو | وہ پہنچے

''اللہ'' وہی میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے۔ اور آپ ﷺ کہیں مجھ پر یہ قرآن اترا ہے تاکہ میں اس کے ذریعے سے تمہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُونَ أَنَّ مَعَ اللَّهِ آلِهَةً أُخْرَىٰ ۚ قُل لَّا أَشْهَدُ ۚ قُلْ

کیا واقعی تم | البتہ تم گواہی دیتے ہو | یہ کہ | ساتھ | اللہ کے ہیں | معبود | دوسرے | کہہ دیجئے | نہیں | میں گواہی دیتا | کہہ دیجئے

خبردار کروں اور انہیں بھی جن تک یہ پہنچے۔ کیا تم اس کی گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کچھ اور

إِنَّمَا هُوَ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ وَإِنَّنِي بَرِيءٌ مِّمَّا تُشْرِكُونَ ﴿١٩﴾ الَّذِينَ

بے شک | وہ ہے | معبود | اکیلا | اور بیشک میں ہوں | بیزار | ان سے جن کو | تم شریک ٹھہراتے ہو | وہ جن کو

معبود بھی ہیں؟'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں میں اس کی گواہی نہیں دیتا۔ اور آپ ﷺ کہیں ''صرف ایک ہی معبود ہے

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمُ ۘ الَّذِينَ خَسِرُوا

ہم نے دی ان کو | کتاب | وہ پہچانتے ہیں اس کو | جیسے | وہ پہچانتے ہیں | اپنوں بیٹوں کو | جن لوگوں نے | نقصان کیا

اور میں تمہارے ساتھ شرک سے بری ہوں۔ اہل کتاب اس قرآن کو اس طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ مگر اس

أَنفُسَهُمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٢٠﴾ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ

جانوں اپنی کا | پس وہ | نہیں | ایمان لاتے | اور کون ہے | بڑا ظالم | اس سے | جو گھڑلے | پر | اللہ

طرح کے جن لوگوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا وہ اس پر ایمان نہیں لاتے۔ اور اس شخص سے بڑا ظالم کون ہے

كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۗ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الظَّالِمُونَ ﴿٢١﴾ وَيَوْمَ

جھوٹ | یا | جھٹلائے | اس کی آیتوں کو | بے شک | نہیں | فلاح پائیں گے | ظالم | اور جس دن

جو اللہ پر بہتان باندھے یا اس کی آیتوں کو جھٹلائے، بے شک ظالموں کے لئے فلاح نہیں۔ اور ڈرو

نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِينَ

ہم جمع کریں گے ان کو | سب کو | پھر | ہم کہیں گے | ان کو جو | شرک کرتے تھے | کہاں ہیں | شریک تمہارے | جن کا

اُس دن سے جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے۔ پھر مشرکوں سے پوچھیں گے آج کہاں ہیں تمہارے وہ شریک

كُنتُمْ تَزْعُمُونَ ﴿٢٢﴾ ثُمَّ لَمْ تَكُن فِتْنَتُهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا وَاللَّهِ

تم تھے | دعویٰ کرتے | پھر | نہ | ہوگا | بہانہ ان کا | مگر | یہ کہ | وہ کہیں گے | قسم ہے اللہ

جن کا تمہیں دعویٰ تھا؟ اس وقت ان کے پاس ان کا یہی عذر ہو گا وہ کہیں گے ''ہمیں، اللہ اپنے

رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِينَ ﴿٢٣﴾ انظُرْ كَيْفَ كَذَبُوا عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ

رب ہمارے کی | نہ | ہم تھے | مشرک | تو دیکھ | کیسے | انہوں نے جھوٹ بولا | پر | جانوں اپنی

رب کی قسم! ہم مشرک نہ تھے!'' دیکھو یہ اپنے آپ پر کیسے جھوٹ بول گئے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَضَلَّ عَنۡهُم مَّا كَانُوا يَفۡتَرُونَ ﴿24﴾ وَمِنۡهُم مَّن يَسۡتَمِعُ إِلَيۡكَ ۖ

اور گم ہو جائے گا | ان سے | جو | وہ تھے | جھوٹ گھڑتے | اور بعض ان میں ہیں | جو | سنتے ہیں | طرف تیری

وہاں ان کی ساری باتیں ہوا ہو جائیں گی جو وہ بنایا کرتے تھے۔ اے نبی ﷺ! ان میں سے بعض ایسے ہیں جو آپ ﷺ کی طرف

وَجَعَلۡنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ أَكِنَّةً أَن يَفۡقَهُوهُ وَفِيٓ ءَاذَانِهِمۡ وَقۡرًا ۚ

اور ہم نے ڈال دیئے | پر | ان کے دلوں | پردے | اس سے کہ | وہ سمجھیں اس کو | اور میں | اُن کے کانوں | بوجھ ہے

کان لگا کر بظاہر سنتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے وہ اسے سمجھنا نہیں چاہتے۔ اسی لئے ہم نے ان کے دلوں پر غفلت کے پردے ڈال دیئے

وَإِن يَرَوۡا كُلَّ ءَايَةٍ لَّا يُؤۡمِنُوا بِهَا ۚ حَتَّىٰٓ إِذَا جَآءُوكَ

اور اگر | وہ دیکھیں | سب | نشانیاں | نہ | وہ ایمان لائیں | ان پر | یہاں تک کہ | جب | آئیں تیرے پاس

اور ان کے کانوں میں ایسا ڈاٹ لگا دیا کہ وہ نہیں سنتے۔ اگر وہ ہر قسم کے معجزے بھی دیکھ لیں پھر بھی ایمان نہ لائیں گے۔

يُجَادِلُونَكَ يَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوٓا إِنۡ هَٰذَآ إِلَّآ أَسَٰطِيرُ الۡأَوَّلِينَ ﴿25﴾

جھگڑتے ہیں تجھ سے | کہتے ہیں | وہ لوگ جو | کافر ہوئے | نہیں | یہ | مگر | کہانیاں | پہلوں کی

یہاں تک کہ جیسے وہ آپ ﷺ کے پاس جھگڑے کے لئے آتے ہیں تو یہی کافر لوگ قرآن کے بارے میں کہتے ہیں "یہ تو پہلے

وَهُمۡ يَنۡهَوۡنَ عَنۡهُ وَيَنۡـَٔوۡنَ عَنۡهُ ۖ وَإِن يُهۡلِكُونَ إِلَّآ أَنفُسَهُمۡ

اور وہ | وہ منع بھی کرتے ہیں | اس سے | اور وہ دور بھی رہتے ہیں | اس سے | اور نہیں | وہ ہلاک کرتے | مگر | جانوں اپنی کو

لوگوں کی کہانیاں ہیں۔" وہ دوسروں کو قرآن سننے سے روکتے ہیں اور خود بھی اس سے دور بھاگتے ہیں۔ اس طرح یہ اپنے آپ کو

وَمَا يَشۡعُرُونَ ﴿26﴾ وَلَوۡ تَرَىٰٓ إِذۡ وُقِفُوا عَلَى النَّارِ فَقَالُوا

اور نہیں | وہ سمجھتے | اور اگر | تو دیکھے | جب | وہ کھڑے کئے جائیں گے | پر | آگ | پھر وہ کہیں گے

ہلاکت میں ڈال رہے ہیں مگر نہیں سمجھتے۔ اور اگر تم ان کی اس حالت کو دیکھو جب وہ دوزخ کے کنارے کھڑے کئے جائیں گے۔

يَٰلَيۡتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ بِـَٔايَٰتِ رَبِّنَا وَنَكُونَ مِنَ الۡمُؤۡمِنِينَ ﴿27﴾

اے کاش ہم | ہم لوٹائے جائیں | اور نہ | ہم انکار کریں گے | نشانیوں کا | اپنے رب کی | اور ہم ہوں گے | سے | ایمان والوں

اس وقت کہیں گے "اے کاش! ہم پھر دنیا میں واپس بھیج دیئے جائیں۔ اب ہم اپنے رب کی نشانیوں کو نہیں جھٹلائیں گے بلکہ ایمان

بَلۡ بَدَا لَهُم مَّا كَانُوا يُخۡفُونَ مِن قَبۡلُ ۖ وَلَوۡ رُدُّوا

بلکہ | ظاہر ہو گیا | ان پر | جو | وہ تھے | وہ چھپاتے | سے | پہلے | اور اگر | وہ پھیر دیئے جائیں

لانے والوں میں شامل ہو جائیں گے!" وہاں ان پر حقیقت کھل جائے گی جسے وہ اس سے پہلے چھپایا کرتے تھے۔ اگر انہیں دنیا میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿28﴾ وَقَالُوْآ اِنْ هِيَ اِلَّا

ضرور وہی کریں | جو کہ | منع کیے گئے | سے جس | اور بے شک وہ | البتہ جھوٹے ہیں | اور انہوں نے کہا | نہیں | یہ | مگر

واپس بھیج بھی دیا جائے تو پھر وہی کریں گے جس سے انہیں روکا گیا۔ بے شک وہ جھوٹے ہیں۔ اور وہ کہتے ہیں ''اس دنیا کی زندگی

حَيَاتُنَا الدُّنْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿29﴾ وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى

زندگی ہماری | دنیا کی | اور نہیں | ہم | اٹھائے جانے والے | اور اگر | تو دیکھے | جب | وہ کھڑے کیے جائیں گے | سامنے

کے سوا کوئی اور زندگی نہیں اور ہمیں مرنے کے بعد دوبارہ نہیں اٹھایا جائے گا۔ اگر تم اس وقت انہیں دیکھو جب وہ اپنے رب کے

رَبِّهِمْ ؕ قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ

اپنے رب کے | وہ کہے گا | کیا نہیں | یہ | برحق | وہ کہیں گے | کیوں نہیں | قسم ہمارے رب | وہ کہے گا

سامنے کھڑے کیے جائیں گے۔ رب ان سے پوچھے گا ''کیا تمہارا یہ دوبارہ جی اٹھنا حقیقت نہیں؟'' وہ جواب دیں گے ''جی ہاں،

فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿30﴾ ع قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا 3 ع 10 9

پھر تم چکھو | عذاب | بدلے اسکے جو | تم تھے | کفر کرتے | بے شک | نقصان اٹھایا | جنہوں نے | انکار کیا

ہمارے رب کی قسم! یہ حقیقت ہے'' اللہ فرمائے گا ''اب اپنے کفر کے عذاب کا مزا چکھو''۔ یقیناً وہ لوگ گھاٹے میں رہے جنہوں نے

بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى

ملاقات کا | اللہ کی | یہاں تک کہ | جب | آئی ان کے پاس | قیامت | اچانک | وہ کہیں گے | ہائے افسوس ہم پر | پر

آخرت میں اللہ سے ملاقات ہونے کو جھٹلایا۔ لیکن جب وہ گھڑی ان پر اچانک آئے گی تو کہیں گے ''ہائے افسوس! اس بارے میں

مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا

اس جو | ہم نے قصور کیا | اس بارے میں | اور وہ | وہ اٹھائیں گے | بوجھ اپنے | پر | پیٹھوں اپنی | آگاہ رہو

ہم سے بہت کوتاہی ہوئی''۔ اور وہ اپنے گناہوں کے بوجھ اپنی پیٹھوں پر اٹھائے ہوئے ہوں گے۔ دیکھو!

سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿31﴾ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ وَلَلدَّارُ

برا ہے | جو کہ | وہ بوجھ اٹھاتے ہیں | اور نہیں | زندگی | دنیا کی | مگر | کھیل | اور تماشا | اور البتہ گھر

کیسا برا بوجھ ہے جو وہ اٹھائیں گے۔ اور یہ دنیا کی زندگی کھیل تماشا ہے۔ البتہ آخرت کا گھر

الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿32﴾ قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ

آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لئے جو | تقویٰ اختیار کرتے ہیں | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | بے شک | ہم جانتے ہیں | کہ بیشک وہ

ایمان والوں کے لئے اس دنیا میں بھی ہیں اور آخرت میں تو خاص اُنہی کے لئے ہوں گی'' دیکھو! اس طرح ہم اپنی آیتیں کھول کر

اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ

بے شک | حرام کیں | میرے رب نے | بے حیائیاں | جو | ظاہر ہیں | ان میں سے | اور جو | پوشیدہ ہیں | اور گناہ

بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو جاننا چاہتے ہیں۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں ''میرے رب نے حرام

وَالْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا

اور سرکشی | نا | حق | اور یہ کہ | تم شریک بناؤ | اللہ کے | جو | نہیں | اتاری | اس کی | دلیل

قرار دیا ہے فحش باتوں کو خواہ وہ کھلی ہوں یا پوشیدہ، اور گناہ کو، ناحق زیادتی کرنے کو اور اس بات کو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک بناؤ

وَّاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿33﴾ وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا

اور یہ کہ | تم کہو | پر | اللہ | جو | نہیں | تم جانتے | اور ہر | امت کیلئے ہے | مدت | پھر جب

جس کی کوئی دلیل اللہ نے نہیں اتاری، اور اس چیز کو کہ تم اللہ کے بارے میں ایسی بات کہو جس کا تم علم نہیں رکھتے''۔ ہر قوم کے لئے

جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿34﴾ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

آجائے | وقت ان کا | نہیں | وہ پیچھے رہتے | ایک گھڑی | اور نہ | آگے بڑھتے | اے بنی | آدم

مہلت ہے۔ جب وہ مہلت پوری ہوجاتی ہے تو نہ ایک گھڑی پیچھے ہوسکتی ہے، نہ ایک گھڑی آگے ہوسکتی ہے۔ ہم نے کہا تھا اے بنی

اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى

اگر | آئیں تمہارے پاس | رسول | تم میں سے | بیان کرتے ہوئے | تم پر | میری آیتیں | پھر جو | ڈرا

آدم علیہ السلام! جب کبھی تمہی میں سے پیغمبر تمہارے پاس آئیں جو تمہیں میری آیتیں سنائیں تو جنہوں نے اللہ سے ڈر کر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿35﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

اور سنوارا | تو نہیں | خوف | ان پر | اور نہ | وہ | غمگین ہوں گے | اور جنہوں نے | جھٹلایا

اپنی اصلاح کر لی ان کے لئے نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ لیکن جو لوگ ہماری آیتوں کو

بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا

ہماری آیتوں کو | اور تکبر کیا | ان سے | وہی ہیں | والے | دوزخ | وہ | اس میں

جھٹلائیں اور ان سے سرکشی اختیار کریں وہ دوزخی ہیں اور ہمیشہ دوزخ میں

خٰلِدُوْنَ ﴿36﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ

ہمیشہ رہنے والے | پھر کون | بڑا ظالم | اس سے جو | گھڑے | پر | اللہ | جھوٹ | یا | وہ جھٹلائے

رہیں گے۔ اور اس سے زیادہ ظالم اور کون ہو گا جو اللہ پر بہتان باندھے یا اس کی نشانیوں کو جھٹلائے؟

بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ

اس کی آیتوں کو | یہ لوگ | ملے گا ان کو | حصہ ان کا | لکھے میں سے | یہاں تک کہ | جب | آئیں گے انکے پاس

ایسے لوگ اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔ جب ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے ان کی جان لینے

رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

ہمارے بھیجے ہوئے | قبض کریں گے جان انکی | کہیں گے | کہاں ہیں | جن کو | تم تھے | پکارتے تم | سے | سوائے

کے لئے ان کے پاس پہنچیں گے اور پوچھیں گے ”بتاؤ کہاں ہیں تمہارے معبود جنہیں تم اللہ کے سوا

اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا

اللہ کے | وہ کہیں گے | گم ہو گئے | ہم سے | اور گواہی دیں گے | خلاف | اپنے | کہ وہ | تھے

پکارتے تھے“؟ وہ جواب دیں گے ”وہ تو ہم سے کھوئے گئے“ اور خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ وہ واقعی

كٰفِرِيْنَ ﴿37﴾ قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ

کافر | فرمائے گا | داخل ہو جاؤ | جماعتوں میں | بے شک | گزر چکیں | سے | تم پہلے | سے | جنوں

کافر تھے۔ اللہ فرمائے گا ” داخل ہو جاؤ دوزخ میں ، انسانوں اور جنوں کی ان امتوں کے ساتھ جو

وَالْاِنْسِ فِي النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ اُخْتَهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا

اور انسانوں | میں | آگ | جب | داخل ہوگی | ایک جماعت | لعنت کرے گی | اپنے ساتھی کو | یہاں تک کہ | جب

پہلے ہو گزری ہیں“ جب بھی کوئی گروہ دوزخ میں داخل ہو گا تو وہ اپنے ساتھی گروہ پر لعنت کرے گا۔ یہاں تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادّٰرَكُوْا فِيْهَا جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا

مل جائیں گے | اس میں | سب | کہیں گے | ان کے دوسرے | اپنے پہلوں کو | ہمارے رب | انہوں نے | گمراہ کیا ہم کو

کہ جب وہ اس میں جمع ہو جائیں گے تو ان کے پچھلے ان کے اگلوں کے بارے میں کہیں گے ”اے ہمارے رب! یہی لوگ ہیں

فَاٰتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۬ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ

پس تو دے ان کو | عذاب | دگنا | سے | آگ | فرمائے گا | سب کیلئے ہے | دگنا | اور لیکن

جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا۔ تو انہیں آگ کا دوہرا عذاب دے“ اللہ فرمائے گا ”تم سب کے لئے دوہرا ہے مگر تم

لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿38﴾ وَقَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ

نہیں تم جانتے | اور کہیں گے | ان کے پہلے | اپنے دوسروں کو | پس نہیں | ہے | تم کو | ہم پر | کوئی

نہیں جانتے“ اور ان کے اگلے اپنے پچھلوں سے کہیں گے ”تمہیں ہم پر کوئی فضیلت

ع 4 8 11 فَضْلٍ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿39﴾ ع اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

فضیلت | پس تم چکھو | عذاب | اس وجہ سے جو | تم تھے | کماتے | بے شک | جنہوں نے | جھٹلایا

نہیں۔ اس لئے تم بھی ہماری طرح اپنی کمائی کے بدلے میں دُہرے عذاب کا مزا چکھو“ بے شک جن لوگوں نے ہماری

بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ

ہماری آیتوں کو | اور تکبر کیا | ان سے | نہیں | کھولے جائینگے | ان کے لئے | دروازے | آسمان کے

نشانیوں کو جھٹلایا اور ان سے تکبر اور سرکشی کا رویہ اختیار کیا اُن کے لئے آسمان کے دروازے نہیں کھولے

وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ۭ وَكَذٰلِكَ

اور نہ وہ داخل ہوں گے | جنت میں | یہاں تک کہ | داخل ہو | اونٹ | میں | ناکے | سوئی کے | اور اسی طرح

جائیں گے اور وہ جنت میں داخل نہ ہوں گے جب تک اونٹ سُوئی کے ناکے میں نہ گُھس جائے۔ مجرموں کو

نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿40﴾ لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ

ہم بدلہ دیں گے | مجرموں کو | ان کے لئے | سے | جہنم | بچھونا ہے | اور سے | اُن کے اوپر | اوڑھنا

ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں۔ ان کے لئے دوزخ کا بچھونا ہو گا۔ ان کے اوپر اسی کا اوڑھنا ہو گا۔

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿41﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور اسی طرح | ہم سزا دیں گے | ظالموں کو | اور جو لوگ | ایمان لائے | اور کام کئے | نیک

ہم ظالموں کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ہم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۡ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا

نہیں ہم تکلیف دیتے | کسی جان کو | مگر | اس کی طاقت کے مطابق | یہی لوگ | والے | جنت | وہ | اس میں

کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے، یہی لوگ جنت والے ہیں ، وہ اس میں ہمیشہ

خٰلِدُوْنَ ﴿42﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ

ہمیشہ رہیں گے | اور ہم دور کردیں گے | جو ہے | میں | ان کے سینوں | سے | رنجش | بہتی ہوں گی | سے | نیچے ان کے

رہیں گے۔ ہم ان کے سینے سے پریشانی اور کدورت نکال دیں گے۔ ان کے ہاں نہریں بہہ رہی

الْاَنْهٰرُ ۚ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا لِهٰذَا ۣ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ

نہریں | اور وہ کہیں گے | شکر ہے | اللہ کا | جس نے | ہدایت دی ہم کو | اس کی | اور نہیں | ہم تھے | کہ راہ پاتے

ہوں گی۔ وہ کہیں گے ”شکر ہے اللہ کا جس نے ہمیں یہاں تک پہنچایا۔ ہم ہدایت کی راہ پر نہ

لَوْلَآ اَنْ هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۭ

اگر نہ | یہ کہ | ہدایت دیتا ہم کو | اللہ | بے شک | آئے | رسول | ہمارے رب کے | حق کے ساتھ

چلتے اگر اللہ نے ہمیں یہ راہ نہ دکھائی ہوتی۔ واقعی ہمارے رب کے رسول سچی بات لے کر آئے تھے“

الثلثة

وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾

اور ان کو پکارا گیا | کہ | یہ | جنت | تم اسکے وارث ہو | اس وجہ سے جو | تم تھے | کام کرتے

آواز آئے گی ”یہ وہ جنت ہے جس کے تم وارث بنائے گئے ہو ، اپنے اعمال کے صلے میں“

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا

اور پکارا | جنت والوں نے | دوزخ والوں کو | کہ | بے شک | ہم نے پایا | جو | وعدہ ہوا ہم سے

جنت والے دوزخ والوں کو پکاریں گے ”ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا ہم نے اسے

رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا ۭ قَالُوْا نَعَمْ ۚ

ہمارے رب کا | سچا | تو کیا | تم نے پایا | جو | وعدہ کیا | تمہارے رب نے | سچا | وہ کہیں گے | جی ہاں

سچا پایا، کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدے کو سچا پایا ؟“ وہ جواب دیں گے ”ہاں“

فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ ۙ الَّذِيْنَ

پھر پکارے گا | پکارنے والا | درمیان ان کے | کہ | لعنت کی | اللہ نے | پر | ظالموں | جو

پھر ایک پکارنے والا دونوں کے درمیان پکارے گا ”اللہ کی لعنت ہو ظالموں پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ

روکتے ہیں | سے | راستے | اللہ کے | اور چاہتے ہیں اس میں | ٹیڑھ | اور وہ | آخرت کے

جو اللہ کے راستے سے روکتے تھے ، اس میں خرابی ڈھونڈتے تھے اور آخرت کو نہیں

كٰفِرُوْنَ ﴿45﴾ وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ

وقف لازم باختلاف

منکر ہیں | اور درمیان دونوں کے | پردہ ہے | اور پر | اعراف کے | کچھ مرد | پہچانتے ہوں گے

مانتے تھے۔ ان دونوں کے درمیان آڑ ہو گی جس کا نام اعراف ہے۔ اس پر کچھ لوگ ہوں گے

كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۣ قف

سب کو | ان کی نشانی سے | اور وہ پکاریں گے | جنت والوں کو | کہ | سلام ہو | تم پر

جو ہر ایک کو اس کی علامت سے پہچانیں گے۔ وہ جنت والوں کو پکار کر کہیں گے ”تم پر سلامتی ہو!“ لیکن خود

لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَهُمْ يَطْمَعُوْنَ ﴿46﴾ وَاِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَاۗءَ اَصْحٰبِ

نہیں وہ داخل ہوئے اس میں | جبکہ وہ | امید رکھیں گے | اور جب | پھریں گی | ان کی نظریں | طرف | والوں

ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے بلکہ اس میں داخل ہونے کے امیدوار ہوں گے۔ جب ان کی نگاہیں دوزخیوں کی طرف

ع 5/8/12 النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿47﴾ ع وَنَادٰٓى

دوزخ کی | کہیں گے | ہمارے رب | نہ | کر ہم کو | ساتھ | قوم | ظالم کے | اور پکاریں گے

جا پڑیں گی تو کہیں گے ”اے ہمارے رب! ہمیں شامل نہ کرنا اس ظالم گروہ کے ساتھ!“ اعراف والے

اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰىهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى

اعراف والے | مردوں کو | وہ پہچانتے ہوں گے ان کو | ان کی نشانی سے | کہیں گے | نہ | کام آیا

بعض دوزخیوں کو ان کی علامت سے پہچانتے ہوں گے۔ وہ کہیں گے ”نہ تمہارے جتھے کام آئے۔

عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿48﴾ اَهٰٓؤُلَاۗءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ

تمہارا | جتھا تمہارا | اور جو | تم تھے | تکبر کرتے | کیا یہ لوگ | جن کے لئے | تم نے قسمیں کھائیں

نہ تمہارا گھمنڈ کام آیا“ اور وہ جنتیوں کی طرف اشارہ کر کے دوزخیوں سے پوچھیں گے ”کیا یہ وہی لوگ نہیں ہیں جن کے بارے میں تم

لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ۭ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ

نہ پہنچائے گا ان کو | اللہ | رحمت | تم داخل ہو جاؤ | جنت میں | نہیں | خوف | تم پر | اور نہ | تم

قسمیں کھا کر کہتے تھے اللہ ان پر کبھی رحمت نہیں کرے گا۔ دیکھو! انہیں تو حکم مل گیا ”جنت میں داخل ہو جاؤ اب تمہارے لئے نہ کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَحْزَنُوْنَ ﴿٤٩﴾ وَنَادٰۤى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا

تم غمگین ہوگے | اور پکارا | دوزخ والوں نے | جنت والوں کو | کہ | ڈالو | ہم پر

خوف ہے، نہ تم غمگین ہوگے“ دوزخی لوگ جنتیوں کو پکاریں گے ”ہم پر کچھ پانی ڈال دو اور جو رزق تمہیں اللہ نے دیا ہے اس میں سے

مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى

کچھ | پانی | یا | اس میں سے جو | رزق دیا تم کو | اللہ نے | کہیں گے | بے شک | اللہ نے | حرام کیا دونوں کو | پر

کچھ ہماری طرف پھینک دو“ ! وہ جواب دیں گے ”اللہ نے جنت کا دانہ پانی کافروں کے لئے حرام

الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿٥٠﴾ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ

کافروں | جنہوں نے | بنایا | اپنے دین کو | تماشا | اور کھیل | اور دھوکا دیا ان کو | زندگی نے

کیا ہے۔“ وہ فرماتا ہے جنہوں نے اپنے دین کو کھیل تماشا بنایا اور جنہیں دنیا کی زندگی نے دھوکے میں ڈالا

الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا

دنیا کی | پس آج کے دن | ہم بھلا دیں گے ان کو | جیسے | وہ بھولے | ملاقات | اپنے دن | اس کی | اور جو | وہ تھے

آج انہیں ہم اسی طرح نظر انداز کر دیں گے جس طرح انہوں نے آج کے دن کی ملاقات کو بھلا دیا تھا اور ہماری

بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿٥١﴾ وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ

ہماری آیتوں کا | انکار کرتے | اور بے شک | ہم لائے | کتاب | ہم نے کھول کر بیان کیا اسے | پر | علم

نشانیوں کا انکار کرتے تھے۔ اور دیکھو! ہم تو ان لوگوں کے پاس ایسی کتاب لائے جس میں ہم نے اپنے علم سے ہر بات کھول کر

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٥٢﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ

ہدایت | اور رحمت | ان لوگوں کے لئے | جو ایمان لائیں | نہیں | وہ انتظار کرتے | مگر | حقیقت اس کی

بیان کی ہے۔ جو سراپا ہدایت اور رحمت ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں۔ کیا منکرین اس بات کے منتظر ہیں کہ ان پر

يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَآءَتْ

جس دن | آئے گی | حقیقت اس کی | کہیں گے | جنہوں نے | بھلایا اسے | سے | پہلے | بے شک | آئے

اس کتاب کا مضمون ظاہر ہو جائے۔ جس دن اس کا مضمون ظاہر ہوگا تو وہ لوگ جو پہلے اسے بھولے ہوئے تھے بول اٹھیں گے ”بے

رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَاۤ اَوْ

رسول | ہمارے رب کے | حق کے ساتھ | پھر کیا ہیں | ہمارے لئے | کوئی | سفارشی | پھر وہ سفارش کریں | ہمارے لئے | یا

شک ہمارے رب کے پیغمبر حق لے کر آئے مگر افسوس ہم نے انہیں جھٹلایا کیا اب کوئی سفارشی ہے جو ہماری سفارش کرے، یا ہمیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ط قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ہم پھیرے جائیں | پھر کام کریں | سوائے | اس کے جو | ہم تھے | ہم کرتے | بے شک | گھاٹے میں ڈالا | اپنی جانوں کو

واپس دنیا میں بھیج دیا جائے تاکہ ہم اس سے مختلف کام کریں جو ہم پہلے کرتے رہے" یقیناً ان لوگوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈالا

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ع ﴿53﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ ع 6 6 13

اور گم ہو گیا | ان سے | جو | تھے | جھوٹ گھڑتے | بے شک | تمہارا رب | اللہ ہے | جس نے | پیدا کیا

اور ان سے گم ہو گیا وہ سب کچھ جو وہ گھڑتے تھے۔ لوگو! بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ قف

آسمانوں کو | اور زمین کو | میں | چھ (6) | دنوں | پھر | وہ قائم ہوا | پر | عرش

چھ دنوں میں آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا۔ پھر وہ عرش پر قائم ہوا۔

يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا لا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ

ڈھانپ دیتا ہے | رات کو | دن پر | وہ پیچھا کرتا ہے اس کا | جلدی | اور سورج | اور چاند | اور ستارے

وہ دن کی روشنی کو رات کے پردے سے ڈھانپ دیتا ہے اور پھر دن پیچھے دوڑا چلا آتا ہے رات کے۔ اسی نے سورج ،

مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ط اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ط تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ

تابع ہیں | اس کے حکم کے | یاد رکھو | اسی کیلئے ہے | پیدا کرنا | اور حکم دینا | بابرکت ہے | اللہ جو | رب ہے

چاند اور ستارے پیدا کیے جو اس کے حکم کے تابع ہیں۔ یاد رکھو اللہ کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم دینا۔ اللہ بڑی برکت والا ہے اور

الْعٰلَمِيْنَ ﴿54﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ

تمام جہانوں کا | تم پکارو | اپنے رب کو | عاجزی سے | اور چپکے چپکے | بے شک وہ | نہیں | پسند کرتا

سارے جہان کا پالنے والا ہے۔ لوگو! اپنے رب کو پکارو، عاجزی کے ساتھ اور چپکے چپکے۔ بے شک وہ ان لوگوں کو پسند نہیں

الْمُعْتَدِيْنَ ج ﴿55﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا

زیادتی کرنے والوں کو | اور نہ | تم فساد کرو | میں | زمین | بعد | اصلاح اس کی | اور پکارو اسے | ڈر کر

کرتا جو حد سے بڑھنے والے ہیں۔ اور دیکھو! جب ملک میں اصلاح ہو رہی ہو تو تم فساد نہ کرو۔ تم اسی کو پکارو،

وَّطَمَعًا ط اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿56﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

اور امید سے | بے شک | رحمت | اللہ کی | قریب ہے | سے | نیکوں | اور وہ | جو

خوف اور امید کے ساتھ۔ بے شک اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے بہت قریب ہے۔ اور وہی بارانِ رحمت سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَقَلَّتْ

بھیجتا ہے | ہوائیں | خوشخبری دینے والیاں | جو | آگے | رحمت اس کی | یہاں تک کہ | جب | اٹھاتی ہے

پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بارش کی خوشخبری دیتی ہیں۔ پھر جب ہوا بوجھل بادلوں کو اٹھا لیتی ہے

سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا

بادل | بوجھل | ہم چلاتے ہیں اسکو | طرف زمین | خشک کی | پھر ہم اتارتے ہیں | اس سے | پانی | پھر ہم نکالتے ہیں

تو ہم انہیں کسی خشک سرزمین کی طرف دھکیل دیتے ہیں اور وہاں ان سے پانی برساتے ہیں۔ پھر اس کے ذریعے سے ہر قسم کے

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿57﴾

اس سے | ہر قسم کے | پھل | اسی طرح | ہم نکالیں گے | مردوں کو | تا کہ تم | تم سمجھو

پھل نکالتے ہیں۔ اسی طرح ہم مُردوں کو نکالیں گے۔ ہم اپنی نشانیاں اس لئے بیان کرتے ہیں تا کہ تم غور کرو۔

وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ

اور زمین | اچھی | نکلتی ہے | پیداوار اس کی | حکم سے | اپنے رب کے | اور جو | نکمی ہے

اور دیکھو! جو زمین اچھی ہوتی ہے اُس کے رب کے حکم سے اس کی پیداوار بھی اچھی نکلتی ہے اور جو زمین خراب ہو

لَا يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿58﴾ لَقَدْ 7 ع 5 14

نہیں نکلتا | مگر | ناقص | اسی طرح | ہم پھیرتے ہیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے | جو شکر کرتے ہیں | بے شک

اس کی پیداوار ناقص ہوتی ہے۔ اس طرح ہم ان لوگوں کے لئے اپنی نشانیاں مختلف طریقوں سے واضح کرتے ہیں جو شکر کرنے

اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ

ہم نے بھیجا | نوح کو | طرف | اس کی قوم کے | پھر اس نے کہا | اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی

والے ہیں۔ ہم نے نوح علیہ السلام کو رسول بنا کر اس کی قوم کی طرف بھیجا۔ اس نے انہیں دعوت دی ''اے میری قوم! اللہ کی

اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿59﴾ قَالَ

معبود | سوائے اس کے | بے شک میں | میں ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب | دن | بڑے کا | کہا

عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ مجھے ڈر ہے تمہیں قیامت کے بڑے ہولناک دن

الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿60﴾ قَالَ يٰقَوْمِ

سرداروں نے | سے | اس کی قوم | بے شک ہم | ضرور ہم دیکھتے ہیں تجھ کو | میں | گمراہی | کھلی | کہا | اے میری قوم

کا عذاب پیش نہ آجائے'' اس کی قوم کے سرداروں نے جواب دیا ''ہمیں تو نظر آتا ہے تم کھلی گمراہی میں ہو'' نوح علیہ السلام نے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿61﴾ اُبَلِّغُكُمْ

نہیں ہے | مجھ میں | گمراہی | اور لیکن میں | رسول ہوں | طرف سے | رب کی | جہانوں کے | میں پہنچاتا ہوں

کہا ''اے میری قوم! مجھ میں کوئی گمراہی نہیں بلکہ میں رب العالمین کی طرف سے بھیجا ہوا رسول ہوں۔ تمہیں اپنے رب کے

رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿62﴾

پیغامات | اپنے رب کے | اور میں نصیحت کرتا ہوں | تم کو | اور میں جانتا ہوں | طرف سے | اللہ کی | جو | نہیں | تم جانتے

پیغامات پہنچا رہا ہوں۔ تمہاری خیر خواہی کر رہا ہوں۔ میں اللہ کی طرف سے وہ بات جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ

کیا تمہیں عجیب لگا | کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | طرف سے | تمہارے رب کی | پر | ایک آدمی | تم میں سے

کیا تمہیں اس پر تعجب ہوا کہ تمہارے رب کی نصیحت تمہارے پاس تمہی میں سے ایک شخص کے ذریعے آئی

لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿63﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ

تاکہ وہ ڈرائے تمہیں | اور تاکہ تم بچو | اور تاکہ | تم پر رحم کیا جائے | پھر جھٹلایا اسے | پھر ہم نے نجات دی اسکو

تاکہ وہ تمہیں خبردار کرے؟ اللہ سے ڈرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے'' لیکن انہوں نے نوح علیہ السلام کو جھٹلا دیا۔ پھر ہم نے اسے بچالیا

وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ

اور ان کو جو | ساتھ تھے اسکے | میں | کشتی | اور ہم نے غرق کیا | جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | بے شک

اور ان لوگوں کو بھی جو اس کے ساتھ کشتی میں سوار تھے اور ہم نے ان لوگوں کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا۔ بیشک

كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿64﴾ ع وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ 8 ع 6 15

وہ تھے | لوگ | اندھے | اور طرف | عاد کی | بھائی ان کا | ہود | اس نے کہا | اے میری قوم

وہ لوگ عقل کے اندھے تھے۔ اسی طرح ہم نے قوم عاد کی طرف ان کے بھائی ہود علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔ اس نے بھی دعوت

اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿65﴾ قَالَ الْمَلَاُ

تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود | اس کے سوا | کیا پھر نہیں | تم ڈرتے۔ | کہا | سرداروں نے

دی ''اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے؟'' اِس پر اُس کی قوم کے

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا

جو | کافر ہوئے | سے | قوم اس کی | بے شک ہم | ضرور دیکھتے ہیں تجھے | میں | بیوقوفی | اور بیشک ہم

سرداروں نے، جو کفر کا رویہ اختیار کئے ہوئے تھے، جواب دیا ''ہمیں نظر آتا ہے تم بے عقلی میں مبتلا ہو اور ہمارے خیال

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿66﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ

ضرور ہم سمجھتے ہیں تجھے | سے | جھوٹوں میں | کہا | اے میری قوم | نہیں ہے | مجھ میں | بے وقوفی

میں تم جھوٹے ہو“ ہود علیہ السلام نے کہا ”اے میری قوم! مجھے کچھ بے عقلی نہیں۔

وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿67﴾ اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا

اور لیکن میں | رسول ہوں | طرف سے | رب | تمام جہانوں کے | میں پہنچاتا ہوں تمہیں | پیغامات | اپنے رب کے | اور میں ہوں

بلکہ میں رب العالمین کا رسول ہوں۔ تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچا رہا ہوں۔ میں تمہارا

لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿68﴾ اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

تمہارا | خیر خواہ | دیانت دار | کیا تمہیں عجیب لگا | کہ | آئی تمہارے پاس | نصیحت | طرف سے | تمہارے رب کی

خیر خواہ اور امین ہوں۔ کیا تمہیں اس پر تعجب ہے کہ تمہارے رب کی نصیحت تمہارے پاس

عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْ

پر | آدمی | تم میں سے | تاکہ وہ ڈرائے تمہیں | اور یاد کرو | جب | اس نے بنایا تمہیں | جانشین | سے

تمہی میں سے ایک شخص کے ذریعے آئی تاکہ وہ تمہیں خبردار کرے، اللہ کا احسان یاد کرو اس نے قومِ نوح علیہ السلام

بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْٓا اٰلَآءَ

بعد | قوم | نوح کے | اور اس نے زیادہ کیا تمہیں | میں | پیدائش | پھیلاؤ | پس تم یاد کرو | نعمتیں

کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا۔ جسمانی لحاظ سے تمہیں قد آور اور مضبوط بنایا۔ اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو

اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿69﴾ قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ

اللہ کی | تاکہ | فلاح پاؤ | وہ بولے | کیا تو آیا ہمارے پاس | تاکہ ہم عبادت کریں | اللہ | اکیلے کی | اور ہم چھوڑ دیں

تاکہ تم فلاح پاؤ“ ان لوگوں نے ہود علیہ السلام سے پوچھا ”کیا تم ہمارے پاس اس لئے آئے ہو کہ ہم صرف ایک اللہ کی عبادت کیا

مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

جن کو | تھے | پوجتے | ہمارے باپ دادا | پس تو لے آ | اسکو | تو ڈراتا ہے ہم کو | اگر | تو ہے | سے

کریں۔ اور ان معبودوں کو چھوڑ دیں جن کی عبادت ہمارے باپ دادا کرتے رہے؟ اگر تم سچے ہو تو جس عذاب کی ہمیں دھمکی دیتے

الصّٰدِقِيْنَ ﴿70﴾ قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ

سچوں | کہا | بے شک | واقع ہو گیا | تم پر | سے | تمہارے رب | عذاب | اور غصہ

ہو اسے لے آؤ!“ ہود علیہ السلام نے جواب دیا ”تم پر تمہارے رب کا عذاب اور اس کا قہر نازل ہوا چاہتا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْٓ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ

کیا تم جھگڑتے ہو مجھ سے | بارے میں | ناموں کے | جو نام رکھے | تم نے | اور تمہارے باپ دادا نے | نہیں | اتاری

کیا تم جھوٹے معبودوں کے ان فرضی ناموں کے بارے میں مجھ سے جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے جن

اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿71﴾

اللہ نے | ان کی | کوئی | دلیل | پس تم انتظار کرو | بے شک میں ہوں | تمہارے ساتھ | سے | انتظار کرنے والوں

کے بارے میں اللہ نے کوئی دلیل نہیں اتاری؟ اچھا، تم بھی انجام کا انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔"

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

پھر ہم نے بچایا اس کو | اور جو | ساتھ اس کے | رحمت سے | اپنی طرف سے | اور ہم نے کاٹ دی | جڑ | جنہوں نے | جھٹلایا

پھر ہم نے اپنی رحمت سے ہود علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کو بچا لیا۔ اور ان لوگوں کی جڑ کاٹ دی

9 ع 8 16 بِاٰيٰتِنَا وَمَا كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿72﴾ ع وَاِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ۘ قَالَ

ہماری آیتوں کو | اور نہیں | وہ تھے | ایمان والے | اور طرف | ثمود کی | بھائی ان کا | صالح | اس نے کہا

وقف لازم جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا اور وہ نہیں مانتے تھے۔ اسی طرح ہم نے قومِ ثمود کی طرف اُن کے بھائی صالح علیہ السلام کو

يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ

اے میری قوم | عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود | سوائے اس کے | بیشک | آئی تمہارے پاس | روشن دلیل

رسول بنا کر بھیجا۔ اس نے دعوت دی "اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں۔ دیکھو تمہارے پاس

مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ

طرف سے | تمہارے رب کی | یہ ہے | اونٹنی | اللہ کی | تمہارے لئے | نشانی | پس تم چھوڑ دو اسے | وہ کھائے | میں

تمہارے رب کی طرف سے واضح نشانی آ چکی۔ یہ اللہ کی اونٹنی ہے جو تمہارے لئے فیصلہ کن نشانی ہے۔ اسے کھلا چھوڑ دو یہ اللہ کی

اَرْضِ اللّٰهِ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿73﴾ وَاذْكُرُوْٓا

زمین | اللہ کی | اور نہ | ہاتھ لگاؤ | تکلیف دینے کو | پس پکڑ لے گا تم کو | عذاب | دردناک | اور یاد کرو

زمین میں کھاتی چرتی پھرے۔ اسے کوئی تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں دردناک عذاب پکڑ لے گا۔ اور یاد کرو

اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ عَادٍ وَّبَوَّاَكُمْ فِي الْاَرْضِ

جب | اس نے بنایا تمہیں | جانشین | سے | بعد | عاد کے | اور ٹھکانا دیا تمہیں | میں | زمین

اللہ نے قوم عاد کے بعد تمہیں اس کا جانشین بنایا۔ تمہیں زمین میں ٹھکانا دیا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا وَّتَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُيُوْتًا ۚ

تم بناتے ہو | سے | اس کی نرم زمین | محلات | اور تم تراشتے ہو | پہاڑوں کو | بطور گھر

تم اس کے میدانوں میں محل بناتے اور پہاڑوں کو تراش کر گھر بناتے ہو۔

فَاذْكُرُوْٓا اٰلَاۗءَ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿74﴾ قَالَ الْمَلَاُ

پس تم یاد کرو | نعمتیں | اللہ کی | اور نہ | پھرو | میں | زمین | فساد کرنے والے | کہا | سرداروں نے

اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو۔ زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔ صالح علیہ السلام کی قوم کے مغرور

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ

جو | تکبر کرتے تھے | سے | اس کی قوم | ان کو جو | کمزور کیے گئے | ان کو جو | ایمان لائے | ان میں سے

سرداروں نے ان ایمان والوں سے جو ان کی نظر میں کمزور تھے یہ کہا ”کیا تمہیں

اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ

کیا تم جانتے ہو | کہ | صالح | پیغمبر ہے | طرف سے | اپنے رب کی | وہ بولے | بیشک ہم | ساتھ جو | بھیجا گیا | اس پر

یقین ہے صالح علیہ السلام اپنے رب کا رسول ہے؟“ انہوں نے جواب دیا ”بے شک ہم اس کی دعوت پر ایمان

مُؤْمِنُوْنَ ﴿75﴾ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿76﴾

ایمان رکھتے ہیں | کہا | ان لوگوں نے جو | تکبر کرتے تھے | بیشک ہم | اس پر جو | تم ایمان لائے | اس پر | منکر ہیں

رکھتے ہیں“ اس پر وہ متکبر لوگ کہنے لگے ”جس دعوت پر تم ایمان لائے ہو ہم اس کو نہیں مانتے“

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا

پھر کونچیں کاٹ ڈالیں | اونٹنی کی | اور سرکشی کی | خلاف | حکم کے | اپنے رب کے | اور کہا | اے صالح | تو لے آ ہم پر | جو

پھر انہوں نے اونٹنی کو مار ڈالا۔ اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہا ”اے صالح علیہ السلام! اگر تم سچے رسول ہو تو وہ عذاب

تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿77﴾ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا

تو وعدہ کرتا ہے ہم سے | اگر | تو ہے | سے | پیغمبروں | پھر پکڑ لیا ان کو | زلزلے نے | پھر وہ ہو گئے

ہم پر لے آؤ جس سے تم ہمیں ڈراتے تھے“ پھر اچانک ایک زلزلے نے ان کو آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں

فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿78﴾ فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ

میں | اپنے گھروں | اوندھے منہ گرے ہوئے | پھر وہ پھرا | ان سے | اور کہا | اے میری قوم | بیشک | میں نے پہنچایا تم کو

میں اوندھے منہ پڑے تھے۔ صالح علیہ السلام وہاں سے یہ کہتے ہوئے نکل گئے ”اے میری قوم کے لوگو! میں نے تمہیں اپنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿79﴾ وَلُوْطًا

پیغام | اپنے رب کا | اور میں نے خیر خواہی کی | تمہاری | اور لیکن | نہیں | تم پسند کرتے | خیر خواہوں کو | اور لوط

رب کا پیغام پہنچایا تمہاری خیر خواہی کی، مگر افسوس! تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے! ہم نے لوط علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔

اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ

جب | اس نے کہا | اپنی قوم سے | کیا تم کرتے ہو | ایسی بے حیائی | نہیں | پہلے کیا تم سے | اس کو | کسی | ایک نے

اس نے اپنی قوم سے کہا "کیا تم کھلی بے حیائی کا کام کرتے ہو جو تم سے پہلے دنیا میں کسی نے

مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿80﴾ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ

سے | جہان والوں | بے شک تم | آتے ہو | مردوں کے پاس | خواہش کیلئے | سے | چھوڑ کر | عورتوں کو

نہیں کی؟ تم اپنے بیویوں کو چھوڑ کر مردوں سے خواہش پوری کرتے ہو۔

بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿81﴾ وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ

بلکہ | تم ہو | لوگ | حد سے نکلنے والے | اور نہ | تھا | جواب | اس کی قوم کا | مگر | یہ کہ

تم لوگ حد سے گزر جانے والے ہو"۔ اس پر اُس کی قوم کا جواب

قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿82﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ

وہ بولے | نکالو ان کو | سے | اپنی بستی | بے شک وہ | لوگ | پاک باز بنتے ہیں | پھر ہم نے نجات دی اسے

یہ تھا "اِن کو اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ بڑے پاک بنتے ہیں!" پھر ہم نے لوط علیہ السلام

وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڮ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿83﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ

اور اسکے گھر والوں کو | مگر | بیوی اس کی | وہ تھی | سے | پیچھے رہ جانے والوں | اور ہم نے برسائی | ان پر

اور اس کے گھر والوں کو عذاب سے بچا لیا سوائے اس کی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں تھی۔ ہم نے اس قوم پر پتھروں کی

مَّطَرًا ؕ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿84﴾ ع وَاِلٰى مَدْيَنَ 10 ع 12 17

بارش | پس تو دیکھ | کیسا | ہوا | انجام | مجرموں کا۔ | اور طرف | مدین کی

بارش برسائی۔ پھر دیکھو! ان مجرموں کا کیسا انجام ہوا؟ ہم نے مدین والوں کی طرف

اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ

بھائی ان کا | شعیب | کہا | اے میری قوم | تم عبادت کرو | اللہ کی | نہیں | تمہارے لئے | کوئی | معبود

ان کے بھائی شعیب علیہ السلام کو رسول بنا کر بھیجا۔ اس نے انہیں دعوت دی "اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو۔ اس کے سوا تمہارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ

اس کے سوا | بے شک | آئی تمہارے پاس | روشن دلیل | طرف سے | تمہارے رب کی | پس تم پورا کرو | ماپ | اور تول

کوئی معبود نہیں۔ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل آ چکی۔ ناپ تول صحیح رکھو۔

وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ

اور نہ | کم کرو | لوگوں کے لئے | چیزیں ان کی | اور نہ | تم فساد پھیلاؤ | میں | زمین | بعد اس کی

لوگوں کو اُن کا مال کم نہ دو۔ ملک میں اصلاح کی بجائے فساد

اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۚ﴿۸۵﴾ وَلَا تَقْعُدُوْا

اصلاح کے | یہ ہے | بہتر | تمہارے لئے | اگر | تم ہو | ایمان والے | اور نہ | بیٹھو

نہ کرو۔ یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو'' اور دیکھو! لوگوں کو ہراساں

بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَتَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ

ہر | راستے پر | تم ڈراتے ہو | اور تم روکتے ہو | سے | راستے | اللہ کے | جو | ایمان لایا | اس پر

کرنے کے لئے ان کے راستوں میں مت بیٹھو۔ تم ایمان والوں کو اللہ کی راہ پر چلنے سے روکتے ہو

وَتَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَاذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۠ وَانْظُرُوْا

اور تم تلاش کرتے ہو | ٹیڑھ | اور یاد کرو | جب | تم تھے | تھوڑے | پھر زیادہ کیا تم کو | اور تم دیکھو

اور سیدھی راہ میں ٹیڑھ تلاش کرتے ہو۔ یاد کرو جب تم تھوڑے تھے پھر اللہ نے تمہیں زیادہ کر دیا۔ اور دیکھو

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾ وَاِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا

کیسا | ہوا | انجام | فساد کرنے والوں کا | اور اگر | ہے | ایک گروہ | تم میں سے | ایمان لایا

دنیا میں فسادیوں کا کیا انجام ہوا! اب جبکہ تم میں سے ایک گروہ اس چیز پر ایمان لا چکا ہے

بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَطَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ

اس پر | جو مجھے بھیجا گیا | ساتھ اسکے | اور ایک گروہ | نہیں | وہ ایمان لایا | پس تم صبر کرو | یہاں تک کہ | فیصلہ کرے

جس کی تبلیغ کی گئی اور ایک گروہ ایمان نہیں لایا پس ان کے لئے صبر کرو یہاں تک کہ اللہ ہمارے

اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

اللہ | ہمارے درمیان | اور وہ | بہترین | فیصلہ کرنے والا ہے

اور تمہارے درمیان فیصلہ کر دے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ

کہا | سرداروں نے | جو | تکبر کرتے تھے | سے | قوم اس کی | ضرور ہم نکال دیں گے تجھے | اے شعیب

ان کی قوم کے مغرور سرداروں نے کہا ''اے شعیب علیہ السلام! ہم تمہیں

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ

اور ان لوگوں کو جو | ایمان لائے | ساتھ تیرے | سے | بستی اپنی | یا | ضرور تم واپس آؤ گے | میں | دین ہمارے

اور ان لوگوں کو جو تمہارے ساتھ ایمان لائے ہیں اپنی بستی سے نکال دیں گے یا تمہیں ہمارے مذہب میں واپس آنا ہوگا''۔

قَالَ اَوَلَوْ كُنَّا كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾ قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا

اس نے کہا | اگرچہ | ہم ہوں | ناپسند کرنے والے | بیشک | ہم نے گھڑ لیا | اوپر | اللہ کے | جھوٹ | اگر | ہم واپس آئیں

شعیب علیہ السلام نے کہا ''اگر ہم تمہارے مذہب سے بیزار ہوں تو کیا پھر بھی تمہاری بات مان لیں؟ ہم اللہ پر جھوٹ گھڑنے والے

فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ

میں | دین تمہارے | بعد اس کے | جب | نجات دی ہم کو | اللہ نے | اس سے | اور نہیں | مناسب | ہمارے لیے | یہ کہ

ہوں گے اگر ہم تمہارے مذہب میں لوٹ آئیں۔ جبکہ اللہ ہمیں اس سے بچا چکا ہے۔ ہمارے لئے تمہارے مذہب کی طرف

نَّعُوْدَ فِيْهَآ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ

ہم واپس جائیں | اس میں | مگر | جو | چاہے | اللہ | رب ہمارا | حاوی ہے | رب ہمارا | ہر | چیز پر

پلٹنا ممکن نہیں۔ ہاں اگر اللہ ہمارا رب ایسا چاہے تو اور بات ہے۔ کوئی چیز ہمارے رب کے علم سے

عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا

علم میں | اوپر | اللہ کے | ہم نے توکل کیا | اے رب ہمارے | فیصلہ کر دے | درمیان ہمارے | اور درمیان | قوم ہماری کے

باہر نہیں۔ ہم نے اللہ پر بھروسا کیا۔ اے ہمارے رب! تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ

بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾ وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ

ساتھ حق کے | اور تو ہے | بہتر | فیصلہ کرنے والا | اور کہا | سرداروں نے | جو | کافر ہوئے تھے | سے

فیصلہ کر دے اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے''! قوم شعیب علیہ السلام کے کافر سرداروں نے

قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

قوم اس کی | اگر | تم پیروی کرو گے | شعیب کی | یقیناً تم ہو گے | اس وقت | البتہ نقصان اٹھانے والے | پھر پکڑا ان کو

اپنے لوگوں سے کہا ''اگر تم شعیب علیہ السلام کی پیروی کرو گے تو برباد ہو جاؤ گے'' پھر انہیں ایک زلزلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿٩١﴾ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ

زلزلے نے	پھر وہ صبح کو اٹھے	میں	گھروں اپنے کے	گھٹنوں پر گرے ہوئے	جنھوں نے	انکار کیا	شعیب کا	گویا

نے آ پکڑا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے منہ پڑے رہ گئے۔ جن لوگوں نے شعیب علیہ السلام کو جھٹلایا وہ اس طرح

لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ الْخٰسِرِيْنَ ﴿٩٢﴾ مع

کہ نہ	وہ بستے تھے	اس میں	جنھوں نے	انکار کیا	شعیب کا	وہ تھے	وہی	نقصان اٹھانے والے

مٹ گئے گویا وہاں کبھی رہتے نہ تھے۔ جنھوں نے شعیب علیہ السلام کو جھٹلایا وہ گھاٹے میں رہے۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ

پھر وہ مڑا	تم کو	اور اس نے کہا	اے میری قوم	بے شک	میں نے پہنچائے تمھیں	پیغام	رب اپنے کے

پھر شعیب علیہ السلام ان سے الگ ہو گئے اور چلتے وقت ان کو مخاطب کر کے کہا ”اے میری قوم! میں نے تمھیں

وَنَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٩٣﴾ ع وَمَآ اَرْسَلْنَا 11 ع 9 1

اور میں نے نصیحت کی تھی	تم کو	پس کیسے	میں غم کھاؤں	اوپر	لوگوں	کافر	اور نہیں	ہم نے بھیجا

اپنے رب کے پیغامات پہنچائے۔ تمھاری خیر خواہی کی۔ اب تم کافروں کی بربادی پر کیا افسوس کروں؟“ ہم نے جس

فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّآ اَخَذْنَآ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ

میں	کسی بستی	کوئی	نبی	مگر	ہم نے پکڑا	رہنے والوں اس کے کو	ساتھ تنگ دستی کے	اور بیماری کے

بستی میں کوئی نبی بھیجا اس کے نافرمان باشندوں کو سختی اور تکلیف میں مبتلا کیا۔

لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿٩٤﴾ ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ حَتّٰى

تاکہ وہ	گڑگڑائیں	پھر	ہم نے بدل ڈالی	جگہ	برائی کی	بھلائی	یہاں تک کہ

تاکہ وہ گڑگڑائیں پھر ہم نے ان کے دکھ کو سکھ میں بدلا۔ یہاں تک کہ

عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ

وہ حد سے بڑھ گئے	اور انھوں نے کہا	بے شک	لگی تھی	ہمارے باپ دادا کو	تکلیف	اور راحت	پھر ہم نے پکڑا ان کو

انھیں خوب ترقی ہوئی۔ وہ کہنے لگے ”اس طرح کے دکھ سکھ ہمارے باپ دادوں کو بھی پہنچے۔“ پھر ہم نے انھیں

بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٩٥﴾ وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا

اچانک	اور وہ	نہیں	جانتے تھے	اور اگر	بے شک	لوگ	ان بستیوں کے	ایمان لاتے

اچانک پکڑا جس کا انھیں گمان بھی نہ تھا۔ اور اگر بستیوں والے ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكَٰتٍ مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَلَٰكِن

اور تقویٰ اختیار کرتے | ضرور ہم کھولتے | اوپر ان کے | برکتیں | سے | آسمان | اور زمین سے | اور لیکن

تو ہم آسمان اور زمین کی برکتیں اور نعمتیں ان پر کھول دیتے۔ مگر

كَذَّبُوا فَأَخَذْنَٰهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٩٦﴾ أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ

انہوں نے انکار کیا | تو ہم نے پکڑا ان کو | بسبب اس کے جو | وہ تھے | وہ کماتے | کیا پس بے خوف ہو گئے ہیں | والے | بستیوں

انہوں نے جھٹلایا تو ہم نے ان کے کرتوتوں کی وجہ سے انہیں پکڑ لیا۔ اے نبی! ﷺ کیا یہ بستی والے اس سے بے خوف

أَن يَأْتِيَهُم بَأْسُنَا بَيَٰتًا وَهُمْ نَائِمُونَ ﴿٩٧﴾ أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ

یہ کہ | آئے ان کے پاس | عذاب ہمارا | رات کو | جبکہ وہ | سوتے ہوں | کیا | بے خوف ہو گئے ہیں | والے | بستیوں

ہو گئے ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت نہیں آ سکتا جب وہ سو رہے ہوں؟ یا ان پر ہمارا عذاب

أَن يَأْتِيَهُم بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ ﴿٩٨﴾ أَفَأَمِنُوا مَكْرَ اللَّهِ ۚ

یہ کہ | آئے ان کے پاس | عذاب ہمارا | دن چڑھے | جبکہ وہ | کھیل رہے ہوں | کیا پس وہ بے خوف ہو گئے ہیں | چال | اللہ کی سے

دن دیہاڑے نہیں آ سکتا جب وہ کھیل رہے ہوں؟ کیا یہ لوگ اللہ کی تدبیروں سے بے خوف ہیں ؟

ع 12 6 2 فَلَا يَأْمَنُ مَكْرَ اللَّهِ إِلَّا الْقَوْمُ الْخَٰسِرُونَ ﴿٩٩﴾ أَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِينَ

پس نہیں | بے خوف ہوتے | چال | اللہ کی سے | مگر | لوگ | نقصان اٹھانے والے | کیا نہیں | ہدایت ملی | ان لوگوں کو

اللہ کی تدبیروں سے وہ لوگ بے خوف ہوتے ہیں جو برباد ہونے والے ہوں۔ کیا ان لوگوں کو سبق نہیں ملا جو اپنے

يَرِثُونَ الْأَرْضَ مِن بَعْدِ أَهْلِهَا أَن لَّوْ نَشَاءُ أَصَبْنَٰهُم

جو وارث ہوتے ہیں | زمین کے | سے | بعد | رہنے والوں اس کے | یہ کہ | اگر | ہم چاہتے | ہم آ لیتے ان کو

سے پہلے عذاب میں ہلاک ہونے والوں کے بعد زمین کے وارث ہوئے کہ اگر ہم چاہیں تو ان کے گناہوں پر

بِذُنُوبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُونَ ﴿١٠٠﴾ تِلْكَ الْقُرَىٰ

اُن کے گناہوں کی وجہ سے | اور ہم مہر لگا دیں | اوپر | اُن کے دلوں کے | پھر وہ | نہیں | وہ سنتے | یہ | بستیاں

انہیں بھی پکڑ لیں۔ لیکن ہم ان کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ کچھ نہیں سنتے سمجھتے۔ اے نبی ﷺ! ان

نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنبَائِهَا ۚ وَلَقَدْ جَاءَتْهُمْ رُسُلُهُم بِالْبَيِّنَٰتِ ۚ

ہم بیان کرتے ہیں | اوپر تیرے | بعض | خبریں ان کی | اور بے شک | آئے ان کے پاس | رسول ان کے | ساتھ دلیلوں کے

بستیوں کے حالات ہم آپ کو سنا رہے ہیں۔ ان کے پاس ہمارے رسول نشانیاں لے کر آئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ

پھر نہ | وہ تھے | کہ وہ ایمان لاتے | اُس پر جو | انہوں نے انکار کیا | سے | پہلے | اسی طرح | مہر لگا دیتا ہے

مگر وہ لوگ جس چیز کو ایک دفعہ جھٹلا چکے پھر اس پر ایمان نہ لائے۔ اس طرح اللہ کافروں کے دلوں پر

اللّٰهُ عَلٰي قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿101﴾ وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ

اللہ | اوپر | دلوں | کافروں کے | اور نہیں | ہم نے پایا | اُن کے اکثر میں | کوئی | عہد پورا کرنا | اور یقیناً

مہر لگا دیتا ہے۔ ہم نے ان میں سے اکثر لوگوں میں عہد کی پاسداری نہ پائی بلکہ ان کو

وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿102﴾ ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى

ہم نے پائے | اکثر ان کے کو | البتہ نافرمان | پھر | ہم نے بھیجا | سے | بعد ان کے | موسیٰ کو

نافرمان ہی پایا۔ ان پیغمبروں کے بعد ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف

بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ

ساتھ نشانیوں اپنی کے | طرف | فرعون کے | اور سرداروں اس کے | پھر انہوں نے ظلم کیا | ساتھ ان کے | پھر تو دیکھ | کیسے

اپنی نشانیاں دے کر بھیجا جن کا انہوں نے انکار کر کے اپنے اوپر ظلم کیا۔ دیکھو، ان

كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿103﴾ وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّىْ رَسُوْلٌ مِّنْ

ہوا | انجام | فسادیوں کا | اور کہا | موسیٰ نے | اے فرعون | بے شک میں | رسول ہوں | طرف سے

فسادیوں کا کیا انجام ہوا۔ موسیٰ علیہ السلام نے فرعون سے کہا ”اے فرعون، میں رب العالمین کی

رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿104﴾ حَقِيْقٌ عَلٰٓي اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَي اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ

رب | تمام جہانوں کا | قائم ہوں | اوپر | اس بات کے کہ | نہیں | میں کہتا | اوپر | اللہ کے | مگر | سچ

طرف سے رسول ہوں۔ میرا فرض ہے میں حق کے سوا کوئی بات اللہ کی طرف منسوب نہ کروں۔

قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿105﴾ۭ

بے شک | میں آیا پاس تمہارے | ساتھ دلیل کے | طرف سے | رب تمہارے | پس تو بھیج | ساتھ میرے | بنی اسرائیل کو

میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے معجزے لے کر آیا ہوں۔ لہٰذا بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے دے“

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ

اس نے کہا | اگر | تو | تو آیا ہے | ساتھ نشانی کے | پس تو لے آ | اسے | اگر | تو ہے | سے

فرعون بولا ”کوئی معجزہ لائے ہو تو پیش کرو اگر تم سچے ہو؟“

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصّٰدِقِيْنَ ﴿106﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿107﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ

سچوں | پھر اس نے ڈال دیا | عصا اپنا | پھر اچانک | وہ تھا | اژدھا | ظاہر | اور اس نے نکالا | ہاتھ اپنا

موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ڈال دیا جو اچانک اژدھا بن گیا۔ اور اپنا ہاتھ نکالا

13 ع 9 3 فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿108﴾ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ

پس اچانک | وہ تھا | سفید چمکدار | واسطے دیکھنے والوں کے | کہا | سرداروں نے | سے | قوم | فرعون | بے شک

تو وہ دیکھنے والوں کے سامنے چمک رہا تھا۔ یہ دیکھ کر فرعون کے درباری

هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿109﴾ يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ فَمَاذَا

یہ | ہے جادوگر | ماہر | جو چاہتا ہے | کہ | وہ نکالے تمہیں | سے | ملک تمہارے | پس کیا

آپس میں کہنے لگے ”یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔ چاہتا ہے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دے۔ اب تمہاری

تَاْمُرُوْنَ ﴿110﴾ قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿111﴾

تم صلاح دیتے ہو | انہوں نے کہا | مہلت دے اس کو | اور بھائی اس کے کو | اور تو بھیج | میں | شہروں | اکٹھا کرنے والے

کیا صلاح ہے؟“۔ درباریوں نے مشورہ کر کے فرعون سے کہا ”موسیٰ علیہ السلام اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سٰحِرٍ عَلِيْمٍ ﴿112﴾ وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ

تاکہ وہ لائیں تیرے پاس | ہر | جادوگر | ماہر کو | اور آئے | جادوگر | فرعون کے پاس | وہ بولے | یقیناً

میں سپاہی بھیجو۔ وہ تمہارے سارے ماہر جادوگر لے آئیں“ پھر جب تمام جادوگر فرعون کے پاس حاضر ہوئے تو اس سے کہنے لگے

لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿113﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ

ہمارے لیے ہے | انعام | اگر | ہوں ہم ہی | ہم | غالب | اس نے کہا | ہاں | اور یقیناً تم ہو جاؤ گے | البتہ سے

”اگر موسیٰ علیہ السلام پر غالب آئے تو ہمیں انعام ملنا چاہیے“ فرعون نے جواب دیا ”ہاں ملے گا، اور تم سب

الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿114﴾ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ

مقربوں میں | وہ بولے | اے موسیٰ | یا | یہ کہ | تو ڈال | اور یا | یہ کہ | ہم ہوں | ہم

میرے خاص بندوں میں شامل ہو گے“ جب مقابلہ ہوا تو جادوگروں نے کہا ”اے موسیٰ علیہ السلام! تم پہلے ڈالو یا

الْمُلْقِيْنَ ﴿115﴾ قَالَ اَلْقُوْا فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا اَعْيُنَ النَّاسِ

ڈالنے والے | اس نے کہا | تم ڈالو | پھر جب | انہوں نے ڈالا | جادو کر دیا | آنکھوں پر | لوگوں کی

پھر ہم ڈالیں“ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ”تم ڈالو“ جادوگروں نے اپنی لاٹھیاں اور رسیاں ڈالیں تو لوگوں کی آنکھوں پر جادو کر کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿116﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ

اور ڈرایا ان کو | اور وہ آئے تھے | ساتھ جادو | بڑے کے | اور ہم نے وحی کی | طرف | موسیٰ کے | یہ کہ

ان پر دہشت طاری کر دی اور بڑے جادو کا کرتب دکھایا۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم بھیجا اپنا

اَلْقِ عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿117﴾ ۚ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ

تو ڈال | عصا اپنا | پھر اچانک | وہ | نگل جاتا ہے | جو کچھ | وہ گھڑ لیتے تھے | پھر واقع ہوا | حق | اور وہ باطل ہوا

عصا ڈال دو۔ موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا ڈالا تو اچانک وہ اژدھا بن کر ان کے سارے ڈرامے کو نگل گیا۔ اس طرح حق

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿118﴾ ۚ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿119﴾ ۚ وَاُلْقِىَ

جو کچھ | وہ تھے | وہ کرتے | پھر وہ مغلوب ہوئے | وہاں | اور وہ ہو گئے | ذلیل | اور گر پڑے

ظاہر ہو گیا۔ جادوگروں نے جو کچھ بنایا تھا ملیا میٹ ہو گیا۔ فرعون اور اس کے ساتھی ہار گئے اور ذلیل ہو کر رہ گئے۔ جادوگر

السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿120﴾ ۖ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿121﴾ ۙ رَبِّ مُوْسٰى

جادوگر | سجدہ کرتے ہوئے | وہ بولے | ہم ایمان لائے | رب پر | تمام جہانوں کا | رب | موسیٰ کے

سجدے میں گر پڑے۔ اور بول اٹھے ”ہم ایمان لائے اس رب العالمین پر جو موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام

وَهٰرُوْنَ ﴿122﴾ قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ

اور ہارون کے | بولا | فرعون | تم ایمان لائے ہو | ساتھ اس کے | پہلے اس سے | کہ | میں اجازت دوں | تم کو

کا رب ہے!“ فرعون نے ان سے کہا ”تم لوگ میری اجازت کے بغیر موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے ہو۔

اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ مَّكَرْتُمُوْهُ فِى الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ

بے شک | یہ ہے | کوئی چال | نے چلی ہے | میں | شہر | تاکہ تم نکال دو | اس سے | لوگوں کے کو

یہ کوئی سازش ہے جو تم نے مل کر دارالحکومت میں کی ہے تاکہ ہم سب کو یہاں سے نکال دو۔

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿122﴾ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ

پس ضرور | تم جان لوگے | ضرور میں کاٹوں گا | ہاتھ تمہارے | اور پاؤں تمہارے | سے | مخالف طرف | پھر

اچھا، تمہیں جلد پتہ چل جائے گا۔ میں تمہارے ہاتھ پاؤں الٹی طرف سے کاٹوں گا۔ سب

لَاُصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿124﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿125﴾ ۚ وَمَا

میں سولی دوں گا تم کو | سب کو | انہوں نے کہا | بے شک ہم | طرف | رب اپنے کی | پھر جانے والے ہیں | اور نہیں

کو سولی پر چڑھاؤں گا“۔ وہ بولے ”ہمیں ایک دن اپنے رب کے پاس جانا ہے۔ ہمارا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ

تو دشمنی رکھتا | سے ہم | مگر | یہ کہ | ہم ایمان لائے ہیں | نشانیوں پر | رب اپنے کی | جب | وہ آئیں ہمارے پاس | اے رب ہمارے

جرم یہی ہے کہ جب ہمارے رب کے معجزے ہمارے سامنے آئے تو ہم ایمان لے آئے۔ اب ہماری دعا ہے ”اے ہمارے

14 ع 18 4 اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿126﴾ ع وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ

تو انڈیل | اوپر ہمارے | صبر | اور وفات دے ہمیں | جبکہ ہم مسلمان ہی ہوں | اور کہا | سرداروں نے | سے | قوم

رب ! ہمیں صبر سے بھر دے ! ہمیں اسلام کی حالت پر وفات دینا! فرعون سے اس کی قوم کے

فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ

فرعون کی | کیا تو چھوڑ دیتا ہے | موسیٰ کو | اور قوم اس کی کو | تا کہ وہ فساد کریں | میں | زمین | اور وہ چھوڑ دے تجھے

سرداروں نے کہا ”کیا تم موسیٰ علیہ السلام اور اس کی قوم کو یوں ہی چھوڑ دو گے کہ وہ ملک میں فساد پھیلائیں اور تمہیں اور

وَاٰلِهَتَكَ ؕ قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا

اور معبودوں تیرے کو | اس نے کہا | ضرور ہم قتل کریں گے | بیٹے ان کے | اور ہم زندہ رکھیں گے | عورتوں ان کی کو | اور بے شک ہم

تمہارے معبودوں کو ٹھکراتے رہیں؟“ فرعون نے کہا ”ہم ان کے بیٹوں کو چن چن کر قتل کریں گے، ان کی عورتوں کو زندہ رکھیں گے

فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿127﴾ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ

اوپر ان کے ہیں | غالب | کہا | موسیٰ نے | اپنی قوم کو | تم مدد مانگو | اللہ سے | اور تم صبر کرو

اور ہمیں ان پر پورا غلبہ حاصل ہے“ یہ سن کر موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو نصیحت کی ”اللہ سے مدد مانگو۔ ثابت قدم رہو۔

اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ ۙ قلے يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَالْعَاقِبَةُ

بے شک | زمین ہے | اللہ کی | وہ وارث بناتا ہے اس کا | جسے | وہ چاہے | سے | اپنے بندوں | اور انجام کار ہے

زمین اللہ کی ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا والی وارث بنا دیتا ہے۔ آخری کامیابی

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿128﴾ قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَمِنْ بَعْدِ مَا

پرہیزگاروں کے لیے | انہوں نے کہا | ہم ایذا دیئے گئے | سے | پہلے اس | کہ | تو آئے ہمارے پاس | اور سے | اس کے بعد | جو

پرہیزگاروں کے لئے ہے“ وہ موسیٰ علیہ السلام سے کہنے لگے ”ہم تمہارے آنے سے پہلے بھی ستائے گئے اور تمہارے آنے

جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَيَسْتَخْلِفَكُمْ فِى

تو آیا ہمارے پاس | اس نے کہا | امید ہے | رب تمہارا | یہ کہ | وہ ہلاک کرے | دشمن تمہارے کو | اور وہ خلیفہ بنائے تمہیں | میں

کے بعد بھی ستائے جا رہے ہیں“ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ”وہ وقت قریب ہے جب تمہارا رب تمہارے دشمن کو ہلاک کرے گا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

15 ع 3 5

الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٢٩﴾ ع وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ

زمین | پھر وہ دیکھے | کیسے | تم عمل کرتے ہو | اور بے شک | ہم نے پکڑا | قوم | فرعون کو

تمہیں ملک کا اقتدار دے دے گا پھر اس کے بعد دیکھے گا تم کیسے اعمال کرتے ہو۔ اور ہم نے فرعون والوں کو

بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿١٣٠﴾ فَاِذَا جَآءَتْهُمُ

ساتھ قحط کے | اور کمی | سے | پھلوں | تاکہ وہ | وہ نصیحت پکڑیں | پھر جب | آتا ان کو

قحط اور پیداوار کی کمی میں مبتلا کیا تاکہ انہیں نصیحت ہو۔ لیکن جب ان پر خوشحالی آتی

الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ج وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى

سکھ | وہ کہتے | ہمارے لیے ہے | یہ | اور اگر | پہنچتا ان کو | دکھ | وہ منحوس سمجھتے | موسیٰ کو

تو کہتے ''یہ ہمارے لئے ہے'' اور جب کوئی آفت آتی تو اسے موسیٰ علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں کی نحوست

وَمَنْ مَّعَهٗ ط اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

اور ان کو جو | ساتھ اس کے تھے | آگاہ رہو | بے شک | نحوست ان کی ہے | طرف سے | اللہ کی | اور لیکن | اکثر ان کے

قرار دیتے۔ اصل میں یہ ان کی اپنی بدبختی تھی جو اللہ کے ہاں ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے لکھی تھی۔ لیکن ان میں سے اکثر اس

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿١٣١﴾ وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا لا

نہیں | جانتے | اور انہوں نے کہا | جو کچھ | تو لائے گا | ہمارے پاس کوئی | سے | نشانی | تاکہ تو جادو کرے ہم پر | ساتھ اس کے

حقیقت کو نہیں جانتے تھے۔ فرعون کی قوم نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا ''تم ہم پر اپنا جادو چلانے کے لئے

فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ

تو نہیں | ہم | تجھ کو | ماننے والے | پھر ہم نے بھیجا | اوپر ان کے | طوفان بارش کا | اور ٹڈیاں

خواہ کوئی نشانی لے آؤ ہم تمہاری بات نہیں مانیں گے، پھر ہم نے اس قوم پر سیلاب ٹڈی دل

وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ قف فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا

اور چچڑیاں | اور مینڈک | اور لہو | نشانیاں | الگ الگ | پھر انہوں نے تکبر کیا | اور وہ تھے

جوئیں، مینڈک اور خون کی بلائیں نازل کیں جو الگ الگ نشانیاں تھیں۔ اس پر بھی انہوں نے تکبر کیا اور وہ

قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿١٣٣﴾ وَلَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ

لوگ | مجرم | اور جب | پڑتا | اُن پر | عذاب | وہ کہتے | اے موسیٰ | تو دعا کر

مجرم لوگ تھے۔ جب ان پر کوئی عذاب آتا تو کہتے ''اے موسیٰ علیہ السلام! اپنے رب سے ہمارے لئے دعا کرو جس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ

ہمارے لیے | رب اپنے سے | ساتھ چیز کے جو | اس نے عہد کر رکھا | نزدیک تیرے | اگر | تو کھول دے گا | ہم سے | عذاب

قبول کرنے کا اس نے تم سے وعدہ کیا ہے۔ اگر تیری دعا سے ہم پر سے یہ عذاب ٹل گیا

لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ﴿134﴾ فَلَمَّا كَشَفْنَا

ضرور ہم مان لیں گے | تجھ کو | اور ضرور ہم بھیج دیں گے | ساتھ تیرے | بنی اسرائیل کو | پھر جب | ہم کھول دیتے

تو تجھے سچا مان لیں گے اور بنی اسرائیل کو تمہارے ساتھ جانے کی اجازت دے دیں گے" پھر جب ہم ان سے

عَنْهُمُ الرِّجْزَ إِلَىٰٓ أَجَلٍ هُمْ بَٰلِغُوهُ إِذَا هُمْ يَنْكُثُونَ ﴿135﴾

اُن سے | عذاب | تک | ایک مدت | کہ وہ | پہنچنے والے تھے اس کو | اچانک | وہ | عہد کو توڑ ڈالتے تھے

وہ عذاب کچھ مدت کے لئے اٹھا لیتے تو وہ اپنی بات سے فوراً پھر جاتے۔

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَأَغْرَقْنَٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِأَنَّهُمْ كَذَّبُوا بِـَٔايَٰتِنَا

پھر ہم نے بدلہ لیا | اُن سے | پھر ہم نے غرق کر دیا ان کو | میں | سمندر | بسبب اس کے جو وہ | انکار کرتے تھے | نشانیوں ہماری کا

آخر کار ہم نے انہیں سزا دی اور سمندر میں غرق کر دیا کیونکہ انہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا

وَكَانُوا عَنْهَا غَٰفِلِينَ ﴿136﴾ وَأَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِينَ كَانُوا يُسْتَضْعَفُونَ

اور وہ تھے | اُن سے | غافل | اور ہم نے وارث بنایا | اس قوم کو | جو کہ | وہ تھے | کمزور سمجھے جاتے

اور وہ ان سے بے پرواہ ہو گئے۔ اس کے بعد ہم نے ان لوگوں کو جو کمزور سمجھے جاتے تھے

مَشَٰرِقَ الْأَرْضِ وَمَغَٰرِبَهَا الَّتِي بَٰرَكْنَا فِيهَا ۖ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ

مشرقوں | زمین کے کو | اور مغربوں اس کے کو | وہ جو | ہم نے برکت رکھی ہے | اُس میں | اور پوری ہوئی | بات

بابرکت سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنا دیا۔ اس طرح اے نبی ﷺ تیرے

رَبِّكَ الْحُسْنَىٰ عَلَىٰ بَنِيٓ إِسْرَآءِيلَ ۙ بِمَا صَبَرُوا ۖ وَدَمَّرْنَا مَا كَانَ

رب تیرے کی | اچھی | اوپر | بنی اسرائیل کے | بسبب اس کے جو | انہوں نے صبر کیا | اور ہم نے تباہ کر دیا | اس کو جو | تھا

رب کا وہ نیک وعدہ بنی اسرائیل کے حق میں پورا ہوا کیونکہ انہوں نے صبر کیا اور ہم نے فرعون اور

يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَقَوْمُهُۥ وَمَا كَانُوا يَعْرِشُونَ ﴿137﴾ وَجَٰوَزْنَا

بناتا | فرعون | اور قوم اس کی بناتی تھی | اور جو کچھ | وہ تھے | وہ عمارتیں بناتے | اور ہم نے عبور کرایا

اس کی قوم کا سارا ساز و سامان ملیا میٹ کر کے رکھ دیا۔ ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ الْبَحْرَ فَاَتَوْا عَلٰی قَوْمٍ یَّعْكُفُوْنَ عَلٰۤی اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ

بنی اسرائیل کو | سمندر | پھر وہ آئے | اوپر | ایک قوم کے | جو جھکے بیٹھے رہتے تھے | اوپر | بتوں | اپنے

کرا دیا۔ ان کا گزر ایسی قوم پر ہوا جو بتوں کی پوجا کر رہی تھی۔ ان کو دیکھ کر بنی اسرائیل نے موسیٰ علیہ السلام

قَالُوْا یٰمُوْسَی اجْعَلْ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ

انہوں نے کہا | اے موسیٰ | تو بنا دے | ہمارے لیے | کوئی معبود | جیسے | اُن کے ہیں | معبود | اس نے کہا | بے شک تم

سے کہا ''اے موسیٰ علیہ السلام ہماری عبادت کے لئے بھی کوئی بت بنا دے جیسے ان کے بت ہیں'' موسیٰ علیہ السلام نے جواب

قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿138﴾ اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِیْهِ وَبٰطِلٌ مَّا

لوگ | جاہل ہو | بے شک | یہ لوگ | ہلاک ہونیوالے ہیں | جو | وہ | بیچ اس کے ہیں | اور باطل ہے | جو کچھ

دیا ''تم لوگ بڑے جاہل ہو یہ جس کام میں لگے ہوئے ہیں وہ برباد ہونے والا ہے اور یہ جو کچھ کر

كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ﴿139﴾ قَالَ اَغَیْرَ اللّٰهِ اَبْغِیْكُمْ اِلٰهًا وَّهُوَ فَضَّلَكُمْ

وہ ہیں | وہ عمل کرتے | اس نے کہا | کیا سوائے | اللہ کے | میں چاہوں تمہارے لئے | معبود | اور وہ | اس نے فضیلت دی تمہیں

رہے ہیں وہ باطل ہے'' موسیٰ علیہ السلام نے یہ بھی کہا ''کیا میں تمہارے لئے اللہ کے سوا کوئی اور معبود تلاش کروں؟ حالاں کہ

عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿140﴾ وَاِذْ اَنْجَیْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ یَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ

اوپر | جہاں والوں کے | اور جب | ہم نے نجات دی تم کو | سے | قوم | فرعون کی | پہنچاتے تھے تمہیں | برا

اللہ نے تمہیں سارے جہان پر فضیلت دی؟'' اے بنی اسرائیل! یاد کرو جب ہم نے تمہیں فرعون والوں سے نجات دی جو تمہیں

الْعَذَابِ ۚ یُقَتِّلُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَیَسْتَحْیُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِیْ ذٰلِكُمْ

عذاب | وہ قتل کرتے تھے | بیٹوں تمہارے کو | اور وہ زندہ چھوڑ دیتے تھے | عورتوں تمہاری کو | اور میں | اس

سخت عذاب دیتے تھے۔ وہ تمہارے بیٹوں کو قتل کرتے اور تمہارے عورتوں کو زندہ چھوڑ دیتے۔ اس میں تمہارے رب

بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِیْمٌ ﴿141﴾ ع وَوٰعَدْنَا مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَةً 16 ع 12

آزمائش تھی | طرف سے | تمہارے رب کی | بڑی | اور ہم نے وعدہ دیا | موسیٰ کو | تیس | راتوں کا

کی طرف سے بڑی آزمائش تھی۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس راتوں کا وعدہ کیا۔ پھر اس میں دس

وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً ۚ وَقَالَ

اور ہم نے پورا کیا اس کو | ساتھ دس کے | پھر پورا ہوا | وعدہ | اس کے رب کا | چالیس | راتیں | اور کہا

راتوں کا اضافہ کیا۔ اس طرح موسیٰ علیہ السلام کے رب کی مقرر کردہ مدت چالیس راتوں میں پوری ہوئی۔ اور کوہِ طور پر جاتے وقت

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُوْسٰى لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ قَوْمِيْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ

موسیٰ نے | اپنے بھائی | ہارون سے | تو قائم مقام بن میرا | میں | قوم میری | اور اصلاح کر | اور نہ | پیروی کرنا

موسیٰ علیہ السلام نے اپنے بھائی ہارون علیہ السلام سے کہا ”میرے پیچھے میری قوم میں میری جانشینی کرنا، ان کی اصلاح کرتے رہنا

سَبِيْلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿142﴾ وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰى لِمِيْقَاتِنَا وَكَلَّمَهٗ رَبُّهٗ

راہ کی | فسادیوں کی | اور جب | آیا | موسیٰ | ہمارے وعدے پر | اور کلام کیا اس سے | اُس کے رب نے

اور بگاڑ پیدا کرنے والوں کے طریقے پر نہ چلنا۔“ جب موسیٰ علیہ السلام ہمارے وعدے کے مطابق کوہِ طور پر حاضر ہوئے اور ان کے رب

قَالَ رَبِّ اَرِنِيْٓ اَنْظُرْ اِلَيْكَ قَالَ لَنْ تَرٰىنِيْ وَلٰكِنِ انْظُرْ

اس نے کہا | اے رب میرے | تو دکھا مجھے | میں دیکھوں | طرف تیری | کہا | ہرگز | تو نہ دیکھ سکے گا | اور لیکن | تو دیکھ

نے ان سے کلام کیا تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا ”اے میرے رب! مجھے اپنا جلوہ دکھا تاکہ میں تجھے دیکھوں! فرمایا ”تم مجھے ہرگز نہیں

اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِيْ فَلَمَّا تَجَلّٰى

طرف | پہاڑ کے | پھر اگر | وہ قائم رہے | جگہ اپنی پر | پھر عنقریب | تو دیکھ سکے گا مجھے | پھر جب | تجلی کی

دیکھ سکتے، البتہ پہاڑ کی طرف دیکھو، اگر وہ اپنی جگہ پر قائم رہ جائے تو تم بھی مجھے دیکھ سکو گے۔“ پھر جب اس کے رب نے

رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا فَلَمَّآ اَفَاقَ

رب اس کے نے | طرف پہاڑ کی | اس نے کر دیا اسے | ریزہ ریزہ | اور گر پڑا | موسیٰ | بے ہوش ہو کر | پھر جب | اسے ہوش آیا

پہاڑ پر اپنی تجلی ڈالی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا۔ اور موسیٰ علیہ السلام بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ جب ہوش آیا تو بولے

قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿143﴾ قَالَ يٰمُوْسٰٓى

اس نے کہا | پاک ہے تو | میں نے توبہ کی | طرف تیری | اور میں ہوں | سب سے پہلے | ایمان لانے والوں میں سے | (اللہ نے) کہا | اے موسیٰ

”تیری ذات پاک ہے۔ میں نے تیری طرف رجوع کیا اور میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں“۔ اللہ نے فرمایا ”اے موسیٰ

اِنِّى اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِيْ وَبِكَلَامِيْ فَخُذْ مَآ

بے شک میں نے | چن لیا ہے تجھ کو | اوپر | لوگوں کے | ساتھ پیغاموں اپنے کے | اور ساتھ کلام اپنے کے | پس تو لے لے | جو

علیہ السلام ! میں نے تجھے اپنی پیغمبری اور ہم کلامی کے ذریعے دوسرے لوگوں سے ممتاز کیا۔ میں نے جو توریت

اٰتَيْتُكَ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿144﴾ وَكَتَبْنَا لَهٗ فِى الْاَلْوَاحِ مِنْ

میں نے دیا تجھ کو | اور تو ہو جا | سے | شکر کرنے والوں میں | اور ہم نے لکھا | اس کے لیے | میں | تختیوں | سے

تمہیں عطا کی وہ لے لو اور شکر گزار رہو“ ہم نے توریت کی تختیوں پر ہر طرح کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كُلِّ شَيْءٍ مَّوْعِظَةً وَّ تَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ۚ فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ

ہر | چیز | نصیحت | اور تفصیل | ہر | چیز کی | پس تو لے لے اسے | ساتھ مضبوطی کے | اور تو حکم دے

نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھ دی تھی۔ ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا " اس توریت کو مضبوطی سے پکڑے رہو،

قَوْمَكَ يَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِيْكُمْ دَارَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿145﴾ سَاَصْرِفُ

قوم اپنی کو | کہ وہ عمل کریں | اس کے بہتر پر | جلد میں دکھاؤں گا تمہیں | گھر | نافرمانوں کا | جلد میں پھیر دوں گا

اس پر عمل کرو اور اپنی قوم کے لوگوں کو حکم دو وہ اس کتاب کے اچھے احکام پر چلیں۔ عنقریب ہم تمہیں نافرمانوں کا گھر دکھائیں گے۔

عَنْ اٰيٰتِيَ الَّذِيْنَ يَتَكَبَّرُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ وَاِنْ يَّرَوْا

سے | آیتوں اپنی | ان لوگوں کو جو | وہ تکبر کرتے ہیں | میں | زمین | نا | حق | اور اگر | وہ دیکھ لیں

ہم اپنی نشانیوں سے ان لوگوں کو پھیر دیں گے جو زمین میں ناحق غرور کرتے ہیں۔ وہ ساری نشانیاں

كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ

ہر | نشانی | نہ | وہ ایمان لائیں | اس پر | اور اگر | وہ دیکھیں | راہ | ہدایت کی | نہ | وہ پکڑیں اسے

دیکھ لیں پھر بھی ان پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اگر ہدایت کا سیدھا راستہ دیکھیں گے اس پر کبھی نہ چلیں

سَبِيْلًا ۚ وَاِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

راہ | اور اگر | وہ دیکھیں | راہ | گمراہی کی | وہ پکڑیں اسے | راہ | یہ | اس لیے کہ انہوں نے

گے لیکن اگر گمراہی کا راستہ دیکھیں تو اس پر فوراً چل پڑیں گے۔ ان کی یہ حالت اس لئے ہے کہ

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿146﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا

جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | اور وہ تھے | ان سے | غافل | اور جن لوگوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو

انہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا اور اپنے آپ کو ان سے غافل رکھا۔ جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کو اور

وَلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا

اور ملاقات | آخرت کی کا | ضائع ہوئے | اعمال ان کے | نہ | اُن کو بدلہ ملے گا | مگر | جو کچھ کہ | وہ تھے

آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا ان کے سارے اعمال ضائع ہو گئے انہیں اپنے کئے کا بدلہ

يَعْمَلُوْنَ ﴿147﴾ ع وَاتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْ بَعْدِهٖ مِنْ حُلِيِّهِمْ عِجْلًا 17 ع 6 7

وہ کرتے | اور پکڑا | قوم | موسیٰ کی نے | سے | بعد اس کے | سے | زیور ان کے | بچھڑا

ملے گا۔ موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے ان کے جانے کے بعد اپنے زیوروں سے ایک بچھڑا بنایا،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَلَا يَهْدِيْهِمْ

بدن تھا | کہ واسطے اس کی تھی | آواز گائے کی | کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | یہ کہ وہ | نہ | وہ بولتا تھا ان سے | اور نہ | وہ دکھاتا ہے ان کو

بے جان پتلا، جس میں سے گائے کی سی آواز نکلتی تھی۔ اس کی انہوں نے پوجا شروع کر دی۔ انہوں نے یہ نہ دیکھا کہ وہ بچھڑا

وقف لازم سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَكَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿148﴾ وَلَمَّا سُقِطَ فِيْۤ اَيْدِيْهِمْ

راہ | انہوں نے پکڑا اس کو | اور وہ تھے | ظالم | اور جب | گرا دیا گیا | میں | ہاتھوں ان کے

نہ ان سے بات کر سکتا ہے اور نہ ان کی رہنمائی کر سکتا ہے مگر انہوں نے اسے اپنا معبود بنا لیا اور وہ تھے ہی بڑے ظالم۔ جب وہ

وَرَاَوْا اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَيَغْفِرْ

اور انہوں نے دیکھا | یہ کہ وہ | بے شک | وہ گمراہ ہوئے | انہوں نے کہا | اگر | نہ | رحم کرے ہم پر | رب ہمارا | اور نہ وہ بخشے

پچھتائے اور انہوں نے محسوس کیا وہ گمراہ ہو چکے ہیں تو بولے ''اگر ہمارے رب نے ہم پر رحم نہ کیا اور ہمیں نہ

لَنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿149﴾ وَلَمَّا رَجَعَ مُوْسٰۤى اِلٰى قَوْمِهٖ

ہمیں | ضرور ہم ہوں گے | سے | گھاٹا پانے والوں میں | اور جب | واپس آیا | موسیٰ | طرف | قوم اپنی کے

بخشا تو ہم گھاٹے میں رہیں گے'' جب موسیٰ علیہ السلام غصے اور رنج سے بھرے ہوئے اپنی قوم کی طرف

غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ اَمْرَ

غصہ میں | افسوس کرتا ہوا | اس نے کہا | برا ہے | جو کچھ جانشینی کی تم نے میری | سے | بعد میرے | کیا تم نے جلدی کی | حکم

واپس آئے تو انہوں نے کہا ''تم نے میرے پیچھے بہت برا کیا۔ تم نے اپنے رب کے حکم کا انتظار نہ کیا اور جلد بازی کی''

رَبِّكُمْ ۚ وَاَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَاَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيْهِ ؕ قَالَ

رب اپنے سے | اور ڈال دیں | تختیاں | اور پکڑا | سر کو | بھائی اپنے کے | وہ کھینچتا تھا اسے | طرف اپنی | اس نے کہا

موسیٰ علیہ السلام نے غصے کے مارے توریت کی تختیاں ایک طرف ڈال دیں اور اپنے بھائی کا سر پکڑ کر اسے اپنی طرف کھینچنے لگے۔

ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَكَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ

اے بیٹے | ماں میری کے | بے شک | لوگوں نے | کمزور سمجھا مجھے | اور نزدیک تھے کہ | وہ قتل کر دیں مجھے | پس نہ | خوش کر

ہارون علیہ السلام نے کہا ''اے میری ماں کے بیٹے! لوگوں نے مجھے دبا لیا تھا۔ قریب تھا وہ مجھے مار ڈالتے۔ اس لئے آپ دشمنوں

بِيَ الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿150﴾ قَالَ رَبِّ

مجھ کو | دشمنوں کو | اور نہ | تو کر مجھے | ساتھ | لوگوں | ظالم کے | اس نے کہا | اے رب میرے

کو میرے اوپر ہنسنے کا موقع نہ دیں اور مجھے ظالموں کے ساتھ نہ ملائیں'' اس پر موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی ''اے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿151﴾ ع 18 4 8

تو بخش دے | مجھے | اور میرے بھائی کو | اور تو داخل کر ہمیں | میں | رحمت اپنی | اور تو ہے | بہت رحم کرنے والا | سب رحم کرنے والوں سے

میرے رب! مجھے اور میرے بھائی کو معاف کر دے۔ ہمیں اپنی رحمت کے سائے میں داخل فرما! تو بہترین رحم کرنے والا ہے"

اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ

بے شک | جن لوگوں نے | پکڑا | بچھڑے کو | ضرور پہنچے گا ان کو | غضب | طرف سے | رب ان کے | اور ذلت

بے شک جن لوگوں نے بچھڑے کو معبود بنایا۔ عنقریب ان پر ان کے رب کا غضب نازل ہوگا۔ ان کے لئے دنیا میں بھی

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿152﴾ وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا

میں | زندگی | دنیا کی | اور اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | جھوٹ گھڑنے والوں کو | اور جنہوں نے | عمل کئے

ذلت ہے۔ اور جھوٹ باندھنے والوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔ البتہ جن لوگوں نے برے

السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

برے | پھر | انہوں نے توبہ کی | سے | بعد اس کے | اور وہ ایمان لائے | بیشک | رب تیرا | سے | بعد اس کے ہے

کام کئے۔ پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لائے تو اے نبی ﷺ! بے شک اس کے بعد تیرا رب ان کے حق

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿153﴾ وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ښ

ضرور بخشنے والا | نہایت مہربان | اور جب | ٹھنڈا ہوا | سے | موسیٰ | غصہ | اس نے لیں | تختیاں

میں بہت بخشنے والا مہربان ہے۔ جب موسیٰ علیہ السلام کا غصہ تھما تو انہوں نے توریت کی تختیاں اٹھائیں۔

وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ ﴿154﴾

اور میں | اُن کی لکھائی | ہدایت تھی | اور رحمت تھی | ان لوگوں کے لیے | جو وہ | اپنے رب سے | وہ ڈرتے ہیں

توریت کے اس نسخے میں ان لوگوں کے لئے سراپا ہدایت اور رحمت تھی جو اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔ موسیٰ علیہ السلام نے

وَاخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ

اور چن لئے | موسیٰ نے | قوم اپنی سے | ستر | مرد | ہمارے وعدے کے لیے | پھر جب | پکڑا ان کو

اپنی قوم میں سے ستر 70 آدمی چنے تاکہ قوم کی طرف سے معافی مانگنے کے لئے اس کے ساتھ ہمارے مقرر کئے ہوئے وقت پر

الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَاِيَّايَ ۭ

زلزلے نے | اس نے کہا | اے رب میرے | اگر | تو چاہتا | تو ہلاک کر دیتا ان کو | اس سے | پہلے | اور مجھے بھی

حاضر ہوں۔ پھر انہیں زلزلے نے آ پکڑا تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا "اے رب! اگر تو چاہتا تو پہلے ہی انہیں ہلاک کر دیتا اور مجھے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ

کیا تو ہلاک کرتا ہے ہمیں | اس پر جو | کیا | بیوقوفوں نے | ہم میں سے | نہیں | یہ | مگر | آزمائش تیری | تو گمراہ کرے

بھی۔ کیا تو ہم سب کو ایسے جرم پر ہلاک کرے گا جو ہمارے اندر کے بے وقوفوں نے کیا۔ یہ سب تیری آزمائش ہے۔

بِهَا مَنْ تَشَآءُ وَتَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ ۭ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا

اس کے ذریعے | جسے | تو چاہے | اور تو ہدایت دے | جسے | تو چاہے | تو ہے | دوست ہمارا | پس تو بخش دے | ہمیں

تو اس کے ذریعے جسے چاہے ہدایت دے۔ تو ہمارا کارساز ہے۔ ہمیں بخش دے۔ ہم پر رحم فرما۔

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ﴿155﴾ وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا

اور تو رحم کر ہم پر | اور تو ہے | سب سے بہتر | بخشنے والا | اور تو لکھ دے | ہمارے لیے | میں | اس | دنیا

تو بہترین بخشنے والا ہے۔ ہمارے لئے دنیا میں بھلائی لکھ دے اور

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۭ قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ

بھلائی | اور میں | آخرت | بے شک ہم نے | رجوع کیا ہم نے | طرف تیری | اس نے کہا | عذاب میرا | میں پہنچاتا ہوں

آخرت میں بھی۔ ہم نے تیری طرف رجوع کیا" اللہ نے فرمایا "میں اپنا عذاب

بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ۭ فَسَاَكْتُبُهَا

اسے | جس کو | میں چاہوں | اور رحمت میری نے | گھیر لیا ہے | ہر | چیز کو | پس ضرور میں لکھوں گا اس کو

جسے چاہتا ہوں دیتا ہوں مگر میری رحمت ہر چیز پر چھائی ہوئی ہے۔ اس لئے میں

لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿156﴾ ۚ

اُن کے لیے | جو ڈرتے ہیں | اور وہ دیتے ہیں | زکوٰۃ | اور جو لوگ کہ | وہ | ہماری آیتوں پر | وہ ایمان لاتے ہیں

ان لوگوں کے لئے رحمت لکھ دوں گا جو تقویٰ اختیار کریں گے، زکوۃ دیں گے اور میری نشانیوں پر ایمان لائیں گے۔

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا

جو لوگ کہ | وہ پیروی کرتے ہیں | رسول کی | جو نبی ہے | نہ پڑھا لکھا | وہ جو | وہ پاتے ہیں اسے | لکھا ہوا

اور ان لوگوں پر بھی میری رحمت ہوگی جو اس رسول ﷺ کی پیروی کریں گے جو اُمی نبی ﷺ ہے۔ جس کے آنے کی پیش گوئی وہ

عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ

پاس اپنے | میں | توریت | اور انجیل میں | وہ حکم دیتا ہے ان کو | نیکی کا | اور وہ روکتا ہے ان کو

اپنے ہاں توریت اور انجیل میں لکھی ہوئی پاتے ہیں۔ وہ انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے، برائی سے روکتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ

سے | برائی | اور وہ حلال کرتا ہے | ان کے لیے | پاکیزہ چیزیں | اور وہ حرام ٹھہراتا ہے | اُن پر | ناپاک چیزیں

اور ان کے لئے پاک چیزیں حلال کرتا ہے اور ناپاک چیزوں کو حرام قرار دیتا ہے۔

وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط فَالَّذِيْنَ

اور وہ اتارتا ہے | سے ان | بوجھ ان کے | اور طوق | جو کہ | تھے | اوپر ان کے | پس جو لوگ

وہ ان پر سے جاہلیت کے بوجھ اور طوق ہٹاتا ہے۔ پھر جو لوگ اس پر

اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ

ایمان لائے | ساتھ اس کے | اور انہوں نے ہاتھ مضبوط کئے اس کے | اور انہوں نے مدد کی اس کی | اور انہوں نے پیروی کی | اس نور کی

ایمان لائے، جنہوں نے اس کی عزت کی، اس کی مدد کی، اور اس نور کی پیروی کی جو اس

الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ لا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿157﴾ ع قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ 19 ع 6 9

جو | اتارا گیا | ساتھ اس کے | وہی لوگ ہیں | وہی | فلاح پانے والے | کہہ دیجیے | اے | لوگو

پر اتارا گیا تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ”اے لوگو!

اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَاَۨ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ

بے شک میں ہوں | رسول | اللہ کا | طرف تمہاری | سب کی | وہ جو | اُس کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

بے شک میں تم سب کی طرف اس اللہ کا رسول ہوں جس کی بادشاہی آسمانوں اور

وَالْاَرْضِ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ص فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

اور زمین کی | نہیں | معبود | مگر | وہ | وہ زندہ کرتا ہے | اور وہ موت دیتا ہے | پس تم ایمان لاؤ | اللہ پر

زمین پر ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ زندگی اور موت اسی کے ہاتھ میں ہے۔ لہٰذا تم ایمان لاؤ

وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ

اور اُس کے رسول پر | جو نبی ہے | بغیر پڑھا لکھا | وہ جو | ایمان رکھتا ہے | اللہ پر | اور اُس کے حکموں پر | اور تم پیروی کرو اس کی

اللہ پر، اس کے اُمی رسول ﷺ و نبی ﷺ پر جو اللہ اور اس کی کتابوں پر ایمان رکھتا ہے۔ تم اس کی پیروی کرو

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿158﴾ وَمِنْ قَوْمِ مُوْسٰٓى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ

تاکہ | تم ہدایت پاؤ | اور سے | قوم | موسیٰ کی | ایک گروہ ہے | جو ہدایت کرتے ہیں | ساتھ حق کے

تاکہ ہدایت پاؤ“ اور موسیٰ علیہ السلام کی قوم میں ایسا گروہ بھی ہے جو حق کے مطابق لوگوں کی رہنمائی کرتا اور اس کے مطابق انصاف

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا ؕ وَاَوْحَيْنَاۤ

اور ساتھ اس کے | وہ عدل کرتے ہیں | اور ہم نے کاٹے ان میں سے | بارہ | قبیلے | بڑے بڑے گروہ | اور ہم نے وحی کی

کرتا ہے۔ ہم نے بنی اسرائیل کو بارہ گھرانوں میں تقسیم کر کے ان کے الگ الگ گروہ بنا دیئے۔ جب موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے

اِلٰى مُوْسٰۤى اِذِ اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۚ

طرف | موسیٰ | جب | پانی مانگا اس سے | قوم اس کی نے | یہ کہ | تو مار | اپنا عصا | پتھر کو

پانی مانگا تو ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو حکم بھیجا ”فلاں پتھر پر اپنا عصا مارو“

فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ

پھر پھوٹے | اس سے | بارہ | چشمے | بے شک | معلوم کر لیا | تمام | لوگوں نے

پھر اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے۔ ہر گروہ نے اپنا پانی پینے کا مقام معلوم

مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ

گھاٹ اپنا | اور ہم نے سایہ کیا | اُن پر | بادلوں کا | اور ہم نے اتارا | اُن پر | من | اور سلویٰ

کر لیا۔ ہم نے ان پر بادلوں کا سایہ کیا۔ من و سلویٰ اتارا

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْۤا

تم کھاؤ | سے | پاکیزہ چیزیں | جو | ہم نے دیں تم کو | اور نہیں | انہوں نے نقصان کیا ہمارا | اور لیکن | وہ تھے

کہ کھاؤ ہماری دی ہوئی پاکیزہ روزی! مگر انہوں نے ہمارا کچھ نہیں بگاڑا

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾ وَاِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ وَكُلُوْا

جانوں اپنی پر | وہ ظلم کرتے | اور جب | کہا گیا | اُن کو | تم رہو | اس | بستی میں | اور تم کھاؤ

بلکہ خود اپنا نقصان کرتے رہے۔ یاد کرو جب بنی اسرائیل کو حکم دیا گیا

مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا

اس سے | جہاں | تم چاہو | اور تم کہو | معاف فرما | اور تم داخل ہو | دروازے سے | سجدہ کرتے ہوئے

”اس بستی میں جا کر رہو، وہاں کی پیداوار میں سے جو چاہو کھاؤ پیو اور بخشش مانگو۔ وہاں کے دروازے میں جھکتے ہوئے داخل ہونا۔

نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ

ہم بخش دیں گے | تمہارے لیے | خطائیں تمہاری | عنقریب ہم زیادہ دیں گے | نیکی کرنے والوں کو | پھر بدل ڈالا | جنہوں نے

ایسا کرنے سے ہم تمہاری خطائیں معاف کر دیں گے۔ اور نیکی کرنے والوں کو اور زیادہ دیں گے۔ مگر ان میں سے ظالموں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِجْزًا

ظلم کیا | اُن میں سے | بات کو | خلاف اس کے | جو | کہی گئی تھی | اُن کو | پھر ہم نے بھیجا | اوپر ان کے | عذاب

نے ہمارے حکم کے الفاظ بدل ڈالے۔ اس پر ہم نے ان پر آسمان سے عذاب نازل کیا

مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ ﴿162﴾ ع وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ (20 ع 5 10)

سے | آسمان | بسبب اس کے جو | وہ تھے | وہ ظلم کرتے | اور تو پوچھ ان سے | بارے میں | بستی کے | جو

کیونکہ وہ ظلم کرتے تھے۔ اے نبی ﷺ بنی اسرائیل سے اس بستی کا حال پوچھیں جو سمندر کے کنارے آباد تھی۔ جہاں کے لوگوں

كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِي السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ

تھی | روبرو | سمندر کے | جب | وہ زیادتی کرتے تھے | بارے میں | ہفتے کے دن کے | جب | آتی تھیں ان کے پاس

نے سبت یعنی ہفتے کے دن کی خلاف ورزی کی۔ جب ہفتے کا دن ہوتا تو مچھلیاں

حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ

مچھلیاں ان کی | جس دن ہوتا | ہفتے کا دن ان کا | پانی پر ظاہر ہونے والیاں | اور جس دن | نہ | وہ ہفتہ کرتے

پانی کے اوپر آ جاتیں۔ جب ہفتہ نہ ہوتا تو نہ آتیں۔ اس طرح

لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿163﴾ وَاِذْ قَالَتْ (النصف مع)

نہ آتیں ان کے پاس | اسی طرح | ہم آزماتے تھے ان کو | بسبب اس کے جو | وہ تھے | وہ نافرمانی کرتے | اور جب | کہا

ہم نے ان نافرمانیوں کی وجہ سے ان کو آزمائش میں ڈالا۔ یاد کرو جب اس بستی کے ایک گروہ

اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمَا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ

ایک جماعت نے | ان میں سے | کہ کیوں | تم وعظ کرتے ہو | اس قوم کو کہ | اللہ | ہلاک کرنے والا ہے جن کو | یا | عذاب دینے والا ہے انکو

نے بعض لوگوں سے کہا" تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا ہے یا انہیں سخت عذاب دینے

عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿164﴾

عذاب | سخت | وہ بولے | واسطے معذرت پیش کرنے | طرف | رب تمہارے کی | اور شاید وہ | وہ بچیں

والا ہے؟" انہوں نے جواب دیا" اس لئے تا کہ تمہارے رب کے سامنے عذر پیش کر سکیں کہ ہم نے اپنا فرض ادا کیا اور شاید وہ لوگ

فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ

پھر جب | وہ بھول گئے | جو | وہ نصیحت کیے گئے تھے | ساتھ اس کے | ہم نے نجات دی | ان لوگوں کو جو | منع کرتے تھے | سے

ڈریں۔ پھر جب انہوں نے وہ ساری نصیحتیں بھلا دیں جو انہیں کی گئیں تو ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو برائی سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَئِيْسٍۭ بِمَا كَانُوْا

برائی | اور ہم نے پکڑا | ان کو جو کہ | ظلم کرتے تھے | ساتھ عذاب | برے | بسبب اس کے جو | وہ تھے

روکتے تھے مگر ظالموں کو ان کی نافرمانی کی وجہ سے سخت عذاب میں

يَفْسُقُوْنَ ﴿165﴾ فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا لَهُمْ

وہ نافرمانی کرتے | پھر جب | انہوں نے سرکشی کی | سے | اس چیز جو | وہ منع کیے گئے تھے | جس سے | ہم نے کہا | ان کو

پکڑ لیا۔ پھر جب وہ اس بات میں حد سے زیادہ سرکش ہو گئے جس سے انہیں روکا گیا تو ہم نے انہیں حکم دیا

كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿166﴾ وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ اِلٰى

تم ہو جاؤ | بندر | ذلیل | اور جب | اعلان کر دیا | رب تمہارے نے | ضرور وہ بھیجے گا | اُن پر | تک

"تم ذلیل بندر بن جاؤ" اے نبی ﷺ! آپ ﷺ بنی اسرائیل کو یاد دلائیں جب آپ ﷺ کے رب نے اعلان کیا وہ قیامت

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ

دن | قیامت کے | جو کہ | پہنچائے ان کو | برا | عذاب | بے شک | رب تیرا ہے | ضرور جلد

کے دن تک یہودیوں پر ایسے حکمران مسلط کرتا رہے گا جو انہیں سخت تکلیفیں پہنچاتے رہیں گے۔ اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ

الْعِقَابِ ۖۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿167﴾ وَقَطَّعْنٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ

عذاب دینے والا | اور بے شک وہ ہے | ضرور بخشنے والا | نہایت مہربان | اور ہم نے کاٹ ڈالا ان کو | میں | زمین | گروہوں میں

کا رب جلد سزا دینے والا ہے اور بے شک وہ بخشنے والا مہربان بھی ہے۔ ہم نے بنی اسرائیل کو گروہوں میں بانٹ کر زمین میں منتشر

مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ

اُن میں سے | نیکوکار ہیں | اور اُن میں سے | برخلاف | ان کے | اور ہم نے آزمایا ان کو | ساتھ سکھوں کے

کر دیا۔ ان میں بعض نیک تھے اور بعض نیک نہ تھے۔ ہم انہیں اچھے اور برے حالات سے آزماتے رہے تاکہ

وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿168﴾ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا

اور دکھوں کے | تاکہ وہ | وہ رجوع کریں | پھر جانشین بنے | سے | بعد ان کے | کچھ جانشین | جو وارث ہوئے

وہ ہماری طرف رجوع کریں۔ ان کے بعد ناخلف لوگ آئے جو کتاب توریت کے وارث

الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ

کتاب کے | وہ لیتے تھے | مال | جو | حقیر ہے | اور وہ کہتے تھے | عنقریب بخشش ہوگی | ہمارے لیے

بنے مگر وہ دنیا کے حقیر فائدے کو مقدم رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "یقیناً ہم بخشے جائیں گے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَإِنْ يَأْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهُ يَأْخُذُوهُ ۚ أَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِم مِّيثَاقُ

اور اگر | آئے ان کے پاس | مال | برابر اس کے | وہ لے لیں اسے | کیا نہیں | لیا گیا | اُن پر | عہد

اگر انہیں کوئی دنیوی فائدہ نظر آئے تو اسے لے لیتے ہیں۔ کیا ان سے کتاب میں یہ عہد نہیں لیا گیا

الْكِتَابِ أَن لَّا يَقُولُوا عَلَى اللَّهِ إِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوا مَا فِيهِ ۗ

کتاب کا | یہ کہ | نہ | وہ کہیں | اوپر | اللہ کے | مگر | سچ | اور انہوں نے پڑھا | جو کچھ | اُس میں ہے

کہ وہ حق کے سوا اللہ کی طرف کوئی بات منسوب نہ کریں؟ کیا جو کچھ کتاب میں لکھا ہے وہ اسے پڑھ نہیں چکے؟

وَالدَّارُ الْآخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِينَ يَتَّقُونَ ۗ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ﴿١٦٩﴾ وَالَّذِينَ

اور گھر | آخرت کا | بہتر ہے | اُن لوگوں کے لیے جو | وہ ڈرتے ہیں | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | اور جو لوگ

یہ کہ پرہیزگاروں کے لئے آخرت کا گھر بہتر ہے۔ کیا تم نہیں سمجھتے؟ جو لوگ

يُمَسِّكُونَ بِالْكِتَابِ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ ۗ إِنَّا لَا نُضِيعُ أَجْرَ الْمُصْلِحِينَ ﴿١٧٠﴾

مضبوطی سے پکڑتے ہیں | کتاب کو | اور وہ قائم کرتے ہیں | نماز کو | بے شک ہم | نہیں | ہم ضائع کرتے | اجر | نیکی کرنے والوں کا

اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں تو ایسے نیک لوگوں کا اجر ہم ضائع نہیں کریں گے۔

وَإِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ وَظَنُّوا أَنَّهُ وَاقِعٌ بِهِمْ ج

اور جب | ہم نے اٹھایا | پہاڑ کو | اوپر ان کے | گویا کہ وہ | سائبان ہے | اور انہوں نے سمجھا | یہ کہ وہ | گرنے والا ہے | اُن پر

یاد کرو جب ہم نے بنی اسرائیل کے اوپر پہاڑ کو اٹھایا گویا وہ سائبان ہے۔ انہوں نے سمجھا وہ ان پر آ پڑے گا۔

21 ع 9 11 خُذُوا مَا آتَيْنَاكُم بِقُوَّةٍ وَاذْكُرُوا مَا فِيهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ﴿١٧١﴾ ع وَإِذْ

تم پکڑو | جو کچھ | ہم نے دیا تم کو | ساتھ مضبوطی کے | اور تم یاد کرو | جو کچھ | اس میں ہے | تا کہ تم | بچو | اور جب

اس وقت ہم نے انہیں حکم دیا اس توریت کو جو ہم نے تمہیں دی ہے مضبوطی سے پکڑو اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد رکھو

أَخَذَ رَبُّكَ مِن بَنِي آدَمَ مِن ظُهُورِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَأَشْهَدَهُمْ

لیا | تیرے رب نے | سے | بیٹوں | آدم کے | سے | پیٹھوں ان کی | اولاد ان کی کو | اور اس نے گواہ بنایا ان کو

تا کہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ اے نبی ﷺ! یاد کریں جب آپ ﷺ کے رب نے بنی آدم علیہ السلام کی پیٹھوں سے ان کی اولاد کو نکالا

عَلَىٰ أَنفُسِهِمْ أَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۖ قَالُوا بَلَىٰ ۛ شَهِدْنَا ۛ أَن تَقُولُوا مع

پر | اُن کی جانوں | کیا نہیں ہوں میں | رب تمہارا | وہ بولے | ہاں کیوں نہیں | ہم نے گواہی دی | ایسا نہ ہو کہ | تم کہو

اور ساری روحوں سے عہد لیا۔ انہیں ان کی فطرت پر گواہ بنا کر پوچھا ”کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟“ انہوں نے جواب دیا ”ہاں“

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷۲﴾ اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ

دن | قیامت کے | بے شک ہم | ہم تھے | سے | اس | غافل | یا | تم کہو | بے شک جو

ہم اقرار کرتے ہیں''۔ یہ عہد اس لئے لیا گیا تا کہ تم قیامت کے دن یہ عذر نہ کر سکو ہمیں اس کی خبر نہ تھی۔ یا یہ کہنے لگو ''اے رب!

اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا

شرک کیا تھا | ہمارے باپ دادا نے | سے | پہلے | اور ہم تو تھے | اولاد | سے | بعد ان کے | کیا پس تو ہلاک کرتا ہے ہم کو

شرک تو ہمارے باپ دادا نے ہم سے پہلے کیا تھا۔ ہم تو ان کے بعد ان کی نسل میں سے دنیا میں آئے۔ کیا اب تو ہمیں ہلاک و برباد

بِمَا فَعَلَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۷۴﴾

اس پر | جو کیا | جھوٹوں نے | اور اسی طرح | ہم مفصل بیان کرتے ہیں | آیتوں کو | اور تا کہ وہ | وہ رجوع کریں

کرے گا اس جرم پر جو غلط کار لوگوں نے کیا'' اور دیکھو! اس طرح ہم اپنی آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں تا کہ لوگ

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ

اور تو پڑھ کر سنا | اُن پر | قصہ | اس شخص کا | ہم نے دیں جس کو | آیتیں اپنی | پھر وہ گزر گیا | ان میں سے | پھر پیچھے لگا لیا اس کو

ہماری طرف رجوع کریں۔ اے نبی ﷺ لوگوں کو اس شخص کا حال سنائیں جسے ہم نے ہدایت کی نشانیاں دیں مگر وہ ان سے نکل

الشَّيْطٰنُ فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ ﴿۱۷۵﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا

شیطان نے | پھر وہ ہو گیا | سے | گمراہوں میں | اور اگر | ہم چاہتے | ضرور ہم بلند کر دیتے اسے | ساتھ ان نشانیوں کے

بھاگا۔ پھر شیطان اس کے پیچھے لگ گیا اور وہ گمراہ ہو گیا۔ اگر ہم چاہتے تو اسے ہدایت کی انہی نشانیوں کے ذریعے

وَلٰكِنَّهٗٓ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ

اور لیکن وہ | ہمیشہ رہا | طرف | زمین کی | اور اس نے پیروی کی | خواہش اپنی کی | پس مثال اس کی | جیسے مثال | کتے کی ہے

بلندی عطا کرتے مگر وہ پستی کی طرف جھکا اور اپنی خواہشوں کی پیروی کرنے لگا۔ پھر اس کی مثال

اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ

اگر | تو بوجھ رکھے | اُس پر | وہ زبان لٹکائے | یا | تو چھوڑ دے اس کو | وہ زبان لٹکائے | یہ ہے | مثال | ان لوگوں کی

کتے کی سی ہو گئی۔ جسے تم دھتکارو جب بھی ہانپے اگر چھوڑ دو جب بھی ہانپے۔ یہ مثال ان لوگوں کی ہے جنہوں نے

الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۷۶﴾

جنہوں نے | جھٹلایا | ہماری آیتوں کو | پس تو بیان کر | قصے | تا کہ وہ | وہ غور و فکر کریں

ہماری نشانیوں کو جھٹلایا۔ اے نبی ﷺ! لوگوں کو یہ واقعات سنائیں تا کہ وہ سوچیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَآءَ مَثَلًا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا

بری ہے | مثال | ان لوگوں کی | جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | اور جانوں اپنی پر | وہ تھے

کیسی بری حالت ہے ان لوگوں کی جو ہماری نشانیوں کو جھٹلاتے اور اپنا نقصان کرتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے جنہیں

يَظْلِمُوْنَ ﴿177﴾ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ

وہ ظلم کرتے | جسے | ہدایت دے | اللہ | تو وہی ہے | ہدایت پانے والا | اور جسے | وہ گمراہ کرے | تو ایسے لوگ

اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پاسکتے ہیں اور جنہیں وہ گمراہ کردے وہ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿178﴾ وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ

وہی ہیں | نقصان اٹھانے والے | اور بے شک | ہم نے پیدا کئے | دوزخ کے لیے | بہت | سے | جنوں | اور انسانوں سے

گھاٹے میں ہیں۔ دراصل ہم نے بہت سے جنوں اور انسانوں کو ان کے برے اعمال کی وجہ سے دوزخ کے لئے پیدا کیا ہے

لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ

اُن کے | دل ہیں | جونہیں | وہ سمجھتے | ساتھ ان کے | اور اُن کی | آنکھیں ہیں | جونہیں | وہ دیکھتے | ساتھ ان کے

ان کے دل ہیں جن سے وہ سمجھتے نہیں۔ ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے نہیں

وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ

اور اُن کے | کان ہیں | جونہیں | وہ سنتے | ساتھ ان کے | یہ ایسے لوگ ہیں | جیسے جانور | بلکہ | وہ ہیں

ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے نہیں۔ وہ ایسے ہیں جیسے جانور بلکہ ان سے بھی گئے گزرے

اَضَلُّ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿179﴾ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ

زیادہ گمراہ | یہ لوگ | وہی ہیں | غافل | اور اللہ کے ہیں | نام | اچھے | پس تم پکارو اسے

یہی لوگ ہیں جو غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔ اللہ کے سب اچھے نام ہیں۔ تم اسے جس اچھے نام سے چاہو

بِهَا ۠ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ ۭ سَيُجْزَوْنَ مَا

ساتھ ان کے | اور تم چھوڑ دو | ان لوگوں کو جو | ٹیڑھ پیدا کرتے ہیں | میں | ناموں اس کے | عنقریب اُن کو سزا ملے گی | جو کچھ

پکارو اور ان لوگوں کو چھوڑ دو جو اللہ کے ناموں میں بے راہ روی اختیار کرتے ہیں۔ وہ اپنے کئے کا بدلہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿180﴾ وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ بِالْحَقِّ وَبِهٖ

وہ تھے | وہ کرتے | اور اُن میں سے جو | ہم نے پیدا کئے | ایک جماعت ہے | جو راہ دکھاتے ہیں | ساتھ حق کے | اور ساتھ اس کے

پائیں گے۔ اور ہمارے پیدا کئے ہوئے انسانوں میں سے ایک گروہ ایسا بھی رہا جو لوگوں کی صحیح رہنمائی کرتا اور حق کے مطابق

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

22 ع 10 12

يَعْدِلُوْنَ ﴿181﴾ وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ

وہ عدل کرتے ہیں | اور جنہوں نے | انکار کیا | ہماری آیتوں کا | ضرور ہم آہستہ آہستہ کھینچیں گے ان کو | سے | جہاں

انصاف کرتا رہا۔ جن لوگوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا۔ ہم انہیں آہستہ آہستہ پکڑیں گے ایسی جگہ سے جہاں سے

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿182﴾ وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿183﴾

نہیں | وہ جانتے | اور میں مہلت دیتا ہوں | ان کو | بے شک | چال میری | مضبوط ہے

ان کو خبر نہ ہو گی۔ ابھی میں انہیں ڈھیل دے رہا ہوں۔مگر میرا داؤ بڑا مضبوط ہے۔ کیا ان مشرکوں

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿184﴾

کیا نہیں انہوں نے غور کیا | نہیں ہے | اُن کے ساتھی | کوئی | جنوں | نہیں ہے | وہ | مگر | خبر دار کرنے والا | ظاہر

نے غور نہیں کیا کہ ان کا ساتھی دیوانہ نہیں۔وہ صاف خبردار کرنے والا نبی ﷺ ہے۔

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ

کیا نہیں | انہوں نے دیکھا | میں | بادشاہی | آسمانوں | اور زمین کی | اور جو کچھ | پیدا کیا | اللہ نے | سے

کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کے نظام کو اور ان چیزوں کو جو اللہ نے پیدا کی ہیں نہیں دیکھا؟

شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ

کسی چیز | اور یہ کہ | جلدی ہے | یہ کہ | ہو | بے شک | قریب آئی | اجل ان کی | پھر ساتھ کون سی | بات کے

اور یہ غور نہیں کیا ممکن ہے ان کے خاتمے کے وقت قریب آ گیا ہو؟ اس قرآن کے بعد وہ کس

بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿185﴾ مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ ۭ

بعد اس کے | وہ ایمان لائیں گے | جسے | گمراہ کرے | اللہ | پھر نہیں | کوئی ہدایت دینے والا | اس کو

بات پر ایمان لائیں گے؟ حقیقت یہ ہے جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔

وَيَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿186﴾ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ

اور وہ چھوڑتا ہے ان کو | میں | اُن کی سرکشی | وہ بھٹکتے پھرتے ہیں | وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | قیامت کے

اللہ نے ان کافروں کو ان کی سرکشی میں چھوڑ رکھا ہے کہ بھٹکتے پھریں۔ اے نبی ﷺ ! کافر لوگ آپ ﷺ سے قیامت کے بارے

اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا

کب ہے | قائم ہونا اس کا | کہہ دیجئے | بے شک | علم اس کا ہے | پاس | رب میرے کے | نہیں | وہ ظاہر کرے گا اسے

میں پوچھتے ہیں کب واقع ہو گی۔ آپ ﷺ جواب دیں " اس کا علم میرے رب کے پاس ہے۔ وہی اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقف منزل — وقف لازم

لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا

اس کے وقت پر | مگر | وہی | بھاری ہوئی ہے | میں | آسمانوں | اور زمین | نہیں | وہ آئے گی تمہارے پاس | مگر

مقررہ وقت پر ظاہر کرے گا۔ وہ آسمانوں اور زمین پر بڑی بھاری ہے جب آئے گی تو اچانک آئے

بَغْتَةً يَسْـَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا

اچانک | وہ پوچھتے ہیں آپ سے | جیسے کہ تو ہو | آگاہ | بارے میں اس کے | کہہ دیجئے | بے شک | علم اس کا ہے

گی‘‘۔اے نبی ﷺ! یہ لوگ قیامت کے بارے میں آپ ﷺ سے اس طرح پوچھتے ہیں جیسے آپ ﷺ نے اس کی تحقیق کی

عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿187﴾ قُلْ لَّآ اَمْلِكُ

پاس | اللہ کے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ جانتے | تو کہہ | نہیں | میں اختیار رکھتا

ہوئی ہے۔ آپ ﷺ کہہ دیں ’’اس کا علم صرف اللہ کو ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے‘‘ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں

لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ

اپنی جان کے | نفع کا | اور نہ | نقصان کا | مگر | جو کچھ | چاہے | اللہ | اور اگر | میں ہوتا | میں جانتا

’’میں اپنے نفع نقصان کا اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔ اگر میں غیب جانتا ہوتا تو اپنے لئے بہت سے فائدے

الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ اِنْ اَنَا اِلَّا مع

غیب کو | تو بہت لے لیتا | سے | بھلائی | اور نہ | چھوتی مجھے | تکلیف | نہیں | میں | مگر

سمیٹ لیتا اور مجھے کبھی نقصان نہ پہنچتا۔ میرا کام لوگوں کو خبردار

نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿188﴾ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ 23 ع 7 13

خبردار کرنے والا | اور خوشخبری دینے والا | اُن لوگوں کے لیے جو | ایمان لاتے ہیں | وہی ہے | جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے

کرنا اور ایمان والوں کو خوشخبری سنانا ہے۔ وہی اللہ ہے جس نے تمہیں ایک جان سے

نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّجَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا لِيَسْكُنَ اِلَيْهَا فَلَمَّا

جان | ایک | اور بنایا | اُس کی قسم سے | جوڑا اس کا | تا کہ وہ سکون پائے | طرف اس کی | پھر جب

پیدا کیا۔ اسی کی جنس سے اس کا جوڑا بنایا تا کہ وہ ایک دوسرے سے سکون حاصل کریں۔ جب مرد

تَغَشّٰىهَا حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِيْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ فَلَمَّآ اَثْقَلَتْ

اس نے ڈھانپ لیا اس کو | اس نے حمل اٹھایا | حمل | ہلکا | تو وہ چلتی پھرتی رہی | ساتھ اس کے | پھر جب | وہ بوجھل ہوگئی

عورت کو ڈھانپ لیتا ہے تو عورت کو ہلکا سا حمل ہو جاتا ہے جسے لئے ہوئے وہ چلتی پھرتی ہے۔ جب بوجھل ہو جاتی ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا لَئِنْ اٰتَيْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿١٨٩﴾

دونوں نے پکارا | اللہ | رب اپنے کو | اگر | تو دے گا ہمیں | تندرست | ضرور ہم ہوں گے | سے | شکر کرنے والوں

تو دونوں میاں بیوی اپنے رب اللہ سے دعا مانگتے ہیں ''اگر تو نے ہمیں تندرست اولاد دی تو ہم تیرے شکر گزار رہیں گے''

فَلَمَّآ اٰتٰهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ فِيْمَآ اٰتٰهُمَا ۚ فَتَعٰلَى

پھر جب | اس نے دیا ان کو | تندرست | تو دونوں نے بنائے | اُس کے | شریک | اس میں جو | اس نے دی ان کو | پس بلند ہے

مگر جب اللہ انہیں تندرست اولاد دیتا ہے تو اسی کی دی ہوئی چیز میں دوسروں کو اس کا شریک بناتے ہیں۔ مگر یاد رکھو! اللہ کی ذات ان

اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١٩٠﴾ اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّهُمْ

اللہ | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | کیا وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اسے جو | نہیں | پیدا کرتا | کوئی چیز | اور وہ تو خود

کے شرک سے ماورا ہے۔ کیا وہ اللہ کے ساتھ ایسے معبودوں کو شریک بناتے ہیں جو کوئی چیز پیدا نہیں کر سکتے

يُخْلَقُوْنَ ﴿١٩١﴾ وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿١٩٢﴾

پیدا کیے جاتے ہیں | اور نہیں | وہ طاقت رکھتے | اُن کی | مدد کرنے کی | اور نہ | جانوں اپنی کی | وہ مدد کرتے ہیں

بلکہ خود مخلوق ہیں۔ نہ اپنے پجاریوں کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی مدد کر سکتے ہیں۔

وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ

اور اگر | تم بلاؤ ان کو | طرف | ہدایت کی | نہیں | وہ پیروی کریں گے تمہاری | برابر ہے | اُن پر

تم انہیں رہنمائی کے لئے پکارو تو تمہارا ساتھ نہ دے سکیں۔ تمہارا ان کو بلانا نہ

اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿١٩٣﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

خواہ تم پکارو ان کو | یا | تم | خاموش رہو | بے شک | جن کو | تم پکارتے ہو | ماسوا

بلانا برابر ہے۔ مشرک لوگو! تم جنہیں اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ تمہارے

اللّٰهِ عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ کے | بندے ہیں | تم جیسے | پس تم پکارو ان کو | پھر چاہیے کہ وہ جواب دیں | تم کو | اگر | تم ہو

جیسے بندے ہیں۔ تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو انہیں پکار کر دیکھو وہ کیا جواب دے سکتے ہیں۔

صٰدِقِيْنَ ﴿١٩٤﴾ اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۫ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ

سچے | کیا اُن کے ہیں | پاؤں | وہ چلتے ہیں | اُن سے | یا | اُن کے | ہاتھ ہیں | وہ پکڑتے ہیں

کیا ان بتوں کے پاؤں ہیں جن سے وہ چلتے ہیں؟ کیا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِهَآ ۚ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۚ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ

ساتھ جن کے | یا | واسطے ان کے | آنکھیں ہیں | وہ دیکھتے ہیں | ساتھ جن کے | یا | اُن کے | کان ہیں | وہ سنتے ہیں

ہیں ؟ کیا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں ؟ کیا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے

بِهَا ۗ قُلِ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿195﴾ اِنَّ

ساتھ جن کے | کہہ دیجئے | تم پکارو | اپنے شریکوں کو | پھر | چال چلو میرے خلاف | پھر نہ | تم ڈھیل دو مجھے | بے شک

ہیں؟ اے نبی ﷺ ! آپ ﷺ ان سے کہیں ”تم اپنے بنائے ہوئے شریکوں کو بلاؤ۔ پھر سب مل کر میرے خلاف اپنی چالیں چلو

وَلِیِّ ۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿196﴾ وَالَّذِيْنَ

دوست میرا | اللہ ہے | جس نے | نازل کی | کتاب | اور وہ | دوستی رکھتا ہے | نیکوں سے | اور جن کو

اور مجھے مہلت نہ دو۔ یقیناً میرا کارساز اللہ ہے جس نے مجھ پر قرآن نازل کیا۔ وہی اپنے نیک بندوں کے کام بناتا ہے“ جنہیں تم

تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ

تم پکارتے ہو | ماسوائے اس کے | نہیں | طاقت رکھتے | مدد تمہاری کی | اور نہ | جانوں اپنی کی

لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں اور نہ اپنی مدد کر

يَنْصُرُوْنَ ﴿197﴾ وَاِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا يَسْمَعُوْا ۗ وَتَرٰىهُمْ

وہ مدد کرتے ہیں | اور اگر | تو بلائے ان کو | طرف | ہدایت کے | نہ | وہ سنیں | اور تو دیکھے ان کو

سکتے ہیں۔ اگر تم انہیں سیدھی راہ کی طرف بلاؤ وہ تمہاری بات نہیں سن سکتے۔ تمہیں نظر آتا ہے

يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ وَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿198﴾ خُذِ الْعَفْوَ وَاْمُرْ بِالْعُرْفِ

وہ نگاہیں کرتے ہیں | طرف تیری | جبکہ وہ | نہیں | وہ دیکھتے | تو کام لے | درگزر سے | اور تو حکم دے | نیکی کا

وہ تمہارے طرف دیکھ رہے ہیں حقیقت میں وہ کچھ نہیں دیکھتے۔ اے نبی ﷺ ! آپ ﷺ درگزر کریں نیکی کا حکم دیں

وَاَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿199﴾ وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ

اور تو منہ پھیر لے | سے | جاہلوں | اور اگر | وسوسہ لگے تجھے | طرف سے | شیطان کی | کوئی وسوسہ

اور جاہلوں سے نہ الجھیں۔ اگر کبھی شیطان وسوسہ ڈالے

فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿200﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا

تو تو پناہ لے | اللہ کی | بے شک وہ | وہی سننے والا | خوب جاننے والا | بے شک | جو لوگ | تقویٰ اختیار کرتے ہیں | جب

تو اللہ کی پناہ مانگیں، بے شک وہ سننے والا جاننے والا ہے۔ جو لوگ پرہیزگار ہیں انہیں جب کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ﴿201﴾ ج

لگتا ہے ان کو | کوئی وسوسہ | طرف سے | شیطان کی | چوکنے ہو جاتے ہیں | پھر اچانک وہ | دیکھنے لگتے ہیں

شیطانی وسوسہ لاحق ہوتا ہے تو فوراً چونک پڑتے ہیں اور پھر صحیح راہ پا لیتے ہیں۔

وَاِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِي الْغَيِّ ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿202﴾ وَاِذَا لَمْ

اور بھائی ان کے | کھینچتے ہیں ان کو | میں | گمراہی | پھر | نہیں | وہ کمی کرتے | اور جب | نہیں

مگر جو شیطان کے بھائی ہیں وہ انہیں گمراہی میں کھینچے چلے جاتے ہیں پھر کوئی کسر نہیں چھوڑتے۔ اے نبی ﷺ جب

تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْلَا اجْتَبَيْتَهَا ط قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ

تو لاتا ان کے پاس | کوئی معجزہ | وہ کہتے ہیں | کیوں نہ | تو کھینچ لایا اسے | کہہ دیجئے | بے شک | میں پیروی کرتا ہوں

آپ ﷺ ان کافروں کو ان کا کوئی فرمائشی معجزہ نہیں دکھاتے تو وہ کہتے ہیں ''کیوں اپنی طرف سے نہیں دکھا دیتے؟'' آپ ﷺ

مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ ج هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى

اس چیز کی جو | وحی کی جاتی ہے | طرف میری | سے | رب میرے | یہ ہیں | روشن دلیلیں | سے | رب تمہارے | اور ہدایت ہے

کہیں ''میں تو اس کی پیروی کرتا ہوں جو میرے رب کی طرف سے مجھ پر وحی کی جاتی ہے'' اے لوگو! یہ بصیرت افروز قرآن ہے جو

وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿203﴾ وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ

اور رحمت ہے | واسطے ان لوگوں کے جو | ایمان لاتے ہیں | اور جب | پڑھا جائے | قرآن | تو تم سنو | اس کو

تمہارے رب کی طرف سے نازل ہوا اور جو ان لوگوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے جو ایمان رکھتے ہیں'' مسلمانو! جب قرآن

وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿204﴾ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا

اور تم خاموش رہو | تاکہ تم | تم پر رحم کیا جائے | اور تو یاد کر | رب اپنے کو | میں | اپنے دل | عاجزی سے

پڑھا جائے تو توجہ سے سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحمت کی جائے۔ اور اپنے رب کو صبح و شام یاد کرو

وَّخِيْفَةً وَّدُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ

اور ڈر سے | اور کم | آواز سے | سے | بات | صبح کو | اور شام کو | اور نہ | تو ہو

اپنے دل میں، عاجزی سے، ڈر سے، بغیر اونچی آواز کے، آہستہ آہستہ۔ اور غافلوں

مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿205﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ

سے | غافلوں | بے شک | جو لوگ | نزدیک ہیں | رب اپنے کے | نہیں | وہ تکبر کرتے | سے

میں سے نہ بنو۔ بے شک اللہ کے ہاں جو فرشتے ہیں وہ اس کی عبادت سے منہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِبَادَتِهٖ وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۩ ﴿206﴾

بندگی اس کی | اور وہ تسبیح کرتے ہیں اس کی | اور اُسی کو | وہ سجدہ کرتے ہیں۔

نہیں موڑتے بلکہ اس کی تسبیح کرتے اور اس کو سجدہ کرتے ہیں۔

(8) سُوْرَةُ الْاَنْفَالِ مَدَنِيَّةٌ (88)

اٰیاتُھا 75 — رُکُوعاتُھا 10

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا

وہ سوال کرتے ہیں تجھ سے | بارے میں | مالِ غنیمت کے | کہہ دیجئے | مالِ غنیمت ہے | اللہ کے لیے | اور رسول کے لیے | پس تم ڈرو

اے نبی ﷺ لوگ آپ ﷺ سے مالِ غنیمت کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ آپ ﷺ کہیں مالِ غنیمت اللہ اور اس کے

اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ

اللہ سے | اور تم درست رکھو | معاملے | درمیان اپنے کے | اور تم فرماں برداری کرو | اللہ کی | اور اُس کے رسول کی | اگر | تم ہو

رسول ﷺ کا ہے۔تم اللہ سے ڈرو اور آپس کے تعلقات ٹھیک رکھو۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو اگر تم سچے

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿1﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ

ایمان والے | بے شک | ایمان والے | وہ لوگ ہیں | کہ جب | ذکر کیا جائے | اللہ | ڈر جاتے ہیں

مومن ہو۔ ایمان والے وہ ہیں جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل

قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ

دل ان کے | اور جب | پڑھی جاتی ہیں | اُن پر | آیتیں اس کی | وہ بڑھاتی ہیں ان کے لئے | ایمان کو | اور اوپر | رب اپنے کے

دہل جاتے ہیں۔ جب اللہ کی آیتیں ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان بڑھا دیتی ہیں اور وہ اپنے رب پر

يَتَوَكَّلُوْنَ ۚ﴿2﴾ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ؕ﴿3﴾

وہ توکل کرتے ہیں | وہ لوگ جو | قائم رکھتے ہیں | نماز کو | اور اُس سے جو | ہم نے دیا ان کو | وہ خرچ کرتے ہیں

بھروسا کرتے ہیں۔ نماز قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ

وہ لوگ | وہی ہیں | ایمان والے | سچے | ان کے لیے ہیں | درجے | پاس | اُن کے رب کے | اور بخشش ہے

یہی لوگ سچے مومن ہیں۔ ان کے لئے ان کے رب کے پاس بڑے درجے ہیں۔ بخشش ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ

اور اُس کا رسول | پھر | تم لوٹائے جاؤ گے | طرف | جاننے والے | غیب کے | اور ظاہر کے | پھر وہ بتائے گا تمہیں

تمہارے اعمال دیکھیں گے۔ پھر تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے جو ظاہر اور غیب کا علم رکھنے والا ہے۔ وہ تمہیں بتا دے گا

بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿94﴾ سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا انْقَلَبْتُمْ

جو کچھ | تم تھے | تم عمل کرتے | جلد وہ قسمیں کھائیں گے | اللہ کی | تمہارے لیے | جب | تم مڑو گے

جو کچھ تم کرتے رہے“ مسلمانو! منافق لوگ تمہاری واپسی پر تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے

اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ؕ اِنَّهُمْ رِجْسٌ ز

اُن کی طرف | تاکہ تم منہ پھیرلو | ان سے | پس تم منہ پھیرلو | ان سے | بے شک وہ | گندے ہیں

تاکہ تم ان سے درگزر کرو۔ لہٰذا تم ان سے درگزر کرو۔ وہ ناپاک ہیں۔

وَّمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿95﴾ يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ

اور ٹھکانا ان کا | دوزخ ہے | بدلہ ہے | جو | وہ تھے | وہ کماتے | وہ قسمیں کھاتے ہیں | تمہارے لیے

ان کا ٹھکانا دوزخ ہے جو ان کے کرتوتوں کا بدلہ ہے۔ وہ تمہارے سامنے قسمیں کھائیں گے

لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ

تاکہ تم راضی ہوجاؤ | ان سے | پس اگر | تم راضی ہوگئے | ان سے | تو بے شک | اللہ | نہیں | راضی ہوگا | سے

تاکہ ان سے راضی ہو جاؤ۔ لیکن اگر تم ان سے راضی بھی ہو جاؤ تو اللہ ہرگز

الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿96﴾ اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ

لوگوں | نافرمان | بدو لوگ | بہت سخت ہیں | کفر میں | اور منافقت میں | اور زیادہ بیچارے ہیں

ایسے نافرمانوں سے راضی نہ ہو گا۔ دیہاتی لوگ کفر و منافقت میں زیادہ سخت ہیں اور جہالت کی وجہ سے دین

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلَّا يَعْلَمُوا حُدُودَ مَا أَنزَلَ اللَّهُ عَلَىٰ رَسُولِهِ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿97﴾

کہ نہیں وہ جانتے | حدوں کو | جو | نازل کیں | اللہ نے | پر | اپنے رسول | اور اللہ ہے | بہت جاننے والا | خوب حکمت والا

کے احکام نہیں جانتے جو اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر نازل کئے۔ اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔

وَمِنَ الْأَعْرَابِ مَن يَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ مَغْرَمًا وَيَتَرَبَّصُ بِكُمُ

اور بعض | بدو ہیں | جو | سمجھتے ہیں | اسے جو وہ | خرچ کرتے ہیں | چٹی | اور وہ انتظار میں ہیں | تمہارے لئے

دیہاتیوں میں ایسے بھی ہیں جو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کو جرمانہ سمجھتے ہیں اور تمہارے لئے زمانے کی

الدَّوَائِرَ ۚ عَلَيْهِمْ دَائِرَةُ السَّوْءِ ۗ وَاللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ﴿98﴾ وَمِنَ

زمانے کی گردشوں کی | اُن پر ہے | گردش | برائی کی | اور اللہ ہے | بہت سننے والا | خوب جاننے والا | اور بعض

گردشوں کے منتظر ہیں۔ حالاں کہ برے دن خود ان پر آنے والے ہیں۔ اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ دیہاتیوں میں

الْأَعْرَابِ مَن يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنفِقُ

بدو ہیں | جو | ایمان لاتے ہیں | اللہ پر | اور دن | آخرت پر | اور سمجھتے ہیں | ان کو جو | وہ خرچ کرتے ہیں

وہ بھی ہیں جو اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں، اسے اللہ

قُرُبَاتٍ عِندَ اللَّهِ وَصَلَوَاتِ الرَّسُولِ ۚ أَلَا إِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ۚ

تقرب کا ذریعہ | نزدیک اللہ کے | اور دعائے خیر | رسول کی | آگاہ رہو | بے شک وہ | قرب کا ذریعہ ہے | ان کے لئے

کے ہاں قرب کا سبب اور رسول ﷺ کی دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔ یقیناً ان کا مال خرچ کرنا اُن کے لئے قرب کا

12 ع 10 1 سَيُدْخِلُهُمُ اللَّهُ فِي رَحْمَتِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿99﴾ ع وَالسَّابِقُونَ

عنقریب داخل کرے گا ان کو | اللہ | میں | اپنی رحمت | بے شک | اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور سبقت لے جانے والے ہیں

ذریعہ ہے۔ اللہ عنقریب انہیں اپنی رحمت کے سائے میں جگہ دے گا۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ مہاجرین

الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ لا

پہلے لوگ | سے | مہاجرین | اور انصار سے | اور جنہوں نے | پیروی کی ان کی | نیکی کے ساتھ

اور انصار میں جو لوگ سب سے مقدم ہیں اور وہ جنہوں نے خوبی کے ساتھ ان کی پیروی کی،

رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي

راضی ہوا | اللہ | ان سے | اور وہ راضی ہوئے | اس سے | اور اس نے تیار کئے ہیں | ان کے لئے | باغات | بہتی ہیں

اللہ اُن سب سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے" اللہ نے اُن کے لئے ایسے باغ تیار کر رکھے ہیں جن میں نہریں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿100﴾ وَمِمَّنْ

نیچے جن کے | نہریں | ہمیشہ رہنے والے | اس میں | ہمیشہ | یہ ہے | کامیابی | بہت بڑی | اور ان لوگوں سے جو

بہتی ہوں گی۔ وہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ بڑی کامیابی ہے۔ مسلمانو! تمہارے

حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ؕ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى

اردگرد تمہارے ہیں | سے | بدوؤں میں | منافق ہیں | اور بعض | لوگ مدینے کے بھی | وہ بضد ہوئے | اوپر

مع وقف منزل

گرد وپیش بسنے والے دیہاتیوں میں بعض منافق ہیں اور خود مدینے والوں میں بھی ہیں جو نفاق میں پختہ

النِّفَاقِ ۛ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ

منافقت کے | نہیں | تو جانتا ان کو | ہم | ہم جانتے ہیں ان کو | جلد ہم عذاب دیں گے ان کو | دوبار | پھر

ہو گئے ہیں۔ تم انہیں نہیں جانتے، ہم انہیں جانتے ہیں۔ ہم انہیں دوہرا عذاب دیں گے۔ پھر وہ

يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ﴿101﴾ وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا

وہ لوٹائے جائیں گے | طرف | عذاب | بڑے کی | اور دوسرے لوگ | جو اقرار کرتے ہیں | اپنے گناہوں کا | ملا دیا ہے انہوں نے

بہت بڑے عذاب کی طرف دھکیلے جائیں گے۔ ان میں کچھ ایسے ہیں جنہوں نے اپنے قصوروں کا اعتراف کر لیا۔ انہوں نے

عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ

کوئی عمل | اچھا | اور کوئی دوسرا | برا | امید ہے | اللہ | یہ کہ | توبہ قبول کرے | ان کی | بے شک

ملے جلے عمل کیے ہیں کچھ اچھے، کچھ برے۔ امید ہے اللہ ان کی توبہ قبول کرے گا۔ بے شک

اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿102﴾ خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ

اللہ ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | لیجیے | سے | اُن کے مالوں | زکوٰۃ | تاکہ تو پاک کرے ان کو | اور تزکیہ کرے ان کا

وہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کے مال سے زکوٰۃ لیں۔ اس کے ذریعے آپ ﷺ انہیں پاک کریں،

بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

اُس سے | اور تو دعائے خیر کر | اُن پر | بے شک | دعا تیری | تسکین ہے | ان کے لئے | اور اللہ ہے | خوب سننے والا

ان کا تزکیہ اور ان کے لئے دعا کریں۔ بے شک آپ ﷺ کی دعا ان کے لئے باعثِ تسکین ہوگی۔ اللہ سب کچھ سننے والا جاننے

عَلِيْمٌ ﴿103﴾ اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ

خوب جاننے والا | کیا نہیں | انہوں نے جانا | کہ | اللہ | وہی ہے | جو قبول کرتا ہے | توبہ | سے | اپنے بندوں

والا ہے۔ کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ وَقُلِ اعْمَلُوْا

اور وہ لیتا ہے | زکوٰۃ | اور یہ کہ | اللہ | وہی ہے | بہت توبہ قبول کرنیوالا | نہایت مہربان | اور کہہ دیجئے | تم عمل کرو

اور ان کے صدقات قبول کرتا ہے؟ اللہ توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”تم اپنی

فَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى

پھر ضرور دیکھے گا | اللہ | تمہارے عمل | اور اُس کا رسول | اور ایمان والے | اور ضرور تم لوٹائے جاؤ گے | طرف

جگہ کام کرتے رہو اور تمہارے کاموں کو اللہ، اس کا رسول ﷺ اور ایمان والے دیکھیں گے۔ تم جلد اس خدا کے

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۚ﴿۱۰۵﴾ وَاٰخَرُوْنَ

جاننے والے | غیب کے | اور ظاہر کے | پھر وہ بتائے گا تمہیں | جو | تم تھے | تم کرتے | اور دوسرے لوگ

سامنے پیش کئے جاؤ گے جو ظاہر اور غیب کا علم رکھتا ہے۔ پھر وہ تمہیں بتا دے گا جو کچھ تم کرتے رہے۔ ان کے علاوہ

مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ

منتظر ہیں | حکم کے | اللہ کے | یا | وہ عذاب دے گا ان کو | اور یا | وہ توبہ قبول کرے گا | ان کی | اور اللہ ہے

کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ اللہ کا حکم آنے تک رُکا ہوا ہے۔ وہ انہیں سزا دے گا یا ان کی توبہ قبول فرمائے گا۔ اللہ سب

عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا

بہت جاننے والا | بڑی حکمت والا | اور جن لوگوں نے | بنائی | ایک مسجد | نقصان پہنچانے کے لئے | اور کفر کے لئے | اور تفرقہ ڈالنے

کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔ کچھ منافقوں نے ”مسجد“ کے نام سے عمارت بنائی تا کہ اسلام کو نقصان پہنچائیں

بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ

درمیان | ایمان والوں کے | اور مورچہ | اس کیلئے جو | لڑائی کر رہا ہے | اللہ سے | اور اس کے رسول | سے | پہلے

کفر پھیلائیں، مسلمانوں میں پھوٹ ڈالیں اور ان لوگوں کے لئے اڈا فراہم کریں جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے جنگ کر چکے

وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ

اور ضرور قسمیں کھائیں گے | یہ کہ نہیں | ہم نے ارادہ کیا | مگر | نیک کام کا | اور اللہ | گواہی دیتا ہے | کہ وہ

ہیں۔ جب ان سے پوچھا جائے گا تو قسمیں کھا کر کہیں گے ہم نے یہ کام صرف بھلائی کی خاطر کیا۔ مگر اللہ گواہ ہے وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ

واقعی جھوٹے ہیں | نہ | تو کھڑا ہو | اس میں | کبھی | البتہ وہ مسجد | بنیاد رکھی گئی | پر | تقویٰ | سے

جھوٹے ہیں۔ لہٰذا اے نبی ﷺ آپ ﷺ اس عمارت میں کبھی کھڑے نہ ہوں، بلکہ جس مسجد کی بنیاد اوّل

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَوَّلِ يَوْمٍ أَحَقُّ أَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ أَنْ

پہلے | دن | بہت حقدار ہے | کہ | تو کھڑا ہو | اس میں | اس میں | مرد ہیں | جو چاہتے ہیں | کہ

دن سے تقوے پر رکھی گئی وہ اس لائق ہے کہ آپ ﷺ اُس میں کھڑے ہوں۔ اُس میں ایسے لوگ ہیں جو پاک رہنے کو

يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿108﴾ أَفَمَنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى

وہ پاک ہو جائیں | اور اللہ | پسند کرتا ہے | پاک ہونے والوں کو | کیا پس جو کوئی | بنیاد رکھے | اپنی عمارت کی | پر

پسند کرتے ہیں اور اللہ پاک رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ کیا وہ شخص بہتر ہے جس نے اپنی عمارت کی بنیاد

تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ أَمْ مَّنْ أَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا

تقویٰ | سے | اللہ | اور رضامندی پر | بہتر ہے | یا | جو شخص | بنیاد رکھے | اپنی عمارت کی | اوپر | کنارے

اللہ کے تقوے اور اس کی خوشنودی پر رکھی، یا وہ جس نے کسی کھائی کے گرنے والے کنارے پر اپنی عمارت کی بنیاد رکھی

جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي

کھائی کے | گرنے والی | پس وہ لے گرے | اس کو | آگ میں | دوزخ کی | اور اللہ | نہیں | وہ ہدایت دیتا

اور وہ عمارت اس کنارے سمیت سیدھی دوزخ کی آگ میں گر پڑی۔ حقیقت یہ ہے کہ اللہ ظالموں کو

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿109﴾ لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ

لوگوں | ظالم کو | ہمیشہ رہے گی | اُن کی عمارت | جو | انہوں نے بنائی | اُلجھن | میں

ہدایت نہیں دیتا۔ جن لوگوں نے مسجدِ ضرار بنائی ان کے دلوں میں وہ ہمیشہ اُلجھن بنی رہے گی یہاں تک

قُلُوْبِهِمْ إِلَّا أَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿110﴾ ع إِنَّ 13 ع 11 2

اُن کے دلوں | مگر | یہ کہ | ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں | ان کے دل | اور اللہ ہے | بہت جاننے والا | بڑی حکمت والا | بے شک

کہ اس کے گرائے جانے سے اُن کے دلوں کے بھی ٹکڑے ہو جائیں، اور اللہ سب کچھ جاننے والا حکمت والا ہے۔ بے شک

اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ أَنْفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بِأَنَّ لَهُمُ

اللہ نے | خرید لی ہیں | سے | ایمان والوں | ان کی جانیں | اور اُن کے مال | بدلے اسکے کہ | ان کیلئے ہے

اللہ نے مومنوں سے اُن کے جان و مال خرید لئے کہ وہ انہیں اس کے بدلے میں جنت

الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ قف وَعْدًا

جنت | وہ لڑتے ہیں | میں | راہ | اللہ کی | پھر وہ قتل کرتے ہیں | اور وہ قتل ہو جاتے ہیں | وعدہ ہے

دے گا۔ وہ اللہ کی راہ میں دوسروں کو قتل کرتے ہیں اور کبھی شہید بھی ہوتے ہیں۔ یہ اللہ کے ذمے پکا وعدہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ ؕ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ

اس پر | سچا | میں | توریت | اور انجیل | اور قرآن میں | اور جس نے | پورا کیا | اپنے وعدے کو

ہے جو توریت، انجیل اور قرآن میں لکھا ہوا ہے۔ اور اللہ سے بڑھ کر اپنے وعدے کو پورا کرنے

مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

سے | اللہ | تو تم خوش ہو جاؤ | اپنی تجارت سے | جو | تم نے تجارت کی | اس کے ساتھ | اور یہ | وہی ہے | کامیابی

والا کون ہے؟ لہٰذا اے مسلمانو! اپنے اس سودے پر جو تم نے اللہ سے کیا خوشیاں مناؤ۔ یہی ہے

الْعَظِيْمُ ﴿111﴾ اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ

بہت بڑی | وہ ہیں توبہ کرنے والے | عبادت کرنے والے | تعریف کرنے والے | اللہ کی راہ میں سفر کرنے والے | رکوع کرنے والے

بڑی کامیابی! ایسے لوگوں کی کیا شان ہے! وہ توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد وثنا کرنے والے، اللہ کی راہ میں چلنے

السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ

سجدہ کرنے والے | حکم دینے والے | نیکی کا | اور منع کرنے والے | سے | برائی | اور نگران

پھرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، بھلائی کا حکم دینے والے، برائی سے روکنے والے اور اللہ کی قائم کی ہوئی

لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿112﴾ مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

حدوں کے | اللہ کی | اور تو خوشخبری دے | ایمان والوں کو | نہیں | مناسب تھا | نبی کے لئے | اور ان لوگوں کے جو | ایمان لائے

حدوں کا خیال کرنے والے ہیں۔ اس لئے اے نبی ﷺ آپ ﷺ سچے مومنوں کو خوشخبری دیں! جب معلوم ہو گیا کہ مشرکین دوزخی

اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَا

کہ | وہ بخشش مانگیں | مشرکوں کے لئے | اور اگرچہ | وہ ہوں | رشتہ دار | سے | بعد | اس کے جو

ہیں تو پھر نبی ﷺ اور اہل ایمان کے لئے جائز نہیں کہ وہ مشرکوں کے لئے دعائے مغفرت کریں، چاہے وہ ان کے رشتہ دار ہوں۔

تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿113﴾ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ

ظاہر ہوا | ان کے لئے | یہ کہ وہ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | اور نہیں | تھا | بخشش مانگنا

اور ابراہیم علیہ السلام کا اپنے باپ کے لئے مغفرت کی دعا مانگنا صرف اس وعدے کی وجہ سے تھا جو انہوں نے اپنے باپ سے کیا

اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ

ابراہیم کا | اپنے باپ کیلئے | مگر | سے | ایک وعدے | جو وعدہ کیا تھا | اس (باپ) سے | پھر جب | ظاہر ہوا | اس کو

تھا۔ پھر جب اُن پر واضح ہو گیا کہ وہ اللہ کا دشمن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَنَّهُ عَدُوٌّ لِّلَّهِ تَبَرَّأَ مِنْهُ ۚ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ لَأَوَّاهٌ حَلِيمٌ ﴿114﴾ وَمَا

کہ وہ تو | دشمن ہے | اللہ کا | بیزار ہوگیا | اس سے | بے شک | ابراہیم تھا | البتہ دردمند | بڑے تحمل والے | اور نہیں

ہے تو وہ اپنے باپ سے بے تعلق ہو گئے۔ بے شک ابراہیم علیہ السلام بڑے نرم دل اور تحمل مزاج تھے۔ اللہ

كَانَ اللَّهُ لِيُضِلَّ قَوْمًا بَعْدَ إِذْ هَدَاهُمْ حَتَّىٰ يُبَيِّنَ لَهُم مَّا

ہے | اللہ | کہ وہ گمراہ کرے | لوگوں کو | اس کے بعد | جب | ہدایت دی ان کو | حتیٰ کہ | بیان کرے | انکے لئے | کس چیز سے

کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ نہیں کرتا جب تک انہیں صاف وہ چیزیں نہ بتا دے جن سے انہیں بچنا

يَتَّقُونَ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ﴿115﴾ إِنَّ اللَّهَ لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

وہ بچیں | بیشک | اللہ ہے | ہر ایک | چیز کو | خوب جاننے والا | بے شک | اللہ | اسی کی ہے | بادشاہی | آسمانوں کی

چاہیے۔ بے شک اللہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ

وَالْأَرْضِ ۖ يُحْيِي وَيُمِيتُ ۚ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِن وَلِيٍّ

اور زمین کی | وہ زندگی دیتا ہے | اور موت دیتا ہے | اور نہیں | تمہارے لئے | سے | سوائے | اللہ کے | کوئی | دوست

کی ہے۔ اسی کے ہاتھ زندگی اور موت ہے۔ اللہ کے سوا نہ کوئی تمہارا کارساز ہے،

وَلَا نَصِيرٍ ﴿116﴾ لَّقَد تَّابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ الَّذِينَ

اور نہ کوئی مددگار | بے شک | مہربانی کی | اللہ نے | پر | نبی | اور مہاجرین کے | اور انصار کے | جنہوں نے

نہ مددگار۔ اللہ نے نبی ﷺ پر اور ان انصار و مہاجرین پر مہربانی فرمائی

اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِن بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ

پیروی کی اس کی | میں | گھڑی | تنگی کی | سے | بعد | جو | قریب تھا کہ | ٹیڑھے ہوجاتے | دل

جنہوں نے تنگی کے وقت نبی ﷺ کا ساتھ دیا اگرچہ اُن میں سے کچھ لوگوں کے دل ڈگمگانے لگے

فَرِيقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۚ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿117﴾ لا

ایک گروہ کے | ان میں سے | پھر | مہربانی کی | ان پر | بے شک وہ | اُن پر ہے | بڑی شفقت والا | نہایت مہربان

تھے۔ پھر اللہ نے ان پر نظرِ کرم فرمائی۔ بے شک اللہ بڑا مہربان رحم کرنے والا ہے۔

وَعَلَى الثَّلَاثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتَّىٰ إِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْأَرْضُ

اور اوپر | تین آدمیوں | جن کا | معاملہ ملتوی ہوا | یہاں تک کہ | جب | تنگ ہوگئی | ان پر | زمین

اسی طرح ان تین آدمیوں پر بھی اللہ نے مہربانی فرمائی جن کا معاملہ ملتوی کیا گیا۔ یہاں تک کہ جب زمین اپنی وسعت کے باوجود

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ

باوجود | کشادہ ہونے کے | اور تنگ ہوگئیں | ان پر | اُن کی جانیں | اور انہوں نے سمجھا | کہ | نہیں | پناہ | سے

ان پر تنگ ہوگئی اور وہ خود اپنی جانوں سے تنگ آ گئے۔ انہوں نے سمجھ لیا کہ اللہ سے بچنے کے لئے خود اللہ کے سوا

اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ

اللہ | مگر | طرف اس کی | پھر | اس نے مہربانی کی | ان پر | تاکہ وہ توبہ کریں | بے شک | اللہ | وہی ہے | بہت توبہ قبول کرنیوالا

کوئی جائے پناہ نہیں۔ اللہ نے اُن پر رحمت کی نظر کی تا کہ وہ توبہ کریں۔ بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا

14 ع 8 3 الرَّحِيْمُ ﴿118﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿119﴾

نہایت مہربان | اے وہ | لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم ڈرو | اللہ سے | اور تم ہو جاؤ | ساتھ | سچوں کے

رحم کرنے والا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ رہو۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ

نہیں | تھا مناسب | اہل | مدینہ کے | اور جو | اردگرد ہیں ان کے | سے | بدوؤں | یہ کہ

مدینے والوں اور اطراف کے دیہاتیوں کے لئے درست نہ تھا کہ وہ جہاد میں اللہ کے رسول ﷺ کو چھوڑ کر

يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ ذٰلِكَ

وہ پیچھے رہیں | سے | اللہ کے رسول | اور نہ | وہ ترجیح دیں | اپنی جانوں کو | اسکی | جان پر | یہ ہے

پیچھے بیٹھے رہیں۔ نہ یہ جائز تھا کہ وہ اپنی جان کو رسول ﷺ کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں۔ اللہ کی

بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ

اس وجہ سے کہ وہ | نہیں | پہنچتی ان کو | پیاس | اور نہ | تھکاوٹ | اور نہ | بھوک | میں | راہ

راہ میں مجاہدین کو جو بھوک پیاس اور تھکاوٹ ہوتی ہے۔ وہ جو

اللّٰهِ وَلَا يَطَــٴُـوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ

اللہ کی | اور نہیں | وہ چلتے ہیں | کوئی راہ | جو غصہ دلائے | کافروں کو | اور نہیں | وہ حاصل کرتے | سے | دشمن

قدم بھی کافروں کو رنج پہنچانے والا اٹھاتے ہیں اور جو چیز بھی وہ دشمن سے چھینتے

نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

کامیابی | مگر | لکھا جاتا ہے | ان کے لئے | اس پر | عمل | نیک | بے شک | اللہ | نہیں | وہ ضائع کرتا | ثواب

ہیں، اُن کے بدلے میں ان کے لئے نیکی لکھ دی جاتی ہے۔ بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿120﴾ وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ

نیکوکاروں کا | اور نہیں | وہ خرچ کرتے | کوئی خرچ کرنا | چھوٹا | اور نہ | بڑا | اور نہیں | طے کرتے

نہیں کرتا۔ اور جو انہوں نے اللہ کی راہ میں خرچ کیا، تھوڑا یا زیادہ، جو وادیاں انہوں نے

وَادِيًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿121﴾

کوئی وادی | مگر | لکھا جاتا ہے | انکے لئے | تا کہ بدلہ دے ان کو | اللہ | بہتر | اس چیز کا جو | وہ تھے | وہ کرتے

طے کیں، سب ان کے لئے نیکیاں لکھی گئیں تا کہ اللہ ان کے اعمال کا اچھے سے اچھا بدلہ دے۔

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ

اور نہیں | مناسب تھا | مومنوں کیلئے | کہ وہ نکل کھڑے ہوں | سارے | پس کیوں نہ | نکلے | سے | ہر | قبیلہ

یہ مناسب نہیں کہ سارے مسلمان جہاد کے لئے نکل کھڑے ہوں۔ ایسا کیوں نہ ہوا کہ

مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا

ان میں سے | ایک گروہ | تا کہ وہ سمجھ حاصل کریں | میں | دین | اور تا کہ وہ خبردار کرے | اپنی قوم کو | جب

ان کے ہر گروہ میں سے کچھ افراد ایسے نکلتے جو دین میں سمجھ پیدا کرتے۔ پھر واپس جا کر اپنی قوم کے لوگوں کو دین سے آگاہ کرتے

15 ع 4 4 رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿122﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا

وہ واپس لوٹیں | اُن کی طرف | تا کہ وہ بھی | ڈریں | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | لڑو

تا کہ وہ بھی پرہیزگار بنتے۔ اے ایمان والو! ان کافروں سے

الَّذِيْنَ يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا

ان لوگوں سے | جو تمہارے قریب ہیں | سے | کافروں میں | اور چاہئے کہ وہ پائیں | تمہارے اندر | سختی | اور تم جانو

جنگ کرو جو تمہارے آس پاس ہیں اور چاہیے کہ وہ تمہارے اندر سختی پائیں۔ جان لو کہ

ربع اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿123﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ

کہ | اللہ | ساتھ ہے | پرہیزگاروں کے | اور جب | بھی | اتاری جاتی ہے | کوئی سورت | تو بعض انکے ہیں | جو

اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔ جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو بعض منافق، مسلمانوں سے کہتے

يَّقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ

کہتے ہیں | کس کو تم میں سے | زیادہ کیا اُس کو | اس نے | ایمان میں | پس جو | لوگ کہ | ایمان لائے | تو زیادہ کیا ان کو

ہیں "اس سورت نے تم میں سے کس کا ایمان زیادہ کیا؟ حالاں کہ ایمان والوں کے ایمان میں واقعی اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِيْمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿124﴾ وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ

ایمان کو | اور وہ | خوش ہوتے ہیں | اور جو | لوگ کہ | میں | ان کے دلوں | کھوٹ ہے

قرآن کے ذریعے سے اضافہ ہوتا ہے اور وہ خوش ہوتے ہیں۔ مگر جن لوگوں کے دلوں میں

فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَمَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿125﴾ اَوَلَا

تو زیادہ کی انکے لئے | گندگی | طرف | ان کی گندگی کی | اور وہ مر گئے | جبکہ وہ تھے | کافر | کیا نہیں

منافقت تھی، ان کے لئے اس سے گندگی پر گندگی بڑھی اور وہ مرتے دم تک کافر رہے۔ منافق یہ نہیں

يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ

وہ دیکھتے | یہ کہ وہ | آزمائے جاتے ہیں | میں | ہر | سال | ایک بار | یا | دو بار | پھر بھی

دیکھتے وہ ہر سال ایک یا دو بار آزمائش میں ڈالے جاتے ہیں مگر

لَا يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿126﴾ وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ

نہیں وہ توبہ کرتے | اور نہ | وہ | نصیحت حاصل کرتے ہیں | اور جب | بھی | نازل کی جاتی ہے | کوئی سورت | دیکھتے ہیں

نہ توبہ کرتے ہیں اور نہ سبق حاصل کرتے ہیں۔ جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو یہ لوگ ایک دوسرے کو دیکھتے

بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ

اُن کے بعض | طرف | بعض کی | کیا | دیکھتا ہے تمہیں | کوئی | ایک | پھر | وہ پھر جاتے ہیں۔ | پھیر دیئے

ہیں کہ کوئی دیکھتا تو نہیں، پھر چپکے سے چلے جاتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ

اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿127﴾ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

اللہ نے | ان کے دل | اس وجہ سے کہ وہ | لوگ ہیں جو | نہیں | وہ سمجھتے | بے شک | آیا تمہارے پاس | رسول

اللہ نے ان کے دل پھیر دیئے کیونکہ وہ سمجھ سے کام نہیں لیتے۔ لوگو! تمہارے پاس اللہ کا عظیم الشان

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

سے | تم میں | بھاری ہے | اس پر | جو کوئی | تکلیف پہنچے تمہیں | خواہش مند | تمہاری بھلائی کا | مومنوں پر

رسول ﷺ آ گیا ہے جو تمہیں میں سے ہے۔ تمہارا نقصان میں پڑنا اس پر شاق گزرتا ہے۔ وہ تمہاری بھلائی کا خواہش مند

رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿128﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ

شفقت کرنے والا | بہت مہربان | پھر اگر | وہ پھر جائیں | پس کہہ دیجئے | کافی ہے مجھے | اللہ | نہیں | کوئی معبود | مگر | وہی

اور ایمان والوں پر نہایت شفیق اور مہربان ہے۔ اگر اس کے باوجود وہ لوگ منہ موڑیں تو اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہہ دیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿١٢٩﴾ ع 16/7/5

اسی پر | میں نے توکل کیا | اور وہ ہے | مالک | عرش | عظیم کا

"میرے لئے اللہ کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میرا بھروسا ہے اور وہ عرشِ عظیم کا مالک ہے۔"

(10) سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ (51)

اٰیاتُھا 109 | رُکوعاتُھا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الۤرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ

الۤرٰ | یہ | آیتیں ہیں | کتاب | حکمت والی کی | کیا ہوا | لوگوں کو | تعجب | یہ کہ

الۤرٰ یہ حکمت بھری کتاب کی آیتیں ہیں۔ کیا لوگوں کو اس پر حیرانی ہوئی کہ

اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا

ہم نے وحی بھیجی | طرف | ایک مرد کی | ان میں سے | یہ کہ | تو خبردار کر | لوگوں کو | اور خوشخبری دے | ان کو جو | ایمان لائے

ہم نے انہیں میں سے ایک آدمی پر وحی کی تا کہ وہ لوگوں کو خبردار کر دے اور ایمان لانے والوں کو خوشخبری سنا دے

اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؔ قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا

یہ کہ | ان کے لئے ہے | قدم | سچا | نزدیک | اُن کے رب کے | کہا | کافروں نے | بے شک | یہ ہے

کہ اُن کے لئے ان کے رب کے پاس بلند رتبہ ہے۔ مگر کافروں نے یہاں تک کہا "یہ شخص کھلا

لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢﴾ اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ

البتہ جادوگر | ظاہر | بیشک | تمہارا رب | اللہ ہے | جس نے | پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | میں

جادوگر ہے" لوگو بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو

سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ

چھ(6) | دنوں | پھر | قائم ہوا | پر | عرش | تدبیر کرتا ہے | ہر کام کی | نہیں | کوئی سفارشی

چھ دنوں میں پیدا کیا۔ پھر وہ عرش پر قائم ہوا۔ وہی کائنات کا نظام چلاتا ہے۔ اس کی اجازت کے بغیر کوئی سفارش

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا

مگر | سے | بعد | اس کی اجازت | یہ ہے | اللہ | تمہارا رب | پس تم عبادت کرو اس کی | کیا پس نہیں

کرنے والا نہیں۔ وہی اللہ تمہارا رب ہے۔ تم اسی کی عبادت کرو، کیا تم

الۡمَنۡزِلُ الثَّالِثُ (3) — وقف النبی علیہ السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَذَكَّرُونَ ﴿٣﴾ إِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيعًا ۖ وَعْدَ اللَّهِ حَقًّا ۚ إِنَّهُ يَبْدَؤُا

تم نصیحت پکڑتے | اسی کی طرف ہے | تمہارا لوٹنا | سب کا | وعدہ کیا ہے | اللہ نے | سچا | بیشک وہی | ابتدا کرتا ہے

سمجھتے نہیں؟ تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ یہ اللہ کا پکا وعدہ ہے۔ وہی پہلی بار

الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ لِيَجْزِيَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ بِالْقِسْطِ ۚ

پیدا کرنے کی | پھر | لوٹائے گا اس کو | تاکہ وہ بدلہ دے | ان کو جو | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | انصاف کے ساتھ

پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے انہیں وہ انصاف کے ساتھ بدلہ

وَالَّذِينَ كَفَرُوا لَهُمْ شَرَابٌ مِنْ حَمِيمٍ وَعَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا

اور جو لوگ | کافر ہوئے | ان کیلئے ہے | پینا | سے | کھولتے پانی | اور عذاب | دردناک | اس لئے جو

دے۔ لیکن جنہوں نے کفر کیا، ان کے کفر کے بدلے ان کے لئے کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے

كَانُوا يَكْفُرُونَ ﴿٤﴾ هُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَالْقَمَرَ نُورًا

وہ تھے | وہ کفر کرتے | وہی ہے | جس نے | بنایا | سورج کو | روشن | اور چاند کو | اُجالا

اُسی اللہ نے سورج کو روشن بنایا، چاند کو چمک دار بنایا اور اُس کی منزلیں مقرر کر

وَقَدَّرَهُ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوا عَدَدَ السِّنِينَ وَالْحِسَابَ ۚ مَا خَلَقَ اللَّهُ

اور مقرر کیں اسکی | منزلیں | تاکہ تم جانو | گنتی | برسوں کی | اور حساب | نہیں | پیدا کیا | اللہ نے

دیں تاکہ تم ان کے ذریعے برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو۔ اللہ نے یہ سب کچھ بے مقصد

ذَٰلِكَ إِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٥﴾ إِنَّ فِي اخْتِلَافِ

اس کو | مگر | برحق | تفصیل بیان کرتا ہے | آیتوں کی | ان لوگوں کیلئے جو | جاننا چاہیں | بے شک | میں | آنے جانے

نہیں بنایا۔ وہ اپنی نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے ان کے لئے جو جاننا چاہتے ہیں۔ بے شک رات اور دن

اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللَّهُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ

رات | اور دن کے | اور جو کچھ | پیدا کیا اللہ نے | میں | آسمانوں | اور زمین | البتہ نشانیاں ہیں | ان لوگوں کیلئے

کے نظام میں، اور اللہ نے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے ان میں، ان لوگوں کیلئے نشانیاں ہیں جو اللہ سے

يَتَّقُونَ ﴿٦﴾ إِنَّ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا وَرَضُوا بِالْحَيَاةِ الدُّنْيَا

جو ڈرتے ہیں | بے شک | جو لوگ | نہیں | وہ امید رکھتے | ہماری ملاقات کی | اور وہ راضی ہوئے | زندگی پر | دنیا کی

ڈرتے ہیں۔ جو لوگ ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے، دنیا کی زندگی پر راضی اور مطمئن ہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ۝٧ لا اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ

اور وہ مطمئن ہو گئے | ساتھ اس کے | اور وہ لوگ کہ | وہ ہیں | سے | ہماری آیتوں | غافل | یہ لوگ ہیں | اُن کا ٹھکانا ہے

اور ہماری نشانیوں سے بے پروا ہیں، ان کے برے اعمال کی وجہ سے

النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝٨ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

آگ | اس وجہ سے جو | وہ تھے | وہ کماتے | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے

ان کا ٹھکانا دوزخ ہوگا۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے

يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ج تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ

ہدایت دے گا انکو | اُن کا رب | ان کے ایمان کی وجہ سے | بہتی ہیں | سے | ان کے نیچے | نہریں | میں | باغوں

ان کا رب ان کے ایمان کی برکت سے انہیں ان کی منزل تک پہنچا دے گا، نعمت کے ان باغوں میں

النَّعِيْمِ ۝٩ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ج

نعمت کے | پکارنا ان کا ہے | اس میں | پاک ہے تو | اے اللہ | اور اُن کے ملنے کی دعا | اس میں | سلام

یہاں نہریں بہتی ہوں گی۔ وہاں داخل ہو کر وہ کہیں گے ”اے اللہ! تو پاک ہے، پھر وہ ایک دوسرے کو سلام کہیں گے

ع 1 10 6 وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ ع وَلَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ

اور آخر | اُن کا پکارنا ہے | یہ کہ | تمام تعریفیں | اللہ کیلئے | جو پالنے والا ہے تمام جہانوں کا | اور اگر | جلد دے | اللہ

اور آخر میں کہیں گے ”اللہ رب العالمین کا شکر ہے“ اگر اللہ لوگوں کی بداعمالیوں پر

لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ اَجَلُهُمْ ط فَنَذَرُ

لوگوں کو | برائی | جس طرح اُن کا جلد مانگنا | بھلائی کو | ضرور پوری کی جائے | اُن کی طرف | اُن کی مدت | پس ہم چھوڑ دیتے ہیں

انہیں عذاب دینے میں اتنی جلدی کرتا جتنی وہ دنیا کے فائدے سمیٹنے کے لئے کرتے ہیں تو وہ کبھی کے ختم ہو چکے ہوتے۔ لیکن ہم ان

الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١ وَاِذَا مَسَّ

ان لوگوں کو جو | نہیں | وہ امید رکھتے | ہماری ملاقات کی | میں | سرکشی ان کی | وہ بھٹکتے پھرتے ہیں | اور جب | پہنچتی ہے

لوگوں کو جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے، ان کی سرکشی میں ڈھیل دیتے ہیں تا کہ وہ بھٹکتے پھریں۔ انسان کو جب کوئی

الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ج فَلَمَّا كَشَفْنَا

انسان کو | تکلیف | وہ پکارتا ہے ہمیں | کروٹ پر | یا | بیٹھے ہوئے | یا | کھڑے ہو کر | پھر جب | ہم دور کر دیں

تکلیف پہنچتی ہے تو وہ کھڑے بیٹھے اور لیٹے ہمیں پکارتا ہے۔ پھر جب ہم اس سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۭ كَذٰلِكَ

اس سے | اس کی تکلیف | چلا جاتا ہے | گویا کہ | نہیں | اس نے پکارا تھا ہمیں | وقت | تکلیف کے | جب پہنچی تھی اسے | اسی طرح

اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں، وہ ایسا ہو جاتا ہے گویا اس نے اپنے کسی برے وقت پر ہمیں پکارا ہی نہ تھا۔

زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿12﴾ وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ

خوشنما بنا دیا گیا ہے | حد سے بڑھنے والوں کیلئے | جو کچھ | وہ تھے | وہ کرتے | اور بے شک | ہم نے ہلاک کیا | قوموں کو

اس طرح حد سے گزر جانے والوں کے لئے ان کے اعمال خوشنما بنائے گئے۔ لوگو! ہم نے تم سے پہلی قوموں

مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا

سے | پہلے تم | جب | انہوں نے ظلم کیا | اور آئے ان کے پاس | ان کے رسول | روشن نشانیوں کے ساتھ | اور نہیں | وہ تھے

کو ان کے ظلم پر ہلاک کیا جب ان کے رسول ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے مگر وہ لوگ

لِيُؤْمِنُوْا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿13﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰۗىِٕفَ

کہ وہ ایمان لاتے | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | لوگوں | مجرم کو | پھر | ہم نے بنایا تمہیں | جانشین

ایمان نہ لائے۔ ہم اسی طرح مجرموں کو سزا دیتے ہیں۔ پھر ہم نے ان کے بعد

فِي الْاَرْضِ مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿14﴾ وَاِذَا تُتْلٰى

میں | زمین | سے | اُن کے بعد | تاکہ ہم دیکھیں | کیسے | تم عمل کرتے ہو | اور جب | پڑھی جاتی ہیں

زمین میں تمہیں ان کا جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں تم کیسے اعمال کرتے ہو۔ اے نبی ﷺ جب ان لوگوں کو ہماری واضح آیتیں پڑھ

عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَاۗءَنَا ائْتِ بِقُرْاٰنٍ

ان پر | ہماری آیتیں | واضح | کہتے ہیں | وہ لوگ جو | نہیں | وہ امید رکھتے | ہماری ملاقات کی | تو لے آ | قرآن

کر سنائی جاتی ہیں تو جن لوگوں کو ہمارے پاس آنے کا ڈر نہیں ہے وہ کہتے ہیں ''اس کے سوا کوئی اور قرآن لاؤ

غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ ۭ قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ

سوائے | اس کے | یا | تو بدل دے اسے | کہہ دیجئے | نہیں | ممکن ہے | میرے لئے | یہ کہ | میں بدل ڈالوں اسے | سے

یا اسے بدل دو''۔ آپ ﷺ کہیں ''میرا کام نہیں میں اپنی طرف سے

تِلْقَاۗئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ اِنِّىْٓ اَخَافُ

طرف | اپنی | نہیں | میں پیروی کرتا | مگر | اس کی جو | وحی کی جاتی ہے | میری طرف | بیشک میں | میں ڈرتا ہوں

بدل دوں میں تو وحی کی پیروی کرتا ہوں جو مجھ پر آتی ہے۔ اگر میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿15﴾ قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

اگر | میں نافرمانی کروں | اپنے رب کی | عذاب سے | دن | بڑے کے | کہہ دیجئے | اگر | چاہتا | اللہ | نہ

اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔'' اور آپ ﷺ ان سے کہیں ''اگر اللہ چاہتا تو نہ

تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ

میں پڑھ کر سناتا اسے | تم پر | اور نہ | وہ بتاتا تمہیں | یہ سب | پس بیشک | میں رہا | تم میں | ایک عمر | سے

میں اس کا کلام تمہیں پڑھ کر سناتا اور نہ اللہ اس سے تمہیں باخبر کرتا۔ اس سے پہلے تمہارے درمیان میں ایک عمر بسر کر چکا

قَبْلِهٖ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿16﴾ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا

اس سے پہلے | کیا پس نہیں | تم سمجھتے | پھر کون ہے | بڑا ظالم | اس سے جو | گھڑلے | پر | اللہ | جھوٹ

ہوں، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا اس کی نشانیوں

اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿17﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ

یا | وہ انکار کرے | اس کی آیتوں کا | بے شک | نہیں | فلاح پائیں گے | مجرم لوگ | اور وہ عبادت کرتے ہیں | سے

کو جھٹلائے۔ بے شک مجرم لوگ کبھی فلاح نہ پائیں گے۔ مشرک لوگ اللہ کے سوا ایسی چیزوں کی

دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَاۗءِ

سوائے | اللہ کے | جو | نہ | وہ نقصان دے ان کو | اور نہ | وہ نفع دے ان کو | وہ کہتے ہیں | یہ

پوجا کرتے ہیں جو ان کے لئے نفع یا نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتیں۔ ان کے بارے میں وہ کہتے ہیں ''یہ اللہ کے ہاں ہمارے

شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ قُلْ اَتُنَبِّــُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ

ہمارے سفارشی ہیں | نزدیک | اللہ کے | کہہ دیجئے | کیا تم بتاتے ہو | اللہ کو | وہ چیز جو | نہیں | وہ جانتا | میں | آسمانوں

سفارشی ہیں'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ''کیا تم اللہ کو ایسی بات بتاتے ہو جو اسے آسمانوں اور

وَلَا فِي الْاَرْضِ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿18﴾ وَمَا كَانَ

اور نہ | میں | زمین | پاک ہے وہ | اور بلند ہے | اس سے جو | وہ شریک ٹھہراتے ہیں | اور نہ | تھے

زمین میں معلوم نہیں؟ وہ پاک اور بالاتر ہے اس شرک سے جو لوگ کرتے ہیں۔ شروع میں

النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ۭ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ

لوگ | مگر | امت | ایک | پھر انہوں نے اختلاف کیا | اور اگر نہ ہوتی | ایک بات | جو پہلے ہوگئی

لوگ دین کے ایک ہی طریقے پر تھے۔ پھر اختلاف کر کے الگ الگ ہوگئے۔ اگر تمہارے رب کی طرف سے ایک بات پہلے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ فِيۡمَا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَيَقُوۡلُوۡنَ

طرف سے | تیرے رب کی | تو ضرور فیصلہ کر دیا جاتا | ان کے درمیان | اس کا | جس میں | وہ اختلاف کرتے ہیں | اور وہ کہتے ہیں

سے طے نہ ہوتی تو ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کر دیا جاتا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔ کافر کہتے ہیں

لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ عَلَيۡهِ اٰيَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ‌ۚ فَقُلۡ اِنَّمَا الۡغَيۡبُ لِلّٰهِ

کیوں نہ | اتاری گئی | اس پر | کوئی نشانی | طرف سے | اس کے رب کی | پس کہہ دیجئے | بیشک ہے | علم غیب | اللہ کیلئے

''اس نبی ﷺ پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں اتاری گئی؟'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے کہیں ''غیب کی خبر

2 ع 10 7

فَانۡتَظِرُوۡا‌ۚ اِنِّىۡ مَعَكُمۡ مِّنَ الۡمُنۡتَظِرِيۡنَ ﴿۲۰﴾ وَاِذَاۤ اَذَقۡنَا النَّاسَ

پس تم انتظار کرو | بیشک میں ہوں | تمہارے ساتھ | سے | انتظار کرنے والوں | اور جب | ہم چکھاتے ہیں | لوگوں کو

اللہ کو ہے، اس لئے تم لوگ انتظار کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں۔ جب لوگوں کو کوئی تکلیف

رَحۡمَةً مِّنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ مَسَّتۡهُمۡ اِذَا لَهُمۡ مَّكۡرٌ فِىۡۤ اٰيَاتِنَا‌ ؕ قُلِ

رحمت | سے | بعد | تکلیف کے | جو لگے ان کو | اچانک | ان کو | چال سوجھتی ہے | میں | ہماری آیتوں | کہہ دیجئے

پہنچنے کے بعد ہم انہیں اپنے فضل سے نوازتے ہیں، وہ فوراً ہماری نشانیوں کے معاملے میں حیلے بنانے لگتے ہیں۔ اے نبی ﷺ

اللّٰهُ اَسۡرَعُ مَكۡرًا‌ ؕ اِنَّ رُسُلَنَا يَكۡتُبُوۡنَ مَا تَمۡكُرُوۡنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ الَّذِىۡ

اللہ | بہت تیز ہے | چال چلنے میں | بیشک | ہمارے بھیجے ہوئے | وہ لکھتے ہیں | جو کچھ | تم چال چلتے ہو | وہی ہے | جو

آپ ﷺ ان سے کہیں ''اللہ اپنی تدبیر میں تم سے زیادہ تیز ہے۔ اس کے فرشتے تمہاری ساری مکاریاں لکھ رہے ہیں'' وہی اللہ ہے

يُسَيِّرُكُمۡ فِى الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ‌ ؕ حَتّٰٓى اِذَا كُنۡتُمۡ فِى الۡفُلۡكِ‌ۚ وَجَرَيۡنَ

تمہیں چلاتا ہے | میں | خشکی | اور سمندر میں | یہاں تک کہ | جب | تم ہوتے ہو | میں | کشتی | اور وہ لے کر چلتی ہیں

جو تمہیں خشکی اور تری میں سفر کراتا ہے۔ کبھی تم کشتی میں ہوتے ہو جو لوگوں کو لے کر

بِهِمۡ بِرِيۡحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوۡا بِهَا جَآءَتۡهَا رِيۡحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ

ان کو | ساتھ ہوا | موافق کے | اور خوش ہوتے ہیں | اس سے | آلیتی ہے ان کو | ہوا | سخت تیز و تند | اور آتی ہیں ان پر

موافق ہوا کی مدد سے چلتی ہے۔ لوگ اس سے خوش ہوتے ہیں لیکن اچانک کشتی طوفان کی لپیٹ میں آ جاتی ہے۔ ہر طرف سے

الۡمَوۡجُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ اُحِيۡطَ بِهِمۡ‌ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ

موجیں | سے | ہر | طرف | اور وہ سمجھتے ہیں | کہ وہ | گھیر لیے گئے | اُن میں | تو وہ پکارتے ہیں | اللہ کو

موجوں کے تھپیڑے لگتے ہیں اور مسافروں کو اس طوفان میں گھر کر جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ اس وقت وہ اللہ کی خالص

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ

خالص کرتے ہوئے | اسی کے لئے | عبادت | البتہ اگر | تو نجات دے گا ہم کو | سے | اس | ضرور ہم ہوں گے | سے

اطاعت کرتے ہوئے صرف اسی کو پکارتے ہیں ''خدایا ! اگر تو نے ہمیں اس سے نجات دی تو ہم ضرور تیرے

الشّٰكِرِيْنَ ﴿22﴾ فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ

شکر کرنے والوں | پھر جب وہ | نجات دے ان کو | اچانک | وہ | سرکشی کرتے ہیں | میں | زمین | بغیر

شکر گزار بندے بنیں گے'' پھر جب اللہ انہیں نجات دیتا ہے تو جلد زمین میں ناحق سرکشی کرنے

الْحَقِّ ۗ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ

حق کے | اے | لوگو | بیشک | سرکشی تمہاری | پر | تمہاری جانوں | (تم لے لو) فائدہ | زندگی کا

لگتے ہیں۔ لوگو! تمہاری سرکشی کا وبال تمہارے ہی اوپر ہے۔ آج دنیا کی زندگی میں عیش کر لو

الدُّنْيَا ۡ ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿23﴾

دنیا کی | پھر | ہماری طرف ہے | لوٹنا تمہارا | پھر ہم آگاہ کریں گے تمہیں | اس سے جو | تم تھے | تم کرتے

پھر تمہیں ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے۔ اس وقت ہم تمہیں بتائیں گے تم کیا کرتے تھے۔

اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ

بیشک ہے | مثال | زندگی کی | دنیا کی | جیسے پانی | ہم نے اتارا اس کو | سے | آسمان | پھر مل گئی | اس کے ساتھ

دنیا کی زندگی کی مثال ایسی ہے جیسے ہم نے آسمان سے پانی برسایا۔

نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۗ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ

پیداوار | زمین کی | اس سے | کھاتے ہیں | انسان | اور چوپائے جانور | یہاں تک کہ | جب | لیتی ہے

اس سے زمین کی پیداوار نکلی جسے انسان اور چوپائے کھاتے ہیں۔ جب زمین اپنی پوری

الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ

زمین | رونق اپنی | اور زینت حاصل کرتی ہے | اور سمجھتے ہیں | لوگ اس کے | یہ کہ وہ | قادر ہیں | اس پر

رونق پر آ کر سنور گئی اور زمین داروں نے گمان کر لیا کہ اب یہ فصل ہمارے ہاتھوں میں ہے تو

اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ

آتا ہے | ہمارا حکم | رات کو | یا | دن کو | پھر ہم بنا دیتے ہیں اسے | کٹی ہوئی کھیتی | گویا کہ | نہ | وہ تھی

اچانک ایک قہر نازل ہوا، رات کو یا دن کو، پھر ہم نے اس کا ایسا صفایا کر دیا گویا کل تک یہاں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿24﴾ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

کل تک | اس طرح | ہم کھول کر بیان کرتے ہیں | آیتیں | ان لوگوں کیلئے جو | غور وفکر کرتے ہیں | اور اللہ | پکارتا ہے

کچھ نہ تھا۔ اس طرح ہم اپنی نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لئے جو غور کرتے ہیں۔ اللہ سلامتی کے

اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿25﴾

طرف | گھر | سلامتی کے | اور وہ ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہے | طرف | راہ | سیدھی کی

گھر کی طرف بلاتا ہے۔ وہ جسے چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ

ان لوگوں کیلئے جو | اچھائی کرتے ہیں | بھلائی ہے | اور اضافہ بھی ہے | اور نہ | ڈھانکے گی | ان کے منہ کو | سیاہی

جن لوگوں نے اچھے کام کئے ان کے لئے اچھا بدلہ ہے اور مزید انعام بھی۔ ان کے چہروں پر نہ سیاہی چھائے گی

وَّلَا ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿26﴾ وَالَّذِيْنَ

اور نہ | ذلت | یہی لوگ ہیں | رہنے والے | جنت کے | وہ ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جنہوں نے

نہ ذلت۔ وہ جنتی ہوں گے۔ اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ جنہوں نے

كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ مَا لَهُمْ

کمائیں | برائیاں | بدلہ | برائی کا | اسی کے برابر ہے | اور ڈھانکے گی ان کو | ذلت | نہیں | ان کو

برائیاں کمائیں وہ اپنی برائی کے برابر بدلہ پائیں گے۔ ان پر ذلّت چھائی ہو گی۔ کوئی انہیں

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ

سے | اللہ | کوئی | بچانے والا | گویا کہ | ڈھانپے گئے ہیں | ان کے منہ | ٹکڑے | سے | رات

اللہ سے بچانے والا نہ ہو گا۔ گویا ان کے چہروں پر رات کے سیاہ پردے پڑے

مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿27﴾ وَيَوْمَ

اندھیری کے | یہی لوگ ہیں | رہنے والے | دوزخ کے | وہ ہیں | اس میں | ہمیشہ رہنے والے | اور جس دن

ہوں گے۔ وہ دوزخی ہوں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔ اور جس دن ہم ان

نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ

ہم اکٹھا کریں گے ان کو | سب کو | پھر | ہم کہیں گے | ان لوگوں سے | جنہوں نے شرک کیا | اپنی جگہ رہو | تم

سب کو جمع کریں گے۔ پھر مشرکوں سے کہیں گے ''ٹھہرو تم بھی اور تمہارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَشُرَكَآؤُكُمْ ج فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا

اور تمہارے شریک | پھر ہم جدائی ڈالیں گے | انکے درمیان | اور کہیں گے | انکے شریک ان کو | نہیں | تم تھے | ہماری

بنائے ہوئے شریک بھی! پھر ہم ان کے درمیان علیحدگی کر دیں گے۔ ان کے شریک ان سے کہیں گے ''تم جھوٹے ہو، تم ہماری

تَعْبُدُوْنَ ﴿28﴾ فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ

تم عبادت کرتے | پس کافی ہے | اللہ | گواہ | ہمارے درمیان | اور تمہارے درمیان | بیشک | ہم تھے | سے

عبادت نہیں کرتے تھے۔ اب ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے۔ ہم تمہاری عبادت

عِبَادَتِكُمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿29﴾ هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا

تمہاری عبادت | البتہ بے خبر | اس جگہ | آزمائے گی | ہر | جان | جو کچھ | پیشگی بھیجا تھا | اور ہانکے جائیں گے

سے بالکل بےخبر تھے'' اس وقت ہر شخص اپنے اعمال کے مطابق جانچا جائے گا۔ مالک حقیقی کے

ع 3/10/8 اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ع ﴿30﴾ قُلْ

طرف | اللہ | اپنے مالک | سچے کی | اور گم ہوگیا | ان سے | جو | تھے | وہ گھڑتے | کہہ دیجئے

النصف

حضور پیش ہوں گے اور جو جھوٹ انہوں نے گھڑے تھے سب اُن سے جاتے رہیں گے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ

مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

کون | رزق دیتا ہے تمہیں | سے | آسمان | اور زمین سے | یا کون | مالک ہے | کانوں | اور آنکھوں کا

مشرکوں سے پوچھیں ''کون تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہے؟ کون ہے جس کے قبضہ قدرت میں تمہارے کان اور

وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ

اور کون | نکالتا ہے | جاندار کو | سے | بے جان | اور نکالتا ہے | بے جان کو | سے | جاندار سے | اور کون

تمہاری آنکھیں ہیں؟ کون ہے جو جاندار کو بےجان سے اور بےجان کو جاندار سے نکالتا ہے؟ اور کون ہے

يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ط فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ ج فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿31﴾ فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ

تدبیر کرتا ہے | کام کی | تو وہ جلد کہیں گے | اللہ | پس کہہ دیجئے | پھر کیوں نہیں | تم ڈرتے | پس یہی ہے | اللہ

جو کائنات کا نظام چلا رہا ہے؟ کہیں گے اللہ! پھر کیوں نہیں ڈرتے۔ وہی اللہ تمہارا

رَبُّكُمُ الْحَقُّ ج فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ج فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿32﴾

رب تمہارا | سچا | پھر کیا ہے | بعد | سچائی کے | مگر | گمراہی | تو کہاں | تم پھیرے جاتے ہو

حقیقی رب ہے۔ حق بات معلوم ہو جانے کے بعد اسے نہ ماننا گمراہی کے سوا اور کیا ہے؟ تم کدھر اُلٹے پھر جاتے ہو؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ

اسی طرح | ثابت ہوئی | بات | تیرے رب کی | پر | ان لوگوں جو | نافرمان ہوئے | یہ کہ وہ

اے نبی ﷺ! اس طرح آپ ﷺ کے رب کی بات سرکشی کرنے والوں کے حق میں پوری ہو چکی کہ وہ ایمان

لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿33﴾ قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ

نہیں ایمان لائیں گے | کہہ دیجئے | کیا ہے | سے | تمہارے شریکوں میں | جو | شروع کرتا ہو | تخلیق کو | پھر

نہیں لائیں گے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''تمہارے بنائے ہوئے شریکوں میں کوئی ایسا ہے جو پہلی بار بھی پیدا

يُعِيْدُهٗ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿34﴾ قُلْ

دوبارہ لوٹائے اس کو | کہہ دیجئے | اللہ | ابتداء کرتا ہے | پیدائش کی | پھر | دوبارہ لوٹائے گا اسکو | پس کہاں | تم بہکائے جاتے ہو | کہہ دیجئے

کرے اور دوبارہ بھی پیدا کرے؟''۔ آپ ﷺ خود جواب دیں ''اللہ پہلی بار بھی پیدا کرتا ہے اور دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ پھر تم

هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ ۭ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ

کیا ہے | سے | تمہارے شریکوں | کوئی جو | ہدایت دے | طرف | حق کی | کہہ دیجئے | اللہ | ہدایت دیتا ہے

کہاں بھٹکے چلے جا رہے ہو''؟ آپ ﷺ ان سے یہ پوچھیں ''کیا تمہارے بنائے ہوئے معبودوں میں کوئی ایسا ہے جو حق کی طرف

لِلْحَقِّ ۭ اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ

حق کی | کیا پھر جو | ہدایت دیتا ہے | طرف | حق کی | زیادہ حقدار ہے | کہ | اطاعت ہو اسکی | یا اسکی جو | نہیں | ہدایت دیتا

رہنمائی کرتا ہو؟'' آپ ﷺ خود جواب دیں ''اللہ ہی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ پھر جو حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے

اِلَّآ اَنْ يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۣ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿35﴾ وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ

مگر | وہ ہے | محتاج ہدایت کا | پس کیا ہے تم کو | کیسے | تم فیصلہ کرتے ہو | اور نہیں | پیروی کرتے | اکثر ان کے

وہ پیروی کئے جانے کا زیادہ مستحق ہے یا وہ جسے خود راستہ نہ ملتا ہو جب تک اسے راستہ بتایا نہ جائے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیسا فیصلہ

اِلَّا ظَنًّا ۭ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـــًٔا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ

مگر | گمان کی | بے شک | گمان | نہیں | وہ حیثیت رکھتا | مقابلے | حق کے | کچھ بھی | بے شک | اللہ | خوب جاننے والا

کرتے ہو؟'' ان میں سے اکثر صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں۔ ظاہر ہے گمان کبھی حقیقت کا بدل نہیں ہو سکتا۔ بے شک اللہ

بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾ وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

اس کو جو | وہ کرتے ہیں | اور نہیں | ہے | یہ | قرآن | ایسا کہ | گھڑا گیا ہو | طرف سے | سوائے | اللہ کی

کو سب معلوم ہے جو وہ کرتے ہیں۔ یہ قرآن اللہ کی کسی مخلوق کا گھڑا ہوا نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ

اور لیکن | تصدیق ہے | اس کی جو | آگے | اسکے ہے | اور تفصیل کرنے والا ہے | کتاب کی | نہیں ہے | شک

بلکہ یہ اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق ہے، یہ مفصل کتاب الٰہی ہے اور اس میں کوئی شک نہیں

فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿37﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ

اس میں کہ | ہے طرف سے | رب کی | تمام جہانوں کے | کیا | وہ کہتے ہیں | گھڑ لیا ہے اسے | کہہ دیجئے | پس تم لاؤ | کوئی سورت

یہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔ کیا کافر کہتے ہیں ''اس شخص نے قرآن خود گھڑ لیا ہے'' اے نبی ﷺ! آپ ﷺ کہیں ''پھر تم بھی

مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اس جیسی | اور تم بلا لو | جس کو | تم بلا سکو | سے | سوائے | اللہ کے | اگر | تم ہو

اس جیسی کوئی سورت لاؤ اور اللہ کے سوا جنہیں تم اپنی مدد کے لئے بلا سکتے ہو، بلا لو اگر

صٰدِقِيْنَ ﴿38﴾ بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ

سچے | بلکہ | انہوں نے انکار کیا | اس کا جسے | نہیں | وہ احاطے میں لائے | اس کے علم کو | جبکہ نہیں | آئی ان کے پاس

تم سچے ہو'' بلکہ یہ لوگ اس چیز کو جھٹلا رہے ہیں جو ان کے علم میں نہیں۔ جس کی حقیقت ابھی ان پر

تَاْوِيْلُهٗ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ

حقیقت اس کی | اسی طرح | انکار کیا تھا | ان لوگوں نے جو | سے | پہلے ان کے | پس تو دیکھ | کیسے | ہوا

نہیں کھلی۔ اسی طرح ان لوگوں نے جھٹلایا تھا جو ان سے پہلے ہو گزرے تو دیکھو ان ظالموں کا کیسا

عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿39﴾ وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ

انجام | ظالموں کا | اور کوئی ان میں سے ہے | جو | ایمان لاتا ہے | اس پر | اور کوئی ان کا ہے | جو

برا انجام ہوا۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کی قوم میں ایسے بھی ہیں جو قرآن پر ایمان لائیں گے، وہ بھی ہیں جو اس پر ایمان نہ لائیں

لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿40﴾ ع وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ 4 ع 10 9

نہیں ایمان لاتا | اس پر | اور رب تیرا | زیادہ جاننے والا ہے | فساد کرنے والوں کو | اور اگر | وہ جھٹلائیں تجھے | پس کہہ دیجئے

گے۔ آپ ﷺ کا رب ایسے لوگوں کو خوب جانتا ہے جو بگاڑ پیدا کرنے والے ہیں۔ اے نبی ﷺ اگر اس کے بعد بھی وہ آپ ﷺ

لِّيْ عَمَلِيْ وَلَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْۗـــــُٔوْنَ مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا

میرے لئے | میرا عمل | اور تمہارے لئے | تمہارا عمل ہے | تم | بری ہو | اس سے جو | میں کرتا ہوں | اور میں

کو جھٹلاتے ہیں تو آپ ﷺ ان سے کہہ دیں میرا عمل میرے لئے ہے تمہارا عمل تمہارے لئے۔ تم اس سے بری ہو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بَرِیۡٓءٌ مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۴۱﴾ وَمِنۡهُمۡ مَّنۡ یَّسۡتَمِعُوۡنَ اِلَیۡكَ ؕ اَفَاَنۡتَ

بری ہوں | اس سے جو | تم کرتے ہو | اور بعض ان میں ہیں | جو | کان لگا کر سنتے ہیں | تیری طرف | کیا پس تو

تم قتل کر دو | یوسف کو | یا | تم پھینک دو اسے | کسی جگہ | تاکہ خالی ہو جائے | تمہارے لئے | توجہ | تمہارے باپ کی

بہتر ہے یوسف علیہ السلام کو قتل کر دو یا اسے کہیں پھینک دو تاکہ تمہارے باپ کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے۔

وَتَكُوْنُوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝9 قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ

اور تم بن جاؤ | سے | بعد اس کے | لوگ | اچھے | کہا | ایک کہنے والے نے | ان میں سے

اس کے بعد تم اچھے لوگ بن جانا۔" ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا "یوسف

لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ

نہ تم قتل کرو | یوسف کو | اور تم ڈال دو اسے | میں | گہرائی | کنویں کی | تاکہ اٹھا لے اسے | کوئی آدمی

کو قتل نہ کرو، اگر تم نے کچھ کرنا ہے تو اسے کسی اندھے کنویں میں پھینک دو، کوئی راہ چلتا قافلہ اسے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السَّیَّارَۃِ اِنْ کُنْتُمْ فٰعِلِیْنَ ﴿10﴾ قَالُوْا یٰٓاَبَانَا مَا لَکَ لَا تَاْمَنَّا

قافلے کا | اگر | تم ہو | کرنے والے | وہ بولے | اے ہمارے باپ | کیا ہے | تجھ کو | نہیں | تو امین جانتا ہمیں

نکال لے جائے گا۔" پھر وہ اپنے باپ سے کہنے لگے "ابا جان! کیا بات ہے یوسف علیہ السلام کے بارے میں آپ ہم پر

عَلٰی یُوْسُفَ وَاِنَّا لَہٗ لَنٰصِحُوْنَ ﴿11﴾ اَرْسِلْہُ مَعَنَا غَدًا یَّرْتَعْ

پر | یوسف | اور بے شک ہم | اس کے ہیں | البتہ خیر خواہ | تو بھیج دے | ساتھ ہمارے | کل کو | تاکہ وہ کھائے

بھروسا نہیں کرتے حالانکہ ہم تو اسکے خیر خواہ ہیں۔ کل اسے ہمارے ساتھ باہر بھیج دیں تاکہ وہ کھائے

وَیَلْعَبْ وَاِنَّا لَہٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿12﴾ قَالَ اِنِّیْ لَیَحْزُنُنِیْٓ اَنْ

اور وہ کھیلے | اور بے شک ہم | اس کیلئے ہیں | البتہ محافظ | اس نے کہا | بے شک میں | البتہ غمگین کرتا ہے مجھے | یہ کہ

اور کھیلے۔ ہم اس کے محافظ ہیں۔" یعقوب علیہ السلام نے یہ سن کر کہا "میں اس سے غمگین ہوتا ہوں کہ

تَذْھَبُوْا بِہٖ وَاَخَافُ اَنْ یَّاْکُلَہُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْہُ غٰفِلُوْنَ ﴿13﴾

تم لے جاؤ | اس کو | اور میں ڈرتا ہوں | یہ کہ | کھا جائے اسے | بھیڑیا | اور تم ہو | اس سے | غافل

تم اس کو لے جاؤ اور مجھے اندیشہ ہے اسے کوئی بھیڑیا کھا جائے اور تم اس سے غافل رہو۔

قَالُوْا لَئِنْ اَکَلَہُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَۃٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿14﴾

وہ بولے | کہ اگر | کھا جائے اسے | بھیڑیا | اور ہم ہیں | بڑی جماعت | بے شک ہم | تب ہیں | البتہ نقصان اٹھانے والے

انہوں نے کہا "اگر اسے بھیڑیا کھا گیا جبکہ ہم پوری جماعت ہیں تو ہم بڑے نکمے ثابت ہوں گے۔"

فَلَمَّا ذَھَبُوْا بِہٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ یَّجْعَلُوْہُ فِیْ غَیٰبَتِ الْجُبِّ ج

پھر جب | وہ لے گئے | اس کو | اور انہوں نے ایکا کیا | یہ کہ | وہ ڈالیں اسے | میں | گہرائی | کنویں میں

پھر جب وہ اسے لے گئے اور طے کر لیا کہ اسے ایک اندھے کنویں میں ڈال دیں

وَاَوْحَیْنَآ اِلَیْہِ لَتُنَبِّئَنَّھُمْ بِاَمْرِھِمْ ھٰذَا وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿15﴾

اور ہم نے وحی کی | طرف اس کی | البتہ ضرور تو جتائے گا ان کو | اُن کا کام | یہ | اور وہ | نہ | وہ سمجھتے ہوں گے

تو ہم نے یوسف علیہ السلام کے دل میں بات ڈالی کہ "ایک وقت آئے گا جب تم انہیں ان کی یہ بدسلوکی یاد دلاؤ گے مگر وہ تمہیں پہچانتے نہ ہوں

وَجَآءُوْٓ اَبَاھُمْ عِشَآءً یَّبْکُوْنَ ط ﴿16﴾ قَالُوْا یٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَھَبْنَا

اور وہ آئے | اپنے باپ کے پاس | عشاء کے وقت | روتے ہوئے | وہ بولے | اے ہمارے باپ | بیشک ہم | ہم گئے تھے

گے"۔ اور وہ سب شام کو اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔ انہوں نے کہا ابا جان! ہم دوڑ کا مقابلہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ج وَمَآ اَنْتَ

ہم دوڑ لگاتے | اور ہم نے چھوڑا | یوسف کو | پاس | اپنے سامان کے | تو کھا گیا اسے | بھیڑیا | اور نہیں | تو

کرنے لگے۔ یوسف علیہ السلام کو ہم نے اپنے سامان کے پاس چھوڑا۔ اتنے میں اسے بھیڑیا کھا گیا۔ آپ ہماری

بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ﴿17﴾ وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ

یقین کرنے والا | ہم پر | اور اگرچہ | ہم ہوں | سچے | اور وہ لائے | اس کی قمیص | لہو

بات کا یقین نہیں کریں گے چاہے ہم سچے ہوں۔ وہ یوسف علیہ السلام کے کرتے پر جھوٹا خون لگا

كَذِبٍ ط قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ط فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ط

جھوٹا | اس نے کہا | بلکہ | جھوٹ گھڑ لی ہے | تمہارے لئے | جانوں تمہاری نے | ایک بات | پس صبر ہے | خوب صورت

کر لے آئے۔ اس پر باپ نے کہا "نہیں، تم نے اپنی طرف سے بات بنا لی ہے۔ اب میرے لئے خوبصورت صبر بہتر ہے۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿18﴾ وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا

اور اللہ | اسی سے مدد مانگی گئی ہے | پر | اس جو | تم بیان کرتے ہو | اور آیا | قافلہ | پھر انہوں نے بھیجا

جو بات تم ظاہر کر رہے ہو میں اس پر اللہ سے مدد مانگتا ہوں۔ اور ایک قافلہ آیا۔ انہوں نے اپنا

وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ط قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ط وَاَسَرُّوْهُ

پانی بھرنے والا اپنا | پھر اس نے ڈالا | ڈول اپنا | اس نے کہا | اے خوش قسمتی کہ | یہ | لڑکا ہے | اور چھپا لیا انہوں نے اسے

پانی بھرنے والا بھیجا۔ اس نے اپنا ڈول لٹکایا تو پکار اٹھا "خوشخبری ہو یہ لڑکا ہے" پھر قافلے والوں نے اسے تجارت کا مال

بِضَاعَةً ط وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ م بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾ وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ

مال کے طور پر | اور اللہ | خوب جانتا تھا | اس کو جو | وہ کرتے تھے | اور بیچا اسے | بدلے قیمت | ناقص کے،

سمجھ کر چھپا لیا۔ اللہ خوب جانتا تھا جو وہ کر رہے تھے۔ پھر انہوں نے یوسف علیہ السلام کو تھوڑی سی قیمت

دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ج وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿20﴾ ع وَقَالَ الَّذِى ع 2 14 12

درہم تھے | گنتی کے | اور وہ تھے | اس میں | سے | دلچسپی نہ لینے والے | اور کہا | اس نے

یعنی چند درہم کے عوض بیچ دیا اور انہیں اس معاملے میں زیادہ دلچسپی نہ تھی۔ اور مصر میں جس شخص نے یوسف علیہ السلام کو

اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ

خریدا تھا اسے | سے | مصر | اپنی بیوی سے | تو عزت سے | رکھنا اسے | ہوسکتا ہے | کہ | وہ فائدہ دے ہمیں | یا

خریدا تو اس نے اپنی بیوی سے کہا "اس کا اچھی طرح خیال رکھنا۔ امید ہے یہ ہمارے لئے مفید ہو یا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ط وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي الْاَرْضِ ز وَلِنُعَلِّمَهٗ

ہم بنالیں اسے | بیٹا | اور اس طرح | ہم نے ٹھکانا دیا | یوسف کو | میں | زمین | اور تاکہ ہم سکھائیں اسے

ہم اسے بیٹا بنالیں گے۔" اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو اس ملک میں جگہ دی تاکہ ہم اسے باتوں کی حقیقت

مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ط وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

سے | تعبیر | باتوں کی | اور اللہ | غالب ہے | پر | اپنے کام | اور لیکن | اکثر

تک پہنچنے کا علم سکھا دیں۔ اللہ اپنا کام کر کے رہتا ہے لیکن اکثر

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿21﴾ وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ط

لوگ | نہیں | وہ جانتے | اور جب | وہ پہنچا | جوانی اپنی کو | ہم نے دی اسے | حکمت | اور علم

لوگ نہیں جانتے! پھر جب یوسف علیہ السلام اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے انہیں حکمت اور علم سے نوازا

وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿22﴾ وَرَاوَدَتْهُ الَّتِيْ هُوَ فِيْ بَيْتِهَا عَنْ

اور اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکی کرنے والوں کو | اور ورغلایا اس کو | اس عورت نے | وہ تھا | میں | گھر جس کے | سے

اور نیکی کرنے والوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔ یوسف علیہ السلام جس عورت کے گھر میں رہتا تھا وہ اسے

نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ط قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ

جان اس کی | اور بند کر دیئے | دروازے | اور کہنے لگی | آؤ | تیری ہوں | بولے | پناہ | اللہ کی | بیشک وہ

پھسلانے لگی۔ ایک روز اس نے دروازے بند کر دیئے اور بولی "آ جا"۔ یوسف علیہ السلام نے کہا "اللہ کی پناہ۔ وہ

رَبِّيْٓ اَحْسَنَ مَثْوَايَ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾ وَلَقَدْ هَمَّتْ

مالک میرا ہے | اس نے اچھا بنایا | ٹھکانا میرا | بے شک | نہیں | فلاح پاتے | ظالم | اور بیشک | وہ ارادہ کر چکی تھی

میرا آقا ہے۔ اس نے مجھے اچھی طرح رکھا ہے۔ میں یہ خیانت نہیں کر سکتا۔ بے شک ظالم لوگ کبھی فلاح نہیں پاتے!" اور عورت

بِهٖ ج وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ط كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ

اس کا | اور وہ بھی ارادہ کر لیتا | اس کا | اگر نہ | وہ | دیکھتا | دلیل | اپنے رب کی | اس طرح کیا | تاکہ ہم پھیر دیں

نے اس کا ارادہ کر لیا اور وہ بھی اس کا ارادہ کر لیتا اگر وہ اپنے رب کی واضح دلیل نہ دیکھ لیتا۔ اس طرح ہم نے اس سخت آزمائش میں

عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ط اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿24﴾ وَاسْتَبَقَا

اس سے | برائی کو | اور بے حیائی کو | بے شک وہ ہے | سے | بندوں ہمارے | خاص چنا ہوا | اور وہ دونوں دوڑے

یوسف علیہ السلام کو برائی اور بے حیائی سے دور رکھا۔ بے شک وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا۔ اور وہ دونوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ

دروازے کو | اور پھاڑ دی اس نے | قمیص اس کی | سے | پیچھے | اور دونوں نے پایا | اس کے شوہر کو | قریب | دروازے کے

دروازے کی طرف دوڑے۔ عورت نے یوسف علیہ السلام کا کُرتہ پیچھے سے پھاڑ دیا۔ دونوں نے اس کے شوہر کو دروازے پر

قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ

وہ بولی | کیا | بدلہ ہے | اس کا جو | ارادہ کرلے | تیری بیوی کے ساتھ | برائی کا | مگر | یہ کہ | وہ قید کیا جائے | یا

پایا۔ عورت بولی ”جو تیری گھر والی کے ساتھ برائی کا ارادہ کرے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿25﴾ قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ

عذاب | دردناک | کہا یوسف نے | یہی | ورغلا رہی تھی مجھے | سے | جان میری | اور گواہی دی | ایک گواہ نے

اس کی سزا اس کے سوا کیا ہے کہ اسے قید کیا جائے یا سخت عذاب دیا جائے؟“ یوسف علیہ السلام نے کہا ”اسی نے مجھے پھسلانے کی

مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ

سے | اس عورت کے خاندان | اگر | ہے | قمیص اس کی | پھٹی | سے | آگے | تو وہ عورت سچی ہے | اور وہ مرد ہے | سے

کوشش کی“۔ اس کے بعد اس عورت کے خاندان والوں میں سے ایک شخص نے گواہی دی کہ ”دیکھا جائے اگر یوسف علیہ السلام کا

الْكٰذِبِيْنَ ﴿26﴾ وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ

جھوٹوں | اور اگر | ہے | قمیص اس کی | پھٹی | سے | پیچھے | تو عورت جھوٹی ہے | اور وہ مرد

کرتہ آگے سے پھٹا ہے تو عورت سچی ہے اور یوسف علیہ السلام جھوٹا ہے۔ اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو

مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿27﴾ فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ

سے | سچوں | پھر جب | دیکھی | قمیص اس کی | پھٹی | سے | پیچھے | اس نے کہا | بیشک یہ ہے | سے

عورت جھوٹی ہے اور یوسف علیہ السلام سچا ہے“۔ پھر جب عزیز نے دیکھا کہ یوسف علیہ السلام کا کرتا پیچھے سے پھٹا ہوا ہے تو اس نے

كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿28﴾ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٚ سکتة

تمہارے مکر | بے شک | مکر تمہارا (عورتوں کا) ہے | بڑا | اے یوسف | تو منہ پھیر لے | سے | اس بات

کہا ”یہ تم عورتوں کا چکر ہے۔ تمہارے چکر بہت بڑے ہوتے ہیں“۔ پھر اس نے کہا ”یوسف علیہ السلام اس معاملے کو رفع دفع

3 ع 9 13
وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۖۚ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿29﴾ ع وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي

اور اے عورت بخشش مانگ | اپنے گناہ کی | بے شک تو | تو تھی | سے | خطا کاروں | اور کہا | عورتوں نے | میں

کرو“ اور اے عورت ”تو اپنے گناہ کی معافی مانگ۔ غلطی تیری تھی“۔ اُدھر شہر کی عورتیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ج قَدْ شَغَفَهَا

شہر | بیوی | عزیز کی | ورغلاتی ہے | اپنے غلام کو | سے | جان اسکی | بے شک | اُس نے ڈالی اُس میں

کہنے لگیں ''عزیز کی بیوی اپنے نوجوان غلام پر ریجھی ہوئی ہے۔ وہ اس کی محبت میں

حُبًّا ط اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ (30) فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ

محبت | بے شک ہم | واقعی ہم دیکھتی ہیں اسے | میں | گمراہی | کھلی | پھر جب | اس عورت نے سنا | ان کے مکر کو

دیوانی ہے۔ ہم دیکھتے ہیں وہ نادانی کر رہی ہے''۔ جب عزیز کی بیوی نے ان عورتوں کا فریب سنا

اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ

اس نے پیغام بھیجا | طرف ان کی | اوراس نے آراستہ کی | ان کے لئے | مجلس | اوراس نے دی | ہر | ایک کو

تو انہیں بلا بھیجا۔ اُن کے لئے مجلس آراستہ کی۔ ہر ایک کو ایک ایک

مِّنْهُنَّ سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ج فَلَمَّا رَاَيْنَهٗ اَكْبَرْنَهٗ

ان میں سے | ایک چھری | اوراس نے کہا | تو نکل (اے یوسف) | ان پر | پھر جب | انہوں نے دیکھا اسے | بڑا جانا اسکو

چھری دی۔ یوسف علیہ السلام سے کہا ''تم ان کے سامنے آؤ'' جب عورتوں نے یوسف علیہ السلام کو دیکھا تو دنگ رہ گئیں۔

وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ط اِنْ هٰذَآ اِلَّا

اور کاٹ لئے | ہاتھ اپنے | اور کہنے لگیں | پناہ | اللہ کی | نہیں | یہ | انسان | نہیں | یہ | مگر

انہوں نے اپنے ہاتھ زخمی کر لئے۔ کہنے لگیں ''حاشا للہ یہ انسان نہیں کوئی

مَلَكٌ كَرِيْمٌ (31) قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ط وَلَقَدْ

فرشتہ | بزرگ | وہ بولی | یہی تو ہے | وہ | تم طعنے دیتی ہو مجھے | جس کے | اور بے شک

بزرگ فرشتہ ہے!'' اس پر عزیز کی بیوی بولی ''یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کرتی تھیں۔ میں نے

رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ط وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ

میں نے ورغلایا تھا اسے | سے | جان اس کی | پھر وہ بچ نکلا | اور اگر | نہ | اس نے کیا | جو | میں کہتی ہوں اسے

اسے پھانسنے کی کوشش کی تھی مگر وہ بچ گیا۔ اگر اس نے وہ نہ کیا جو میں اسے کہتی ہوں تو

لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ (32) قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ

ضرور قید کیا جائے گا | اور ضرور ہوگا | سے | ذلیلوں | اس نے کہا | اے میرے رب | قید خانہ | زیادہ پسند ہے | مجھ کو

جیل بھیج دیا جائے گا اور بے عزت ہو گا۔'' یوسف علیہ السلام نے کہا ''اے میرے رب! مجھے جیل جانا منظور ہے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَ اِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ

اس سے جو | وہ بلاتی ہیں | طرف جس کی | اور اگر نہ | تو ہٹائے گا | مجھ سے | مکر ان کا | میں مائل ہو جاؤں گا | طرف انکی

مگر وہ بات منظور نہیں جس کی طرف عورتیں مجھے بلاتی ہیں۔ اگر تو نے ان کے فریب کو مجھ سے دور نہ کیا تو میں ان کی طرف مائل ہو

وَ اَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿33﴾ فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ

اور میں ہو جاؤں گا | سے | نادانوں | پس دعا قبول کی | اس کی | اس کے رب نے | پھر دور کر دیا | اس سے

جاؤں گا اور نادانوں میں سے ہو جاؤں گا۔'' اس پر یوسف علیہ السلام کے رب نے اس کی دعا قبول کر لی اور ان عورتوں کا فریب اس

كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿34﴾ ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا

مکر ان کا | بے شک وہ | وہی ہے | خوب سننے والا | خوب جاننے والا | پھر | ظاہر ہوا | ان پر | سے | بعد | جو

سے دور کر دیا۔ بے شک اللہ سننے والا جاننے والا ہے۔ پھر اصل حقیقت کی نشانیاں دیکھنے کے بعد ان لوگوں کی سمجھ

رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿35﴾ ع وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ 4 ع 6 14

انہوں نے دیکھیں | نشانیاں | کہ ضرور قید میں ڈالیں اس کو | تک | ایک مدت | اور داخل ہوئے | ساتھ اسکے | قید خانے میں

میں آیا کہ کچھ عرصے کے لئے یوسف علیہ السلام کو قید کر دیں۔ قید خانے میں یوسف علیہ السلام کے ساتھ دو اور

فَتَيٰنِ ؕ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ

دو جوان | کہا | ایک نے ان دونوں میں سے | بیشک میں | میں خود کو دیکھتا ہوں | کہ میں نچوڑتا ہوں | شراب | اور کہا

جوان داخل ہوئے۔ ایک دن ان میں سے ایک نے کہا ''میں نے خواب دیکھا، میں شراب بنانے کے لئے انگور نچوڑ رہا ہوں۔''

الْاٰخَرُ اِنِّيْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ؕ

دوسرے نے | بیشک میں | میں دیکھتا ہوں | کہ اٹھا رکھی ہے | پر | اپنے سر | روٹی | کھاتے ہیں | پرندے | اس سے

دوسرے نے کہا ''میں نے خواب میں دیکھا اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں اور چڑیاں اس میں سے کھا رہی

نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿36﴾ قَالَ لَا يَاْتِيْكُمَا

تو بتا ہمیں | اس کی تعبیر | بے شک ہم | دیکھتے ہیں تجھے | سے | نیکو کاروں | اس نے کہا | نہیں | آئیگا تم دونوں کا

ہیں۔'' دونوں نے یوسف علیہ السلام سے کہا ''ہمیں ان کی تعبیر بتائیں، آپ نیک آدمی دکھائی دیتے ہیں۔ یوسف نے کہا

طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِيْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَكُمَا ؕ

کھانا | جو تم کو دیا جاتا ہے | مگر | میں بتا دوں گا تم دونوں کو | اس کی تعبیر | پہلے اس سے | کہ | آئے تمہارے پاس

''جو کھانا تمہیں ملتا ہے اس کے آنے سے پہلے میں تمہیں ان خوابوں کی تعبیر بتا دوں گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِيْ رَبِّيْ ؕ اِنِّيْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ

یہ ہے | اس سے جو | سکھایا مجھے | میرے رب نے | بیشک میں | میں نے چھوڑ دیا ہے | مذہب | ان لوگوں کا جو

یہ اس علم میں سے جو میرے رب نے مجھے سکھایا ہے۔ بات یہ ہے کہ میں نے ان لوگوں کے مذہب کو اختیار نہیں کیا

لَّا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿37﴾ وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ

نہیں ایمان لاتے | اللہ پر | اور وہ | آخرت کے | وہ ہیں | منکر | اور میں نے پیروی کی | دین کی

جو اللہ پر ایمان نہیں رکھتے اور آخرت کے منکر ہیں۔ میں نے اپنے

اٰبَآءِیْۤ اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ نُّشْرِكَ

اپنے باپ دادا | ابراہیم | اور اسحاق | اور یعقوب کے | نہیں ہے | مناسب | ہمارے لئے | کہ | ہم شریک ٹھہرائیں

بزرگوں ابراہیم، اسحاق، اور یعقوب علیہم السلام کے دین کو اختیار کیا۔ ہمیں حق نہیں کہ ہم کسی چیز کو

بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَعَلَى النَّاسِ

اللہ کا | کسی | چیز کو | یہ ہے | سے | فضل | اللہ کے | ہم پر | اور پر | لوگوں

اللہ کا شریک بنائیں۔ یہ دین اللہ کا فضل ہے ہم پر اور سب لوگوں پر

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَشْكُرُوْنَ ﴿38﴾ یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ

اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | وہ شکر کرتے | اے میرے دونوں ساتھیو! | قید خانے کے | کیا رب

مگر اکثر لوگ نہیں شکر کرتے۔ اے میرے جیل کے ساتھیو! کیا الگ الگ کئی معبود

مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿39﴾ ؕ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ

الگ الگ | بہتر ہیں | یا | اللہ | ایک | زبردست | نہیں | تم پوجتے | سے

بہتر ہیں یا اکیلا جو سب پر غالب ہے؟ تم اسے چھوڑ کر جن معبودوں

دُوْنِهٖۤ اِلَّاۤ اَسْمَآءً سَمَّیْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ

سوائے اسکے | مگر | ناموں کو | جو تم نے نام رکھ لئے ہیں انکے | تم نے | اور باپ دادا تمہارے نے | نہیں | اتاری | اللہ نے

کو مانتے ہو وہ اس کے سوا کچھ نہیں کہ چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لئے ہیں۔ ان کے حق میں

بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا تَعْبُدُوْۤا

ان کی | کوئی | دلیل | نہیں ہے | حکم | مگر | اللہ کا | اس نے حکم دیا ہے | یہ کہ نہ | تم عبادت کرو

اللہ نے کوئی دلیل نہیں اُتاری۔ حکم صرف اللہ کا ہے۔ اسی نے حکم دیا ہے کہ اُس کے سوا کسی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلَّآ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

مگر | صرف اسی کی | یہ ہے | دین | سیدھا | اور لیکن | اکثر | لوگ

عبادت نہ کرو۔ یہی سیدھا دین ہے۔ مگر اکثر لوگ نہیں

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿40﴾ يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّآ اَحَدُكُمَا فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ

نہیں وہ جانتے | اے میرے دونوں ساتھیو! | قید خانے کے | جو ہے | ایک تم دونوں سے | تو وہ پلائے گا | اپنے مالک کو | شراب

جانتے!'' اے میرے قید خانے کے ساتھیو اب تعبیر سنو تم میں سے ایک اپنے آقا کو شراب پلائے گا۔

وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ

اور جو ہے | دوسرا | تو وہ سُولی دیا جائے گا | پھر کھائیں گے | پرندے | سے | اس کے سر | ختم ہوئی | بات

جو دوسرا ہے اسے سولی دی جائے گی اور پرندے اس کا سر نوچ کر کھائیں گے۔ اس بات کا فیصلہ ہو گیا

الَّذِيْ فِيْهِ تَسْتَفْتِيٰنِ ؕ﴿41﴾ وَقَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا

وہ | بارے میں جسکے | تم دونوں سوال کرتے تھے | اور اس نے کہا | اس کو جسے | اس نے سمجھا | کہ وہ | نجات پائیگا | ان دونوں میں سے

جس کے بارے میں تم پوچھ رہے تھے''۔ یوسف علیہ السلام نے جس آدمی کے بارے میں سمجھا کہ وہ قید سے رہا ہونے والا ہے اس سے کہا''

اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ؗ فَاَنْسٰىهُ الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي

تم ذکر کرنا میرا | پاس | مالک اپنے کے | پھر بھلا دیا اسے | شیطان نے | ذکر کرنا | اپنے مالک سے | تو وہ رہا | میں

جب اپنے آقا کے پاس جاؤ تو اس سے میرا ذکر کرنا۔'' مگر شیطان نے اسے ایسا غفلت میں ڈالا کہ وہ اپنے آقا سے یوسف علیہ السلام

السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ؕ﴿42﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْٓ اَرٰى سَبْعَ بَقَرٰتٍ ع 5/7/15

قید خانے | کئی | سال | اور کہا | بادشاہ نے | بے شک میں | دیکھتا ہوں | سات | گائیں

کا تذکرہ کرنا بھول گیا۔ اس طرح یوسف علیہ السلام کئی برس تک جیل خانے میں پڑے رہے۔ ایک دن بادشاہ نے کہا'' میں

سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّاُخَرَ

موٹی ہیں | کھاتی ہیں ان کو | سات | دبلی | اور سات | بالیاں | سبز ہیں | اور سات

نے خواب دیکھا ہے سات موٹی تازی گائیں ہیں جنہیں سات دُبلی پتلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور اناج کی سات ہری بالیاں ہیں۔

يٰبِسٰتٍ ؕ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا

سوکھی | اے | درباریو | بتاؤ مجھے | بارے میں | میرے خواب کے | اگر | تم ہو | خواب کی

دوسری سات سوکھی ہیں۔ اے دربار والو! مجھے اس خواب کی تعبیر بتاؤ اگر تم خوابوں کی تعبیر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تَعْبُرُوْنَ ﴿43﴾ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَمَا نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ

تم تعبیر کرتے | وہ بولے | یہ پریشان | خواب ہیں | اور نہیں ہیں | ہم | تعبیر | خوابوں کی

جانتے ہو؟" وہ بولے "یہ خیالی خواب ہیں۔ ہم اس طرح کے خوابوں کی تعبیر نہیں

بِعٰلِمِيْنَ ﴿44﴾ وَقَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ اُمَّةٍ اَنَا

جاننے والے | اور کہا | اس نے جو | نجات پا گیا تھا | ان دونوں میں سے | اور اس نے یاد کیا | بعد | ایک مدت کے | میں

جانتے" ان دو قیدیوں میں سے جو شخص قید سے رہا ہوا اسے مدت کے بعد یوسف علیہ السلام کا خیال آیا۔ وہ بادشاہ کا خواب سن کر بولا

اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ فَاَرْسِلُوْنِ ﴿45﴾ يُوْسُفُ اَيُّهَا الصِّدِّيْقُ اَفْتِنَا

بتاتا ہوں تمہیں | تعبیر اس کی | پس تم بھیجو مجھے | یوسف | اے | بڑے سچے | تو بتا ہمیں

"مجھے یوسف علیہ السلام کے پاس جانے کی اجازت دو، میں تمہیں اس خواب کی تعبیر بتاؤں گا۔" اجازت ملنے پر وہ یوسف علیہ السلام کے پاس

فِيْ سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَّسَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ

بارے میں | سات | گایوں | موٹی کے | کھاتی ہیں جن کو | سات | دبلی | اور سات | بالیاں ہیں

قید خانے میں پہنچا اور کہنے لگا "اے یوسف" اے بڑے سچے انسان! ایک خواب ہے سات موٹی تازی گائیں ہیں جن کو سات دبلی

خُضْرٍ وَّاُخَرَ يٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّيْٓ اَرْجِعُ اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ

سبز | اور سات | خشک ہیں | تاکہ میں | میں واپس جاؤں | طرف | لوگوں کی | تاکہ وہ

پتلی گائیں کھا رہی ہیں۔ اور سات بالیاں ہری ہیں اور سات سوکھی ہیں۔ اس خواب کی تعبیر بتادیں تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جا

يَعْلَمُوْنَ ﴿46﴾ قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِيْنَ دَاَبًا ۚ فَمَا حَصَدْتُّمْ

وہ جانیں | اس نے کہا | تم کھیتی کروگے | سات | برس | محنت سے | پھر جو | تم کاٹو

کر ان سے بیان کردوں اور انہیں بھی اس خواب کی تعبیر معلوم ہو جائے۔ یوسف علیہ السلام نے کہا "تم لوگ سات برس تک برابر کھیتی کرو

فَذَرُوْهُ فِيْ سُنْۢبُلِهٖٓ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿47﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْ

تو تم رہنے دو اسے | میں | اس کی بالیوں | مگر | تھوڑا | اس سے جو | تم کھاتے ہو | پھر | آئیں گے | سے

گے۔ جو فصل تم کاٹو اسے اس کی بالیوں میں ہی رہنے دو تاکہ غلہ محفوظ رہے مگر اس میں سے کچھ حصہ اپنی خوراک کے لئے رکھ لو۔ اس

بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا

بعد | اس کے | سات برس | سخت | وہ کھا جائیں گے | جو کچھ | تم نے پہلے رکھا | ان کے لئے | مگر | تھوڑا

کے بعد سات سخت سال آئیں گے۔ ان میں غلے کا سارا ذخیرہ ختم ہو جائے گا جو تم نے جمع کر رکھا ہوگا مگر تھوڑا سا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿48﴾ ثُمَّ يَاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ

اس میں سے جو | تم بچا رکھو | پھر | آئے گا | سے | بعد | اس کے | ایک سال | جس میں | بارش ہوگی

تمہارے پاس بچا رہے گا۔ اس کے بعد ایک سال آئے گا جس میں لوگوں کے لئے بارشیں ہوں گی، ان کے لئے غلہ پیدا

ع 6 7 16
النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿49﴾ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ

لوگوں کیلئے | اوراس میں | وہ نچوڑیں گے | اور کہا | بادشاہ نے | لاؤ میرے پاس | اس کو | پھر جب | آیا اسکے پاس

ہوگا اور وہ رس بھی نچوڑیں گے۔ بادشاہ نے تعبیر سنی تو کہا "یوسف علیہ السلام کو میرے پاس لاؤ" جب بادشاہ کا

الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ

ایلچی | اس نے کہا | تو واپس جا | طرف | اپنے مالک کی | پھر تو پوچھ اس سے | کیا معاملہ ہے | ان عورتوں کا | جنہوں نے

قاصد یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچا تو یوسف علیہ السلام نے کہا "تم اپنے آقا کے پاس واپس جاؤ اور اس سے پوچھو" "ان

قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿50﴾ قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ

کاٹے تھے | ہاتھ اپنے | بے شک | رب میرا | ان کے مکر کو | خوب جاننے والا ہے | اس نے کہا | کیا | واقعہ تمہارا ہوا

عورتوں کا کیا معاملہ ہے جنہوں نے اپنے ہاتھ زخمی کئے تھے؟ میرا رب ان کے فریب سے خوب واقف ہے۔ بادشاہ نے عورتوں کو بلا

اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ

جب | تم نے ورغلایا | یوسف کو | سے | جان اس کی | وہ بولیں | پناہ | اللہ کی | نہیں | ہم نے دیکھی | اس میں

کر پوچھا "تمہارا کیا ماجرا ہے جب تم نے یوسف علیہ السلام کو پھسلانے کی کوشش کی؟" وہ بولیں "پناہ اللہ کی" ہم نے اس میں کوئی

مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْــٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۡ اَنَا

کوئی | برائی | بولی | بیوی | عزیز کی | اب | کھل گئی ہے | حقیقت | میں

برائی نہیں پائی۔" یہ سن کر عزیز کی بیوی بولی " اب سچی بات کھل گئی۔ میں نے یوسف علیہ السلام کو

رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿51﴾ ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ

نے ورغلایا تھا اسے | سے | جان اس کی | اور بیشک وہ ہے البتہ سے | سچوں | یہ اس لئے | تا کہ وہ جانے | کہ میں نے

پھسلانے کی کوشش کی تھی۔ بے شک وہ سچا ہے۔" پھر یوسف علیہ السلام نے کہا "یہ معاملہ میں نے اس لئے دوبارہ اٹھایا تا کہ عزیز

لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿52﴾

نہیں | خیانت کی اسکی | عدم موجودگی میں | اور یہ کہ | اللہ | نہیں | وہ راہ دیتا | مکر کو | خیانت کرنے والوں کے

مصر کو معلوم ہو جائے کہ میں نے درپردہ اس کی خیانت نہیں کی۔ بے شک اللہ خیانت کرنے والوں کی چال کو چلنے نہیں دیتا۔"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَمَآ أُبَرِّئُ نَفۡسِيٓۚ إِنَّ ٱلنَّفۡسَ لَأَمَّارَةُۢ بِٱلسُّوٓءِ إِلَّا مَا رَحِمَ

اور نہیں | میں بے قصور کہتا | اپنے آپ کو | بے شک | نفس | ضرور اُبھارتا ہے | برائی پر | مگر | جس پر | رحم کرے

اور میں اپنے آپ کو معصوم نہیں کہتا۔ انسان کا نفس تو بدی سکھاتا ہے۔ اس سے وہی بچ سکتا ہے جس پر میرا رب رحم

رَبِّيٓۚ إِنَّ رَبِّي غَفُورٞ رَّحِيمٞ ﴿53﴾ وَقَالَ ٱلۡمَلِكُ ٱئۡتُونِي بِهِۦٓ أَسۡتَخۡلِصۡهُ

میرا رب | بے شک | میرا رب | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور کہا | بادشاہ نے | لاؤ میرے پاس | اس کو | میں خاص کرلوں اسکو

فرمائے۔ بیشک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے اور پھر بادشاہ نے حکم دیا ''یوسف علیہ السلام کو میرے پاس لاؤ۔ میں اسے خاص اپنے

لِنَفۡسِيۖ فَلَمَّا كَلَّمَهُۥ قَالَ إِنَّكَ ٱلۡيَوۡمَ لَدَيۡنَا مَكِينٌ

اپنے لئے | پھر جب | اُس نے باتیں کیں اس سے | کہا | بے شک تو | آج ہے | ہمارے پاس | مرتبے والا

لئے رکھوں گا'' جب یوسف علیہ السلام نے بادشاہ سے گفتگو کی تو اس نے کہا ''آج سے تم ہمارے ہاں معزز اور اعتماد

أَمِينٞ ﴿54﴾ قَالَ ٱجۡعَلۡنِي عَلَىٰ خَزَآئِنِ ٱلۡأَرۡضِۖ إِنِّي حَفِيظٌ عَلِيمٞ ﴿55﴾

امانتدار | کہا | مقرر کر مجھ کو | پر | خزانوں | زمین کے | بے شک میں | محافظ ہوں | علم والا ہوں

والے شخص ہو'' یوسف علیہ السلام نے کہا ''مجھے ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیں، میں ماہر نگہبان ہوں۔''

وَكَذَٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوسُفَ فِي ٱلۡأَرۡضِ يَتَبَوَّأُ مِنۡهَا حَيۡثُ يَشَآءُۚ

اور اس طرح | ہم نے ٹھکانہ دیا | یوسف کو | میں | زمین | وہ رہتا | اس میں | جہاں | وہ چاہتا

اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کو بااختیار بنا دیا، وہ جہاں چاہیں رہیں۔

نُصِيبُ بِرَحۡمَتِنَا مَن نَّشَآءُۖ وَلَا نُضِيعُ أَجۡرَ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿56﴾ وَلَأَجۡرُ

ہم پہنچاتے ہیں | اپنی رحمت | جس کو | ہم چاہتے ہیں | اور نہیں | ہم ضائع کرتے | اجر | نیکوں کا | اور البتہ اجر

ہم اپنے فضل سے جسے چاہتے ہیں نوازتے ہیں اور نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ اور آخرت کا اجر

ٱلۡأٓخِرَةِ خَيۡرٞ لِّلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَكَانُواْ يَتَّقُونَ ﴿57﴾ وَجَآءَ إِخۡوَةُ يُوسُفَ (ع 7/8/1)

آخرت کا | بہتر ہے | ان کے لئے جو | ایمان لائیں | اور ہوں | پرہیزگار | اور آئے | بھائی | یوسف کے

بہت بڑھ کر ہے ان لوگوں کے لئے جو ایمان لائیں اور تقویٰ اختیار کریں۔ اور یوسف علیہ السلام کے بھائی غلہ

فَدَخَلُواْ عَلَيۡهِ فَعَرَفَهُمۡ وَهُمۡ لَهُۥ مُنكِرُونَ ﴿58﴾ وَلَمَّا جَهَّزَهُم

پھر وہ داخل ہوئے | اس پر | تو اس نے پہچان لیا انکو | جبکہ وہ | اس سے | ناواقف تھے | اور جب | اس نے تیار کیا ان کو

لینے مصر آئے تو یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے۔ اس نے انہیں پہچان لیا لیکن انہوں نے یوسف علیہ السلام کو نہیں پہچانا۔ جب اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِجَهَازِهِمْ قَالَ ائْتُونِي بِأَخٍ لَّكُم مِّنْ أَبِيكُمْ ۚ أَلَا تَرَوْنَ أَنِّي

اُن کے سامان کیساتھ | اس نے کہا | میرے پاس لاؤ | بھائی | اپنے کو | سے | اپنے باپ | کیا نہیں | تم دیکھتے | کہ میں

نے ان کا سامان تیار کرادیا تو روانگی کے وقت ان سے کہا ''آئندہ اپنے سوتیلے بھائی کو بھی میرے پاس لانا'' کیا تم نہیں دیکھتے میں

أُوفِي الْكَيْلَ وَأَنَا خَيْرُ الْمُنزِلِينَ ﴿59﴾ فَإِن لَّمْ تَأْتُونِي بِهِ فَلَا

پورا دیتا ہوں | ماپ (غلہ) | اور میں ہوں | بہتر | میزبان | پھر اگر | نہ | تم لائے میرے پاس | اس کو | تو نہیں

غلہ بھی پورا ناپ کر دیتا ہوں اور اچھی مہمان نوازی کرتا ہوں۔ اگر تم اسے میرے پاس نہ لائے

كَيْلَ لَكُمْ عِندِي وَلَا تَقْرَبُونِ ﴿60﴾ قَالُوا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ أَبَاهُ

ماپ (غلہ) | تمہارے لئے | میرے پاس | اور نہ | تم میرے قریب آنا | وہ بولے | جلد ہم راضی کریں گے | اس کیلئے | اسکے باپ کو

تو نہ تمہارے لئے غلہ ہے اور نہ تم میرے قریب آنا'' انہوں نے کہا ''ہم اس کے بارے میں اس کے باپ کو راضی کرنے کی کوشش

وَإِنَّا لَفَاعِلُونَ ﴿61﴾ وَقَالَ لِفِتْيَانِهِ اجْعَلُوا بِضَاعَتَهُمْ فِي رِحَالِهِمْ

اور بیشک ہم | ضرور کام کریں گے | اور اس نے کہا | اپنے خادموں سے | رکھ دو | رقم ان کی | میں | ان کی بوریوں

کریں گے اور ہمیں یہ کام کرنا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے اپنے کارندوں سے کہا ''ان لوگوں کی رقم بھی ان کی بوریوں میں رکھ دو

لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُونَهَا إِذَا انقَلَبُوا إِلَىٰ أَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ ﴿62﴾

تاکہ وہ | پہچان لیں اسے | جب | وہ واپس لوٹیں | طرف | اپنے گھر والوں کی | تاکہ وہ | دوبارہ آئیں

تاکہ جب گھر پہنچیں تو اپنے سرمائے کو پہچان لیں اور دوبارہ آئیں۔

فَلَمَّا رَجَعُوا إِلَىٰ أَبِيهِمْ قَالُوا يَا أَبَانَا مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَأَرْسِلْ

پھر جب | وہ واپس آئے | طرف | اپنے باپ کی | وہ بولے | اے ہمارے باپ | روکا گیا | ہم سے | ماپ (غلہ) | پس تو بھیج

جب وہ اپنے باپ کے پاس پہنچے تو ان سے عرض کیا ''ابا جان! آئندہ کے لئے ہمارا غلہ بند کر دیا گیا۔ لہٰذا آپ ہمارے سوتیلے بھائی

مَعَنَا أَخَانَا نَكْتَلْ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ ﴿63﴾ قَالَ هَلْ آمَنُكُمْ

ساتھ ہمارے | بھائی ہمارے کو | ہم ماپ لیں | اور بیشک ہم | اسکے | ضرور محافظ ہیں | اس نے کہا | کیا | میں اعتبار کروں تمہارا

کو بھی ہمارے ساتھ جانے دیں تاکہ ہم دوبارہ غلہ لائیں اور ہم اس کے نگہبان ہیں'' یعقوب علیہ السلام نے جواب دیا ''کیا میں اس

عَلَيْهِ إِلَّا كَمَا أَمِنتُكُمْ عَلَىٰ أَخِيهِ مِن قَبْلُ ۖ فَاللَّهُ خَيْرٌ

اسکے بارے | مگر | جیسے | میں نے اعتبار کیا تمہارا | بارے | اسکے بھائی کے | سے | پہلے | پس اللہ | بہترین

کے بارے میں تمہارا ویسا ہی اعتبار کرلوں جیسا اس سے پہلے اس کے بھائی یوسف علیہ السلام کے بارے میں اعتبار کر چکا ہوں؟ اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿64﴾ وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا

محافظ ہے | اور وہ | زیادہ رحم کرنے والا | رحم کرنے والوں سے | اور جب | انہوں نے کھولا | سامان اپنا | انہوں نے پائی

بہترین نگہبان اور سب سے بڑھ کر مہربان ہے۔'' اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا

بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ۭ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ۭ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا

اپنی رقم | لوٹائی گئی | طرف ان کی | وہ بولے | اے ہمارے باپ | کیا | ہمیں چاہئے | یہ ہے | رقم ہماری

تو دیکھا کہ ان کی رقم بھی واپس لوٹا دی گئی ہے تو اپنے باپ سے کہنے لگے'' ابا جان، ہمیں اور کیا چاہئے؟ ہماری رقم

رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَنَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ

واپس کی گئی | ہماری طرف | اور ہم اناج لائینگے | اپنے اہل خانہ کیلئے | اور ہم حفاظت کرینگے | اپنے بھائی کی | اور ہم زیادہ لائیں گے | ماپ (غلہ)

بھی واپس لوٹا دی گئی۔ آپ اجازت دیں ہم بھائی کو ساتھ لے کر مصر جائیں۔ وہاں سے اپنے اہل وعیال کے لئے غلہ لائیں۔ ہم

بَعِيْرٍ ۭ ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿65﴾ قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى

اونٹ کا | یہ ہے | ماپ (غلہ) | تھوڑا | اس نے کہا | ہرگز نہیں | میں بھیجوں گا اسے | ساتھ تمہارے | یہانتک کہ

اپنے اس بھائی کی حفاظت کریں گے۔ اس کے حصے کا زائد غلہ بھی لائیں گے جو کہ ایک اونٹ کے بوجھ کے برابر ہوگا۔ یہ موجودہ غلہ تو

تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ

تم دو مجھے | پکا وعدہ | طرف سے | اللہ کی | ضرور تم واپس لاؤ گے | اس کو | مگر | یہ کہ | گھیرے جاؤ | تم سب | پھر جب

تھوڑا ہے۔ یعقوب علیہ السلام نے کہا'' میں اسے تمہارے ساتھ ہرگز نہیں بھیجوں گا جب تک تم مجھ سے اللہ کی قسم کھا کر عہد نہ کرو کہ تم اسے

اٰتَوْهُ مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿66﴾ وَقَالَ يٰبَنِيَّ

انہوں نے دیا اسے | اپنا پکا وعدہ | کہا | اللہ ہے | پر | جو | ہم کہتے ہیں | کارساز | اور کہا | اے میرے بیٹو

ضرور میرے پاس واپس لاؤ گے۔ البتہ اگر تم لوگ کہیں گھیرے میں آجاؤ تو اور بات ہے۔'' پھر جب انہوں نے باپ کو اپنا پکا قول

لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ

نہ تم داخل ہونا | سے | دروازے | ایک | اور داخل ہونا | سے | دروازوں | مختلف | اور نہیں | میں کام آسکتا

دے دیا تو اس نے کہا'' ہم جو قول وقرار کر رہے ہیں اس پر اللہ نگہبان ہے۔'' یعقوب علیہ السلام نے کہا'' میرے بیٹو! ایک ہی دروازے

عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ

تمہارے | سے | اللہ | کچھ | بھی | نہیں | حکم | مگر | اللہ کا | اسی پر | میں نے توکل کیا

سے داخل نہ ہونا بلکہ الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا۔ ویسے میں تمہیں اللہ کی کسی بات سے نہیں بچا سکتا۔ حکم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿67﴾ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ

اور اسی پر | پس چاہیے توکل کریں | توکل کرنے والے | اور جب | وہ داخل ہوئے | سے | جہاں | حکم دیا ان کو

صرف اللہ کا ہے۔ اسی پر میں نے بھروسا کیا۔ اسی پر سب کو بھروسا کرنا چاہیے۔ اور وہ شہر میں اسی طرح الگ الگ دروازوں سے

اَبُوْهُمْ ۘ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً

ان کے باپ نے | نہیں | وہ تھا | کام آسکتا | ان کے | سے | اللہ | کچھ | بھی | مگر | اندیشہ تھا

داخل ہوئے جس طرح ان کے باپ نے انہیں ہدایت کی تھی۔ وہ انہیں اللہ کی کسی بات سے بچا نہیں سکتا تھا لیکن یعقوب علیہ السلام

فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ۘ وَاِنَّهٗ لَذُوْ عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ

میں | دل | یعقوب کے | اس نے پورا کیا اسے | اور بے شک وہ | ضرور علم والا تھا | اس کا جو | ہم نے سکھایا اسے | اور لیکن

کے دل میں ایک خیال تھا جو اس نے پورا کیا۔ بیشک وہ ہماری دی ہوئی تعلیم سے صاحب علم تھا مگر

ع 8 11 2 اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿68﴾ ع وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰٓى اِلَيْهِ

اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور جب | وہ داخل ہوئے | پر | یوسف | اس نے جگہ دی | اپنے پاس

اکثر لوگ نہیں جانتے۔ اور جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو اس نے اپنے بھائی کو اپنے پاس رکھا اور اسے کہا ”میں تمہارا

اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿69﴾ فَلَمَّا

اپنے بھائی کو | کہا | بے شک میں | میں | تیرا بھائی ہوں | پس نہ | تو غم کر | اس پر جو | وہ تھے | کرتے | پھر جب

بھائی یوسف علیہ السلام ہوں۔ جو بدسلوکی وہ تمہارے ساتھ کرتے رہے ہیں اس پر غمگین نہ ہو۔ اب حالات بہتر ہو جائیں گے“

جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ

اس نے تیار کیا ان کو | ان کے سامان کیساتھ | رکھ دیا | پیالہ | میں | سامان | بھائی کے | پھر | پکارا

جب یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں کا سامان تیار کرایا تو اپنے بھائی کے سامان میں پینے کا پیالہ رکھوا دیا۔ پھر ان کی روانگی کے

مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا وَاَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا

ایک پکارنے والا | اے | قافلے والو | بیشک تم | ضرور چور ہو | وہ بولے | اور منہ پھیرا | ان کی طرف | کیا

بعد ان کے پیچھے ایک پکارنے والے نے پکارا ”اے قافلے والو! تم چور ہو“ انہوں نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور پوچھا ”تمہاری کیا چیز کھو

تَفْقِدُوْنَ ﴿71﴾ قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَلِمَنْ جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ

تمہارا گم ہوا | وہ بولے | ہمارا گم ہوا | پیالہ | بادشاہ کا | اور اس کے لئے جو | لائے | اسے | بوجھ ہے | ایک اونٹ کا

گئی ہے؟“ انہوں نے کہا ”ہمیں شاہی پیالہ نہیں مل رہا اور ان کے افسر نے کہا ”جو کوئی اسے لائے گا اس کے لئے ایک اونٹ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَّاَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ﴿72﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا لِنُفْسِدَ فِي

اور میں | اس کا | ضامن ہوں | وہ بولے | قسم اللہ کی | بیشک | تم جانتے ہو | نہیں | ہم آئے | کہ فساد کریں | میں

بوجھ کے برابر غلہ انعام ہے جس کا میں ضامن ہوں۔" یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے کہا "اللہ کی قسم! تمہیں معلوم ہے ہم لوگ اس

الْاَرْضِ وَمَا كُنَّا سٰرِقِيْنَ ﴿73﴾ قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗٓ اِنْ كُنْتُمْ

زمین | اور نہ | ہم ہیں | چور | وہ بولے | پھر کیا | سزا اس کی | اگر | تم ہوئے

ملک میں فساد کرنے نہیں آئے، نہ ہم چور ہیں۔" انہوں نے کہا "اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے تو چوری کرنے والے کی

كٰذِبِيْنَ ﴿74﴾ قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ

جھوٹے | وہ بولے | سزا اس کی | جس کے | پایا گیا | میں | اس کے سامان | تو وہی | سزا اس کی

کیا سزا ہے؟" انہوں نے کہا "جس کے سامان میں سے چوری کا مال برآمد ہو تو وہی شخص اپنی سزا ہے!

كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿75﴾ فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ اَخِيْهِ ثُمَّ

اسی طرح | ہم سزا دیتے ہیں | ظالموں کو | پھر شروع کیا | انکے سامانوں سے | پہلے | سامان سے | اپنے بھائی کے | پھر

ظالموں کو ہم لوگ اسی طرح سزا دیتے ہیں۔" پھر ان کے افسر نے یوسف علیہ السلام کے بھائی کے سامان سے پہلے دوسروں کی بوریوں کی

اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا كَانَ

نکالا اسے | سے | سامان | اپنے بھائی کے | اسی طرح | ہم نے تدبیر کی | یوسف کے لئے | نہیں | وہ تھا

تلاشی لی تو کچھ نہ پایا۔ پھر اس کے بھائی کی بوری سے وہ پیالہ برآمد کر لیا۔ اس طرح ہم نے یوسف علیہ السلام کے لئے تدبیر کی۔ وہ

لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ

کہ لے | اپنے بھائی کو | میں | قانون | بادشاہ کے | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | ہم بلند کرتے ہیں | درجے

بادشاہ کے قانون کی رو سے اپنے بھائی کو نہیں لے سکتا تھا مگر جو اللہ چاہے۔ ہم جس کے لئے چاہتے ہیں درجے

مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿76﴾ قَالُوْٓا اِنْ يَّسْرِقْ

جس کے | ہم چاہتے ہیں | اور اوپر | ہر | والے | علم کے | علم والا ہے | وہ بولے | اگر | اس نے چوری کی

بلند کر دیتے ہیں۔ اور ہر علم والے سے اوپر ایک علم والا ہے۔ یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے کہا "اگر اس نے چوری کی ہے

فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ نَفْسِهٖ وَلَمْ

تو بیشک | چوری کی | بھائی | اسکے نے | سے | پہلے | پھر چھپایا اسے | یوسف نے | میں | اپنے دل | اور نہیں

تو اس سے پہلے اس کے بھائی یوسف علیہ السلام نے بھی چوری کی تھی۔" یوسف علیہ السلام نے اس بات کو اپنے دل میں رکھا اور ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

ظاہر کیا اسے | ان پر | کہا | تم | برے | درجے کے ہو | اور اللہ | خوب جانتا ہے | اس کو جو

پر ظاہر نہ کیا۔ دل میں اتنا کہا ''تم لوگ بالکل گئے گزرے ہو۔ جو کچھ بیان کر رہے ہو اس کی حقیقت اللہ

تَصِفُوْنَ ﴿77﴾ قَالُوْا يٰۤاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗۤ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ

تم بیان کرتے ہو | وہ بولے | اے | بادشاہ | بیشک | اس کا ہے | باپ | بوڑھا | بزرگ | پس تو لے

بہتر جانتا ہے۔'' بھائیوں نے کہا اے عزیز! اس کا باپ بہت بوڑھا ہے۔آپ اس کی جگہ ہم میں سے

اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿78﴾ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ

کوئی ایک ہم سے | جگہ اس کی | بیشک ہم | ہم دیکھتے ہیں تجھے | سے | نیکوں | کہا | پناہ | اللہ کی | کہ

کسی کو رکھ لیں۔ ہم تمہیں نیک آدمی سمجھتے ہیں۔ یوسف علیہ السلام نے کہا ''اللہ کی پناہ ! جس شخص سے

نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗۤ ۙ اِنَّاۤ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿79﴾ ع فَلَمَّا 9 ع 11 3

ہم لیں | مگر | جس کو | ہم نے پایا | اپنا سامان | پاس اسکے | بیشک ہم | اس وقت | ضرور ظالم ہیں | پھر جب

ہمارا مال برآمد ہوا ہے اسے چھوڑ کر کسی اور کو پکڑ لیں۔اس صورت میں ہم ضرور ظالم ہوں گے۔'' جب وہ یوسف علیہ السلام

اسْتَيْئَسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ؕ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْۤا اَنَّ

وہ مایوس ہوئے | اس سے | اکیلے ہوئے | مشورے کیلئے | کہا | انکے بڑے نے | کیا نہیں | تم جانتے | کہ

سے ناامید ہوگئے کہ یہ ماننے والے نہیں تو الگ ہو کر باہم مشورہ کرنے لگے۔ان میں سے بڑے نے کہا ''بھائیو، کیا تمہیں معلوم نہیں

اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا

باپ تمہارے نے | بیشک | لیا | تم سے | پختہ وعدہ | سے | اللہ | اور سے | پہلے | جو

تمہارے باپ نے اس کے بارے میں اللہ کی قسم لے کر تم سے وعدہ لیا تھا؟ تم اس سے پہلے یوسف علیہ السلام کے معاملے میں جو

فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْۤ اَبِيْۤ اَوْ

تم نے قصور کیا | بارے میں | یوسف کے | پس ہرگز نہیں | میں ٹلوں گا | اس زمین سے | یہاں تک کہ | اجازت دے مجھے | میرا باپ | یا

زیادتی کر چکے ہو وہ بھی تمہیں معلوم ہے۔ میں تو یہاں سے ہرگز نہیں جاؤں گا جب تک میرا باپ مجھے یہاں سے جانے کی اجازت

يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿80﴾ اِرْجِعُوْۤا اِلٰۤى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا

حکم دے | اللہ | مجھ کو | اور وہ | بہترین | حاکم ہے | تم واپس جاؤ | طرف | اپنے باپ کی | پھر کہو

نہ دے، یا اللہ میرے لئے کوئی اور فیصلہ فرمادے اور وہ سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔تم لوگ اپنے باپ کے پاس جاؤ اور ان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَٰٓأَبَانَآ إِنَّ ٱبْنَكَ سَرَقَ وَمَا شَهِدْنَآ إِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا

اے ہمارے باپ | بیشک | تمہارے بیٹے نے | چوری کی | اورنہیں | ہم نے گواہی دی | مگر | جو کچھ | ہم جانتے تھے | اورنہیں | ہم تھے

سے کہواے ہمارے اباجان آپ کے بیٹے نے چوری کی ہم وہی بات کہہ رہے ہیں جو ہمیں معلوم ہوئی اور ہم غیب دان نہیں کہ ہمیں

لِلْغَيْبِ حَٰفِظِينَ ﴿81﴾ وَسْـَٔلِ ٱلْقَرْيَةَ ٱلَّتِى كُنَّا فِيهَا وَٱلْعِيرَ ٱلَّتِىٓ

غیب پر | نگران | اور پوچھ لے | بستی (والوں) سے | جو | ہم تھے | اس میں | اور قافلے سے | جو

پہلے سے معلوم ہوتا۔اوران سے کہنا کہ بیشک آپ اس بستی کے لوگوں سے پوچھ لیں جہاں ہم تھے اور اس قافلے سے پوچھ لیں جس

أَقْبَلْنَا فِيهَا ۖ وَإِنَّا لَصَٰدِقُونَ ﴿82﴾ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ أَنفُسُكُمْ

ہم آئے | اس میں | اور بیشک ہم | ضرور سچے ہیں | کہا | بلکہ | بنالی ہے | تمہارے لیے | تمہارے نفسوں نے

کے ساتھ ہم آئے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں''۔ پھر ان کی باتیں سن کر یعقوب علیہ السلام نے کہا ''یہ تو تم نے اپنے دل سے ایک بات

أَمْرًا ۖ فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ عَسَى ٱللَّهُ أَن يَأْتِيَنِى بِهِمْ جَمِيعًا ۚ إِنَّهُۥ

بات | پس صبر ہی | اچھا | امید ہے | اللہ | کہ | لائے میرے پاس | ان کو | سب کو | بیشک وہ

بنالی ہے۔اچھا، میرے لئے خوب صورت صبر بہتر ہے۔امید ہے اللہ ان سب کو میرے پاس لائے گا۔بیشک وہ جاننے والا حکمت

هُوَ ٱلْعَلِيمُ ٱلْحَكِيمُ ﴿83﴾ وَتَوَلَّىٰ عَنْهُمْ وَقَالَ يَٰٓأَسَفَىٰ عَلَىٰ يُوسُفَ

وہی | بڑے علم والا | خوب حکمت والا ہے | اور منہ پھیرا | ان سے | اور کہا | ہائے افسوس | پر | یوسف

والا ہے۔'' اور یعقوب علیہ السلام نے اُن سے رُخ پھیرا تو کہا ''ہائے یوسف علیہ السلام

وَٱبْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ ٱلْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيمٌ ﴿84﴾ قَالُوا۟ تَٱللَّهِ تَفْتَؤُا۟

اور سفید ہوگئیں | آنکھیں اس کی | سے | غم | پس وہ | غم سے بھرا ہوا تھا | وہ بولے | قسم اللہ کی | تو ہمیشہ رہیگا

اور غم سے ان کی آنکھیں سفید پڑ گئیں۔ سینہ گھٹا گھٹا رہنے لگا! بیٹوں نے کہا ''اللہ کی قسم!

تَذْكُرُ يُوسُفَ حَتَّىٰ تَكُونَ حَرَضًا أَوْ تَكُونَ مِنَ ٱلْهَٰلِكِينَ ﴿85﴾ قَالَ

یاد کرتا | یوسف کو | یہاں تک کہ | تو ہوجائے | نڈھال | یا | تو ہوگا | سے | ہلاک ہونے والوں | کہا

آپ یوسف علیہ السلام کو یاد کرتے رہیں گے یہاں تک کہ غم سے گھل جائیں یا ہلاک ہو جائیں۔'' یعقوب علیہ السلام بولے

إِنَّمَآ أَشْكُوا۟ بَثِّى وَحُزْنِىٓ إِلَى ٱللَّهِ وَأَعْلَمُ مِنَ ٱللَّهِ مَا

بیشک | میں شکایت کرتا ہوں | اپنی بے قراری | اور اپنے غم کی | طرف | اللہ کی | اور میں جانتا ہوں | سے | اللہ | جو

'' میں اپنی پریشانی اور غم کا شکوہ صرف اللہ سے کرتا ہوں جس کی طرف سے مجھے وہ باتیں معلوم ہیں جو تم

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿86﴾ يٰبَنِيَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ يُّوْسُفَ وَاَخِيْهِ

نہیں تم جانتے | اے میرے بیٹو | جاؤ | پھر تلاش کرو | کی | یوسف | اور اسکے بھائی کی

نہیں جانتے۔" پھر کہا "اے بیٹو! جاؤ یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کی رحمت سے

وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يَايْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ اِلَّا

اور نہ مایوس ہو | سے | رحمت | اللہ کی | بیشک وہ | نہیں | مایوس ہوتے | سے | رحمت | اللہ کی | مگر

نا امید نہ ہو۔ اللہ کی رحمت سے صرف کافر لوگ مایوس

الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿87﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَيْهِ قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ مَسَّنَا

لوگ | کافر | پھر جب | وہ داخل ہوئے | اس پر | بولے | اے | بادشاہ | ہمیں پہنچی

ہوتے ہیں۔" پھر جب وہ یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو کہنے لگے "اے عزیز! ہمیں

وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا الْكَيْلَ

اور ہمارے گھر والوں کو | تکلیف | اور ہم لائے | رقم | تھوڑی | پس تو پورا دے | ہم کو | ماپ (غلہ)

اور ہمارے گھر والوں پر بڑی سختی کے دن گزر رہے ہیں ہم تھوڑی سی پونجی لائے ہیں۔ آپ ہمیں پورا غلہ دیں اور

وَتَصَدَّقْ عَلَيْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِي الْمُتَصَدِّقِيْنَ ﴿88﴾ قَالَ هَلْ

اور صدقہ کر | ہم پر | بیشک | اللہ | بدلہ دیتا ہے | صدقہ کرنے والوں کو | کہا | کیا

صدقہ بھی دیں۔ بیشک اللہ صدقہ کرنے والوں کو ثواب دیتا ہے۔" یوسف علیہ السلام نے کہا! "تمہیں یاد ہے

عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ بِيُوْسُفَ وَاَخِيْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿89﴾ قَالُوْٓا

تم جانتے ہو | جو | تم نے کیا | یوسف کے ساتھ | اور اسکے بھائی سے | جب | تم تھے | نادان | وہ بولے

تم نے یوسف علیہ السلام اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا سلوک کیا تھا جب تمہیں سمجھ نہ تھی؟ اس پر بھائی فوراً بول اٹھے

ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ز قَدْ مَنَّ اللّٰهُ

کیا بیشک تو | تو ہی | یوسف ہے؟ | کہا | میں | یوسف ہوں | اور یہ | میرا بھائی ہے | بیشک احسان کیا | اللہ نے

"کیا تم یوسف علیہ السلام ہو؟" اس نے کہا "ہاں، میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے۔ اللہ نے ہم پر بڑا فضل

عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَيَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ

ہم پر | بیشک | جو | ڈرے | اور صبر کرے | پس بیشک | اللہ | نہیں | ضائع کرتا | اجر

فرمایا۔ واقعی جو اس سے ڈرتا ہے اور صبر کرتا ہے تو اللہ نیک کام کرنے والوں کا اجر ضائع

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا

نیکوں کا | وہ بولے | قسم اللہ کی | بیشک | فوقیت دی تجھے | اللہ نے | ہم پر | اور بیشک | ہم تھے

نہیں کرتا۔ بھائیوں نے کہا ''اللہ کی قسم! اللہ نے تمہیں ہم پر فضیلت دی۔ بیشک ہم

لَخٰطِئِيْنَ ﴿۹۱﴾ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ

ضرور خطاکار | کہا | نہیں | الزام | تم پر | آج کے دن | بخشے گا | اللہ | تم کو | اور وہ

غلطی پر تھے۔'' یوسف علیہ السلام نے کہا ''آج تم پر کوئی الزام نہیں، اللہ بھی تمہیں معاف کرے اور وہ بہترین

اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ

بہترین رحم کرنے والا ہے | لے جاؤ | قمیص میری | یہ | پھر ڈالو اس کو | پر | چہرے | میرے باپ کے

مہربان ہے۔ تم میرا یہ کرتہ لے جاؤ۔ اسے میرے والد کے چہرے پر ڈال دینا،

يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ (ع 14 10 4)

آئے گا | دیکھتا ہوا | اور لاؤ میرے پاس | اپنے گھر والوں | سب کو | اور جب | روانہ ہوا | قافلہ | کہا

ان کی بینائی لوٹ آئے گی اور تم اپنے گھر والوں کے ساتھ میرے پاس آ جانا۔'' اور جب یہ قافلہ مصر سے روانہ ہوا تو ان کے باپ

اَبُوْهُمْ اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾ قَالُوْا

انکے باپ نے | بیشک میں | ضرور پاتا ہوں | خوشبو | یوسف کی | اگر نہ | یہ کہ | تم مجھے بہکا ہوا سمجھو | وہ بولے

یعقوب علیہ السلام نے کنعان میں کہا ''اگر تم مجھے بڑھاپے میں بہکی باتیں کرنے والا نہ سمجھو تو میں کہتا ہوں مجھے یوسف کی خوشبو آ رہی ہے۔''

تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾ فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰهُ

قسم اللہ کی | بیشک تو ہے | ضرور میں | وہم اپنے | پرانے | پھر جب | یہ کہ | آیا | خوش خبری لانے والا | ڈال دیا اس کو

لوگوں نے کہا ''اللہ کی قسم! آپ ابھی تک اپنے پرانے وہم میں مبتلا ہیں۔'' پھر جب خوشخبری دینے والا آ گیا۔ اس نے آتے ہی

عَلٰى وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ

پر | اسکے چہرے | پھر وہ ہو گیا | دیکھنے والا | کہا | کیا نہیں | میں نے کہا | تم کو | بیشک میں | جانتا ہوں | طرف سے

وہ کرتہ یعقوب علیہ السلام کے چہرے پر ڈال دیا جس سے ان کی بینائی لوٹ آئی تو یعقوب علیہ السلام نے اپنے بیٹوں سے کہا'' کیا میں

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا كُنَّا

اللہ کی | جو | نہیں | تم جانتے | وہ بولے | اے ہمارے باپ | بخشش مانگ | ہمارے لیے | ہمارے گناہوں کی | بیشک ہم | ہم تھے

نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی جانب سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔'' بیٹے بولے ''ابا جان! ہمارے گناہوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خٰطِئِیْنَ ﴿۹۷﴾ قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ

خطاکار | کہا | عنقریب | میں بخشش مانگوں گا | تمہارے لئے | اپنے رب سے | بیشک وہ | وہی | بخشنے والا

کی معافی کے لئے دعا کریں۔ بیشک ہم خطاوار تھے۔'' یعقوب علیہ السلام نے کہا ''میں اپنے رب سے تمہارے لئے بخشش کی دعا

الرَّحِیْمُ ﴿۹۸﴾ فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰی یُوْسُفَ اٰوٰۤی اِلَیْهِ اَبَوَیْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا

نہایت مہربان ہے | پھر جب | وہ داخل ہوئے | پر | یوسف | اسنے جگہ دی | اپنی طرف | اپنے والدین کو | اور کہا | داخل ہوجاؤ

کروں گا۔ بیشک وہ بخشنے والا مہربان ہے۔'' پھر سب یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچے تو یوسف نے اپنے والدین کو اپنے پاس بٹھایا

مِصْرَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ ﴿۹۹﴾ وَرَفَعَ اَبَوَیْهِ عَلَی الْعَرْشِ وَخَرُّوْا

مصر میں | اگر | چاہا | اللہ نے | امن سے | اور بلند بٹھایا | اپنے والدین کو | پر | تخت | اور سب گرے

اور کہا ''مصر میں انشاء اللہ امن و چین سے رہیں گے۔'' اس نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا۔ سب اس کے

لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَقَالَ یٰۤاَبَتِ هٰذَا تَاْوِیْلُ رُءْیَایَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ

اس کیلئے | جھکتے ہوئے | اور کہا | اے میرے باپ | یہ ہے | تعبیر | میرے خواب کی | سے | پہلے | بیشک

آگے جھک گئے۔ یوسف علیہ السلام نے کہا ''ابا جان! ہے یہ میرے خواب کی تعبیر جو میں نے پہلے دیکھا تھا!

جَعَلَهَا رَبِّیْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِیْۤ اِذْ اَخْرَجَنِیْ مِنَ السِّجْنِ

کر دیا اس کو | میرے رب نے | سچا | اور بیشک | احسان کیا | میرے ساتھ | جب | اس نے نکالا مجھے | سے | قید خانے

میرے رب نے اسے سچ کر دیا۔ اس نے احسان کیا کہ مجھے قید سے رہائی بخشی۔

وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ نَّزَغَ الشَّیْطٰنُ بَیْنِیْ

اور لایا | تم کو | سے | صحرا | سے | بعد | کہ | جھگڑا ڈالا | شیطان نے | درمیان میرے

وہی آپ لوگوں کو دیہات سے یہاں لایا۔ یہ سب کچھ اس کے بعد ہوا جب شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان

وَبَیْنَ اِخْوَتِیْ ؕ اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ لِّمَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِیْمُ

اور درمیان | میرے بھائیوں کے | بیشک | میرا رب | مہربان ہے | جس کیلئے | وہ چاہے | بیشک وہ | وہی | بڑا علم والا

فساد ڈال دیا۔ بیشک میرا رب جو چاہتا ہے اس کی عمدہ تدبیر کرتا ہے۔ وہ جاننے والا

الْحَكِیْمُ ﴿۱۰۰﴾ رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْكِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ

خوب حکمت والا | اے میرے رب | بیشک | تو نے دی مجھے | کچھ | بادشاہی | اور تو نے سکھائی مجھے | کچھ | معاملہ

حکمت والا ہے۔ یوسف علیہ السلام نے دعا کی ''اے میرے رب! تو نے مجھے حکومت بخشی۔ باتوں کی تہہ تک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَحَادِيْثِ ج فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قف اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ج

مگر پھر ہم نے ان لوگوں کو بالکل تباہ کر دیا۔ اور نوح علیہ السلام کی قوم کو بھی ہم نے غرق کیا۔ جبکہ انہوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور ہم

وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ اٰيَةً ط وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿37﴾

اور ہم نے بنایا ان کو | لوگوں کے لیے | نشانی عبرت کی | اور ہم نے تیار کیا | ظالموں کے لئے | عذاب | دردناک

نے اُن کو پانی میں غرق کر کے لوگوں کے لئے ایک نشانی بنا دیا۔ ہم نے ظالموں کے لئے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

وَّعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿38﴾ وَكُلًّا

اور عاد کو | اور ثمود کو | اور کنویں والوں کو | اور قوموں | درمیان | اس کے | بہت کو | اور ہر ایک کو

اور ہم نے قومِ عاد کو قومِ ثمود کو اور کنویں والے اصحابِ رس کو اور ان کے درمیان بہت سی قوموں کو ہلاک کیا۔ ان میں سے ہر ایک کو

ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ز وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿39﴾ وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى

ہم نے بیان کیں | اس کے لئے | مثالیں | اور ہر ایک کو | ہم نے ہلاک کیا | ہلاک کرنا | اور بے شک | وہ ہو آئے ہیں | پر

ہم نے مثالیں دے کر سمجھایا۔ مگر ہم نے ان میں سے ہر ایک کو تباہ و برباد کر دیا۔ اور یہ کافر لوگ قومِ لوط کی اُس بستی پر سے

الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ط اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ج بَلْ كَانُوْا

بستی | جس پر | بارش ہوئی | بارش | بری | کیا پس نہ | وہ تھے | وہ دیکھتے اسے | بلکہ | وہ تھے

گزرتے رہے ہیں جسے بری طرح پتھر برسا کر تباہ کیا گیا تھا۔ یہ لوگ اسے دیکھ کر عبرت نہیں پکڑتے؟ اصل میں ان لوگوں

لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿40﴾ وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ط اَهٰذَا

نہ | وہ امید رکھتے | دوبارہ جی اٹھنے کی | اور جب | دیکھتے ہیں تجھے | نہیں | وہ بناتے تیرا | مگر | مذاق | کیا یہ ہے

کو قیامت کا ڈر نہیں۔ اے نبی ﷺ جب یہ لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ ﷺ کا مذاق اُڑاتے ہیں اور کہتے ہیں ”کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿41﴾ اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ

وہ جسے | بھیجا | اللہ نے | رسول بنا کر | بے شک | قریب تھا | کہ گمراہ کردے ہمیں | سے | معبودوں ہمارے | اگر نہ ہوتا

یہی ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔ اس نے تو ہمیں ہمارے معبودوں سے ہٹا دیا ہوتا

اَنْ صَبَرْنَا عَلَيْهَا ۭ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ

یہ کہ | ہم ڈٹ گئے | ان پر | اور ضرور | وہ جانیں گے | جب | وہ دیکھیں گے | عذاب کو | کون ہے

اگر ہم ان پر جمے نہ رہتے'' ان لوگوں کو جلد ہی معلوم ہو جائے گا جب یہ عذاب کو دیکھیں گے کہ کون سیدھی

اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿42﴾ اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ۭ اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ

زیادہ گمراہ | راہ سے | کیا تونے دیکھا | جس نے | بنایا | معبود اپنا | خواہش اپنی کو | کیا پھر تو | تو ہے

راہ سے بھٹکا ہوا تھا۔ اے نبی ﷺ کیا آپ نے ایسے شخص کو دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا رکھا ہے۔ تو کیا

عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿43﴾ۙ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ

اس پر | نگران | کیا | تو گمان کرتا ہے | یہ کہ | اکثر ان کے | وہ سنتے ہیں | یا | وہ سمجھتے ہیں

آپ ﷺ اس کے ذمہ دار ہیں؟ یا کیا آپ ﷺ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کافروں میں سے اکثر کچھ سنتے سمجھتے ہیں؟

اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿44﴾ؑ اَلَمْ تَرَ اِلٰى 4 ع 10 2

نہیں ہیں | وہ | مگر | مانند جانوروں کے | بلکہ | وہ | زیادہ گمراہ ہیں | راہ سے | کیا نہیں | تونے دیکھا | طرف

نہیں، وہ تو جانوروں کی طرح ہیں، بلکہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں۔ کیا تم نے اپنے رب کی قدرت نہیں دیکھی

رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَاۗءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا

اپنے رب کی | کیسے | اس نے پھیلایا | سائے کو | اور اگر | وہ چاہتا | تو وہ کردیتا اسے | ساکن | پھر | ہم نے بنایا

وہ کس طرح سائے کو پھیلا دیتا ہے۔ اگر وہ چاہتا تو اسے ایک ہی حالت پر ٹھہرا دیتا۔ لیکن ہم نے سائے کو

الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ﴿45﴾ۙ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿46﴾ وَهُوَ

سورج کو | اس پر | دلیل | پھر | ہم نے کھینچ لیا اسے | اپنی طرف | کھینچنا | آہستہ آہستہ | اور وہی ہے

سورج پر دلیل بنا دیا پھر اس سائے کو ہم سمیٹ لیتے ہیں۔ اللہ ہی نے

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ

جس نے | بنایا | تمہارے لئے | رات کو | پردہ | اور نیند کو | آرام | اور بنایا | دن کو

تمہارے لئے رات بنائی پردہ پوشی کے لیے، نیند بنائی آرام کے لئے اور دن بنایا چلنے پھرنے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نُشُوْرًا ﴿47﴾ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ

جی اٹھنا | اور وہی ہے | جس نے | بھیجیں | ہوائیں | خوشخبری دیتیں | آگے | اس کی رحمت کے

کے لئے وہی ہے جو باران رحمت سے پہلے ہواؤں کو بھیجتا ہے جو بارش کے آنے کی خوشخبری دیتی ہیں۔

وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿48﴾ لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ

اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پاک کرنے والا | تاکہ ہم زندہ کریں | اس سے | شہر | مردہ کو | اور ہم پلائیں اسے

اور ہم آسمان سے پاک پانی اتارتے ہیں تاکہ اس کے ذریعے سے مردہ زمین میں جان ڈال دیں اور اپنی مخلوقات میں سے بہت

مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿49﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ

ان کو جو | ہم نے پیدا کئے | جانور | اور انسان | بہت سے | اور بے شک | ہم نے طرح طرح سے بیان کیا اسے

سے جانوروں اور انسانوں کو اس سے سیراب کر دیں۔ ہم نے یہ بات لوگوں کے لئے

بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿50﴾ وَلَوْ شِئْنَا

ان کے درمیان | تاکہ وہ نصیحت پائیں | پھر نہ باز آئے | اکثر | لوگ | مگر | کفر کرنا | اور اگر | ہم چاہتے

طرح طرح سے بیان کی ہے تاکہ وہ سمجھیں۔ مگر اکثر لوگ پھر بھی ناشکری کئے بغیر نہیں رہتے۔ اگر ہم چاہتے تو

لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿51﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ

ضرور ہم بھیجتے | میں | ہر | بستی | ایک خبردار کرنے والا | پس نہ | تو پیروی کر | کافروں کی | اور جہاد کر ان سے | اس کے ساتھ

ہر بستی میں ایک خبردار کرنے والا بھیج دیتے۔ اے نبی ﷺ! آپ ﷺ ان کافروں کا کہنا نہ مانیں بلکہ اس قرآن کے ذریعے ان کے

جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿52﴾ وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا

جہاد | بڑا | اور وہی ہے | جس نے | ملائے | دو سمندر | یہ ہے | میٹھا | خوب میٹھا | اور یہ

خلاف زبردست جہاد کریں۔ وہی اللہ ہے جس نے دو سمندروں کو ملایا جن میں سے ایک کا پانی میٹھا اور خوش گوار ہے،

مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿53﴾ وَهُوَ

کھاری | سخت کڑوا | اور اس نے بنا دیا | درمیان دونوں کے | ایک پردہ | اور روک | باندھی ہوئی | اور وہی ہے

دوسرے کا کھاری اور کڑوا ہے۔ اور ان دونوں کے درمیان پردہ حائل کر دیا اور مضبوط آڑ بنا دی۔

الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ رَبُّكَ

جس نے | پیدا کیا | سے | پانی | بشر کو | پھر اس نے بنایا اسکو | نسب | اور سسرال والا | اور ہے | تیرا رب

وہی اللہ ہے جس نے انسان کو پانی کی بوند سے پیدا کیا۔ پھر اسے خاندان والا اور سسرال والا بنایا۔ اور تمہارا رب بڑی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قَدِيْرًا ﴿54﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُهُمْ

قادر | اور وہ پوجتے ہیں | سے | سوا | اللہ کے | اسے جو | نہیں | فائدہ دیتا ان کو

قدرت والا ہے۔ مشرک لوگ اللہ کے سوا ان چیزوں کو پوجتے ہیں جو نہ انھیں نفع پہنچانے کا اختیار رکھتی ہیں اور نہ نقصان

وَلَا يَضُرُّهُمْ ۗ وَكَانَ الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿55﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا

اور نہ نقصان پہنچاتا ان کو | اور ہے | کافر | خلاف | اپنے رب کے | حمایتی دوسروں کا | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر

پہنچانے کا۔ بلکہ کافر اپنے رب کے دشمنوں سے ملا ہوا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو خوشخبری دینے والا

مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿56﴾ قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ

خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | کہہ دیجئے | نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | مگر | جو کوئی | چاہے

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ ان لوگوں سے کہہ دیں ''میں اُس کام پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا۔ یہی کہتا ہوں کہ

اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿57﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ

کہ | وہ پکڑے | طرف | اپنے رب کی | راہ کو | اور توکل کریں | پر | اس زندہ | جو | نہیں | مرے گا کبھی

جو کوئی چاہے اپنے رب کا راستہ اختیار کر لے۔ اور آپ ﷺ اس ہمیشہ زندہ رہنے والے خدا پر بھروسا رکھیں جو لا فانی ہے۔

وَسَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ۗ وَكَفٰى بِهٖ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًا ﴿58﴾ الَّذِيْ خَلَقَ مع

اور تسبیح کریں | اس کی تعریف کے ساتھ | اور کافی ہے | وہ | گناہوں سے | اپنے بندوں کے | باخبر | اسی نے | پیدا کیا

اُسی کی حمد و ثنا کے ساتھ تسبیح کریں۔ وہ اپنے بندوں کے گناہوں سے باخبر رہنے کے لئے کافی ہے۔ اُسی نے آسمانوں کو،

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى

آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | میں | چھ | دنوں | پھر | وہ قائم ہوا | پر

زمین کو، اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے سب کو چھ دنوں میں پیدا کیا۔ پھر وہ عرش پر

الْعَرْشِ ۚ اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿59﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا

عرش | وہ رحمان ہے | پس پوچھے | اس کے بارے میں | کسی باخبر سے | اور جب | کہا جائے | ان کو | تم سجدہ کرو

قائم ہوا۔ لوگو! وہی رحمان ہے۔ اس کی شان کسی جاننے والے سے پوچھو۔ جب مشرکوں سے کہا جاتا ہے

لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ

رحمان کو | وہ کہتے ہیں | اور کون ہے | رحمٰن | کیا ہم سجدہ کریں | اس کو جو | تو حکم دے ہمیں | اور وہ زیادہ کرتا ہے ان کو

صرف رحمان کو سجدہ کرو تو کہتے ہیں ''رحمان کیا ہے؟ کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کے آگے تم ہمیں سجدہ کرنے کو کہو۔'' اور اُن کا بدکنا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ع 5 16 3 السجدۃ 8

نُفُوْرًا ۩ ﴿60﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا

اور بھاگنے میں | بہت برکت والا ہے | وہ جس نے | بنائے | میں | آسمان | برج | اور بنایا | اس میں

اور بڑھ جاتا ہے۔ بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس نے آسمان پر بڑے بڑے ستارے بنائے۔ اُس میں سورج کا چراغ

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿61﴾ وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً

چراغ | اور چاند | چمکتا ہوا | اور وہی ہے | جس نے | بنایا | رات کو | اور دن کو | آگے پیچھے آنے والے

اور چمک دار چاند بنایا۔ وہی ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کے بعد آنے والا بنایا

لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿62﴾ وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ

اس کے لئے جو | ارادہ کرے | کا | نصیحت حاصل کرنے | یا ارادہ کرے | شکر کرنے کا | اور بندے | رحمان کے | وہ ہیں جو

تاکہ لوگ غور کریں اور شکر گزار بنیں۔ رحمان کے بندے وہ ہیں جو زمین پر

يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿63﴾

چلتے ہیں | پر | زمین | تواضع سے | اور جب | بات کریں ان سے | جاہل لوگ | تو وہ کہتے ہیں | سلام ہے

عاجزی سے چلتے ہیں۔ جب جاہل لوگ اُن سے بات کرتے ہیں تو وہ کہہ دیتے ہیں: تم کو سلام۔

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿64﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا

اور وہ جو | رات گزارتے ہیں | اپنے رب کو | سجدہ کرتے ہوئے | اور قیام کرتے ہوئے | اور جو کہ | کہتے ہیں | ہمارے رب

جو اپنے رب کے آگے سجدے اور قیام میں راتیں گزارتے ہیں۔ جو کہتے ہیں ”اے ہمارے رب!

اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ ﴿65﴾ اِنَّهَا

تو پھیر دے | ہم سے | عذاب | جہنم کا | بے شک | عذاب اس کا | ہے | چمٹنے والا | بے شک وہ

ہمیں دوزخ کے عذاب سے دُور رکھنا۔ کیونکہ اُس کا عذاب نری مصیبت ہے۔ بے شک وہ

سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿66﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا

برا ہے | ٹھکانہ | اور مقام رہنے کا | اور جو لوگ کہ | جب | وہ خرچ کرتے ہیں | نہیں | وہ اسراف کرتے

برا ٹھکانا اور برا مقام ہے۔“ اور جو خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں اور نہ

وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿67﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ

اور نہیں وہ کنجوسی کرتے | اور ہوتا ہے | درمیان | اس کے | معقول گزارہ | اور جو کہ | نہیں | وہ پکارتے | ساتھ | اللہ کے

بخل سے کام لیتے ہیں بلکہ کفایت شعاری اختیار کرتے ہیں۔ جو اللہ کے سوا کسی اور معبود کو نہیں پکارتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ

معبود | دوسرے کو | اور نہیں | وہ قتل کرتے | جان کو | جس کا قتل کرنا | حرام قرار دیا | اللہ نے | مگر | ساتھ حق کے

جو کسی ایسی جان کو ناحق قتل نہیں کرتے جسے قتل کرنا اللہ نے حرام قرار دیا ہے

وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿68﴾ يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ

اور نہ وہ زنا کرتے ہیں | اور جو کوئی | کرے کام | ایسا | وہ ملے گا | گناہ کی سزا سے | دوہرا دیا جائے گا | اس کو | عذاب

اور جو بدکاری نہیں کرتے۔ اور جو ایسے کام کرے گا وہ اپنے کیئے کی سزا بھگتے گا۔ قیامت کے دن اُس کا عذاب بڑھتا ہی چلا جائے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿69﴾ اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ

دن | قیامت کے | اور وہ ہمیشہ رہے گا | اس میں | ذلیل ہو کر | مگر | جو کوئی | توبہ کرے | اور وہ ایمان لائے

گا۔ اور وہ اُس میں ہمیشہ ذلیل ہو کر رہے گا۔ مگر جس نے توبہ کی، ایمان لایا

وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ؕ

اور وہ عمل کرے | عمل | اچھا | تو وہ لوگ ہیں کہ | بدل ڈالے گا | اللہ | ان کے گناہوں کو | نیکیوں میں

اور نیک کام کئے، اللہ ایسے لوگوں کی برائیوں کو نیکیوں میں بدل دے گا

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿70﴾ وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ

اور ہے | اللہ | بڑا بخشنے والا | نہایت مہربان | اور جو کوئی | توبہ کرے | اور عمل کرے | اچھا | تو بے شک وہ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور جو توبہ کر لے اور نیک کام کرے تو وہ

يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿71﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا مَرُّوْا

توبہ کرتا ہے | طرف | اللہ کی | توبہ کرنا | اور وہ جو کہ | نہیں | گواہی دیتے | جھوٹی | اور جب | وہ گزریں

اللہ ہی کی طرف رجوع کر رہا ہے۔ اور جو لوگ جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب کسی بیہودہ چیز سے

بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿72﴾ وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

بیہودہ چیز سے | وہ گزرتے ہیں | وقار سے | اور وہ لوگ کہ | جب | نصیحت کی جائے | آیتوں کے ساتھ | ان کے رب کی

گزرتے ہیں تو وقار کے ساتھ گزر جاتے ہیں اور جو ایسے ہیں کہ جب انہیں ان کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جاتی ہے تو وہ

لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿73﴾ وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ

نہیں وہ گر پڑتے | ان پر | بہرے | اور اندھے ہو کر | اور وہ جو کہ | کہتے ہیں | ہمارے رب | دے | ہم کو | سے

اُن پر اندھے بہرے نہیں بنے رہتے۔ اور جو دعا کرتے ہیں "اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیوی اور اولاد کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ﴿74﴾ أُولٰٓئِكَ

بیویوں ہماری | اور اولاد ہماری سے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | اور بنا ہم کو | پرہیزگاروں کے لئے | نمونہ | وہی ہیں

طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کے لئے اعلیٰ نمونہ بنا۔ یہی لوگ ہیں

يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿75﴾ لا

جن کو بدلے میں دیئے جائیں گے | بالا خانے | اس وجہ سے جو | انہوں نے صبر کیا | اور ان کو دی جائے گی | اس میں | دعا زندگی کی | اور سلامتی کی

جنہیں اُن کے صبر کے بدلے میں جنت کے اُونچے بالا خانے ملیں گے۔ جہاں اُن کا اِستقبال دعا اور سلام کے ساتھ ہوگا۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿76﴾ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ

ہمیشہ رہنے والے | اس میں | اچھا ہے | ٹھکانہ | اور مقام رہنے کا | کہہ دیجئے | نہیں | پرواکرتا | تمہاری | رب میرا

وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے۔ وہ کیسی عمدہ جگہ ہے ٹھہرنے کی اور کیسی اچھی جگہ ہے رہنے کی۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کافروں سے

ع 6 17 4 — لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿77﴾ ع

اگر نہ ہو | پکار تمہاری | پس بیشک | تم نے جھٹلایا | پس ضرور | ہوگا (وبال اس کا) | لگ جانے والا

کہہ دیں ''اگر تم میرے رب کو نہیں پکارو گے تو اسے تمہاری کیا پروا؟ اب جبکہ تم جھٹلا چکے تو اس کا عذاب تمہیں آ کر رہے گا۔

(26) سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ (47)

اٰيَاتُهَا 227 | رُكُوْعَاتُهَا 11

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

المنزل الخامس (5)

طٰسٓمّٓ ﴿1﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿2﴾ لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ أَلَّا

طٰسٓمّٓ | یہ ہیں | آیتیں | کتاب | واضح کی | شاید تو | ہلاک کرنے والا ہے | اپنی جان کو | یہ کہ نہیں

طٰسٓمّٓ۔ یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں۔ اے نبی ﷺ! شاید آپ ﷺ خود کو ہلاک کر ڈالیں گے کہ کیوں یہ

يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿3﴾ إِنْ نَّشَأْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ

وہ ہوتے | ایمان لانے والے | اگر | ہم چاہیں | ہم اتاریں | ان پر | سے | آسمان | کوئی نشانی | پھر ہو جائیں

لوگ ایمان نہیں لاتے۔ اگر ہم چاہیں تو اِن پر آسمان سے ایسی نشانی اتار دیں جس کے آگے

أَعْنَاقُهُمْ لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿4﴾ وَمَا يَأْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ

گردنیں ان کی | اس کے سامنے | جھکی ہوئی | اور نہیں | آتا ان کے پاس | کوئی | ذکر | طرف سے | رحمان کی

اِن کی گردنیں جھک جائیں۔ اِن کا حال یہ ہے کہ اِن کے پاس رحمان کی طرف سے کوئی نئی نصیحت ایسی نہیں آتی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُّحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ﴿5﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا

نیا | مگر | وہ ہیں | اس سے | منہ موڑنے والے | پس بیشک | انہوں نے جھٹلایا | پس جلدی آئیں گی ان کو | خبریں

جس سے یہ بے رُخی نہ کرتے ہوں۔ اب جبکہ وہ جھٹلا چکے تو جلد ہی انہیں اس کی حقیقت معلوم ہو جائے گی

مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿6﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا

اس کی جو | وہ تھے | اس سے | وہ مذاق اڑاتے | کیا | نہیں | دیکھتے | طرف | زمین کی | کتنے | ہم نے اگائے

جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔ کیا ان لوگوں نے زمین نہیں دیکھی ہم نے اس میں کس قدر طرح

فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ﴿7﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

اس میں | کے | ہر قسم | جوڑے | عمدہ | بے شک | میں | اس | البتہ نشانی ہے | اور نہیں | ہیں

طرح کی عمدہ چیزیں اگائی ہیں۔ یقیناً اس میں بڑی نشانی ہے مگر پھر بھی

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿8﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿9﴾ ع وَاِذْ (1 ع 9 5)

اکثر ان کے | ایمان لانے والے | اور بے شک | تیرا رب | البتہ وہی ہے | بڑا غالب | نہایت مہربان | اور جب

اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ بے شک تمہارا رب غالب اور مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ جب

نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿10﴾ لا قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ

پکارا | تیرے رب نے | موسیٰ کو | یہ کہ | تو جا | قوم | ظالم کے پاس | قوم | فرعون کی

آپ ﷺ کے رب نے موسیٰ علیہ السلام کو پکارا کہ ''تم اس ظالم قوم کے پاس جاؤ جو قوم فرعون کہلاتی ہے۔ کیا وہ

اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿11﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿12﴾ ؕ وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ

کیا نہیں وہ ڈرتے | اس نے کہا | میرے رب | بیشک | میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ مجھے جھٹلائیں گے | اور تنگ ہوتا ہے | سینہ میرا

ڈرتے نہیں'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اے میرے رب! مجھے اندیشہ ہے وہ مجھے جھٹلا دیں گے۔ میرا سینہ تنگ ہوتا ہے۔

وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ﴿13﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ

اور نہیں | چلتی | زبان میری | پس تو وحی بھیج | طرف | ہارون کے بھی | اور ان کا | مجھ پر | ایک گناہ ہے

میری زبان زیادہ نہیں چلتی۔ اس لئے تو ہارون علیہ السلام کو نبی بنا کر میرے ساتھ بھیج دے اور میرے اوپر ان کا ایک جرم ہے

فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿14﴾ ج قَالَ كَلَّا ج فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ

پس میں ڈرتا ہوں | کہ | وہ قتل کریں گے مجھے | اس نے کہا | ہرگز نہیں | پس تم دونوں جاؤ | ہماری آیتوں کے ساتھ | بیشک ہم | تمہارے ساتھ

میں ڈرتا ہوں وہ مجھے قتل کر دیں گے۔'' اللہ نے فرمایا ''گھبراؤ نہیں تم دونوں ہماری نشانیاں لے کر جاؤ۔ ہم تمہارے ساتھ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿15﴾ فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾ اَنْ

سننے والے ہیں | پس تم دونوں جاؤ | فرعون کے پاس | پھر تم کہو | بے شک ہم | رسول ہیں | پروردگار | عالم کے | یہ کہ

سنتے دیکھتے ہیں۔ تم فرعون کے پاس جاؤ اور کہو ہم رب العالمین کے بھیجے ہوئے ہیں،

اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿17﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا

تو بھیج دے | ہمارے ساتھ | بنی اسرائیل کو | اس نے کہا | کیا نہیں | ہم نے پرورش کی تیری | اپنے درمیان | بچپن میں

تم بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے دو" فرعون نے کہا "اے موسیٰ علیہ السلام کیا ہم نے تمہیں اپنے ہاں بچپن میں نہیں پالا؟

وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿18﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ

اور تو رہا | ہم میں | کے | عمر اپنی | کئی سال | اور تو نے کیا | اپنا کام | جو | تو نے کیا

تم نے اپنی عمر کے کئی سال ہمارے پاس گزارے اور تم نے ایک جرم بھی کیا تھا

وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿19﴾ قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿20﴾

اور تو ہے | سے | ناشکری کرنے والوں | اس نے کہا | میں نے کام کیا تھا وہ | اس وقت | جبکہ میں تھا | سے | گمراہوں میں

اور تم ناشکرے ہو۔" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "میں نے اُس وقت وہ کیا جب مجھ سے بھول ہوئی تھی۔

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ

پھر میں بھاگ نکلا | تم سے | جب | میں خوف زدہ ہوا تم سے | پھر دیا | مجھ کو | میرے رب نے | حکم | اور بنایا مجھے | سے

پھر مجھے تم لوگوں سے اندیشہ ہوا تو میں بھاگ گیا۔ پھر میرے رب نے مجھے دانائی عطا کی اور مجھے

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿21﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿22﴾

رسولوں میں | اور یہی | نعمت ہے | تو احسان جتاتا جس کا | مجھ پر | یہ کہ | تو نے غلام بنا رکھا ہے | بنی اسرائیل کو

رسول بنایا۔ کیا یہی وہ احسان ہے جو تم مجھے جتا رہے ہو اور کیا اِسی کے بدلے میں تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنا رکھا ہے؟

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿23﴾ قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کہا | فرعون نے | اور کیا ہے | رب | جہانوں کا | اس نے کہا | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا

فرعون نے کہا "رب العالمین کیا ہے؟" موسیٰ علیہ السلام نے کہا "وہی جو آسمانوں کا، زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا

وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿24﴾ قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ

اور جو | دونوں کے درمیان | اگر | تم ہو | یقین کرنے والے | اس نے کہا | ان کو جو | اس کے اردگرد تھے

رب ہے، اگر تم یقین کرنے والے ہو۔" فرعون نے اپنے اردگرد والوں سے کہا "کیا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿25﴾ قَالَ رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿26﴾ قَالَ اِنَّ

کیا نہیں تم سنتے | اس نے کہا | رب تمہارا | اور رب | تمہارے باپ دادا کا | پہلوں کا | اس نے کہا | بے شک

تم سن رہے ہو؟ موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''وہ تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے بڑوں کا بھی رب ہے جو پہلے گزر چکے ہیں۔'' اس پر

رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿27﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ

تمہارا رسول | جو | بھیجا گیا ہے | تمہاری طرف | البتہ دیوانہ ہے | اس نے کہا | رب | مشرق کا

فرعون نے اپنے لوگوں سے کہا ''یہ شخص جو تمہاری طرف رسول بنا کر بھیجا گیا ہے دیوانہ ہے۔'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''وہی مشرق و

وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿28﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ

اور مغرب کا | اور اس کا جو | دونوں کے درمیان ہے | اگر | تم ہو | تم عقل سے کام لیتے | اس نے کہا | البتہ اگر | تو نے بنایا

مغرب کا اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کا رب ہے، اگر تم عقل سے کام لیتے ہو۔'' فرعون نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا

اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿29﴾ قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ

معبود | میرے سوا | اور ضرور بنا دوں گا تجھے | سے | قیدیوں میں | اس نے کہا | کیا اگر | لاؤں میں تیرے پاس | کوئی چیز

''اگر تم نے میرے سوا کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قید کر دوں گا۔'' موسیٰ علیہ السلام نے کہا ''اگر میں کوئی واضح دلیل پیش کر دوں تو

مُّبِيْنٍ ۚ ﴿30﴾ قَالَ فَاْتِ بِهٖۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿31﴾ فَاَلْقٰى عَصَاهُ

واضح | اس نے کہا | پس تو | لا اسے | اگر | تو ہے | سے | سچوں میں | پھر ڈال دیا | عصا اپنا

پھر بھی؟'' فرعون نے کہا ''پیش کرو اگر تم سچے ہو'' موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا پھینکا

فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ۚۖ ﴿32﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ

پھر اچانک | وہ تھا | اژدھا | ظاہر | اور اس نے بغل سے نکالا | اپنا ہاتھ | تو اچانک | وہ تھا | سفید

جو ایک اژدھے کی صورت میں ظاہر ہوا۔ پھر اپنا ہاتھ گریبان سے باہر نکالا تو وہ دیکھنے والوں کو سفید چمکتا ہوا نظر آیا۔ فرعون نے اپنے

لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿33﴾ ع قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗۤ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿34﴾ لا يُّرِيْدُ اَنْ (2 ع 24 6)

دیکھنے والوں کے لیے | اس نے کہا | سرداروں کو | اپنے اردگرد کے | بے شک | یہ ہے | البتہ جادوگر | ماہر | جو چاہتا ہے | کہ

اردگرد کے سرداروں سے کہا ''یقیناً'' یہ کوئی ماہر جادوگر ہے جو اپنے جادو کے

يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿35﴾ قَالُوْۤا اَرْجِهْ

نکالے تمہیں | سے | تمہارے ملک | اپنے جادو سے | پس کیا | تم مشورہ دیتے ہو | انہوں نے کہا | تو مہلت دے اسکو

زور سے تمہیں تمہارے ملک سے نکال دینا چاہتا ہے۔ بتاؤ تمہارا کیا مشورہ ہے؟'' درباریوں نے کہا ''اِس شخص کو اور اس کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿36﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ

اوراس کے بھائی کو | اور تو بھیج | میں | شہروں | اکٹھے کرنے والے | وہ لائیں تیرے پاس | ہر ایک | جادوگر

بھائی کو مہلت دیں اور شہروں میں سپاہی بھیج دیں جو تمام ماہر جادو گروں کو آپ کے

عَلِيْمٍ ﴿37﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿38﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ

ماہر کو | پھر جمع کیے گئے | جادوگر | وقت پر | دن | معلوم کے | اور کہا گیا | لوگوں کو

پاس لائیں۔" چنانچہ ایک دن مقررہ وقت پر سارے جادوگر اکٹھے کئے گئے۔ عام لوگوں کو بھی جمع ہونے کے لئے

هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿39﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ

کیا | تم ہو | جمع ہونے والے | شاید ہم | پیروی کریں | جادوگروں کی | اگر | وہ ہوں | وہی

کہہ دیا گیا تاکہ سب مل کر جادو گروں کا ساتھ دیں اگر وہ مقابلے میں

الْغٰلِبِيْنَ ﴿40﴾ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ

غالب | پھر جب | آئے | جادوگر | وہ بولے | فرعون سے | کیا ہے | ہمارے لئے | البتہ معاوضہ | اگر

غالب آ سکیں۔ پھر جب جادو گر آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا "کیا ہمیں انعام بھی ملے گا

كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿41﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿42﴾

ہم ہوئے | ہم | غالب | اس نے کہا | ہاں | اور بے شک تم | تب | البتہ ہو گے مقربین میں سے

اگر ہم غالب رہے؟" فرعون نے کہا "ضرور ملے گا اور پھر تم ہمارے مقرب لوگوں میں شامل ہو گے۔"

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿43﴾ فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ

کہا | ان کو | موسیٰ نے | تم ڈالو | جو کچھ | تم ہو | ڈالنے والے | پھر انہوں نے ڈالیں | اپنی رسیاں

موسیٰ علیہ السلام نے جادوگروں سے کہا "تمہیں جو ڈالنا ہو ڈالو۔" انہوں نے اپنی رسیاں

وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿44﴾ فَاَلْقٰى

اور لاٹھیاں اپنی | اور انہوں نے کہا | قسم عزت کی | فرعون | بیشک ہم | ضرور ہم ہوں گے | غالب | پھر ڈال دیا

اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہا عزتِ فرعون کی قسم ہم غالب رہیں گے۔" پھر جب موسیٰ علیہ السلام نے

مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿45﴾ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ

موسیٰ نے | عصا اپنا | پھر اچانک | وہ | نگلتا تھا | اسے جو کچھ | انہوں نے بنا رکھا تھا | پھر گرا دیے گئے | جادوگر

اپنا عصا ڈالا تو وہ اُن کے بنائے ہوئے جادو کے ڈرامے کو نگلنے لگا۔ یہ دیکھ کر جادوگر سجدے میں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سٰجِدِيْنَ ﴿46﴾ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿47﴾ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿48﴾

سجدہ میں | انہوں نے کہا | ہم ایمان لائے | ساتھ رب | جہانوں کے | رب پر | موسیٰ کے | اور ہارون کے

گر پڑے اور بول اٹھے ''ہم ایمان لائے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کا رب ہے''

قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ

اس نے کہا | تم ایمان لائے ہو | اس پر | پہلے | اس سے کہ | میں اجازت دوں | تم کو | بے شک وہ ہے | البتہ بڑا (استاد) تمہارا | جس نے

فرعون نے ان سے کہا ''تم لوگ میری اجازت کے بغیر موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لائے ہو۔ بے شک وہ تمہارا استاد ہے جس نے

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۥ لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ

سکھایا ہے تم کو | جادو | پس ضرور جلدی | تمہیں معلوم ہو جائے گا | البتہ ضرور میں کاٹوں گا | تمہارے ہاتھ | اور تمہارے پاؤں

تمہیں جادو سکھایا۔ اچھا، اب تمہیں انجام معلوم ہو جائے گا۔ میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے

مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿49﴾ قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۡ اِنَّآ اِلٰى

سے | الٹے | اور ضرور میں پھانسی دوں گا تم | سب کو | وہ بولے | نہیں | کوئی پروا | بیشک ہم | طرف

پاؤں کاٹوں گا اور تم سب کو پھانسی دوں گا۔'' وہ بولے ''کوئی پروا نہیں ہم اپنے رب کے

رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿50﴾ اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ اَنْ كُنَّآ

رب اپنے کی | پھرنے والے ہیں | بے شک | ہم توقع رکھتے ہیں | کہ | بخش دے گا ہم کو | ہمارا رب | ہماری خطائیں | اسلئے کہ | ہم ہیں

پاس پہنچ جائیں گے۔ ہمیں امید ہے ہمارا رب ہماری خطائیں معاف کرے گا کیونکہ ہم پہلے

3 ع 18 7
اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿51﴾ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ

پہلے | ایمان لانے والے | اور ہم نے وحی کی | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | تو لے چل | میرے بندوں کو

ایمان لانے والے بنے۔'' ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی بھیجی ''میرے بندوں کو لے کر رات کے وقت نکل جاؤ۔

اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿52﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿53﴾ اِنَّ

بے شک تمہارا | تعاقب کیا جائے گا | پھر بھیجے | فرعون نے | میں | شہروں | سپاہی | بے شک

ضرور تمہارا پیچھا کیا جائے گا۔'' پھر فرعون نے فوجیں اکٹھی کرنے کے لئے تمام شہروں میں سپاہی بھیجے کہ یہ موسیٰ علیہ السلام اور

هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿54﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿55﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ

یہ ہے | گروہ | چھوٹا سا | اور بے شک وہ ہیں | ہم کو | غصہ دلانے والے | اور بیشک ہم | البتہ جماعت ہیں

ان کے ساتھی چھوٹی سی جماعت ہیں، انہوں نے ہمیں غصہ دلایا ہے۔ ہم ایک طاقتور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حٰذِرُوْنَ ﴿56﴾ فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿57﴾ وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ

دہشت زدہ ہوئے | پھر ہم نے نکالا ان کو | سے | باغوں | اور چشموں سے | اور خزانوں سے | اور مکانوں

اور مستعد قوم ہیں۔ لیکن پھر ہم نے فرعون اور اس کے ساتھیوں کو اُن کے باغوں، چشموں، خزانوں اور عمدہ مکانوں سے

كَرِيْمٍ ﴿58﴾ كَذٰلِكَ ۭ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿59﴾ فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿60﴾

عمدہ سے | اسی طرح ہوا | اور ہم نے وارث بنایا انکا | بنی اسرائیل کو | پھر انہوں نے پیچھا کیا ان کا | سورج نکلتے وقت

نکال باہر کیا۔ یہی کچھ ہوا۔ بعد میں ہم نے بنی اسرائیل کو ایسی نعمتوں کا وارث بنا دیا۔ اگلی صبح جب فرعونیوں نے بنی اسرائیل کا پیچھا

فَلَمَّا تَرَاۗءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿61﴾ قَالَ

پھر جب | دیکھا | دونوں لشکروں نے | کہا | ساتھیوں نے | موسیٰ کے | بے شک ہم | البتہ پالیے گئے ہیں | اس نے کہا

کیا تو دونوں جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں۔ موسیٰ علیہ السلام کے ساتھیوں نے کہا ”ہم پکڑے گئے“ موسیٰ علیہ السلام نے کہا

كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ ﴿62﴾ فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ

ہرگز نہیں | بے شک | میرے ساتھ | میرا رب ہے | جلدی رہنمائی کرے گا میری | پھر ہم نے وحی کی | طرف | موسیٰ کی | یہ کہ | تو مار

”ہرگز نہیں۔ میرا رب میرے ساتھ ہے وہ ضرور کوئی راستہ بتائے گا۔“ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ ”اپنا عصا

بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ۭ فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿63﴾

اپنے عصا کو | سمندر میں | پھر وہ پھٹ گیا | پھر ہو گیا | ہر | ٹکڑا | جیسے پہاڑ | بڑا

سمندر میں مارو“ اِس طرح سمندر کا پانی پھٹ گیا اور اِس کا ہر حصہ پہاڑی تودے کی طرح کھڑا ہو گیا۔

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿64﴾ وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿65﴾

اور ہم نے قریب کر دیا | وہاں | دوسروں کو | اور ہم نے نجات دی | موسیٰ کو | اور ان کو جو | ساتھ اسکے تھے | سب کو

ہم نے دوسرے فریق کو بھی اس کے قریب پہنچا دیا۔ پھر ہم نے موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو بچا لیا۔

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿66﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

پھر | ہم نے غرق کر دیا | دوسروں کو | بے شک | میں | اس | البتہ نشانی ہے | اور نہ | تھے | اکثر انکے

مگر دوسرے فریق کو غرق کر دیا۔ یقیناً اس واقعے میں بڑی عبرت ہے۔ اس کے باوجود اکثر لوگ

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿67﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿68﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ع 4 17 8

ایمان لانے والے | اور بے شک | تیرا رب | البتہ وہی ہے | بڑا غالب | نہایت مہربان | اور تو پڑھ کر سنا | ان پر | قصہ

ایمان نہیں لاتے۔ بے شک تمہارا رب غالب اور مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِبْرٰهِيْمَ ﴿69﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿70﴾ قَالُوْا نَعْبُدُ

ابراہیم کا | جب | اس نے کہا | اپنے باپ کو | اور اپنی قوم کو | کس چیز کی | تم عبادت کرتے ہو | وہ بولے | ہم عبادت کرتے ہیں

کو ابراہیم علیہ السلام کا قصہ سنائیں۔ جبکہ انہوں نے اپنے باپ اور اپنی قوم سے پوچھا ''تم لوگ کس چیز کی عبادت کرتے

اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿71﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿72﴾

بتوں کی | پس ہم رہتے ہیں | پاس انکے | بیٹھے | اس نے کہا | کیا | وہ سنتے ہیں تمہاری | جب | تم پکارتے ہو

ہو؟'' انہوں نے جواب دیا ''ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں اور ان کی سیوا کرتے ہیں۔'' ابراہیم نے کہا ''کیا یہ تمہاری سنتے ہیں

اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿73﴾ قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ

یا | وہ فائدہ دیتے ہیں تمہیں | یا | وہ نقصان پہنچاتے ہیں | وہ بولے | بلکہ | ہم نے پایا | اپنے باپ دادا کو | ایسا

جب تم انہیں پکارتے ہو؟ یا تمہیں نفع نقصان پہنچانے کا اختیار رکھتے ہیں؟'' انہوں نے جواب دیا ''ہم نے اپنے باپ دادا کو یہی کچھ

يَفْعَلُوْنَ ﴿74﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿75﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ

وہ کرتے تھے | اس نے کہا | کیا پس تم نے غور کیا | اس چیز پر جسکی | تم | تم عبادت کرتے ہو | تم | اور تمہارے باپ دادا

کرتے دیکھا ہے۔'' ابراہیم علیہ السلام نے کہا ''کیا تم نے کبھی غور کیا کن چیزوں کو پوجتے ہو تم بھی اور تمہارے باپ دادا

الْاَقْدَمُوْنَ ﴿76﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿77﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ

پہلے | پس بیشک وہ | دشمن ہیں | میرے | مگر | رب | جہانوں کا | وہ جس نے | پیدا کیا مجھے

بھی کن کے پجاری رہے؟ دیکھو، میں ان سارے بتوں کا دشمن ہوں۔ میرا معبود صرف رب العالمین ہے جس نے مجھے پیدا کیا،

فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿78﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿79﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

پس وہ | ہدایت دیتا ہے مجھے | اور وہ ہے | وہی | کھلاتا ہے مجھے | اور وہی پلاتا ہے مجھے | اور جب | میں بیمار ہوتا ہوں | تو وہی

جو میری رہنمائی فرماتا ہے، جو مجھے کھلاتا پلاتا ہے، جب میں بیمار ہوتا ہوں وہی مجھے

يَشْفِيْنِ ﴿80﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿81﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ

شفا دیتا ہے مجھے | اور وہی | موت دیتا ہے مجھے | پھر | وہ زندہ کرے گا مجھے | اور اسی سے | میں امید رکھتا ہوں | کہ | وہ بخش دیگا

شفا دیتا ہے، وہی مجھے موت دے گا پھر دوبارہ زندہ کرے گا۔ اُسی سے امید رکھتا ہوں وہ بدلے کے دن

لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿82﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ

مجھے | میری خطائیں | دن | بدلے کے | اے رب میرے | دے | مجھ کو | حکم | اور تو شامل کر مجھے

میری خطائیں معاف فرمائے گا'' ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی ''اے میرے رب مجھے دانائی عطا فرما۔ مجھے نیک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿83﴾ وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿84﴾ وَاجْعَلْنِيْ

نیک لوگوں میں | اور تو کر | میرے لئے | ذکرِ | خیر | میں | بعد والوں | اور تو کر مجھے

لوگوں میں شامل فرما۔ میرے بعد آنے والے لوگوں میں میرا ذکرِ خیر جاری رہے۔ اپنی نعمت بھری

مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿85﴾ وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ

سے | وارثوں میں | باغ | نعمت کے | اور تو بخش دے | میرے باپ کو | بے شک وہ | تھا | سے

جنت کا مجھے بھی وارث بنا۔ میرے والد جو گمراہ لوگوں میں

الضَّآلِّيْنَ ﴿86﴾ وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿87﴾ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ

گمراہوں میں | اور نہ | تو رسوا کرنا مجھے | اس دن جب | دوبارہ اٹھائے جائیں گے | اس دن | نہ | فائدہ دے گا | مال

سے تھے۔ اُن کی مغفرت فرما۔ مجھے اُس دن رُسوا نہ کرنا جس دن لوگوں کو دوبارہ اٹھایا جائے گا۔ اُس دن نہ مال کام آئے گا

وَّلَا بَنُوْنَ ﴿88﴾ اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿89﴾ وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ

اور نہ | بیٹے | مگر | جو | لایا | اللہ کے پاس | دل | سلامتی والا | اور قریب کی جائے گی | جنت

اور نہ اولاد' صرف وہ نجات پائے گا جو پاک دل لے کر اللہ کے پاس آئے گا۔ پھر جنت پرہیز گاروں کے قریب کی

لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿90﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿91﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

پرہیز گاروں کے لیے | اور ظاہر کیا جائے گا | دوزخ کو | گمراہوں کے لیے | اور کہا جائے گا | ان کو | کہاں ہے وہ جس کی

جائے گی۔ دوزخ گمراہوں کے سامنے ظاہر کی جائے گی۔ ان سے پوچھا جائے گا ''کہاں ہیں

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿92﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ

تم تھے | تم عبادت کرتے | سے | سوا | اللہ کے | کیا | وہ مدد کرتے ہیں تمہاری | یا

وہ جنہیں تم پوجتے تھے اللہ کو چھوڑ کر؟ کیا اب وہ تمہاری مدد کریں گے؟ یا

يَنْتَصِرُوْنَ ﴿93﴾ فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿94﴾ وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ

وہ بدلہ لیتے ہیں تمہارا | پھر الٹے ڈالے جائیں گے | اس میں | وہ | اور سب گمراہ | اور لشکر | ابلیس کے

کیا وہ اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں؟'' پھر سب دوزخ میں اوندے منہ ڈالے جائیں گے، بت بھی اُن کے گمراہ پجاری بھی اور ابلیس کے

اَجْمَعُوْنَ ﴿95﴾ قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿96﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ

سارے | وہ کہیں گے | اور وہ | اس میں | جھگڑتے ہوں گے | قسم اللہ کی | بے شک | ہم تھے | البتہ میں

لشکر بھی۔ پھر وہاں وہ آپس میں جھگڑیں گے۔ گمراہ پجاری اپنے معبودوں سے کہیں گے ''خدا کی قسم ہم کھلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا

گمراہی | ظاہر | جب | ہم برابر کرتے تھے تمہیں | رب کے | جہانوں کے | اور نہیں | گمراہ کیا ہمیں | مگر

گمراہی میں تھے جب ہم تمہیں رب العالمین کے برابر قرار دیتے تھے۔ ہمیں ہمارے مجرم لیڈروں نے

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾ وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾

مجرموں نے | پس نہیں | ہمارے لیے | کوئی | سفارشی | اور نہ | دوست | ہمدرد

گمراہ کیا۔ اب ہمارا کوئی سفارشی نہیں۔ کوئی مخلص دوست نہیں۔

فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

پس کاش | کہ ہوتا | ہمارے لئے | دوبارہ جانا | پھر ہم ہوتے | سے | ایمان والوں میں | بے شک | میں | اس

کاش ہم دنیا میں واپس جا سکیں اور ایمان لانے والے بنیں" بے شک اس قصے میں بڑا

لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

البتہ نشانی ہے | اور نہیں | تھے | اکثر انکے | ایمان لانے والے | اور بے شک | تیرا رب ہے | البتہ وہی | غالب

سبق ہے۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ بے شک تمہارا رب غالب

الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٠٥﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ | ع 5 36 9

نہایت مہربان | جھٹلایا | قوم | نوح نے | رسولوں کو | جب | کہا | ان کو | ان کے بھائی

اور مہربان ہے۔ قوم نوح علیہ السلام نے بھی رسولوں کو جھٹلایا۔ یاد کرو جب اُن کے بھائی نوح علیہ السلام نے

نُوْحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٠٦﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٠٧﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

نوح نے | کیا نہیں | تم ڈرتے | بے شک میں | تمہارے لئے | رسول | امین ہوں | پس تم ڈرو | اللہ سے

اُن سے کہا "کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ لہٰذا تم لوگ اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٠٨﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي

اور تم اطاعت کرو میری | اور نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | نہیں ہے | میرا اجر | مگر | پر

اور میری بات مانو۔ میں اس کام پر تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا۔ میرا صلہ رب العالمین

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١١٠﴾ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ

رب کے | جہانوں کے | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | وہ بولے | کیا ہم ایمان لائیں | تجھ پر

کے ذمے ہے۔ اس لئے اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو" قوم نے کہا "کیا ہم تمہیں مان لیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ﴿111﴾ قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿112﴾ اِنْ

اور پیروی کی تیری | گھٹیا لوگوں نے | اس نے کہا | اور کیا | جانوں میں | کیا | تھے | وہ کرتے | نہیں ہے

جبکہ تمہاری پیروی ذلیل لوگوں نے کی؟" نوح علیہ السلام نے کہا مجھے کیا خبر جو وہ پہلے کرتے رہے۔ ان کا

حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ﴿113﴾ وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ

ان کا حساب | مگر | پر | میرے رب | اگر | تم سمجھتے ہو | اور نہیں | میں | چھوڑنے والا

حساب تو میرے رب کے ذمے ہے اگر تم سمجھو۔ میں مومنوں کو دور کرنے

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿114﴾ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿115﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

ایمان والوں کو | نہیں ہوں | میں | مگر | خبردار کرنے والا | واضح | وہ بولے | البتہ اگر | نہ | تو باز آیا اس سے

والا نہیں ہوں۔ میں صاف خبردار کرنے والا ہوں۔" قوم نے کہا "اے نوح علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے

يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿116﴾ قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿117﴾

النصف

اے نوح | البتہ ضرور تو ہوگا | سے | سنگسار کیے گئے لوگوں میں | اس نے کہا | میرے رب | بے شک | قوم میری | جھٹلایا ہے مجھے

تو تمہیں سنگسار کر دیا جائے گا۔" نوح علیہ السلام نے دعا کی "اے میرے رب میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا۔

فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ

پس تو فیصلہ فرما | میرے درمیان | اور درمیان اُن کے | فیصلہ کرنا | اور تو نجات دے مجھے | اور اسے جو | ساتھ میرے ہے | سے

لہٰذا میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرما دے۔ مجھے اور جو مومن میرے ساتھ ہیں انہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿118﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿119﴾ ثُمَّ

ایمان والوں میں | پس ہم نے نجات دی اسے | اور اسے جو تھا | اس کے ساتھ | میں | کشتی | بھری ہوئی | پھر

نجات دے۔ پھر ہم نے نوح علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو ایک بھری ہوئی کشتی میں بچا لیا۔ اس کے بعد

اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿120﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

ہم نے غرق کیا | بعد اس کے | باقیوں کو | بے شک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | اور نہ | تھے | اکثر ان کے

ہم نے باقی لوگوں کو غرق کر دیا۔ یقیناً اس واقعے میں بڑی نشانی ہے۔ اس کے باوجود اکثر لوگ

6 ع 18 10 مُّؤْمِنِيْنَ ﴿121﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿122﴾ كَذَّبَتْ عَادُ

ایمان لانے والے | اور بے شک | رب تیرا ہے | ضرور وہی | بڑا غالب | نہایت مہربان | جھٹلایا | (قوم) عاد نے

ایمان نہیں لاتے۔ بے شک تمہارا رب غالب اور مہربان ہے۔ قومِ عاد نے بھی رسولوں کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿123﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿124﴾ اِنِّيْ

رسولوں کو | جب | کہا | ان کو | ان کے بھائی | ہود نے | کیا نہیں | تم ڈرتے | بے شک میں ہوں

جھٹلایا۔ یاد کرو جب اُن کو اُن کے بھائی ہود علیہ السلام نے کہا ''کیا تم لوگ ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے

لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿125﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿126﴾ وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ

تمہارے لئے | رسول | امین | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | اور نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر

لئے امانت دار رسول ہوں۔ اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو۔ میں اس کام پر تم سے کوئی صلہ

مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿127﴾ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ

کوئی | معاوضہ | نہیں ہے | معاوضہ میرا | مگر | پر | رب | العالمین | کیا تم بناتے ہو | پر ہر | نرم جگہ

نہیں مانگتا۔ میرا صلہ رب العالمین کے ذمے ہے۔ کیا تم ہر اونچی جگہ پر فضول یادگار

اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ ﴿128﴾ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ﴿129﴾ وَاِذَا

ایک نشانی | فضول کام کرتے ہوئے | اور تم بناتے ہو | عمارتیں | تاکہ تم | تم ہمیشہ رہو | اور جب

عمارت بناتے ہو۔ بڑے بڑے محل تعمیر کرتے ہو گویا تمہیں ہمیشہ رہنا ہے۔ اور جب

بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿130﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿131﴾ وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ

تم پکڑتے ہو | تم پکڑتے ہو | سرکش ہو کر | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | اور تم ڈرو | اس سے جس نے

کسی پر ہاتھ ڈالتے ہو تو بے رحمی سے پیش آتے ہو۔ تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ اُس اللہ سے ڈرو

اَمَدَّكُمْ بِمَا تَعْلَمُوْنَ ﴿132﴾ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿133﴾ وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿134﴾

مدد کی تمہاری | اُس سے جسے | تم جانتے ہو | مدد کی تمہاری | ساتھ مویشیوں کے | اور بیٹوں کے | اور باغات کے | اور چشموں کے

جس نے ایسی چیزوں سے تمہاری مدد فرمائی جنہیں تم جانتے ہو۔ اس نے تم کو مویشی دیئے، اولاد دی، باغ اور چشمے دیئے۔

اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿135﴾ قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ

بے شک میں | ڈرتا ہوں | تم پر | عذاب سے | دن | بڑے کے | وہ بولے | برابر ہے | ہم پر

لیکن مجھے اندیشہ ہے تمہارے اوپر بڑے دن کا عذاب آنے والا ہے'' ان لوگوں نے کہا ''ہمارے لئے برابر ہے

اَوَعَظْتَ اَمْ لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿136﴾ اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ

کیا تو نصیحت کرے | یا | نہ | تو ہو | سے | نصیحت کرنے والوں میں | نہیں ہے | یہ | مگر | عادت

خواہ تم نصیحت کرو یا نہ کرو۔ یہ سب باتیں پہلے لوگوں سے چلی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ۭ اِنَّ فِيْ

پہلوں کی | اور نہیں ہیں | ہم | عذاب دیئے گئے | پھر انہوں نے انکار کیا اسکا | پھر ہم نے ہلاک کیا ان کو | بے شک | میں

آ رہی ہیں۔ ہم پر کوئی عذاب نہیں آئے گا۔ جب انہوں نے ہود علیہ السلام کو جھٹلا دیا تو ہم نے ان لوگوں کو ہلاک کر دیا۔ یقیناً اس

ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ

اس | ضرور نشانی ہے | اور نہ | تھے | اکثر ان کے | ایمان لانے والے | اور بے شک | تیرا رب ہے | ضرور وہی

واقعے میں بڑی عبرت ہے۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔ بے شک تمہارا رب

ع 7 18 11 الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ

بڑا غالب | نہایت مہربان | جھٹلایا | (قومِ) ثمود نے | رسولوں کو | جب | کہا | ان کو

غالب اور مہربان ہے۔ قومِ ثمود نے بھی رسولوں کو جھٹلایا۔ یاد کرو جب ان کے

اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّىْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا

ان کے بھائی | صالح نے | کیا نہیں | تم ڈرتے | بیشک میں ہوں | تمہارے لئے | رسول | امین | پس تم ڈرو

بھائی صالح علیہ السلام نے ان سے کہا ’’کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے لئے امانت دار رسول ہوں۔ تم اللہ سے

اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾ وَمَآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِىَ اِلَّا

اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | اور نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی | معاوضہ | نہیں ہے | میرا معاوضہ | مگر

ڈرو اور میری بات مانو۔ میں اس کام پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا۔ میرا اجر

عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾ فِيْ جَنّٰتٍ

پر | رب | جہانوں کے | کیا تم کو چھوڑ دیا جائے گا | میں | اس جو | یہاں ہے | امن سے | میں | باغات

رب العالمین کے ذمے ہے۔ کیا تمہیں دنیا کی چیزوں میں بے فکری سے رہنے دیا جائے گا؟ ان باغوں میں،

وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ

اور چشموں میں | اور کھیتوں میں | اور کھجوروں میں | جن کے خوشے | بوجھل ہیں | اور تم تراشتے ہو | سے

چشموں میں، کھیتوں میں، پکے ہوئے خوشوں والے کھجور کے درختوں میں، اور تم نمود ونمائش کے لئے

الْجِبَالِ بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾ وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ

پہاڑوں | گھر | پر تکلف | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | اور نہ | تم اطاعت کرو | حکم کی

پہاڑوں کو تراش کر مکان بناتے ہو۔ تم لوگ اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ حد سے گزر جانے والوں کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُسْرِفِيْنَ ﴿151﴾ الَّذِيْنَ يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿152﴾ قَالُوْٓا

حد سے بڑھنے والوں کے | جو کہ | فساد کرتے ہیں | میں | زمین | اور نہیں | وہ اصلاح کرتے | وہ بولے

اطاعت نہ کرو جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔" انہوں نے کہا

اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿153﴾ مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚ فَاْتِ

بے شک | تو ہے | سے | جادو کئے گئے | نہیں ہے | تو | مگر | بشر | ہماری طرح | پس تو لے آ

"تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے۔ تم بھی ہم جیسے انسان ہو۔ اگر سچے ہو

بِاٰيَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿154﴾ قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ

کوئی نشانی | اگر | تو ہے | سے | سچوں میں | اس نے کہا | یہ ہے | اونٹنی | اس کے لئے | پینا ہے

تو کوئی معجزہ دکھاؤ۔" صالح علیہ السلام نے کہا "یہ اونٹنی ہے۔ اس کے لئے ایک دن پانی پینے کی باری ہے

وَّلَكُمْ شِرْبُ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿155﴾ وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ

اور تمہارے لئے | پینا ہے | ایک دن | مقرر | اور نہ | تم چھونا اسے | ساتھ برائی کے | ورنہ پکڑے گا تمہیں

اور ایک دن تمہاری باری اس اونٹنی کو مت چھیڑنا ورنہ بڑے دن کا

عَذَابُ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿156﴾ فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِيْنَ ﴿157﴾ فَاَخَذَهُمُ

عذاب | دن | بڑے کا | پھر پاؤں کاٹے اسکے | پھر وہ ہو گئے | پشیمان | پھر پکڑا ان کو

عذاب تمہیں پکڑ لے گا۔" مگر انہوں نے اس اونٹنی کی ٹانگیں کاٹ ڈالیں اور اس پر انہیں پچھتانا پڑا۔ انہیں عذاب نے

الْعَذَابُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ۭ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿158﴾

عذاب نے | بے شک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | اور نہ | تھے | اکثر ان کے | ایمان لانے والے

آ پکڑا۔ یقیناً اس واقعے میں بڑا سبق ہے۔ لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿159﴾ كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ۨ 8 ع 19 12

اور بے شک | رب تیرا ہے | ضرور وہی | بڑا غالب | نہایت مہربان | جھٹلایا | قوم | لوط نے

بے شک تمہارا رب غالب اور نہایت مہربان ہے۔ قوم لوط علیہ السلام نے بھی

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿160﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿161﴾ اِنِّىْ لَكُمْ

رسولوں کو | جب | کہا | ان کو | ان کے بھائی | لوط نے | کیا نہیں | تم ڈرتے | بیشک میں | تمہارے لئے

رسولوں کو جھٹلایا۔ یاد کرو جب ان کے بھائی لوط علیہ السلام نے ان سے کہا "کیا تم ڈرتے نہیں؟ میں تمہارے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿162﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿163﴾ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

رسول | امین ہوں | پس تم ڈرو | اللہ سے | اور تم اطاعت کرو میری | اور نہیں | میں مانگتا تم سے | اس پر | کوئی

لئے امانت دار رسول ہوں۔ اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو۔ میں اس کام پر تم سے کوئی صلہ

اَجْرٍ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿164﴾ اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ

معاوضہ | نہیں ہے | میرا معاوضہ | مگر | پر | رب | جہانوں کے | کیا تم آتے ہو | مردوں کے پاس | سے

نہیں مانگتا۔ میرا صلہ رب العالمین کے ذمے ہے۔ تم لوگ لڑکوں سے بدفعلی

الْعٰلَمِيْنَ ﴿165﴾ وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَلْ

جہانوں میں | اور تم چھوڑتے ہو | اسے جو | پیدا کیں | تمہارے لئے | رب تمہارے نے | سے | بیویاں تمہاری | بلکہ

کرتے ہو۔ تمہارے رب نے تمہارے لئے جو بیویاں پیدا کی ہیں ان کے قریب نہیں جاتے۔

اَنْتُمْ قَوْمٌ عٰدُوْنَ ﴿166﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ

تم ہو | لوگ | حد سے نکلنے والے | وہ بولے | البتہ اگر | نہ | تو باز آیا | اے لوط | البتہ ضرور تو ہوگا | سے

تم حد سے گزر جانے والے لوگ ہو۔“ وہ بولے ”اے لوط علیہ السلام اگر تم باز نہ آئے ہم تمہیں بستی سے

الْمُخْرَجِيْنَ ﴿167﴾ قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ الْقَالِيْنَ ﴿168﴾ رَبِّ نَجِّنِيْ

جلاوطنوں میں | اس نے کہا | بے شک میں | تمہارے کام کو | سے | ناپسند کرنے والوں | میرے رب | تو نجات دے مجھے

نکال دیں گے۔“ لوط علیہ السلام نے کہا ”میں تمہاری بدعملی سے سخت بیزار ہوں۔“ پھر لوط علیہ السلام نے دعا کی ”اے میرے رب

وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿169﴾ فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿170﴾ اِلَّا عَجُوْزًا

اور میرے اہل کو | اس سے جو | وہ کرتے ہیں | پھر ہم نے نجات دی اسے | اور خاندان اسکے | سارے کو | مگر | ایک بڑھیا تھی

تو مجھے اور میرے گھر والوں کو ان لوگوں کے برے اعمال سے نجات دے۔“ پھر ہم نے لوط علیہ السلام اور ان کے سب گھر والوں کو

فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿171﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿172﴾ وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا

میں | پیچھے رہ جانے والوں | پھر | ہم نے ہلاک کیا | دوسرے لوگوں کو | اور ہم نے بارش کی | ان پر | ایک بارش

بچا لیا، سوائے ایک بڑھیا کے جو اُن کی بیوی تھی، وہ پیچھے رہنے والوں میں رہ گئی۔ ہم نے باقی سب لوگوں کو ہلاک کر دیا۔ ان پر

فَسَآءَ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿173﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

پس بری تھی | بارش | خبردار کئے گئے لوگوں کی | بے شک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | اور نہ | تھے | اکثر ان کے

کرتا ہے۔ پھر تم دیکھتے ہو بادل کے اندر سے بوندیں گرنے لگتی ہیں۔ جب وہ اپنے بندوں میں سے جن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿48﴾ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ

وہ چاہے | سے | اپنے بندوں | اچانک | وہ | خوش ہو جاتے ہیں | اور بیشک | وہ تھے | اس سے | پہلے

پر چاہتا ہے بارش برساتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔ حالاں کہ اس سے پہلے وہ بارش کی طرف

اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِيْنَ ﴿49﴾ فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ

کہ | اتارا جائے | ان کے اوپر | سے | اس کے پہلے | البتہ مایوس | پس تو دیکھ | طرف | نشانیوں کی | رحمت

سے بالکل مایوس ہو چکے ہوتے ہیں۔ پھر تم اللہ کی رحمت کے آثار دیکھو وہ

اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ

اللہ کی | کیسے | وہ زندہ کرتا ہے | زمین کو | بعد | اس کے مردہ ہونے کے | بیشک | وہ | البتہ زندہ کرنیوالا ہے | مردوں کو

کس طرح مردہ زمین کو زندہ کرتا ہے۔ بے شک وہی مردوں کو زندہ کرے گا۔

وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿50﴾ وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِيْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا

اور وہ | اوپر | ہر | چیز کے ہے | قادر | اور البتہ اگر | ہم بھیجیں | سخت ہوا | پھر وہ دیکھیں اسے | زرد کھیتی

وہ ہر چیز پر قادر ہے، اور اگر ہم ایسی آندھی بھیج دیں جس سے لوگ اپنی کھیتی کو زرد اور خراب ہوتا دیکھیں

لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ يَكْفُرُوْنَ ﴿51﴾ فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ

تو لگ جائیں | سے | اس کے بعد | کفر کرنے | پس بیشک تو | نہیں | سناتا | مردوں کو | اور نہیں | تو سناتا

تو پھر مایوس ہو جائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مردوں کو نہیں سنا سکتے، نہ بہروں کو سنا سکتے ہیں

الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿52﴾ وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ

بہروں کو | پکارنا | جب | وہ پھر جائیں | پیٹھ پھیر کر | اور نہیں | تو | راہ دکھانے والا | اندھوں کو | سے

جبکہ وہ پیٹھ پھیر کر چلے جا رہے ہوں، نہ آپ ﷺ اندھوں کو ان کی گمراہی سے نکال کر راہِ راست پر

ع 5 13 8 ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿53﴾ ع

ان کی گمراہی | نہیں | تو سناتا | مگر | اسے جو | ایمان لاتا ہے | ہماری آیتوں پر | پھر وہ | مسلمان ہیں

لا سکتے ہیں۔ آپ ﷺ صرف اسے سنا سکتے ہیں جو ہماری آیتوں پر ایمان لانے والا ہو اور ایسے لوگ ہی فرماں برداری اختیار کرتے

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ ضُعْفٍ قُوَّةً

اللہ | وہی ہے جس نے | پیدا کیا تمہیں | سے | ناتوانی | پھر | کر دی | سے | بعد | ناتوانی کے | قوت

ہیں۔ اللہ نے تمہیں پیدا کیا جبکہ تم کمزور تھے۔ پھر کمزوری کے بعد قوت دی۔

— قرۃ حفص بضم الضاد و فتحها في الثلاثة

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ ضَعْفًا وَّشَيْبَةً ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۚ وَهُوَ

پھر | کردی | سے | بعد | قوت کے | کمزوری | اور بڑھاپا | وہ پیدا کرتا ہے | جو | وہ چاہتا ہے | اور وہ ہے

پھر قوت کے بعد کمزوری اور بڑھاپا طاری کر دیا۔ وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ وہ علم والا

الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿54﴾ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ڏ مَا

خوب جاننے والا | بڑا قادر | اور جس دن | قائم ہوگی | گھڑی قیامت کی | قسم کھائیں گے | مجرم لوگ | نہیں

قدرت والا ہے۔ جس دن قیامت برپا ہو گی تو مجرم لوگ قسم کھا کر کہیں گے

لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿55﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

وہ رہے | مگر | ایک گھڑی | اسی طرح | وہ تھے | وہ پھیرے جاتے | اور کہیں گے | وہ لوگ جو | دیئے گئے

وہ دنیا میں ایک گھڑی سے زیادہ نہیں رہے۔ اسی طرح پہلے بھی اُن کی عقلیں ماری گئی تھیں۔ اور جن لوگوں کو

الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ

علم | اور ایمان | بیشک | تم رہے ہو | میں | کتاب | اللہ کی | تک | دن | قیامت کے

علم اور ایمان عطا ہوا، وہ کہیں گے تم اللہ کے حساب کے مطابق روزِ حشر تک پڑے رہے۔

فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿56﴾ فَيَوْمَىِٕذٍ

پس یہ ہے | دن | (دوبارہ) اٹھنے کا | اور لیکن تم | تم تھے | نہ | تم جانتے | پھر اس دن

یہ وہی حشر کا دن ہے لیکن تم جانتے نہ تھے۔ پھر اُس دن ظالموں کو نہ ان کی

لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿57﴾ وَلَقَدْ

نہ نفع دے گی | انکو جو | ظالم ہیں | اُن کی معذرت | اور نہ | وہ | ان کی توبہ قبول ہوگی | اور بیشک

معذرت کام آئے گی اور نہ ان کی معافی ہوگی۔ ہم نے اس

ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۭ وَلَىِٕنْ جِئْتَهُمْ

ہم نے بیان کی | لوگوں کے لئے | میں | اس | قرآن | سے | ہر | مثال | اور البتہ اگر | تو لائے انکے پاس

قرآن میں لوگوں کے لئے ہر طرح کی مثالیں بیان کیں۔ اے نبی اگر آپ ﷺ ان کے پاس

بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿58﴾ كَذٰلِكَ

کوئی نشانی | البتہ ضرور وہ کہیں گے | جو | کافر ہیں | نہیں | تم | مگر | جھوٹے | اسی طرح

کوئی معجزہ لے آئیں تب بھی کافر کہیں گے ”تم لوگ جھوٹے ہو“ اسی طرح

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿59﴾ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ

مہر لگا دیتا ہے | اللہ | پر | دلوں | انکے جو | نہیں | جانتے | پس تو صبر کر | بیشک | وعدہ | اللہ کا

اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو جاننا نہیں چاہتے۔ لہٰذا اے نبی ﷺ! آپ ﷺ صبر کریں۔ بے شک اللہ کا

حَقٌّ وَّلَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿60﴾ ع 6/7/9

سچا ہے | اور نہ | ہلکا اور کمزور کریں تجھے | وہ لوگ جو | نہیں | یقین رکھتے۔

وعدہ سچا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ بے یقین لوگ آپ ﷺ کا حوصلہ پست کر دیں۔

(31) سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ (57)

اٰيَاتُهَا 34 — رُكُوْعَاتُهَا 4

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمّٓ ﴿1﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿2﴾ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ﴿3﴾

الٓمّٓ | یہ | آیتیں ہیں | کتاب | حکمت والی کی | رہنمائی ہے | اور رحمت ہے | نیکی کرنیوالوں کے لئے

الٓمّٓ یہ حکمت بھری کتاب کی آیتیں ہیں جو اُن نیکی کرنے والوں کے لئے ہدایت اور رحمت ہے

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

جو کہ | قائم کرتے ہیں | نماز | اور وہ دیتے ہیں | زکوٰۃ | اور وہ | آخرت پر | وہی

جو نماز قائم کرتے ہیں۔ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور آخرت پر یقین

يُوْقِنُوْنَ ﴿4﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿5﴾

یقین رکھتے ہیں | وہی ہیں | پر | ہدایت | طرف سے | اپنے رب کی | اور وہ ہیں | وہی | کامیاب

رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کے سیدھے راستے پر ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ

اور سے | لوگوں | جو | خریدتا ہے | غافل کرنے والی | بات کو | تاکہ وہ گمراہ کرے | سے | راہ

بعض لوگ ایسی باتوں کے خریدار بنتے ہیں جو اللہ سے غافل کرنے والی ہیں تاکہ وہ دوسرے کو بھی اللہ کی راہ سے

اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۭ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿6﴾

اللہ کی | بغیر | علم کے | اور وہ بناتا ہے اسے | مذاق | یہ لوگ | ان کے لئے ہے | عذاب | ذلت والا

بھٹکا دیں۔ ان کے پاس علم بھی نہیں اور وہ دعوتِ حق کا مذاق اڑاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لئے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ
اور جب | پڑھی جائیں | اس پر | ہماری آیتیں | وہ پیٹھ پھیرتا ہے | تکبر کرتے ہوئے | گویا کہ | نہیں | اس نے سنا اسے | گویا کہ
جب انہیں ہماری آیتیں سنائی جاتی ہیں وہ تکبر کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے ہیں جیسے انہوں نے سنا ہی نہیں،

فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿7﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
میں | اس کے دونوں کانوں | بوجھ ہے | پس خوشخبری دیں اسے | عذاب کی | دردناک | بیشک | جو لوگ | ایمان لائے
جیسے ان کے کانوں کے بہرا پن ہے۔ اے نبی ﷺ ایسے لوگوں کو آپ ﷺ دردناک عذاب کی خوشخبری دیں۔ بے شک جو لوگ

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ﴿8﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ
اور عمل کئے | اچھے | ان کیلئے ہیں | باغات | نعمت والے | ہمیشہ رہنے والے | ان میں | وعدہ | اللہ کا
ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، ان کے لئے نعمت کے باغ ہوں گے جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ یہ اللہ کا پختہ

حَقًّا ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿9﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا
سچا ہے | اور وہ ہے | نہایت غالب | خوب حکمت والا | اس نے پیدا کیا | آسمانوں کو | بغیر | ستونوں کے | تم دیکھتے ہو جن کو
وعدہ ہے اور وہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اللہ نے آسمانوں کو بغیر ستونوں کے بنایا جیسا کہ تم دیکھ رہے ہو۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ
اور ڈال دیئے | میں | زمین | مضبوط پہاڑ | کہ نہ | وہ تمہیں لڑھکا دے | اور پھیلائے | اس میں | ہر | طرح کے
اُس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیئے تا کہ زمین تمہیں لے کر کہیں لڑھک نہ جائے۔ اس نے ہر قسم کے جانور

دَاۗبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ
جاندار | اور ہم نے اتارا | سے | آسمان | پانی | پس ہم نے اُگائی | اس میں | سے | ہر | قسم
پھیلا دیئے۔ ہم نے آسمان سے پانی برسایا اور زمین سے ہر طرح کی عمدہ چیزیں اگائیں۔

كَرِيْمٍ ﴿10﴾ هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ
عمدہ | یہ ہے | تخلیق | اللہ کی | پس تم دکھاؤ مجھے | کیا | پیدا کیا | انہوں نے | جو ہیں | اس کے سوا
اے نبی! آپ ﷺ ان لوگوں سے کہیں ”جب سب کچھ اللہ کا پیدا کیا ہوا ہے تو اے مشرکو! مجھے بتاؤ، اللہ کے سوا تمہارے دوسرے

بَلِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿11﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ (ع 1 11 10)
بلکہ | ظالم ہیں | میں | گمراہی | کھلی | اور بیشک | ہم نے دی | لقمان کو | دانائی | تا کہ
معبودوں نے کیا پیدا کیا؟“ بلکہ ظالم لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ اور ہم نے لقمان کو دانائی عطا فرمائی اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشْكُرْ لِلّٰهِ ؕ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ

شکر کرے | اللہ کا | اور جو | شکر کرتا ہے | تو وہ | شکر کرتا ہے | اپنے لئے | اور جو کوئی | ناشکری کرتا ہے | تو بیشک

حکم دیا اللہ کا شکر کرو۔ جو شخص شکر کرتا ہے وہ اپنے لئے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرے گا تو

اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿12﴾ وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ

اللہ ہے | بے نیاز | تعریف کیا گیا | اور جب | کہا | لقمان نے | اپنے بیٹے کو | اور وہ | نصیحت کررہا تھا اسے | اے میرے بیٹے

اللہ بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔ اور یاد کرو جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا ''اے میرے بیٹے

وقف النبی علیہ السلام

لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ﴿13﴾ وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ

نہ | تو شریک بنا | اللہ کا | بیشک | شرک ہے | البتہ ظلم | بہت بڑا | اور ہم نے تاکید کی | انسان کو

کسی کو اللہ کا شریک نہ بنانا۔ بے شک شرک بہت بڑا ظلم ہے۔'' اور ہم نے انسان کو اُس کے ماں باپ سے

بِوَالِدَيْهِ ۚ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰى وَهْنٍ وَّفِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ

بارے میں والدین اسکے | اٹھائے رکھا اسے | اس کی ماں نے | تکلیف | پر | تکلیف سے | اور دودھ چھڑانا اسکا | میں | دو برسوں میں | یہ کہ

اچھے سلوک کی تاکید کی...... اس کی ماں نے دکھ پر دکھ اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور دو سال میں اس کا دودھ چھڑانا ہوا...... ہم نے

النصف

اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿14﴾ وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓى اَنْ

تو شکر کرے | میرا | اور اپنے والدین کا | میری طرف ہے | ٹھکانا | اور اگر | وہ دونوں دباؤ ڈالیں | تجھ پر | یہ کہ

انسان کو حکم دیا ''وہ میرا بھی شکر گزار رہے اور اپنے والدین کا بھی''...... آخر تم سب کو میرے پاس آنا ہے...... لیکن اگر والدین تجھ پر

تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۙ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي

تو شریک بنائے | میرا | اسے | نہیں ہے | تجھ کو | جس کا | علم | تو نہ | تو اطاعت کر انکی | اور ساتھ بن دونوں کا | میں

دباؤ ڈالیں کہ تو کسی کو میرا شریک بنائے جس کی کوئی دلیل نہیں تو ان کی بات نہ ماننا۔ البتہ دنیا میں ان کے

الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا ۫ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ اِلَيَّ ۚ ثُمَّ اِلَيَّ

دنیا | اچھی طرح سے | اور تو پیروی کر | راہ | اس کی جو | رجوع کرے | میری طرف | پھر | میری طرف ہے

ساتھ نیک برتاؤ کرنا۔ لیکن پیروی ان لوگوں کے طریقے کی کرنا جو میری طرف

مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿15﴾ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ

تمہارا لوٹنا | پھر میں بتاؤں گا تمہیں | جو کچھ | تم تھے | تم کرتے | اے میرے بیٹے | بیشک عمل | اگر | ہو

رجوع کئے ہوئے ہیں۔ پھر تم سب کو میرے پاس آنا ہے۔ میں تمہیں بتاؤں گا جو کچھ تم کرتے رہے۔ اور لقمان نے کہا ''اے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ

برابر | دانے کے | رائی کے | ایک | پھر وہ ہو | میں | سخت پتھر | یا | میں | آسمانوں | یا

میرے بیٹے کوئی عمل اگر رائی کے دانے کے برابر ہو، خواہ وہ کسی پتھر کے اندر ہو، یا آسمانوں میں ہو،

فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿16﴾ يٰبُنَيَّ اَقِمِ

میں | زمین | لائے گا | اسے | اللہ | بیشک | اللہ ہے | باریک بیں | باخبر | اے میرے بیٹے | تو قائم کر

یا زمین میں ہو، اللہ اسے حاضر کرے گا۔ بےشک اللہ باریک بیں اور باخبر ہے۔ اے میرے بیٹے! نماز

الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰي مَآ

نماز کو | اور حکم دے | بھلائی کا | اور منع کر | سے | برائی | اور تو صبر کر | پر | اس جو

پڑھ۔ اچھے کام کی نصیحت کر۔ برائی سے روک اور جو مصیبت آئے اس پر

اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿17﴾ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ

پہنچے تکلیف تجھے | بیشک | یہ ہے | سے | بڑے | کاموں | اور نہ | تو پھیر | اپنے گال | سے لوگوں

صبر کر۔ بےشک یہ بڑی ہمت کے کام ہیں۔ اور لوگوں سے بے رُخی نہ کر۔

وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ

اور نہ | تو چل | میں | زمین | اکڑ کر | بیشک | اللہ | نہیں | پسند کرتا | ہر | تکبر کرنے والے

زمین پر اکڑ کر نہ چل۔ بےشک اللہ کسی اکڑنے والے اور غرور کرنے والے کو

فَخُوْرٍ ﴿18﴾ وَاقْصِدْ فِيْ مَشْيِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ

مغرور کو | اور تو میانہ روی اختیار کر | میں | اپنی چال | اور آہستہ رکھ | کو | اپنی آواز | بیشک | زیادہ ناپسندیدہ

پسند نہیں کرتا۔ اور اپنی چال میں میانہ روی اختیار کر۔ اپنی آواز کو پست کر۔ بےشک سب سے بری

الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِيْرِ ﴿19﴾ اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ

ع 2 8 11

آوازوں میں | البتہ آواز ہے | گدھے کی | کیا نہیں | تم نے دیکھا | بےشک | اللہ نے | خدمت میں لگایا | تمہارے لئے

آواز گدھے کی آواز ہے۔“ کیا تم نہیں دیکھتے اللہ نے آسمانوں اور زمین کی چیزوں کو

مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً

جو کچھ ہے | میں | آسمانوں | اور جو کچھ ہے | میں | زمین | اور اس نے پوری کیں | تم پر | اپنی نعمتیں | ظاہری

تمہارے کام پر لگا دیا اور اُس نے تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں پوری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَّبَاطِنَةً ؕ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا

اور باطنی | اور بعض | لوگ ہیں | جو | جھگڑتے ہیں | بارے میں | اللہ کے | بغیر | علم کے | اور بغیر

کر دیں؟ پھر بھی بعض لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں، بغیر علم کے،

هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِيْرٍ ﴿20﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

ہدایت کے | اور بغیر | کتاب | روشن کے | اور جب | کہا جائے | ان کو | تم پیروی کرو | جو کہ | نازل کیا | اللہ نے

بغیر ہدایت کے اور بغیر روشن کتاب کے۔ جب مشرکوں سے کہا جاتا ہے "پیروی کرو اس چیز کی جو اللہ نے نازل کی ہے"

قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ

وہ کہتے ہیں | بلکہ | ہم پیروی کریں گے | اسکی | ہم نے پایا | جس پر | اپنے باپ دادا کو | کیا اگرچہ | ہو | شیطان

تو کہتے ہیں "نہیں" ہم اس کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا۔" کیا وہ پھر بھی ان کی پیروی

يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿21﴾ وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗٓ اِلَى اللّٰهِ

بلاتا ان کو | طرف | عذاب کی | آگ کے | اور جو کوئی | جھکا دے | منہ اپنا | طرف | اللہ کی

کریں گے جبکہ شیطان انہیں دوزخ کے عذاب کی طرف بلا رہا ہو؟ جو شخص اپنا رخ اللہ

وَهُوَ مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ

اور وہ | نیکوکار ہو | تو بیشک | اس نے پکڑا | کڑے کو | مضبوط | اور طرف | اللہ کی | نتیجہ ہے

کی طرف کر لے اور وہ نیکو کار بھی ہو تو اس نے مضبوط رسی پکڑ لی۔ اور سارے کاموں کا نتیجہ اللہ

الْاُمُوْرِ ﴿22﴾ وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

سب کاموں کا | اور جو | کفر کرے | تو نہ | غمگین کرے تجھے | کفر اسکا | ہماری طرف | لوٹنا ہے انکا

کے پاس ہے۔ اے نبی ﷺ جو شخص کفر کرتا ہے آپ ﷺ اس کے کفر کے باعث غمگین نہ ہوں۔ ان سب کو ہمارے پاس آنا ہے۔

فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿23﴾ نُمَتِّعُهُمْ

پھر ہم بتائیں گے انکو | جو کچھ | انہوں نے عمل کئے | بیشک | اللہ ہے | جاننے والا | سینوں کی باتوں کو | ہم فائدہ دیں گے انکو

پھر ہم انہیں بتائیں گے جو کچھ انہوں نے کیا۔ بے شک اللہ دلوں کے بھید جانتا ہے۔ ابھی ہم انہیں

قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿24﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ

تھوڑا عرصہ | پھر | ہم مجبور کریں گے انکو | طرف | عذاب کی | سخت | اور اگر | تو پوچھے ان سے | کس نے

کچھ عیش کرنے دیں گے۔ پھر انہیں ایک سخت عذاب کی طرف دھکیلیں گے۔ اے نبی ﷺ اگر آپ ﷺ ان سے پوچھیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۭ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۭ بَلْ

پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | البتہ ضرور وہ کہیں گے | اللہ نے | کہہ دیجئے | سب تعریف ہے | اللہ کی | بلکہ

''آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟'' تو وہ کہیں گے ''اللہ نے'' اس پر آپ ﷺ کہیں ''الحمد للہ'' اتنی بات تو سمجھتے ہو۔ مگر ان

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿25﴾ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ

اکثر انکے | نہیں | جانتے | اللہ کا ہے | جو | میں | آسمانوں | اور زمین میں | بیشک | اللہ | وہی ہے

میں سے اکثر لوگ علم نہیں رکھتے۔ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ بے شک اللہ

الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿26﴾ وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ

بے نیاز | تعریف کیا گیا | اور اگر ہو | کہ | جو کچھ ہے | میں | زمین | سے | درختوں | قلمیں

بے نیاز اور خوبیوں والا ہے۔ اگر زمین میں جتنے درخت ہیں وہ قلم بن جائیں۔

وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ اللّٰهِ ۭ

اور سمندر | اس کی سیاہی | سے | اس کے بعد | سات | سمندر | نہ | ختم ہوں | باتیں | اللہ کی

تمام سمندر روشنائی یعنی سیاہی بن جائیں اور مزید سات سمندر بھی روشنائی یعنی سیاہی کے ہوں تب بھی اللہ کی باتیں ختم نہیں ہوں

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿27﴾ مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ

بیشک | اللہ ہے | بڑا غالب | خوب حکمت والا | نہیں | پیدا کیا جانا تمہارا | اور نہیں | دوبارہ زندہ کیا جانا تمہارا | مگر | جیسے کسی جان

گی۔ بے شک اللہ غالب اور حکمت والا ہے۔ اُس کے نزدیک تم سب کا پیدا کر دینا اور پھر زندہ کرنا ایسا ہے جیسے کسی ایک شخص کو پیدا

وَّاحِدَةٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿28﴾ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ

ایک کا | بیشک | اللہ ہے | خوب سننے والا | خوب دیکھنے والا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یہ کہ | اللہ | داخل کرتا ہے | رات کو

کرنا اور پھر اسے زندہ کر دینا۔ بے شک اللہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ کیا تم نے دیکھا نہیں اللہ رات کو

فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۡ كُلٌّ

میں | دن | اور داخل کرتا ہے | دن کو | میں | رات | اور کام پر لگایا | سورج کو | اور چاند کو | ہر ایک

دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو کام پر لگا دیا۔ ہر ایک چلتا ہے

يَّجْرِيْٓ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿29﴾ ذٰلِكَ

چلتا ہے | تک | ایک وقت | مقررہ | اور یہ کہ | اللہ ہے | اس سے | جو تم کرتے ہو | خوب باخبر | یہ اس لئے

ایک مقررہ وقت تک۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔ یہ سب

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ

کہ | اللہ | وہی ہے | حق | اور یہ کہ | جو کچھ | وہ پکارتے ہیں | سے | سوا اسکے | باطل ہے | اور یہ کہ

اس لئے ہے کہ اللہ برحق ہے۔ اس کے سوا جن چیزوں کو وہ پکارتے ہیں وہ باطل ہیں۔ بے شک

3 ع 11 12 اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿30﴾ ع اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ

اللہ | وہی ہے | بہت بلند | بہت بڑا | کیا نہیں | تو نے دیکھا | یہ کہ | کشتیاں | چلتی ہیں | میں | سمندر

اللہ بلند و برتر ہے۔ کیا تم نے نہیں دیکھا اللہ کے فضل سے کشتی سمندر میں چلتی

بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

ساتھ نعمت کے | اللہ کی | تا کہ وہ دکھائے تمہیں | سے | اپنی نشانیوں | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | واسطے ہر | صابر

ہے تا کہ اللہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے۔ بے شک اس میں نشانیاں ہیں ہر صبر کرنے والے اور

شَكُوْرٍ ﴿31﴾ وَاِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ

شاکر کے | اور جب | ڈھانکتی ہے انکو | موج | جیسے سائبان ہوں | پکارتے ہیں | اللہ کو | خالص کرتے ہوئے | اسی کے لئے

شکر کرنے والے کے لئے۔ اور جب موج ان کے سر پر بادل کی طرح چھا جاتی ہے وہ اللہ کی خالص اطاعت کا دم بھرتے ہوئے

الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ

اطاعت | پھر جب | وہ نجات دے انکو | طرف | خشکی کی | تو بعض انکے | صحیح راہ پر ہیں | اور نہیں | انکار کرتا

صرف اسے پکارتے ہیں۔ پھر جب وہ انہیں نجات دے کر خشکی کی طرف لے آتا ہے تو ان میں کچھ تو اعتدال پر رہتے ہیں مگر اکثر پھر

بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿32﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا

ہماری آیتوں کا | مگر | ہر | وعدہ خلاف | ناشکرا | اے | لوگو | تم ڈرو | اپنے رب سے | اور تم ڈرو

سے گمراہ ہو جاتے ہیں۔ ہماری آیتوں کا انکار صرف وہی لوگ کرتے ہیں جو بدعہد اور ناشکرے گزارے۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو

يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ

اس دن سے | نہیں | کام آئے گا | کوئی باپ | سے | اپنے بیٹے | اور نہ | بیٹا | وہ | کام آنے والا | سے

اور اس دن سے ڈرو جب نہ کوئی باپ اپنی اولاد کے کام آئے گا اور نہ اولاد اپنے

وَّالِدِهٖ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۥ وقفة

اپنے باپ | کچھ بھی | بیشک | وعدہ | اللہ کا | سچا ہے | اسلئے نہ | دھوکے میں ڈالے تمہیں | زندگی | دنیا کی

باپ کے کام آئے گی۔ بے شک اللہ کا وعدہ سچا ہے۔ لہٰذا نہ دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں ڈالے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَا يَغُرَّنَّكُم بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿33﴾ إِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ج

اور نہ | دھوکا دے تمہیں | بارے میں اللہ کے | بڑا دھوکا باز | بیشک | اللہ | اس کے پاس ہے | علم | قیامت کی گھڑی کا

اور نہ شیطان دھوکے باز تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکا دینے پائے۔ بے شک اللہ ہی کو قیامت کے بارے میں علم ہے۔

وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ج وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ ط وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ

اور وہی برساتا ہے | مینہ | اور وہی جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | رحموں میں | اور نہیں | جانتی | کوئی جان

وہی بارش برساتا ہے۔ وہی جانتا ہے رحم مادر میں کیا ہے۔ کوئی شخص نہیں جانتا وہ کل

مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ط وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ط إِنَّ اللّٰهَ

کیا وہ | کمائے گی | کل کو | اور نہیں | جانتی | کوئی جان | کس میں | زمین | وہ مرے گی | بیشک | اللہ ہے

کیا کرے گا۔ اور کوئی نہیں جانتا وہ کس سرزمین میں مرے گا۔ بے شک اللہ

4 ع 4 13 عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿34﴾ ع

خوب جاننے والا | خوب باخبر

جاننے والا باخبر ہے۔

(32) سُوْرَةُ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ (75)

آیاتها 30 — رکوعاتها 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الٓمٓ ﴿1﴾ تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِينَ ﴿2﴾ أَمْ

الٓمّٓ | اتارنا | اس کتاب کا ہے | نہیں | شک | اس میں | طرف سے | مالک کی | جہانوں کے | کیا

الٓمّٓ اس میں شک نہیں یہ کتاب رب العالمین کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔ اے نبی ﷺ کیا

يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ج بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ

وہ کہتے ہیں | اس نے گھڑ لیا اسے | بلکہ | وہ تو | حق ہے | طرف | تیرے رب کی | تاکہ تو ڈرائے | اس قوم کو | کہ نہ

وہ لوگ کہتے ہیں آپ ﷺ نے قرآن خود گھڑ لیا ہے؟ نہیں یہ تو آپ ﷺ کے رب کی طرف سے برحق نازل ہوا ہے تاکہ آپ ﷺ

أَتٰهُمْ مِّنْ نَّذِيرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿3﴾ اَللّٰهُ الَّذِي

آیا جنکے پاس | کوئی | ڈرانے والا | سے | پہلے تجھ | تاکہ وہ | ہدایت پائیں | اللہ وہ ہے | جس نے

اس قوم کو خبردار کر دیں جس کے پاس آپ ﷺ سے پہلے کوئی خبردار کرنے والا نہیں آیا اور تاکہ وہ ہدایت پائیں۔ وہی اللہ ہے جس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى

پیدا کیا | آسمانوں کو | اور زمین کو | اور جو کچھ | دونوں کے درمیان ہے | میں | چھ | دنوں | پھر | وہ قائم ہوا

نے چھ دنوں میں پیدا کیا آسمانوں کو، زمین کو اور ان ساری چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں۔ پھر وہ عرش

عَلَى الْعَرْشِ ۭ مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا شَفِيْعٍ ۭ

پر | عرش | نہیں | تمہارے لئے | سے | سوا اسکے | کوئی | دوست | اور نہ | شفاعت کرنے والا

پر قائم ہوا۔ اس کے سوا کوئی تمہارا کارساز نہیں۔ اس کے مقابلے میں کوئی تمہارا سفارشی نہیں۔ کیا تم

اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ ④ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَاۗءِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ

کیا پس نہیں تم نصیحت پاتے | وہ تدبیر کرتا ہے | کام کی | سے | آسمان | طرف | زمین کی | پھر | چڑھتا ہے | اس کی طرف

سمجھتے نہیں؟ وہی آسمان سے زمین تک تمام معاملات کی تدبیر کرتا ہے۔ سب کی رپورٹ اس کے پاس پہنچتی ہے تاکہ وہ فیصلہ کرے

فِيْ يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ⑤ ذٰلِكَ عٰلِمُ

میں | دن | کہ ہے | اس کی مقدار | ہزار | سال | اس سے جو | تم شمار کرتے ہو | یہ ہے | جاننے والا

اُس دن جس کی مقدار تمہارے حساب سے ایک ہزار سال کے برابر ہے۔ وہی پوشیدہ

الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ⑥ۙ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ

غیب کا | اور حاضر کا | بڑا غالب | نہایت مہربان | وہ جس نے | خوب بنائی | ہر | چیز

اور ظاہر کو جاننے والا، غالب اور مہربان ہے۔ اس نے جو چیز بنائی خوب

خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ⑦ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ

اُسے پیدا کیا | اور شروع کیا | پیدا کرنا | انسان کا | سے | گارے | پھر | بنائی | اس کی نسل | سے

بنائی۔ اس نے انسان کی پیدائش کی ابتدا مٹی سے کی۔ پھر اس کی نسل حقیر

سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ⑧ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ

ست | کے | پانی | حقیر | پھر | درست کیا اسے | اور پھونکا | اس میں | طرف سے | اپنی روح

پانی کے ست سے چلائی۔ پھر اس کے اعضاء درست کئے اور اس میں اپنی طرف سے روح پھونکی۔

وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ⑨

اور بنائے | تمہارے لیے | کان | اور آنکھیں | اور دل | تھوڑا ہے | جو | تم شکر کرتے ہو

اس نے تمہارے کان، آنکھیں اور دل بنائے مگر تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۬ؕ بَلْ

اور انہوں نے کہا | کیا جب | ہم مل جائیں گے | میں | مٹی | کیا ہم ہوں گے | میں | پیدائش | نئی | بلکہ

اور وہ کہتے ہیں ”جب ہم مٹی میں مل جائیں گے تو کیا ہم پھر نئے سرے سے پیدا کیے جائیں گے؟“ اصل

هُمْ بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ⑩ قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ الَّذِيْ

وہ | ملاقات سے | اپنے رب کی | منکر ہیں | کہہ دیجئے | وفات دیتا ہے تمہیں | فرشتہ | موت کا | جو کہ

میں وہ لوگ اپنے رب کے سامنے پیش ہونے کو نہیں مانتے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”موت کا فرشتہ

وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ تُرْجَعُوْنَ ⑪ ع وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ (ع 1 / 11 / 14)

مقرر ہے | تم پر | پھر | طرف | اپنے رب کی | تم لوٹائے جاؤ گے | اور کاش | تو دیکھتا | جب | مجرم لوگ

جو تم پر مقرر ہے وہی تمہاری جان قبض کرے گا۔ پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔“ اور کاش تم دیکھ پاتے جب یہی

نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا

جھکائے ہوں گے | اپنے سر | پاس | اپنے رب کے | اے ہمارے رب | ہم نے دیکھا | اور ہم نے سنا | پس واپس بھیج ہمیں

مجرم اپنے رب کے سامنے سر جھکا کر کہیں گے ”اے ہمارے رب ہم نے سب دیکھ لیا اور سن لیا۔ ہمیں ایک بار پھر دنیا میں بھیج دے

نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ⑫ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ

ہم عمل کریں | اچھا | بیشک ہم | یقین لانے والے ہیں | اور اگر | ہم چاہتے | تو ہم دیتے | ہر | جان کو

تاکہ ہم نیک کام کریں۔ ہم یقین کرنے والے بن گئے۔“ اللہ فرمائے گا اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو

هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ

اس کی ہدایت | اور لیکن | ٹھہری | بات | میری طرف سے | کہ ضرور بھروں گا | دوزخ کو | سے | جنوں

ہدایت دے دیتے لیکن میری یہ بات ثابت ہو چکی کہ ”میں جہنم کو جنوں اور انسانوں

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ⑬ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا

اور لوگوں | سب سے | اب تم چکھو | سزا اس کی جو | تم نے بھلا دی | ملاقات | اپنے دن کی | اس | بیشک ہم

سے بھر دوں گا۔“ لہٰذا اے نافرمانو! تم نے اس دن کی پیشی کو نظر انداز کیا۔ اب عذاب

نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ⑭ اِنَّمَا

ہم نے بھلا دیا تمہیں | اور تم چکھو | عذاب | ہمیشہ کا | اس وجہ سے جو | تم تھے | تم کرتے | صرف

کا مزا چکھو۔ آج ہم نے بھی تمہیں نظر انداز کر دیا۔ لہٰذا اپنے کیے کے بدلے میں ہمیشہ کا عذاب چکھو۔“ ہماری

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا

ایمان لاتے | ہماری آیتوں پر | وہ جو کہ | جب | ان کو نصیحت کی جاتی ہے | ان کے ساتھ | وہ گر پڑتے ہیں | سجدے میں | اور تسبیح کرتے ہیں

آیتوں پر وہ لوگ ایمان لاتے ہیں جن کو جب آیتوں کے ذریعے یاد دہانی کرائی جاتی ہے وہ سجدے میں گر پڑتے ہیں، اپنے رب

بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۩ 15 تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ السجدۃ 10

ساتھ تعریف | اپنے رب کی | اور وہ | نہیں | وہ تکبر کرتے | الگ رہتے ہیں | ان کے پہلو | سے

کی حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور تکبر نہیں کرتے۔ راتوں کو اُن کے پہلو

الْمَضَاجِعِ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۡ وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ 16

بستروں | وہ پکارتے ہیں | اپنے رب کو | ڈرتے ہوئے | اور امید رکھتے ہوئے | اور اس سے جو | ہم نے دیا انکو | وہ خرچ کرتے ہیں

بستروں سے الگ رہتے ہیں۔ وہ اپنے رب کو پکارتے ہیں، خوف اور امید کے ساتھ۔ جو کچھ ہم نے انہیں دیا اس میں سے اس میں

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا

پس نہیں | جانتی | کوئی جان | کیا | چھپایا گیا | ان کے لئے | سے | ٹھنڈک | آنکھوں کی | بدلہ ہے | اس کا جو

راہِ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔ کسی کو کیا خبر ایسے لوگوں کے لئے ان کے اعمال کے صلے میں آنکھوں کی کیا ٹھنڈک چھپا رکھی گئی ہے۔

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ 17 اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا ۭ وقف غفران

وہ تھے | وہ کرتے | کیا پس جو | ہو | مومن | برابر ہے اسکے جو | ہو | نافرمان

یہ جزا ہے اس کی جو وہ کرتے تھے۔ کیا مومن اور نافرمان ایک جیسے ہیں؟ یہ دونوں برابر

لَا يَسْتَوٗنَ 18 اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۡ وقف غفران

نہیں وہ برابر ہو سکتے | لیکن | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | نیک | تو انکے لئے ہیں | باغات | رہنے کے

نہیں ہو سکتے۔ جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے ان کے لئے جنت کی رہائش گاہیں ہیں، جو انہیں

نُزُلًۢا بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ 19 وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ۭ

مہمانی | اسکی جو | وہ تھے | وہ کرتے | لیکن | جو لوگ | نافرمان ہوئے | تو ٹھکانا ان کا | دوزخ ہے

اپنے اعمال کے بدلے میں ملیں گے۔ مگر جن لوگوں نے نافرمانی کی ان کا ٹھکانا دوزخ ہو گا۔

كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا

جب | وہ چاہیں گے | کہ | وہ نکلیں | اس سے | لوٹائے جائیں گے | اس میں | اور کہا جائے گا | ان کو | تم چکھو

جب وہ اس سے نکلنا چاہیں گے تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا ''اب اس آگ کا عذاب چکھو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَلَنُذِیْقَنَّهُمْ مِّنَ

عذاب | آگ کا | جو | تم تھے | جس کو | تم جھٹلاتے | اور البتہ ضرور ہم چکھائیں گے انکو | سے

جسے تم جھٹلایا کرتے تھے۔" ان مشرکین کو ہم بڑے

الْعَذَابِ الْاَدْنٰی دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ یَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَنْ

عذاب | ادنیٰ | علاوہ | عذاب | بڑے کے | تاکہ وہ | رجوع کر سکیں | اور کون ہے

عذاب سے پہلے دنیا کا عذاب چکھائیں گے شاید وہ باز آ جائیں۔ اور اس

اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ

بڑا ظالم | اس سے جو | سمجھایا جائے | آیتوں سے | اس کے رب کی | پھر | وہ منہ موڑے | ان سے | بیشک ہم | سے

شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جسے اس کے رب کی آیتوں کے ذریعے نصیحت کی جائے پھر وہ ان سے منہ موڑے؟ ایسے مجرموں سے

الْمُجْرِمِیْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع وَلَقَدْ اٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ فِیْ 2 ع 11 15

مجرموں | انتقام لینے والے ہیں | اور بیشک | ہم نے دی | موسیٰ کو | کتاب | پس نہ | تو ہو | میں

ہم بدلہ لے کر رہیں گے۔ اور ہم نے موسیٰ علیہ السلام کو کتاب دی۔ اس لئے اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو بھی اس کتاب کے ملنے میں

مِرْیَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ ﴿۲۳﴾ ج وَجَعَلْنَا

شک | سے | اس کے ملنے | اور ہم نے بنایا اسے | ہدایت | واسطے بنی اسرائیل کے | اور ہم نے بنائے

کوئی شک نہیں ہونا چاہیے۔ ہم نے توریت کو بنی اسرائیل کے لئے ہدایت کا ذریعہ بنایا۔ جب تک

مِنْهُمْ اَئِمَّةً یَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ۟ وَكَانُوْا بِاٰیٰتِنَا

ان میں سے | پیشوا | جو ہدایت دیتے | ہمارے حکم کی | جب | انہوں نے صبر کیا | اور وہ تھے | ہماری آیتوں پر

انہوں نے صبر کیا ہماری آیتوں پر یقین رکھا اس وقت تک ہم نے ان میں ایسے پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے لوگوں کی رہنمائی

یُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ یَفْصِلُ بَیْنَهُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فِیْمَا كَانُوْا

یقین لاتے | بیشک | تیرا رب | وہی | فیصلہ کرے گا | ان کے درمیان | دن | قیامت کے | بارے میں اسکے جو | وہ تھے

کرتے تھے۔ بے شک آپ ﷺ کا رب قیامت کے دن ان تمام باتوں کا فیصلہ کرے گا جن کے بارے میں

فِیْهِ یَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾ اَوَلَمْ یَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ

جس کے بارے میں | وہ اختلاف کرتے | کیا | نہیں | ہدایت ملی | ان کو | کتنے | ہم نے ہلاک کئے | سے | ان کے پہلے

وہ اختلاف کرتے تھے۔ کیا ان لوگوں کے لئے یہ چیز ہدایت دینے والی نہ بنی کہ ان سے پہلے ہم نے کتنی قوموں کو ہلاک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ مَسٰكِنِهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ۭ اَفَلَا

سے | قوموں | جو چلتے تھے | میں | اپنے گھروں | بیشک | میں | اس | البتہ نشانیاں ہیں | کیا پس نہیں

کیا، جن کی تباہ شدہ بستیوں میں یہ لوگ آتے جاتے ہیں۔ بے شک اس میں بڑی نشانیاں ہیں۔ کیا یہ

يَسْمَعُوْنَ ﴿26﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَاۗءَ اِلَى الْاَرْضِ الْجُرُزِ

وہ سنتے | کیا | نہیں | انہوں نے دیکھا | کہ ہم | ہم چلاتے ہیں | پانی کو | طرف | زمین | خالی بنجر کے

لوگ سنتے نہیں؟ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم خشک اور چٹیل زمین کی طرف پانی کے بادلوں کو ہانک کر لے جاتے ہیں۔ پھر بارش

فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ۭ اَفَلَا

پھر ہم نکالتے ہیں | اس کے ذریعے | کھیتی | کھاتے ہیں | اس سے | چوپائے انکے | اور خود وہ | کیا پس نہیں

کے ذریعے کھیتی اگاتے ہیں جس سے ان کے چوپائے بھی کھاتے ہیں اور یہ خود بھی کھاتے ہیں۔ کیا وہ

يُبْصِرُوْنَ ﴿27﴾ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿28﴾

وہ دیکھتے | اور وہ کہتے ہیں | کب | ہے | فیصلہ | اگر | تم ہو | سچے

دیکھتے نہیں؟ اور وہ کہتے ہیں ”اگر تم سچے ہو تو بتاؤ، فیصلے کا دن کب آئے گا“

قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ

کہہ دیجئے | دن | فیصلے کا | نہیں | فائدہ دے گا | انکو جو | کافر ہوئے | ایمان لانا | اور نہ | وہ

اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ”فیصلے کے دن کافروں کا ایمان لانا ان کے کچھ کام نہ آئے گا اور نہ انہیں مہلت

يُنْظَرُوْنَ ﴿29﴾ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿30﴾ ع

3 ع 8 16

ان کو مہلت دی جائے گی | پس تو منہ پھیر | ان سے | اور تو انتظار کر | بیشک وہ بھی ہیں | انتظار کرنے والے،

دی جائے گی۔“ آپ ﷺ ان سے منہ پھیر لیں اور منتظر رہیں، یہ بھی منتظر ہیں۔

(33) سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ (90)

اٰیاتُها 73   رکوعاتُها 9

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اے | نبی | تو ڈر | اللہ سے | اور نہ | تو بات مان | کافروں کی | اور منافقوں کی | بیشک | اللہ

اے نبی ﷺ! اللہ سے ڈریں اور کافروں اور منافقوں کا کہا نہ مانیں۔ بے شک اللہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿1﴾ وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

ہے | خوب علم والا | بڑی حکمت والا | اورتو پیروی کر اسکی | جو | وحی کیا جاتا ہے | تیری طرف | سے | تیرے رب | بیشک | اللہ

جاننے والا حکمت والا ہے۔ اور پیروی کریں اس چیز کی جو آپ ﷺ پر آپ ﷺ کے رب کی طرف سے وحی کی جاتی ہے۔ اور اے

كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿2﴾ وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ

ہے | اس چیز سے جو | تم کرتے ہو | خوب باخبر | اورتو بھروسا کر | پر | اللہ | اور کافی ہے | اللہ

لوگو بے شک اللہ تمہارے اعمال سے باخبر ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ اللہ پر بھروسا رکھیں۔ اللہ کارساز ہونے

وَكِيْلًا ﴿3﴾ مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ

کارساز | نہیں | بنائے | اللہ نے | کسی آدمی کے | سے | دودل | میں | اس کے پیٹ | اورنہیں | بنائیں

کے لئے کافی ہے۔ اے لوگو اللہ نے کسی آدمی کے سینے میں دو دل نہیں رکھے اور تمہاری بیویوں کو جن سے تم ظہار

اَزْوَاجَكُمُ الّٰۗـِٔيْ تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا جَعَلَ اَدْعِيَاۗءَكُمْ

بیویاں تمہاری | جن کو | تم ماں کہہ دیتے ہو | ان سے | مائیں تمہاری | اورنہیں | بنائے | تمہارے منہ بولے بیٹے

کر بیٹھتے ہو تمہاری ماں نہیں بنایا اور نہ اللہ نے تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارا

اَبْنَاۗءَكُمْ ۭ ذٰلِكُمْ قَوْلُكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ

بیٹے تمہارے | یہ ہیں | باتیں تمہاری | مونہوں کی | اوراللہ | کہتا ہے | سچ | اوروہ

بیٹا بنایا۔ یہ سب تمہارے اپنے منہ کی باتیں ہیں اور اللہ حق بات کہتا اور

يَهْدِي السَّبِيْلَ ﴿4﴾ اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَاۗىِٕهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ

دکھاتا ہے | راہ | تم پکاروانکو | ان کے باپوں سے | یہی ہے | زیادہ انصاف | پاس | اللہ کے | پس اگر

سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔ یاد رکھو، منہ بولے بیٹوں کو ان کے باپوں کو نسبت سے پکارو۔ یہی اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات

لَّمْ تَعْلَمُوْٓا اٰبَاۗءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ ۭ وَلَيْسَ

نہیں | تم جانتے | ان کے باپوں کو | تو وہ بھائی تمہارے ہیں | میں | دین | اور دوست | اورنہیں

ہے۔ اگر تمہیں ان کے باپوں کا علم نہ ہو تو وہ تمہارے دینی بھائی اور رفیق ہیں۔ اس بارے میں

عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ

تم پر | کوئی گناہ | اس کے بارے میں جو | تم خطا کرو | ساتھ اسکے | اورلیکن | جو | پکی نیت کریں | دل تمہارے

تم سے کوئی بھول چوک ہو جائے تو اس کا تم پر کوئی گناہ نہیں لیکن جو کچھ تم دلی ارادے سے کرو گے اس پر مواخذہ ہوگا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَ كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿5﴾ اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | نبی | زیادہ حق رکھتا ہے | مومنوں پر | سے | ان کی جانوں

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ نبی ﷺ کا حق مومنوں پر ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ ہے

وَ اَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ

اور اُس کی بیویاں | ان کی مائیں ہیں | اور والے | قرابت | بعض انکے | قریبی ہیں | بعض کے | میں

اور نبی ﷺ کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔ رشتہ دار لوگ اللہ کی

كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّاۤ اَنْ تَفْعَلُوْۤا اِلٰۤى

کتاب | اللہ کی | سے | مومنوں | اور مہاجرین سے | مگر | یہ کہ | تم کرو | طرف

کتاب میں دوسرے مومنین اور مہاجرین کی بہ نسبت ایک دوسرے سے زیادہ تعلق رکھتے ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں سے کچھ حسنِ

اَوْلِيٰٓـئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿6﴾ وَ اِذْ اَخَذْنَا

اپنے دوستوں کی | کوئی بھلائی | ہے | یہ | میں | کتاب | لکھا ہوا | اور جب | ہم نے لیا

سلوک کرنا چاہو۔ یہ کتاب میں لکھا ہوا ہے۔ اے نبی ﷺ یاد کریں

مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَ مِنْكَ وَ مِنْ نُّوْحٍ وَّ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى

سے | نبیوں | ان کا پختہ عہد | اور تجھ سے | اور سے | نوح | اور ابراہیم سے | اور موسیٰ سے

جب ہم نے تمام نبیوں سے ان کا عہد لیا۔ آپ ﷺ سے بھی، نوح، ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ ابن مریم علیہم السلام

وَ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۪ وَ اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿7﴾ لِّيَسْـَٔلَ

اور عیسیٰ | ابن | مریم سے | اور ہم نے لیا | ان سے | وعدہ | پکا | تاکہ وہ پوچھے

سے بھی۔ ہم نے سب سے پختہ عہد لیا۔ تاکہ اللہ قیامت کے دن

الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ وَ اَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿8﴾ يٰۤاَيُّهَا (ع 1 8 17)

سچوں سے | بارے میں | سچ انکے | اور تیار کیا ہے | کافروں کے لئے | عذاب | دردناک | اے

سچے لوگوں سے ان کی سچائی کے بارے میں پوچھ لے۔ اور کافروں کے لئے اُس نے دردناک عذاب تیار کیا ہے۔ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ فَاَرْسَلْنَا

لوگو جو | ایمان لائے ہو | تم یاد کرو | نعمت | اللہ کی | تم پر | جب | آئے تمہارے پاس | لشکر | پھر ہم نے بھیجی

ایمان والو! اللہ کا احسان یاد کرو، جب تم پر فوجیں چڑھ آئیں تو ہم نے ان پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اوپر ان کے | ہوا | اور لشکر بھیجے | نہیں | تم نے دیکھا انکو | اور ہے | اللہ | اس کو جو | تم کرتے ہو

آندھی بھیجی اور ایسی فوج بھیجی جو تمہیں دکھائی نہ دی اور اللہ دیکھ رہا تھا جو کچھ تم کر

بَصِيْرًا ۚ ﴿9﴾ اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ

خوب دیکھنے والا | جب | وہ آئے تمہارے پاس | سے | تمہارے اُوپر | اور سے | نیچے | تمہارے | اور جب

رہے تھے۔ یاد کرو جب دشمن تم پر حملہ آور ہوا، تمہارے اوپر کی طرف سے اور تمہارے نیچے کی طرف سے۔ جب

زَاغَتِ الْاَبْصَارُ وَبَلَغَتِ الْقُلُوْبُ الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿10﴾

پھر گئیں | آنکھیں | اور پہنچ | دل | حلقوں تک | اور تم گمان کرتے تھے | بارے میں اللہ کے | کئی گمان

آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں اور کلیجے منہ کو آنے لگے اور تم لوگ اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔

هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿11﴾ وَاِذْ يَقُوْلُ

اس وقت | آزمائے گئے | مسلمان | اور ہلائے گئے | ہلایا جانا | سخت | اور جب | کہتے تھے

اُس وقت مومنوں کو سخت امتحان پیش آیا۔ وہ بالکل ہلا دیے گئے۔ اس موقع پر بدنیت

الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ

منافق | اور وہ لوگ | میں | جن کے دلوں | کھوٹ تھا | نہیں | وعدہ کیا ہم سے | اللہ نے | اور اسکے رسول نے

منافق لوگ کہنے لگے، ''اللہ اور اُس کے رسول ﷺ نے جو وعدہ ہم سے کیا تھا، محض

اِلَّا غُرُوْرًا ﴿12﴾ وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰٓاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ

مگر | فریب کا | اور جب | کہا | ایک گروہ نے | ان میں سے | اے اہل | یثرب | نہیں | جگہ ٹھہرنے کی

دھوکا تھا۔'' جب ان میں سے ایک گروہ نے کہا ''اے یثرب والو! تم دشمن کا مقابلہ نہیں کر سکتے،

لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا

تمہارے لئے | پس تم لوٹ جاؤ | اور رخصت مانگتا تھا | ایک گروہ | ان میں سے | نبی سے | وہ کہتے | بیشک | گھر ہمارے

واپس چلے جاؤ۔'' جب منافقوں کا ایک گروہ گھر واپس جانے کے لئے نبی ﷺ سے اجازت مانگتا تھا اور کہہ رہا تھا ''ہمارے گھر

عَوْرَةٌ ؕ وَمَا هِيَ بِعَوْرَةٍ ۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿13﴾ وَلَوْ دُخِلَتْ مع

غیر محفوظ ہیں | اور نہیں | وہ | غیر محفوظ | نہیں | وہ چاہتے | مگر | بھاگنا | اور اگر | وہ داخل کے جاتے

غیر محفوظ ہیں'' حالاں کہ وہ غیر محفوظ نہیں تھے۔ وہ لوگ صرف جنگ سے بھاگنا چاہتے تھے۔ اگر مدینے کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا تَلَبَّثُوْا

ان پر | سے | اس کے کناروں | پھر | مانگی جائے ان سے | خانہ جنگی | تو وہ کریں گے اسے | اور نہیں | وہ دیر کریں گے

اطراف سے کفار کا حملہ ہوتا اور وہ انہیں کفر کرنے اور مسلمانوں کے خلاف لڑنے کا کہتے تو یہی منافق مان جاتے اور دیر

بِهَآ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿14﴾ وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ لَا يُوَلُّوْنَ

اس کی | مگر | تھوڑی | اور بیشک | وہ تھے | عہد کیا تھا انہوں نے | اللہ سے | سے | پہلے | نہ | وہ پھیریں گے

نہ کرتے۔ ان لوگوں نے اس سے پہلے اللہ سے عہد کیا تھا کہ پیٹھ نہیں

الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ اللّٰهِ مَسْئُوْلًا ﴿15﴾ قُلْ لَّنْ يَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ

پیٹھیں | اور ہے | عہد | اللہ کا | پوچھا جانے والا | کہہ دیجیے | نہیں | فائدہ دے گا تمہیں | بھاگنا | اگر

پھیریں گے۔اور اللہ سے کیے ہوئے عہد کی پوچھ ہونی ہے۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان سے کہیں ''اگر تم موت سے یا قتل ہونے

فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَاِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿16﴾

تم بھاگو | سے | موت | یا | قتل ہونے سے | اور اس وقت | نہ | فائدہ دیئے جاؤ گے تم | مگر | تھوڑا

کے خوف سے بھاگتے ہو تو یہ بھاگنا تمہارے کچھ کام نہ آئے گا۔اس حالت میں بھی تمہیں تھوڑے دن ہی اور جینے کا موقع ملے گا''

قُلْ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ

کہہ دیجیے | کون ہے | وہ | جو | بچائے گا تمہیں | سے | اللہ | اگر | وہ چاہے | تم کو | نقصان پہنچانا | یا

آپ ﷺ ان سے پوچھیں ''کون ہے جو تمہیں اللہ کی پکڑ سے بچائے گا اگر وہ تمہیں نقصان پہنچانا چاہے اور کون ہے جو اس کی رحمت کو

اَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً ؕ وَلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا

وہ چاہے | تم پر | رحمت کرنا | اور نہیں | وہ پائیں گے | اپنے لئے | سے | سوا | اللہ کے | کوئی دوست

روک سکتا ہے اگر وہ تمہیں اپنی رحمت سے نوازنا چاہے؟'' اور وہ یاد رکھیں کہ اللہ کے مقابلے میں کسی کو اپنا کارساز

وَّلَا نَصِيْرًا ﴿17﴾ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ مِنْكُمْ وَالْقَآئِلِيْنَ لِاِخْوَانِهِمْ

اور نہ کوئی مددگار | بیشک | جانتا ہے | اللہ | روکنے والوں کو | تم میں سے | اور کہنے والوں کو | اپنے بھائیوں کے لیے

اور مددگار نہ پائیں گے۔مسلمانو! اللہ تم میں سے ان منافقوں کو جانتا ہے جو دوسروں کو بھی روکتے ہیں۔جو اپنے بھائیوں سے کہتے

هَلُمَّ اِلَيْنَا ۚ وَلَا يَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿18﴾ اَشِحَّةً عَلَيْكُمْ ۚ

آجاؤ | ہماری طرف | اور نہیں | وہ آتے | لڑائی میں | مگر | تھوڑے | بخل کرتے ہوئے | تم پر

ہیں ''تم ہمارے پاس آجاؤ'' وہ خود لڑائی میں کم ہی آتے ہیں۔ تمہارا ساتھ دینے سے جی چُراتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَاِذَا جَآءَ الْخَوْفُ رَاَيْتَهُمْ يَنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ تَدُوْرُ اَعْيُنُهُمْ كَالَّذِىْ

پھر جب | آئے | خطرہ | تو دیکھے انکو | وہ دیکھتے ہیں | تیری طرف | پھرتی ہیں | ان کی آنکھیں | جیسے کوئی

جب کوئی خطرہ در پیش ہو تو تم دیکھتے ہو وہ تمہاری طرف اس طرح دیکھنے لگتے ہیں جیسے ان پر موت کی

يُغْشٰى عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ

کہ غشی ہو | اس پر | کی | موت | پھر جب | دور ہوتا ہے | خطرہ | زبان درازی کرتے ہیں | زبانوں سے

بے ہوشی طاری ہو۔ جب خطرہ دور ہو جاتا ہے تو وہ مالِ غنیمت کے لالچ میں

حِدَادٍ اَشِحَّةً عَلَى الْخَيْرِ ۭ اُولٰٓئِكَ لَمْ يُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ

تیز | بخیلی کرتے ہوئے | پر | بھلے کام | یہ لوگ | نہیں | وہ ایمان لائے | پھر ضائع کئے | اللہ نے

تم سے تیز زبانی کے ساتھ ملتے ہیں۔ یہ لوگ ایمان نہیں لائے، اس لئے اللہ نے ان کے اعمال ضائع

اَعْمَالَهُمْ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿19﴾ يَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ

عمل ان کے | اور ہے | یہ | پر | اللہ | بہت آسان | وہ خیال کرتے ہیں | کافر لشکروں کا

کر دیے اور ایسا کرنا اللہ کے لئے آسان ہے۔ وہ سمجھتے ہیں دشمن کی فوجیں

لَمْ يَذْهَبُوْا ۚ وَاِنْ يَّاْتِ الْاَحْزَابُ يَوَدُّوْا لَوْ اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِى

کہ نہیں وہ گئے | اور اگر | آ جائیں | وہ لشکر | تو یہ چاہیں | کاش | کہ وہ ہوں | چلنے پھرنے والے | میں

ابھی گئی نہیں حالانکہ وہ چلی گئیں۔ اور اگر وہ دوبارہ آ جائیں تو یہ لوگ یہی چاہیں گے کاش ہم بدوؤں کے

الْاَعْرَابِ يَسْاَلُوْنَ عَنْ اَنْۢبَآئِكُمْ ۭ وَلَوْ كَانُوْا فِيْكُمْ مَّا قٰتَلُوْٓا اِلَّا

دیہاتیوں | پوچھتے رہیں | بارے میں | ان کی خبروں کے | اور اگر | وہ ہوتے | تم میں | نہ | لڑتے | مگر

ہاں دیہات میں چلے جائیں۔ وہیں سے تمہاری خبریں پوچھتے رہیں۔ اور اے مسلمانو! اگر وہ تمہارے ساتھ ہوتے تو لڑائی میں کم ہی

قَلِيْلًا ﴿20﴾ ع لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ 2 ع 12 18

تھوڑا | بیشک | ہے | تمہارے لئے | میں | رسول | اللہ کے | نمونہ | اچھا | اس کے لئے جو | ہے

حصہ لیتے۔ تمہارے لئے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے ہر اُس شخص کے لئے

يَرْجُوا اللّٰهَ وَالْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيْرًا ﴿21﴾ ط وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ

امید رکھتا | اللہ کی | اور دن کی | آخرت کے | اور وہ یاد کرے | اللہ کو | بہت | اور جب | دیکھا | اہل ایمان نے

جو اللہ سے ملنے کا اور آخرت کے دن کا فکر مند ہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہو۔ جب مومنوں نے دشمن کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَحْزَابَ ۙ قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَصَدَقَ اللّٰهُ

لشکروں کو | وہ بولے | یہ ہے | جو | وعدہ کیا ہم سے | اللہ نے | اور اُس کے رسول نے | اور سچ کہا | اللہ نے

فوجیں دیکھیں تو بولے "یہ تو وہی موقع ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے ہم سے وعدہ کیا۔ یقیناً اللہ اور اس کے رسول ﷺ

وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا زَادَهُمْ اِلَّآ اِيْمَانًا وَّتَسْلِيْمًا ؕ (22) مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور اُس کے رسول نے | اور نہیں | زیادہ کیا انکے لئے | مگر | ایمان | اور اطاعت کرنا | سے | اہل ایمان

نے سچ کہا۔ اس صورتِ حال نے ان کے ایمان و اطاعت کے جذبے کو اور زیادہ بڑھا دیا۔ ایسے مومن

رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهٗ

کچھ مرد ہیں | سچ کر دکھایا | جو کچھ | انہوں نے عہد کیا تھا | اللہ سے | اس پر | پس ہے ان میں سے | جس نے | پورا کر لیا | کام اپنا

مرد بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے کئے ہوئے عہد کو پورا کر دکھایا۔ ان میں سے کوئی اپنا ذمہ پورا کر چکا، شہید ہو گیا

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ ۖ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيْلًا ۙ (23) لِّيَجْزِيَ اللّٰهُ

اور بعض انکا ہے | جو | ابھی انتظار کرتا ہے | اور نہیں | انہوں نے بدل ڈالا | کچھ بدل ڈالنا | تاکہ بدلہ دے | اللہ

کوئی ابھی وقت آنے کا منتظر ہے اور انہوں نے اپنا قول و قرار نہیں بدلا۔ یہ لڑائی کی آزمائش اس لئے

الصّٰدِقِيْنَ بِصِدْقِهِمْ وَيُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِيْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ يَتُوْبَ

سچوں کو | انکی سچائی کا | اور عذاب دے | منافقوں کو | اگر | وہ چاہے | یا | توبہ قبول کرے

پیش آئی تاکہ اللہ سچوں کو اُن کی سچائی کا صلہ دے اور منافقوں کو سزا دے یا وہ توبہ کریں تو ان کی

عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ (24) وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

ان کی | بیشک | اللہ | ہے | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | اور پھیر دیا | اللہ نے | انکو جو | کافر ہوئے

توبہ قبول کرے۔ بے شک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اور اللہ نے کافروں کو اُلٹا پھیر دیا۔

بِغَيْظِهِمْ لَمْ يَنَالُوْا خَيْرًا ؕ وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ

ان کے غصے کے ساتھ | نہ | وہ پہنچے | بھلائی کو | اور کافی ہوا | اللہ | مومنوں کو | لڑائی میں | اور ہے

وہ غصے میں بھرے ہوئے ناکام واپس لوٹ گئے۔ اس لڑائی میں اللہ ہی مومنین کی طرف سے لڑنے کے لئے کافی ہو گیا۔ اللہ بڑی

اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا ۚ (25) وَاَنْزَلَ الَّذِيْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ

اللہ | زور آور | نہایت غالب | اور اس نے اتارا | انکو | جنہوں نے مدد کی انکی | سے | اہل کتاب

قوت والا اور غالب ہے۔ جن اہلِ کتاب نے حملہ آوروں کا ساتھ دیا اللہ نے ان کو بھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ صَيَاصِيْهِمْ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ

سے | ان کے قلعوں | اور ڈالا | میں | ان کے دلوں | رعب | ایک گروہ کو | تم قتل کرتے ہو

ان کے قلعوں سے نیچے اتارا۔ ان کے دلوں کو اتنا مرعوب کر دیا کہ اے مسلمانو! تم نے ان میں سے ایک گروہ کو قتل کیا اور ایک گروہ کو

وَتَاْسِرُوْنَ فَرِيْقًا ﴿26﴾ وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا

اور تم قید کرتے ہو | ایک گروہ | اور اس نے وارث بنایا تم کو | ان کی زمین کا | اور ان کے گھروں کا | اور ان کے مالوں کا | اور اس زمین کا

قید کرلیا۔ پھر تمہیں ان کی زمین، ان کے گھروں اور ان کے مال و اسباب کا وارث بنا دیا۔ اس کے علاوہ اللہ تمہیں ایسے علاقے کا

لَّمْ تَطَـُٔوْهَا ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿27﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ ع 3 / 7 / 19

نہیں | تم نے پاؤں رکھا جہاں | اور ہے | اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | قادر | اے | نبی

وارث بھی بنائے گا جہاں ابھی تمہارے قدم نہیں پہنچے۔ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اے نبی ﷺ اپنی

قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ

کہہ دیں | اپنی بیویوں کو | اگر | تم ہو | تم چاہتی | زندگی | دنیا کی | اور آرائش اسکی | پس تم آؤ

بیویوں سے کہیں ”اگر تم صرف دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ،

اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿28﴾ وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ

میں مال کا کچھ فائدہ دوں تمہیں | اور میں رخصت کروں تم کو | رخصت کرنا | خوبصورت | اور اگر | تم ہو | چاہتی | اللہ کو

میں تمہیں کچھ مال و متاع دے کر بھلے طریقے سے رخصت کر دوں۔ لیکن اگر تم اللہ کو،

وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا

اور اس کے رسول کو | اور گھر | آخرت کا | تو بے شک | اللہ نے | تیار کیا | نیکوں کے لئے | تم میں سے | اجر

اس کے رسول ﷺ کو اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو تو اللہ نے تم جیسی نیک کرداروں کے لئے بڑا اجر

عَظِيْمًا ﴿29﴾ يٰنِسَاۗءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ

بہت بڑا | اے بیویو! | نبی کی | جو | کرے | تم میں سے | بے حیائی | کھلی | دوہرا ہوگا

تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی ﷺ کی بیویو! تم میں سے جو کسی کھلی بے حیائی کا ارتکاب کرے گی، اسے دوہرا

لَهَا الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ۭ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿30﴾

اس کو | عذاب | دگنا | اور ہے | یہ | پر | اللہ | نہایت آسان

عذاب دیا جائے گا۔ اور ایسا کرنا اللہ کے لئے آسان ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَمَنۡ يَّقۡنُتۡ مِنۡكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَتَعۡمَلۡ صَالِحًا نُّؤۡتِهَاۤ اَجۡرَهَا

اور جو | فرماں برداری کرے | تم میں سے | اللہ کی | اور اس کے رسول کی | اور کام کرے | نیک | ہم دیں گے اسکو | اجر اس کا

اور تم میں سے جو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی فرماں برداری کرے گی اور نیک عمل کرے گی تو ہم اسے دوہرا

مَرَّتَيۡنِ ۙ وَاَعۡتَدۡنَا لَهَا رِزۡقًا كَرِيۡمًا ﴿31﴾ يٰنِسَآءَ النَّبِىِّ لَسۡتُنَّ كَاَحَدٍ

دوہرا | اور ہم نے تیار کی | اس کیلئے | روزی | عمدہ | اے بیویو | نبی کی | تم نہیں ہو | کسی اور جیسی

اجر دیں گے۔ ہم نے اُس کیلئے عزت کی روزی تیار کر رکھی ہے۔ اے نبی ﷺ کی بیویو! تم عام عورتوں کی

مِّنَ النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيۡتُنَّ فَلَا تَخۡضَعۡنَ بِالۡقَوۡلِ فَيَطۡمَعَ الَّذِىۡ فِىۡ

سے | عورتوں | اگر | تم تقویٰ اختیار کرو | تو نہ | نرمی کرو | بات میں | پھر طمع کرے | وہ جو | میں

طرح نہیں ہو۔ اگر تم اللہ سے ڈرنے والی ہو تو کسی نامحرم سے بات کرتے ہوئے اپنے لہجے میں نرمی اختیار نہ کرو کہ جس شخص کی نیت

قَلۡبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلۡنَ قَوۡلًا مَّعۡرُوۡفًا ۚ ﴿32﴾ وَقَرۡنَ فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ

اس کے دل | بیماری ہے | اور کہو | بات | سیدھی | اور ٹکی رہو | میں | اپنے گھروں

خراب ہو وہ لالچ میں پڑ جائے، بلکہ صاف اور کھری بات کہو۔ اور اپنے گھروں میں ٹِک کر رہو۔ دورِ جاہلیت

وَلَا تَبَرَّجۡنَ تَبَرُّجَ الۡجَاهِلِيَّةِ الۡاُوۡلٰى وَاَقِمۡنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيۡنَ الزَّكٰوةَ

اور نہ سنگار کرو | سنگار | جاہلیت | پہلی کا | اور قائم کرو | نماز | اور دو | زکوٰۃ

کی عورتوں کی طرح اپنی زینت کی نمائش نہ کرتی پھرو۔ نماز قائم کرو، زکوٰۃ ادا کرو

وَاَطِعۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيۡدُ اللّٰهُ لِيُذۡهِبَ عَنۡكُمُ الرِّجۡسَ

اور اطاعت کرو | اللہ کی | اور اسکے رسول کی | بیشک | چاہتا ہے | اللہ | کہ دُور کردے | تم سے | ناپاکی

اور اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی اطاعت کرو۔ اللہ چاہتا ہے کہ تم اہلِ بیت سے آلودگی کو دور رکھے

اَهۡلَ الۡبَيۡتِ وَيُطَهِّرَكُمۡ تَطۡهِيۡرًا ۚ ﴿33﴾ وَاذۡكُرۡنَ مَا يُتۡلٰى فِىۡ بُيُوۡتِكُنَّ

اہل بیت | اور پاک کرے تمہیں | اچھی طرح پاک کرنا | اور یاد کرو | جو | پڑھا جاتا ہے | میں | تمہارے گھروں

اور تمہیں اچھی طرح پاک کر دے۔ اور تمہارے گھروں میں قرآن و حکمت کی جو تعلیم

مِنۡ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالۡحِكۡمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيۡفًا خَبِيۡرًا ﴿34﴾ اِنَّ

سے | آیتوں | اللہ کی | اور دانائی کی باتیں | بیشک | اللہ | ہے | باریک بین | باخبر | بیشک

ہوتی ہے اسے یاد رکھو۔ بے شک اللہ باریک بین اور باخبر ہے۔ بے شک

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ

مسلمان مرد | اور مسلمان عورتیں | اور مومن مرد | اور مومن عورتیں | اور فرماں بردار مرد | اور فرماں بردار عورتیں

اطاعت گزار مرد اور اطاعت گزار عورتیں، ایمان والے اور ایمان والیاں، فرماں بردار مرد اور فرماں بردار عورتیں،

وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ

اور سچے مرد | اور سچی عورتیں | اور صبر کرنے والے مرد | اور صبر کرنے والی عورتیں | اور عاجزی کرنے والے

سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیاں، صبر کرنیوالے اور صبر کرنیوالیاں، خشوع کرنیوالے

وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ

اور عاجزی کرنے والیاں | اور صدقہ کرنے والے | اور صدقہ کرنے والیاں | اور روزہ رکھنے والے | اور روزہ رکھنے والیاں

اور خشوع کرنیوالیاں، صدقہ دینے والے اور صدقہ دینے والیاں، روزہ رکھنے والے اور روزہ رکھنے والیاں،

وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ

اور حفاظت کرنے والے | اپنی شرمگاہوں کی | اور حفاظت کرنے والیاں | اور یاد کرنے والے | اللہ کو | بہت | اور یاد کرنے والیاں

پاک باز مرد اور پاک دامن عورتیں، کثرت سے اللہ کو یاد کرنیوالے اور یاد کرنیوالیاں۔

اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿35﴾ وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ

تیاری | اللہ نے | ان کیلئے | بخشش | اور اجر | بہت بڑا | اور نہیں | ہے | کسی مومن مرد کیلئے

ان سب کیلئے اللہ نے بخشش اور بڑا اجر تیار کر رکھا ہے۔ کسی مومن مرد یا مومن عورت کیلئے

وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ

اور نہ مومن عورت کیلئے | جب | فیصلہ کر دے | اللہ | اور اس کا رسول | کسی کام کا | کہ | ہو | ان کو | اختیار

گنجائش نہیں کہ جب اللہ اور اُس کا رسول ﷺ کسی معاملے کا فیصلہ کر دیں پھر اُن کیلئے اس میں کوئی اختیار

مِنْ اَمْرِهِمْ ۭ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ﴿36﴾

سے | اپنے کام | اور جو | نافرمانی کرے | اللہ کی | اور اسکے رسول کی | تو بیشک | وہ بھٹک گیا | گمراہی | کھلی

باقی رہے۔ اور جو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی نافرمانی کرے گا تو وہ کھلی گمراہی میں جا پڑے گا۔

وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ

اور جب | تو کہتا تھا | اسکو جو | انعام کیا | اللہ نے | اس پر | اور تونے انعام کیا | اس پر | روکے رکھ | اپنے پاس

اے نبی ﷺ وہ وقت یاد کریں جب آپ ﷺ اُس شخص سے کہہ رہے تھے جس پر اللہ نے انعام کیا اور آپ ﷺ نے عنایت کی کہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى

اپنی بیوی کو | اور ڈر | اللہ سے | اور تو چھپاتا تھا | میں | اپنے دل | جو | اللہ | ظاہر کرنیوالا اسکو | اور تو ڈرتا تھا

وہ اپنی بیوی کو روکے رکھے اور اللہ سے ڈرے۔ آپ ﷺ اپنے دل میں وہ بات چھپائے ہوئے تھے جسے

النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ۭ فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا

لوگوں سے | اور اللہ | زیادہ حقدار ہے | کہ | تو ڈرے اس سے | پھر جب | پوری کرلی | زید نے | اس سے | حاجت

اللہ ظاہر کرنیوالا تھا۔ آپ ﷺ اس معاملے میں لوگوں سے ڈر رہے تھے حالاں کہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ اس سے ڈرا جائے۔ پھر

زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ

بیاہ دیا ہم نے تجھ سے اسکو | تا کہ | نہ | ہو | پر | مومنین | تنگی | بارے میں | بیویوں

جب زید اپنی بیوی سے تعلق ختم کر چکا تو ہم نے اس عورت کا نکاح آپ ﷺ سے کر دیا تا کہ مسلمانوں پر اپنے

اَدْعِيَاۗىِٕهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿37﴾ مَا

اپنے منہ بولے بیٹوں کی | جب | وہ پوری کرلیں | ان سے | حاجت | اور ہے | حکم | اللہ کا | ہو کر رہنے والا | نہیں

منہ بولے بیٹوں کی بیویوں سے نکاح کرنے میں تنگی نہ رہے جبکہ وہ ان سے تعلق ختم کر چکیں۔ اور اللہ کا حکم پورا ہو کر رہنا تھا۔

كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ۭ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي

ہے | پر | نبی | سے | تنگی | اس میں جو | لازم کیا | اللہ نے | اس پر | قانون | اللہ کا | ان میں

نبی ﷺ کیلئے ایسا کام کرنے میں مضائقہ نہیں جو اللہ نے اُس کیلئے مقرر کر دیا۔ یہی اللہ کی سنت

الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَّقْدُوْرَۨا ﴿38﴾ الَّذِيْنَ

جو لوگ | گزر چکے | کوئی | پہلے | اور ہے | حکم | اللہ کا | اندازہ | مقرر شدہ | جو لوگ

پہلے پیغمبروں کے بارے میں بھی رہی۔ اللہ کا حکم ایک قطعی فیصلہ ہوتا ہے۔ پہلے نبی بھی اللہ کا

يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ

پہنچاتے ہیں | پیغامات | اللہ کے | اور وہ ڈرتے ہیں اس سے | اور نہیں | وہ ڈرتے | کسی سے | مگر | اللہ سے

پیغام لوگوں تک پہنچاتے تھے۔ وہ اللہ سے ڈرتے تھے، اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔

وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿39﴾ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ

اور کافی ہے | اللہ | حساب لینے والا | نہیں | ہیں | محمد ﷺ | باپ | کسی کے | سے | تمہارے مردوں میں

اور اللہ حساب لینے کیلئے کافی ہے۔ اے لوگو! محمد ﷺ تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ

اور لیکن | رسول ہیں | اللہ کے | اور آخری | نبی ہیں | اور ہے | اللہ | ہر | چیز کو

لیکن وہ اللہ کے رسول ﷺ اور آخری نبی ﷺ ہیں، اور اللہ ہر چیز کا علم

5 ع 6 2 عَلِيْمًا ع ﴿40﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۙ ﴿41﴾ وَّسَبِّحُوْهُ

خوب جاننے والا | اے | لوگو جو | ایمان لائے | یاد کرو | اللہ کو | یاد کرنا | بہت | اور تسبیح کرو اسکی

رکھتا ہے۔ اے ایمان والو! اللہ کو بہت یاد کرو۔ صبح و شام

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿42﴾ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ

صبح | اور شام | وہی | ہے جو | رحمت بھیجتا ہے | تم پر | اور اسکے فرشتے | تاکہ وہ نکالے تم کو

اس کی تسبیح کرو۔ وہی ہے جو تم پر اپنی رحمت بھیجتا ہے۔ اُس کے فرشتے بھی تمہارے لئے دعا کرتے ہیں تا کہ اللہ تمہیں

مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿43﴾ تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ

سے | اندھیروں | طرف | روشنی کی | اور وہ ہے | مومنین پر | نہایت مہربان | دعا انکی | جس دن

اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لائے۔ اور وہ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔ وہ جس دن اپنے رب سے ملیں گے

يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿44﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ

وہ ملیں گے اس سے | سلام ہے | اور تیار کیا | ان کیلئے | اجر | عمدہ | اے | نبی | بیشک ہم

اس دن ان کا استقبال سلام سے ہوگا۔ ان کیلئے اللہ نے باعزت صلہ تیار کر رکھا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ

اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۙ ﴿45﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ

ہم نے بھیجا تجھے | گواہ بنا کر | اور خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور بلانے والا | طرف سے | اللہ کی | اسکے حکم سے

کو حق کی گواہی دینے والا، خوشخبری سنانے والا، خبردار کرنیوالا، اللہ کے حکم سے اس کی طرف دعوت دینے والا

وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿46﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا

اور چراغ | روشن | اور خوشخبری دو | مومنین کو | یہ کہ | ان کیلئے ہے | طرف سے | کی اللہ | فضل

اور ایک روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے۔ آپ ﷺ ایمان والوں کو بشارت دیجئے کہ ان پر اللہ کا بہت بڑا

كَبِيْرًا ﴿47﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى

بڑا | اور نہ | تو کہا مان | کافروں کا | اور منافقوں کا | اور چھوڑ | ان کا ایذا دینا | اور بھروسا کر | پر

فضل ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ کافروں اور منافقوں کی بات نہ مانیں، ان کے ستانے کو نظر انداز کریں، اللہ پر بھروسا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿48﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ

اللہ | اور کافی ہے | اللہ | کارساز | اے | لوگو جو | ایمان لائے | جب | تم نکاح کرو

رکھیں اور وہ بھروسے کیلئے کافی ہے۔ اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح

الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ

مومن عورتوں سے | پھر | تم طلاق دو ان کو | اس سے | پہلے | کہ | تم نے ہاتھ لگایا انکو | تو نہیں | تمہارے لئے

کرو مگر انہیں ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دے دو تو پھر ان پر

عَلَيْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿49﴾

ان پر | کوئی | عدت | تم شمار کرو اسے | پس تم فائدہ دو ان کو | اور رخصت کرو ان کو | رخصت کرنا | خوبصورت

کوئی عدت لازم نہیں جس کا تمہیں لحاظ رکھنا ہو۔ البتہ انہیں کچھ دے دلا کر بھلے طریقے سے رخصت کرو۔

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ وَمَا

اے | نبی | بیشک ہم | ہم نے حلال کیں تیرے لئے | بیویاں تیری | جن کو | تو نے دیا | حق مہران کا | اور جن کا

اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کیلئے وہ بیویاں حلال ٹھہرائی ہیں جن کے مہر آپ ﷺ دے چکے ہیں اور وہ

مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَاۗءَ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ عَمّٰتِكَ

مالک ہوا | تیرا دایاں ہاتھ | اس سے جو | پھیر لایا | اللہ | تجھ پر | اور بیٹیاں | تیرے چچا کی | اور بیٹیاں | تیری پھوپھی کی

عورتیں بھی جو آپ ﷺ کی کنیزیں ہیں جو اللہ نے غنیمت میں آپ ﷺ کو دی ہیں۔ ان کے علاوہ آپ ﷺ اپنی چچا زاد، پھوپھی

وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۡ وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً

اور بیٹیاں | تیرے ماموں کی | اور بیٹیاں | تیری خالاؤں کی | جنہوں نے | ہجرت کی | تیرے ساتھ | اور عورت | مومنہ

زاد، ماموں زاد اور خالہ زاد بہنوں سے بھی نکاح کر سکتے ہیں جنہوں نے آپ ﷺ کی طرح ہجرت کی ہو، اور ایسی مسلمان عورت

اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا ۤ خَالِصَةً

اگر | وہ سپرد کرے | اپنے آپ کو | نبی کیلئے | اگر | چاہے | نبی | کہ | نکاح کرے اس سے | مخصوص

سے بھی جو اپنے آپ کو نبی ﷺ کے سپرد کر دے بشرطیکہ نبی ﷺ اسے اپنے نکاح میں لانا چاہیں۔ یہ اجازت خاص آپ ﷺ کیلئے

لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ

تیرے لئے | سے | سوائے | مومنین کے | بیشک | ہم جانتے ہیں | جو | ہم نے لازم کیا | ان پر | بارے میں

ہے دوسرے مسلمانوں کیلئے نہیں۔ ہمیں معلوم ہے عام مسلمانوں کیلئے ان کی بیویوں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ط

انکی بیویوں کے | اور جو | مالک ہوئے | انکے دائیں ہاتھ | تا کہ نہ | ہو | تجھ پر | کوئی تنگی

اور لونڈیوں کے بارے میں ہم نے کیا حکم دیا ہے۔ یہ اس لئے ہے تا کہ آپ ﷺ پر کوئی تنگی نہ رہے

وَكَانَ اللّٰهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿50﴾ تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ

اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | مہلت دے | جس کو | تو چاہے | ان میں سے | اور جگہ دے | اپنی طرف

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ آپ ﷺ کیلئے یہ بھی ہے کہ اپنی بیویوں میں سے جسے چاہیں اپنے سے الگ رکھیں اور جسے چاہیں

مَنْ تَشَاءُ ط وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ط ذٰلِكَ

جسے | تو چاہے | اور جسے | تو بلالے | ان میں سے جسے | تو نے الگ کیا تھا | تو نہیں | کوئی گناہ | تجھ پر | یہ ہے

اپنے پاس رکھیں۔ اور جنہیں الگ رکھا تھا ان میں سے پھر کسی کو طلب کریں۔ اس بارے میں بھی آپ ﷺ کیلئے کوئی گناہ نہیں۔

أَدْنَىٰ أَنْ تَقَرَّ أَعْيُنُهُنَّ وَلَا يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَا آتَيْتَهُنَّ كُلُّهُنَّ ط

زیادہ قریب | کہ | ٹھنڈی رہیں | ان کی آنکھیں | اور نہ | وہ غمگین ہوں | اور وہ راضی رہیں | اس پر جو | تو نے دیا | وہ سب کی سب

اس انتظام میں زیادہ توقع ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں گیں اور وہ رنجیدہ نہ ہوں گی۔ اور آپ ﷺ جو کچھ انہیں دیں گے اس پر

وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِكُمْ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا حَلِيمًا ﴿51﴾

اور اللہ | جانتا ہے | جو کچھ ہے | میں | تمہارے دلوں | اور ہے | اللہ | بڑے علم والا | بڑے تحمل والا

وہ راضی رہیں گی۔ یاد رکھو جو تمہارے دلوں میں ہے، اللہ اسے جانتا ہے اور وہ جاننے والا تحمل والا ہے۔ اے

لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَاءُ مِنْ بَعْدُ وَلَا أَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ أَزْوَاجٍ

نہیں حلال | تیرے لئے | عورتیں | سے | بعد | اور نہ | یہ کہ | تو بدل ڈالے | ان کو | سے | بیویوں

نبی ﷺ اس کے بعد اور عورتیں آپ کیلئے حلال نہیں، نہ یہ درست ہے کہ آپ ان کی جگہ دوسری بیویاں کر لیں اگرچہ ان کی صورت

وَلَوْ أَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ إِلَّا مَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ ط وَكَانَ اللّٰهُ عَلَىٰ

اور اگرچہ | اچھا لگے تجھے | ان کا حسن | مگر | جن کا | مالک ہوا | تیرا دایاں ہاتھ | اور ہے | اللہ | اوپر

آپ ﷺ کو اچھی لگے۔ البتہ لونڈیاں جائز ہیں اور اللہ ہر چیز پر

كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيبًا ﴿52﴾ ع يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَدْخُلُوا بُيُوتَ النَّبِيِّ (ع 6 12 3)

ہر | چیز کے | نگران | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | تم داخل ہو | گھروں میں | نبی کے

نگران ہے۔ اے ایمان والو! نبی ﷺ کے گھروں میں مت جایا کرو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِلَّآ أَنْ يُؤْذَنَ لَكُمْ إِلَىٰ طَعَامٍ غَيْرَ نَٰظِرِينَ إِنَىٰهُ ۙ وَلَٰكِنْ إِذَا

مگر | جب | اجازت ملے | تم کو | طرف | کھانے کی | نہ کہ | انتظار کرنے والے | اسکے پکنے کا | اور لیکن | جب

سوائے جب تمہیں کھانے پر آنے کی اجازت دی جائے۔ اس صورت میں بھی کھانے کی تیاری کے انتظار میں نہ بیٹھو۔ البتہ تمہیں

دُعِيتُمْ فَٱدْخُلُوا۟ فَإِذَا طَعِمْتُمْ فَٱنتَشِرُوا۟ وَلَا مُسْتَـْٔنِسِينَ لِحَدِيثٍ ۚ

تم کو بلایا جائے | تو داخل ہو | پھر جب | تم کھا چکو | تم منتشر ہو جاؤ | اور نہ | دل لگا کے بیٹھے | باتوں میں

بلایا جائے تو داخل ہو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر چلے جاؤ اور باتوں میں لگے ہوئے بیٹھے نہ رہو۔

إِنَّ ذَٰلِكُمْ كَانَ يُؤْذِى ٱلنَّبِىَّ فَيَسْتَحْىِۦ مِنكُمْ ۖ وَٱللَّهُ لَا يَسْتَحْىِۦ

بیشک | یہ | ہے | ایذا دینا | نبی کو | پھر وہ شرماتا ہے | تم سے | اور اللہ | نہیں | شرماتا

اس سے نبی ﷺ کو ناگواری ہوتی ہے مگر وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں۔ اللہ صاف بات کہنے میں کسی کا لحاظ

مِنَ ٱلْحَقِّ ۚ وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَٰعًا فَسْـَٔلُوهُنَّ مِن وَرَآءِ حِجَابٍ ۚ

سے | حق | اور جب | تم مانگو ان سے | سامان | تو مانگو ان سے | سے | پیچھے | پردے کے

نہیں کرتا۔ اور جب تم ازواج نبی ﷺ سے کوئی چیز مانگو تو پردے کی اوٹ سے مانگو۔

ذَٰلِكُمْ أَطْهَرُ لِقُلُوبِكُمْ وَقُلُوبِهِنَّ ۚ وَمَا كَانَ لَكُمْ أَن تُؤْذُوا۟

یہ | زیادہ پاکیزہ | تمہارے دلوں کیلئے | اور انکے دلوں کیلئے | اور نہیں | ہے | تمہارے لئے | کہ | تم تکلیف دو

یہ طریقہ تمہارے دلوں کیلئے زیادہ پاکیزہ ہے اور ان کے دلوں کیلئے بھی۔ تمہارے لئے جائز نہیں تم اللہ کے رسول ﷺ کو تکلیف

رَسُولَ ٱللَّهِ وَلَآ أَن تَنكِحُوٓا۟ أَزْوَٰجَهُۥ مِنۢ بَعْدِهِۦٓ أَبَدًا ۚ إِنَّ ذَٰلِكُمْ

رسول کو | اللہ کے | اور نہ | یہ کہ | تم نکاح کرو | اسکی بیویوں سے | سے | بعد اسکے | کبھی | بیشک | یہ

پہنچاؤ اور نہ یہ جائز ہے کہ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی بیویوں سے نکاح کرو۔ یہ اللہ کے نزدیک

كَانَ عِندَ ٱللَّهِ عَظِيمًا ﴿53﴾ إِن تُبْدُوا۟ شَيْـًٔا أَوْ تُخْفُوهُ فَإِنَّ ٱللَّهَ

ہے | نزدیک | اللہ کے | سنگین بات | اگر | تم ظاہر کرو | کوئی چیز | یا | تم چھپاؤ اسے | تو بیشک | اللہ

بڑی سنگین بات ہے۔ اور یاد رکھو تم کسی بات کو ظاہر کرو یا اسے چھپاؤ، اللہ تو ہر

كَانَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيمًا ﴿54﴾ لَّا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِىٓ ءَابَآئِهِنَّ

ہے | ہر | چیز کو | خوب جاننے والا | نہیں | کوئی گناہ | ان پر | بارے میں | اپنے باپ دادا کے

چیز کو جاننے والا ہے۔ نبی ﷺ کی بیویوں پر کوئی گناہ نہیں اگر وہ اپنے گھروں میں پردے کے بغیر سامنے آئیں اپنے باپوں کے،

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَآ اَبۡنَآءِ هِنَّ وَلَآ اِخۡوَانِهِنَّ وَلَآ اَبۡنَآءِ اِخۡوَانِهِنَّ وَلَآ اَبۡنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ

اور نہ انکے بیٹے | اور نہ | انکے بھائی | اور نہ | بیٹے | انکے بھائیوں کے | اور نہ | بیٹے | انکی بہنوں کے

اپنے بیٹوں کے، اپنے بھائیوں کے، اپنے بھتیجوں کے، اپنے بھانجوں کے،

وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيۡنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور نہ | انکی عورتیں | اور نہ | جو | مالک ہوئے | انکے دائیں ہاتھ | اور ڈریں | اللہ سے | بیشک | اللہ

میل جول کی مسلمان عورتوں کے اور اپنی لونڈیوں کے۔ اور اے نبی ﷺ کی بیویو اللہ سے ڈرتی رہو۔ بے شک اللہ

كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیۡءٍ شَهِيۡدًا ﴿55﴾ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوۡنَ عَلَى

ہے | اوپر | ہر | چیز کے | گواہ | بیشک | اللہ | اور اسکے فرشتے | درود بھیجتے ہیں | پر

ہر چیز پر نگاہ رکھتا ہے۔ اللہ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر رحمت اور درود بھیجتے

النَّبِىِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا صَلُّوۡا عَلَيۡهِ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِيۡمًا ﴿56﴾ اِنَّ

نبی | اے | لوگو جو | ایمان لائے | درود بھیجو | اس پر | اور سلام بھیجو | سلام بھیجنا | بیشک

ہیں۔ لہٰذا اے ایمان والو! تم بھی آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجو۔ جو

الَّذِيۡنَ يُؤۡذُوۡنَ اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ

جو لوگ | تکلیف دیتے ہیں | اللہ کو | اور اسکے رسول کو | لعنت کی ان پر | اللہ نے | میں | دنیا | اور آخرت میں

لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو اذیت دیتے ہیں ان پر اللہ نے دنیا اور آخرت میں لعنت کی ہے

وَاَعَدَّ لَهُمۡ عَذَابًا مُّهِيۡنًا ﴿57﴾ وَالَّذِيۡنَ يُؤۡذُوۡنَ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ

اور تیار کیا | ان کیلئے | عذاب | ذلت والا | اور جو لوگ | تکلیف دیتے ہیں | مومن مردوں کو

اور اُن کیلئے ذلیل کرنے والا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ جو لوگ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ایذا

وَالۡمُؤۡمِنٰتِ بِغَيۡرِ مَا اكۡتَسَبُوۡا فَقَدِ احۡتَمَلُوۡا بُهۡتَانًا وَّاِثۡمًا

اور مومن عورتوں کو | بغیر | اس کے جو | انہوں نے کیا | تو بیشک | انہوں نے اٹھایا | بہتان | اور گناہ

پہنچائیں بغیر اس کے کہ انہوں نے کچھ کیا ہو تو انہوں نے بہتان کا اور صریح گناہ کا

مُّبِيۡنًا ﴿58﴾ ع يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلۡ لِّاَزۡوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الۡمُؤۡمِنِيۡنَ 7 ع 6 4

ظاہر | اے | نبی | کہہ دیجئے | اپنی بیویوں کو | اور اپنی بیٹیوں کو | اور عورتوں کو | مسلمانوں کی

بوجھ اٹھایا۔ اے نبی ﷺ آپ اپنی بیویوں سے، اپنی بیٹیوں سے اور مسلمانوں کی عورتوں سے کہیں

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا

لٹکائیں | اپنے اوپر | سے | اپنی چادریں | یہ ہے | زیادہ قریب | کہ | وہ پہچانی جائیں | پھر نہ

وہ گھر سے باہر جاتے وقت اپنی چادروں کے گھونگھٹ لٹکا لیا کریں۔ اس سے ان کی پہچان ہو جائے گی۔ انہیں کوئی

يُؤْذَيْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿59﴾ لَىِٕنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ

وہ ستائی جائیں | اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان | البتہ اگر | نہ | باز آئے | منافق

چھیڑے گا نہیں، اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔ اے نبی ﷺ مدینے میں جھوٹی خبروں کے ذریعے

وَالَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ

اور جو لوگ | میں | انکے دلوں | بیماری ہے | اور بری خبر اڑانے والے | میں | مدینے | ضرور ہم لگا دیں گے تجھ کو

سنسنی پھیلانے والے بدنیت منافقین اگر باز نہ آئے تو ان کے خلاف کاروائی کیلئے ہم آپ ﷺ کو ان پر مسلط کر

مع بِهِمْ ثُمَّ لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿60﴾ مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا

ان کے پیچھے | پھر | نہیں | وہ تیرے ہمسائے ہوں گے | اُس میں | مگر | کم | لعنت کیے گئے | جہاں بھی

دیں گے۔ پھر وہ آپ ﷺ کے ساتھ مدینے میں کم ہی رہ سکیں گے۔ ان پر پھٹکار پڑے گی، جہاں

ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿61﴾ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ

وہ پائے جائیں | پکڑے جائیں | اور قتل کیے جائیں | خوب قتل کرنا | یہی قانون | اللہ کا | بارے میں | ان کے | جو ہو گزرے | سے

پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بری طرح مارے جائیں گے۔ ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ کا یہی دستور

ربع قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿62﴾ يَسْــَٔـلُكَ النَّاسُ عَنِ

پہلے | اور ہرگز نہیں | تو پائے گا | قانون میں | اللہ کے | تبدیلی | پوچھتے ہیں تجھ سے | لوگ | بارے میں

رہا ہے اور تم اللہ کے دستور میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔ اے نبی ﷺ لوگ آپ ﷺ سے قیامت کے بارے

السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ

قیامت کے | کہہ دیجئے | بیشک | علم اسکا ہے | پاس | اللہ کے | اور کیا | معلوم تجھے | شاید

میں پوچھتے ہیں۔ آپ ﷺ کہیں "اس کا علم صرف اللہ کو ہے۔" اور تمہیں کیا خبر شاید

السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿63﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ

قیامت | ہو | قریب | بیشک | اللہ نے | لعنت کی | کافروں پر | اور تیار کی | ان کیلئے

قیامت قریب آ لگی ہو۔ اللہ نے کافروں پر لعنت فرمائی ہے اور ان کے لیے دوزخ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَعِيْرًا ﴿64﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿65﴾

بھڑکتی آگ | ہمیشہ رہیں گے | اس میں | ہمیشہ | نہیں | وہ پائیں گے | دوست | اور نہ | مددگار

کی بھڑکتی ہوئی آگ تیار کی ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ ان کا نہ کوئی حامی ہوگا اور نہ مدد گار۔

يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ

جس دن | پھیرے جائیں گے | منہ ان کے | میں | آگ | وہ کہیں گے | اے کاش ہم | اطاعت کرتے | اللہ کی

اس دن ان کے چہرے آگ میں اُلٹ پلٹ کئے جائیں گے۔ وہ کہیں گے ”اے کاش ہم نے اللہ کی اطاعت کی ہوتی

وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا ﴿66﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا

اور اطاعت کرتے | رسول کی | اور وہ کہیں گے | ہمارے رب | بیشک ہم | ہم نے اطاعت کی | اپنے سرداروں کی | اور اپنے بڑوں کی

اور ہم نے رسول ﷺ کی اطاعت کی ہوتی“ اور وہ کہیں گے ”اے ہمارے رب ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کا کہا مانا۔

فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿67﴾ رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ

پس انہوں نے ہمیں گمراہ کیا | راہ سے | ہمارے رب | تو دے ان کو | دگنا | سے | عذاب | اور لعنت کر ان پر

انہوں نے ہمیں راستے سے بھٹکا دیا۔ اے ہمارے رب! انہیں دوہرا عذاب دے۔ ان پر بہت بڑی

لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿68﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى (8 ع 10 5)

لعنت | بڑی | اے | لوگو جو | ایمان لائے | نہ | ہو جاؤ | ان کی طرح جنہوں نے | ستایا | موسیٰ کو

لعنت کر۔ اے ایمان والو ان لوگوں کی طرح نہ بنو جنہوں نے موسیٰ علیہ السلام کو ایذا پہنچائی۔

فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿69﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

پھر بری کیا اسکو | اللہ نے | اس سے جو | وہ کہتے تھے | اور وہ تھا | نزدیک | اللہ کے | باوقار | اے | لوگو جو

پھر اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو ان لوگوں کی باتوں سے بری ثابت کیا۔ اور اللہ کے نزدیک موسیٰ علیہ السلام بڑے معزز تھے۔ اے

اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿70﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ

ایمان لائے | ڈرو | اللہ سے | اور کہو | بات | سیدھی | وہ سنوارے گا | تمہارے لئے | تمہارے اعمال

ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور درست بات کہا کرو، اللہ تمہارے اعمال سنوار دے گا

وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا

اور بخشے گا | تمہارے لئے | تمہارے گناہ | اور جو | اطاعت کرے | اللہ کی | اور اسکے رسول کی | تو بیشک | کامیاب ہوا | کامیابی

اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی، اس نے بڑی کامیابی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَالْجِبَالِ

بڑی | بیشک | ہم نے پیش کی | امانت | پر | آسمانوں | اور زمین | اور پہاڑوں

حاصل کی۔ ہم نے اختیاری اطاعت کی ذمہ داری آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کو پیش کی

فَأَبَيْنَ أَنْ يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنْسَانُ ۖ إِنَّهُ

پھر انہوں نے انکار کیا | کہ | اٹھائیں اسکو | اور وہ ڈر گئے | اس سے | اور اٹھایا اسے | انسان نے | بیشک وہ

تو انہوں نے اِسے اُٹھانے سے انکار کر دیا۔ وہ اس سے ڈر گئے مگر انسان نے اسے اٹھایا۔ بے شک وہ بڑا

كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿٧٢﴾ لِيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ

ہے | بڑا ظالم | بڑا نادان | تاکہ عذاب دے | اللہ | منافق مردوں کو | اور منافق عورتوں کو

ظالم اور جاہل واقع ہوا ہے۔ اسی ذمہ داری کے بعد اللہ منافق مردوں، منافق عورتوں،

وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ

اور مشرک مردوں کو | اور مشرک عورتوں کو | اور توبہ قبول کرے | اللہ | کی | مومن مردوں | اور مومن عورتوں کی

مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو سزا دے گا۔ لیکن وہ مومن مردوں اور مومن عورتوں کو اپنی رحمت سے نوازے گا۔

وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا ﴿٧٣﴾ ع 9 / 5 / 6

اور ہے | اللہ | بہت بخشنے والا | نہایت مہربان

اور اللہ بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

(34) سُورَةُ سَبَإٍ مَكِّيَّةٌ (58)

آیاتہا 54 | رکوعاتہا 6

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَلَهُ

تمام تعریف | اللہ کیلئے ہے | وہ جو | اس کا ہے | جو کچھ | میں | آسمانوں | اور جو کچھ | میں | زمین | اور اس کیلئے ہے

سب تعریف اِس دنیا میں بھی اللہ کیلئے ہے جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے اور آخرت

الْحَمْدُ فِي الْآخِرَةِ ۚ وَهُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ ﴿١﴾ يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي

تمام تعریف | میں | آخرت | اور وہ ہے | بڑی حکمت والا | خوب باخبر | وہ جانتا ہے | جو کچھ | داخل ہوتا ہے | میں

میں بھی اُسی کے لیے تعریف ہے۔ وہ حکمت والا اور ہر چیز سے باخبر ہے۔ وہ جانتا ہے جو کچھ زمین کے اندر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ

زمین | اور جو کچھ | نکلتا ہے | اس سے | اور جو | اترتا ہے | سے | آسمان | اور جو | چڑھتا ہے

داخل ہوتا ہے، جو کچھ اس سے نکلتا ہے جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں

فِيْهَا ط وَهُوَ الرَّحِيْمُ الْغَفُوْرُ ﴿2﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا

اس میں | اور وہی | بڑا مہربان | نہایت بخشنے والا | اور کہا | انہوں نے جو | کافر ہوئے | نہیں | آئے گی ہم پر

چڑھتا ہے۔ اور وہ رحمت والا بخشنے والا ہے۔ کافر لوگ کہتے ہیں ''ہم پر قیامت

السَّاعَةُ ط قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ لا عٰلِمِ الْغَيْبِ ج لَا يَعْزُبُ

قیامت | کہہ دیجئے | ہاں | قسم میرے رب کی | ضرور آئے گی تم پر | جاننے والا | غیب کا | نہیں | چھپتا

نہیں آئے گی۔'' اے نبی ﷺ آپ ﷺ کہیں ''آئے گی، قسم ہے میرے رب عالم الغیب کی، وہ ضرور تم پر آئے گی۔

عَنْهُ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ

اس سے | برابر وزن | کوئی ذرہ | میں | آسمانوں | اور نہ | میں | زمین | اور نہ | چھوٹا | سے

میرے رب سے ذرہ برابر چیز بھی چھپی نہیں، نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں۔ ہر چھوٹی

ذٰلِكَ وَلَآ اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿3﴾ لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اس | اور نہ | بڑا | مگر | میں | کتاب | واضح | تاکہ وہ بدلہ دے | ان کو جو | ایمان لائے

بڑی چیز لوح محفوظ میں لکھی ہوئی موجود ہے۔ تا کہ اللہ ان لوگوں کو آخرت میں صلہ دے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ط اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿4﴾ وَالَّذِيْنَ

اور انہوں نے کام کئے | نیک | یہی لوگ | ان کیلئے ہے | بخشش | اور روزی | عمدہ | اور جن لوگوں نے

جو ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے۔ ایسے لوگوں کیلئے ہی بخشش ہے اور عزت کی روزی۔ مگر جو لوگ

سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ﴿5﴾

کوشش کی | میں | ہماری آیتوں | عاجز کرنے کو | یہ لوگ | ان کیلئے ہے | عذاب | سے | عذاب | دردناک

ہماری آیتوں کے خلاف سرگرمی دکھا رہے ہیں، انہیں سختی کا دردناک عذاب ہو گا۔

وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ

اور دیکھتے ہیں | وہ جن کو | دیا گیا | علم | کہ جو | اتارا گیا | تیری طرف | طرف سے | تیرے رب کی | وہ

اے نبی ﷺ! جن لوگوں کو آسمانی کتابوں کا علم دیا گیا، وہ آخرت کو برحق سمجھتے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْحَقَّ ۙ وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۞6 وَقَالَ الَّذِيْنَ

حق ہے | اور راہ دکھاتا ہے | کی طرف | راستے | غالب | تعریف والے کے | اور کہا | انہوں نے جو

ہیں کیونکہ یہی بات آپ ﷺ پر آپ ﷺ کے رب کی طرف سے اس قرآن میں بھی نازل ہوئی ہے جو اُس اللہ کی رضا کا راستہ

كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ

کافر ہوئے | کیا | ہم بتائیں تم کو | بارے میں | آدمی کے | وہ بتاتا ہے تم کو | جب | تم ریزہ ریزہ ہوگے | سارا | ریزہ ریزہ

دکھاتا ہے جو غالب اور تعریف کے لائق ہے۔ کافر لوگ مذاق میں کہتے ہیں ''کیا ہم تمہیں ایسا آدمی بتائیں جو خبر دیتا ہے کہ مرنے

اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۚ7 اَفْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ

بیشک تم ہوگے | ضرور میں | پیدائش | نئی | کیا گھڑ لیا اس نے | پر | اللہ | جھوٹ | یا | اسکو | جنون ہے

کے بعد جب تم ریزہ ریزہ ہو جاؤ گے تو پھر تمہیں نئے سرے سے پیدا ہونا ہے۔ اس شخص نے یا تو اللہ پر جھوٹ باندھا ہے یا وہ

بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ۞8

بلکہ | جو لوگ | نہیں | ایمان لاتے | آخرت پر | میں | عذاب | اور گمراہی | دور کی (میں ہیں)

دیوانہ ہے'' حالاں کہ جو لوگ آخرت پر یقین نہیں رکھتے وہ پرلے درجے کی گمراہی میں مبتلا ہیں اور عذاب بھگتیں گے۔

اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ

کیا پھر نہیں | انہوں نے دیکھا | طرف | اسکی جو | ان کے آگے ہے | اور جو | ان کے پیچھے ہے | سے | آسمان

کیا انہوں نے غور نہیں کیا وہ آسمان اور زمین کے درمیان آگے پیچھے ہر طرف سے گھرے

وَالْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا

اور زمین | اگر | ہم چاہیں | دھنسا دیں | ان کو | زمین میں | یا | ہم گرا دیں | ان پر | ٹکڑا

ہوئے ہیں۔ اگر ہم چاہیں انہیں زمین میں دھنسا دیں یا ان پر آسمان سے کوئی

مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۞9ع وَلَقَدْ (1 ع 9 7)

سے | آسمان | بیشک | میں | اس | ضرور نشانی ہے | ہر | بندے | رجوع کرنیوالے کیلئے | اور بیشک

ٹکڑا گرا دیں۔ بے شک اسی دنیا میں آخرت کی نشانی موجود ہے ہر اس بندے کیلئے جو اللہ کی طرف رجوع کرنیوالا ہو۔ ہم نے

اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ۭ يٰجِبَالُ اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ

ہم نے دیا | داؤد کو | اپنی طرف سے | فضل | اے پہاڑو | تسبیح دہراؤ | ساتھ اسکے | اور پرندو | اور ہم نے نرم کر دیا | اس کیلئے

داؤد علیہ السلام کو خاص فضل سے نوازا۔ پہاڑوں اور پرندوں کو حکم دیا ''تم بھی ان کے ساتھ مل کر تسبیح کرو'' اور ہم نے داؤد علیہ السلام

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْحَدِيْدَ ۙ⑩ اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ

لوہا | کہ | بناؤ | زرہیں | اور اندازہ رکھو | میں | کڑیوں | اور کام کرو | نیک

کیلئے لوہے کو نرم کر دیا کہ اس سے کشادہ زرہیں بنائیں اور کڑیوں کو اندازے سے جوڑیں' اے داؤد علیہ السلام کے خاندان

اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ⑪ وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا شَهْرٌ

بیشک میں | اس کو جو | تم کرتے ہو | دیکھ رہا ہوں | اور سلیمان کیلئے | ہوا | صبح کی منزل اسکی | ایک مہینے کی راہ

والو نیک کام کرو۔ بے شک تم جو کچھ کرتے ہو میں اسے دیکھ رہا ہوں۔ اسی طرح ہم نے سلیمان علیہ السلام کیلئے ہوا کو تابع کیا۔ وہ صبح

وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ

اور شام کی منزل | ایک مہینے کی راہ | اور ہم نے بہایا | اس کیلئے | چشمہ | پگھلے ہوئے تانبے کا | اور سے | جنوں | جو

کی منزل میں مہینے کا سفر کر لیتے اور شام کی منزل میں بھی مہینے کی مسافت طے کر لیتے۔ ہم نے ان کیلئے تانبا نرم کر کے اس کا چشمہ بہا

يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا

کام کرتے | آگے | اسکے | حکم سے | اسکے رب کے | اور جو | ٹیڑھا ہو | ان میں سے | سے | ہمارے حکم

دیا۔ جنات ان کے تابع کر دیئے جو اُن کے رب کے حکم سے ان کے آگے کام کرتے تھے۔ یہ ہمارا فرمان تھا اگر ان جنوں میں سے

نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ⑫ يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ

ہم چکھائیں گے اسے | سے | عذاب | بھڑکتی آگ کے | وہ کام کرتے | اس کیلئے | جو | وہ چاہتا | سے

کوئی ہمارے حکم سے پھرے تو ہم اسے دوزخ کا عذاب چکھائیں گے۔ وہ جنات سلیمان علیہ السلام کی خواہش کے مطابق چیزیں بنا

مَّحَارِيْبَ وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ

قلعوں | اور مجسمے | اور لگن | تالابوں جیسے | اور دیگیں | دھری رہنے والی | تم کام کرو | اے آلِ

کر دیتے مثلاً عمارتیں، تصویریں، حوض جیسے بڑے بڑے لگن اور بھاری جمی ہوئی دیگیں۔ ہم نے حکم دیا "اے آلِ داؤد علیہ السلام

دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ⑬ فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ

داؤد | شکر کے | اور تھوڑے ہیں | سے | میرے بندوں | شکر کرنیوالے | پھر جب | ہم نے فیصلہ کیا | اس پر

شکر گزاری کے عمل کرو" اور میرے بندوں میں کم ہی شکر گزار ہیں۔ پھر جب ہم نے سلیمان علیہ السلام پر موت کا فیصلہ

الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ

موت کا | نہیں | بتایا ان کو | پر | اسکی موت | مگر | کیڑے نے | زمین کے | جو کھاتا تھا | اس کے عصا کو

نافذ کیا تو جنوں کو ان کے مرنے کا پتہ نہ چلا۔ یہ بات انہیں اس گھن کے کیڑے کے ذریعے معلوم ہوئی جو سلیمان کے عصا کو کھائے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي

پھر جب | وہ گر پڑا | ظاہر ہوا | جنوں پر | کہ | اگر | وہ ہوتے | جانتے | غیب | نہ | وہ رہتے | میں

جا رہا تھا۔ پھر جب سلیمان علیہ السلام گر پڑے تو جنوں پر حقیقت کھلی کہ اگر وہ غیب کا علم جانتے ہوتے تو ذلت والی

الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ۝١٤ لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ

عذاب | ذلت والے | بے شک | تھی | قوم سبا کے لیے | میں | ان کے گھروں | نشانی | دو باغ

مشقتوں کی مصیبت میں نہ رہتے۔ قوم سبا کیلئے ان کے اپنے علاقے میں اللہ کی قدرت کی نشانی تھی جہاں

عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۬ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ

سے | دائیں | اور بائیں | کھاؤ | سے | رزق | اپنے رب کے | اور شکر کرو | اس کا | شہر ہے

دو طرفہ باغ تھے۔ ان لوگوں سے کہا گیا ''اپنے رب کا رزق کھاؤ اور اس کا شکر کرو۔ تمہارے لئے عمدہ

طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ۝١٥ فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ سَيْلَ الْعَرِمِ

پاکیزہ | اور رب ہے | بہت بخشنے والا | پھر انہوں نے منہ موڑا | تو ہم نے بھیجا | ان پر | سیلاب | بند کا

شہر ہے اور بخشنے والا رب ہے۔'' مگر انہوں نے ہمارے حکم کی پرواہ نہ کی تو ہم نے بند توڑ کر ان پر سیلاب مسلط کر دیا۔

وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ وَّشَيْءٍ مِّنْ

اور ہم نے بدل دیا ان کو | ان کے دو باغوں کو | دو باغوں میں | والے | پھل | بدمزہ | اور جھاؤ | اور کچھ | سے

ان کے پہلے باغوں کو تباہ کر کے ایسے دو باغوں میں بدل دیا جن میں کچھ بدمزہ پھل، جھاؤ اور

سِدْرٍ قَلِيْلٍ ۝١٦ ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَهَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا

بیری | تھوڑی | یہ | ہم نے بدلہ دیا ان کو | اس کا جو | انہوں نے کفر کیا | اور نہیں | ہم سزا دیتے | مگر

چند بیریاں تھیں۔ یہ ہم نے ان کی ناشکری کا بدلہ دیا اور ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں اس کو جو ناشکری کرے۔

الْكَفُوْرَ ۝١٧ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى

ناشکرے کو | اور ہم نے کئے | ان کے درمیان | اور درمیان | بستیوں کے | جو | ہم نے برکت دی | ان میں | بستیاں

اور ہم نے اُن کے اور ملکِ شام کے بابرکت علاقے کے درمیان شاہراہوں پر ایسی بہت سی بستیاں آباد کر دی تھیں

ظَاهِرَةً وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ۝١٨

ظاہر | اور ہم نے مقرر کیں | ان میں | چلنے کی منزلیں | تم چلو پھرو | ان میں | راتوں کو | اور دنوں کو | امن سے

جو دور سے نظر آتی تھیں۔ ہم نے ان کے درمیان یکساں فاصلے کی منزلیں ٹھہرا دیں تاکہ وہ رات دن امن کے ساتھ سفر کریں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ

پھر وہ بولے | اے ہمارے رب | دوری کر دے | درمیان | ہمارے سفروں کے | اور انہوں نے ظلم کیا | اپنے اوپر | پھر ہم نے بنا دیا ان کو

مگر انہوں نے کہا ''اے ہمارے رب تو ہماری منزلیں دُور دُور کر دے۔ اس طرح انہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا تو ہم نے انہیں

اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ

کہانیاں | اور ہم نے چورا کر دیا | سب | چورا چورا کرنا | بیشک | میں | اس | ضرور نشانیاں ہیں | کیلئے ہر | صابر

داستانِ عبرت بنا دیا اور ان کی دھجیاں بکھیر دیں۔ بے شک اس واقعے میں بڑی نشانی ہے ہر صابر شاکر

شَكُوْرٍ ⑲ وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا

شاکر کے | اور بیشک | سچا کر دکھایا | ان پر | ابلیس نے | گمان اپنا | پھر انہوں نے اسکی پیروی کی | مگر | ایک جماعت

انسان کیلئے۔ اور ابلیس نے ان لوگوں کو گمراہ کرنے کے بارے میں اپنا گمان سچ کر دکھایا۔ چنانچہ ایک مومن گروہ کے سوا سب نے

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ⑳ وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ

سے | مومنوں | اور نہ | تھا | اس کو | ان پر | کوئی | غلبہ | مگر | تاکہ ہم جان لیں

اُس کی پیروی کی۔ حالاں کہ شیطان کو ان پر کوئی اختیار نہ تھا۔ اس کے ذریعے ہمارا مقصد لوگوں کا

مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ۭ وَرَبُّكَ عَلٰي كُلِّ

جو | ایمان لاتا ہے | آخرت پر | اس سے جو | وہ | اس سے ہے | میں | شک | اور تیرا رب ہے | اوپر | ہر

امتحان لینا ہے کہ کون آخرت پر سچا ایمان رکھتا ہے اور کون اس کے بارے میں شک میں مبتلا ہے۔ اور تمہارا رب ہر چیز

2 ع 12 8 شَيْءٍ حَفِيْظٌ ㉑ ع قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۚ

چیز کے | محافظ | کہہ دیجئے | تم پکارو | جن کو | تم سمجھتے ہو | سے | سوا | اللہ کے

پر نگران ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مشرکین سے کہیں ''تم پکار دیکھو ان کو جنہیں تم نے اللہ کے سوا اپنا معبود بنا رکھا ہے۔ وہ

لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ

نہیں وہ اختیار رکھتے | برابر وزن | ذرّے کا | میں | آسمانوں | اور نہ | میں | زمین | اور نہیں | ان کا

ذرہ برابر اختیار نہیں رکھتے، نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ان دونوں کے بنانے میں

فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ㉒ وَلَا تَنْفَعُ

ان دونوں میں | کوئی | حصہ | اور نہیں | اس کا | ان سے | کوئی | پشت پناہ | اور نہ | فائدہ دے گی

ان کا کوئی حصہ ہے۔ نہ ان میں سے کوئی اللہ کا مددگار ہے۔ اللہ کے ہاں ان میں سے کسی کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓی اِذَا فُزِّعَ عَنْ

سفارش | پاس اس کے | مگر | جس کو | وہ اجازت دے | اسکو | یہاں تک کہ | جب | گھبراہٹ دور کردی جاتی ہے | سے

شفاعت کام نہیں آئے گی مگر صرف اس کیلئے جس کیلئے اللہ اجازت دے گا۔ یہاں تک کہ جب شفاعت کے انتظار کے بعد مومنوں

قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ

انکے دلوں | وہ کہتے ہیں | کیا | فرمایا | تمہارے رب نے | کہتے ہیں | حق | اور وہی ہے | سب سے بلند

کے دلوں سے گھبراہٹ دور ہوگی تو ایک دوسرے سے پوچھیں گے تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ کہیں گے ''حق بات کا حکم فرمایا''

الْكَبِيْرُ ﴿23﴾ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ

بہت بڑا | کہہ دیجئے | کون | روزی دیتا ہے تمہیں | سے | آسمانوں | اور زمین | کہہ دیجئے | اللہ

اور اللہ بلند و برتر اور سب سے بڑا ہے۔ اے نبی ﷺ آپ ﷺ مشرکوں سے کہیں ''کون تمہیں آسمانوں اور زمین سے روزی دیتا

وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿24﴾ قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ

اور بیشک ہم | یا | تم | ضرور پر | ہدایت ہیں | یا | میں | گمراہی | کھلی | کہہ دیجئے | نہ تم سے پوچھا جائیگا

ہے؟'' پھر خود ان سے کہیں ''اللہ'' اب ہم اور تم میں سے کوئی ایک ہدایت پر ہے یا کھلی گمراہی میں ہے'' آپ ﷺ ان سے کہیں ''نہ

عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿25﴾ قُلْ يَجْمَعُ

اسکے بارے میں جو | ہم نے جرم کیا | اور نہ | ہم سے پوچھا جائیگا | اسکے بارے میں جو | تم کرتے ہو | کہہ دیجئے | جمع کرے گا

تم ہمارے قصوروں کے جوابدہ ہو اور نہ ہم تمہارے اعمال کے جوابدہ ہیں'' اور آپ ﷺ یہ کہیں ''ہمارا رب ہم

بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ الْعَلِيْمُ ﴿26﴾

ہمارے درمیان | رب ہمارا | پھر | فیصلہ کرے گا | ہمارے درمیان | حق کے ساتھ | اور وہ | خوب فیصلہ کرنے والا | خوب علم والا ہے

سب کو جمع کرے گا۔ پھر وہ ہمارے درمیان ٹھیک فیصلہ فرمائے گا۔ وہی فیصلہ فرمانے والا علم والا ہے''

قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ

کہہ دیجئے | دکھاؤ مجھے | جن کو | تم نے ملایا | ساتھ اس کے | شریک | ہرگز نہیں | بلکہ | وہ | اللہ | بڑا غالب

اور ان سے کہیں ''مجھے دکھاؤ وہ کون ہیں جنہیں تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملایا ہے؟'' اس کا ہرگز کوئی شریک نہیں۔ اللہ غالب

الْحَكِيْمُ ﴿27﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ

نہایت حکمت والا ہے | اور نہیں | ہم نے بھیجا تجھے | مگر | سب | لوگوں کیلئے | خوشخبری دینے والا | اور ڈرانے والا | اور لیکن

اور حکمت والا ہے۔ اے نبی ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو تمام انسانوں کیلئے خوشخبری دینے والا اور خبردار کرنیوالا بنا کر بھیجا ہے لیکن

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿28﴾ وَيَقُولُونَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ

اکثر | لوگ | نہیں | جانتے | اور وہ کہتے ہیں | کب ہے | یہ | وعدہ | اگر | تم ہو

اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔ اور وہ کہتے ہیں ”قیامت کا وعدہ کب پورا ہوگا، بتاؤ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿29﴾ قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً

سچے | کہہ دیجئے | تمہارے لئے ہے | وعدہ | ایک دن کا | نہیں | تم پیچھے رہو گے | اس سے | ایک گھڑی

سچے ہو؟“ آپ ﷺ جواب دیں ”تمہارے لئے ایک خاص دن کی میعاد مقرر ہے جس سے نہ ایک گھڑی پیچھے رہو گے

وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿30﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ

اور نہ | تم آگے بڑھو گے | اور کہا | انھوں نے جو | کافر ہوئے | ہرگز نہیں | ہم ایمان لائیں گے | اس | قرآن پر

اور نہ آگے بڑھو گے۔“ کافر کہتے ہیں ”ہم نہ اس قرآن کو مانیں گے

وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ ۭ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ

اور نہ | اس پر جو | اسکے آگے ہے | اور اگر | تو دیکھتا | جب | ظالم | کھڑے ہوں گے | پاس

اور نہ اس کی بتائی ہوئی آخرت کو“ لیکن اگر تم لوگ ان کافروں کا حال دیکھو جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے

رَبِّهِمْ ښ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ

اپنے رب کے | لوٹائے گا | بعض ان کا | طرف | بعض کی | بات | کہیں گے | وہ لوگ جو

کھڑے کیے جائیں گے تو ایک دوسرے کو الزام دیں گے اور جو لوگ

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ﴿31﴾ قَالَ

کمزور سمجھے گئے | ان سے جو | تکبر کرتے تھے | اگر نہ | تم ہوتے | ضرور ہم ہوتے | مومن | کہیں گے

کمزور سمجھے جاتے تھے وہ بڑا بننے والوں سے کہیں گے ”اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور ایمان والے ہوتے“ بڑا بننے والے کمزور

الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى

وہ جو | تکبر کرتے تھے | ان سے جو | کمزور سمجھے گئے | کیا ہم | ہم نے روکا تمہیں | سے | ہدایت

لوگوں کو جواب دیں گے ”کیا ہم نے تمہیں ہدایت سے زبردستی روکا تھا

بَعْدَ اِذْ جَاۗءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿32﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا

بعد | جب | آئی تمہارے پاس | بلکہ | تم تھے | مجرم | اور کہیں گے | جو | کمزور سمجھے جاتے تھے

جبکہ وہ تمہارے پاس پہنچ چکی تھی بلکہ تم خود مجرم ہو“ کمزور لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ

ان کو جو | تکبر کرتے تھے | بلکہ | مکر | رات کا | اور دن کا | جب | تم ہمیں حکم دیتے تھے | کہ | ہم انکار کریں

بڑے لوگوں سے کہیں گے ”نہیں بلکہ تمہاری رات دن کی سازشوں نے ہمیں ہدایت سے روکے رکھا جبکہ تم ہمیں کہتے تھے ہم اللہ

بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ

اللہ کا | اور ہم بنائیں | اسکے | شریک | اور وہ چھپائیں گے | پشیمانی | جب | دیکھیں گے | عذاب کو

کے ساتھ کفر کریں اور اس کے شریک بنائیں۔“ اور وہ اپنی پشیمانی کو چھپائیں گے جب عذاب دیکھیں گے۔

وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا

اور ہم ڈالیں گے | طوق | میں | گردنوں | ان کی | جو کافر ہوئے | نہیں | ان کو بدلہ دیا جائے گا | مگر | جو

پھر ہم کافروں کی گردن میں طوق ڈالیں گے وہ اپنے کیے کا بدلہ

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿33﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ

تھے | وہ کرتے | اور نہیں | ہم نے بھیجا | میں | کسی بستی | کوئی | ڈرانیوالا | مگر | کہا

پائیں گے۔ ہم نے جس بستی میں بھی کوئی خبردار کرنے والا نبی بھیجا تو وہاں کے خوشحال لوگوں نے

مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿34﴾ وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ

اسکے مالداروں نے | بیشک ہم | اسکا جو | تم بھیجے گئے | ساتھ اسکے | منکر ہیں | اور انہوں نے کہا | ہم | زیادہ ہیں

یہی کہا ”ہم اس دعوت کو نہیں مانتے جو تم لے کر آئے ہو۔“ اور یہ کہا ”ہم مال اور اولاد میں

اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿35﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ

مال میں | اور اولاد میں | اور نہیں | ہم | عذاب دیے جانے والے | کہہ دیجئے | بیشک | میرا رب | زیادہ دیتا ہے

زیادہ ہیں اور ہمیں عذاب نہ ہوگا۔“ اے نبی ﷺ؟ آپ ﷺ کہیں ”میرا رب جسے چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿36﴾ ع 4 6 10

روزی | جس کو | چاہتا ہے | اور کم دیتا ہے | اور لیکن | اکثر | لوگ | نہیں | جانتے

اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔“

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ

اور نہیں | مال تمہارے | اور نہ | اولاد تمہاری | جو | قرب دلائے تمہیں | ہمارے پاس | خوب قریب کرنا | مگر | جو

اور اے لوگو تمہارے مال اور تمہاری اولاد ایسی چیز نہیں جس سے تمہیں ہمارا قرب حاصل ہو۔ البتہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا

ایمان لایا | اور کام کیا | نیک | پس وہ لوگ | ان کیلئے ہے | ثواب | دگنا | اسکا جو | انہوں نے کیا

جو لوگ ایمان لائیں اور نیک کام کریں اُن کیلئے اُن کے اعمال کا دوہرا اجر ہے

وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿37﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

اور وہ ہوں گے | میں | بالاخانوں | امن سے | اور جو | دوڑتے ہیں | میں | ہماری آیتوں | عاجز کرنے کیلئے

اور وہ جنت کے بالاخانوں میں امن سے رہیں گے۔ جو لوگ ہماری آیتوں کے خلاف سرگرم ہیں

اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿38﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ

وہ لوگ | میں | عذاب | حاضر کئے جائیں گے | کہہ دیجئے | بیشک | میرا رب | زیادہ دیتا ہے | رزق | جسے

وہ عذاب میں داخل کئے جائیں گے۔ اے نبی ﷺ آپ کہیں "بے شک میرا رب اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے

يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۭ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ

چاہے | سے | اپنے بندوں | اور کم دیتا ہے | اسکو | اور جو | تم خرچ کرتے ہو | کوئی | چیز | تو وہ

زیادہ روزی دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے کم دیتا ہے۔ لوگو جو کچھ اللہ کی راہ میں خرچ کروگے تمہیں اس کا بدلہ

يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿39﴾ وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ

اسکا بدلہ دیتا ہے اسکو | اور وہ | بہترین | رازق ہے | اور جس دن | وہ جمع کرے گا ان کو | سب کو | پھر

ملے گا اور وہ بہترین رزق دینے والا ہے۔ اور جس دن اللہ سب لوگوں کو جمع کرے گا۔ پھر وہ

يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿40﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ

فرمائے گا | فرشتوں سے | کیا یہ لوگ | تم کو | تھے | پوجتے | وہ کہیں گے | پاک ہے تو

فرشتوں سے پوچھے گا "کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے؟" وہ کہیں گے "تیری ذات پاک ہے۔

اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

تو ہے | کارساز ہمارا | سے | سوا ان کے | بلکہ | وہ تھے | پوجتے | جنوں کو | اکثر انکے

ہمارا تعلق تجھ سے ہے نہ کہ ان لوگوں سے۔ اصل میں یہ جنوں کی پوجا کرتے تھے۔ ان میں سے اکثر

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿41﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا

ان کو | مانتے تھے | پس آج کے دن | نہیں | اختیار رکھتا | بعض تمہارا | بعض کیلئے | نفع کا

انہی کو مانتے تھے۔" ارشاد ہو گا "آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کو نہ فائدہ پہنچا سکتا ہے اور نہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَّمۡدُوۡدًا ﴿12﴾ وَّبَنِيۡنَ شُهُوۡدًا ﴿13﴾ وَّمَهَّدۡتُّ لَهٗ تَمۡهِيۡدًا ﴿14﴾ ثُمَّ يَطۡمَعُ

پھیلا ہوا | اور بیٹے | حاضر ہونے والے | اور میں نے بچھایا | اسکے لیے | بچھونا | پھر | وہ چاہتا ہے

مال دیا۔ اس کے علاوہ اسے ساتھ رہنے والے بیٹے دیے۔ اس کے لیے ہر طرح کا سر و سامان مہیا کیا۔ پھر بھی وہ طمع رکھتا

اَنۡ اَزِيۡدَ ﴿15﴾ كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيۡدًا ﴿16﴾ سَاُرۡهِقُهٗ صَعُوۡدًا ﴿17﴾

کہ | میں مزید دوں | ہرگز نہیں | بیشک وہ | ہے | ہماری نشانیوں کا | دشمن | جلد میں چڑھاؤں گا اسے | بلندی پر

ہے میں اسے اور نعمتیں دوں؟ نہیں ایسا ہرگز نہیں ہو گا کیونکہ وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے۔ عنقریب میں اسے

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿18﴾ فَقُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿19﴾ ثُمَّ قُتِلَ كَيۡفَ قَدَّرَ ﴿20﴾

بیشک وہ | اُس نے غور کیا | اور اندازہ کیا | پھر وہ مارا جائے | کیسا | اندازہ کیا | پھر | وہ مارا جائے | کیسا | اندازہ کیا

عذاب کی ایک سخت چڑھائی چڑھاؤں گا۔ کیونکہ جب اس سے قرآن کے بارے میں پوچھا گیا تو اس نے پہلے کچھ

ثُمَّ نَظَرَ ﴿21﴾ ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿22﴾ ثُمَّ اَدۡبَرَ وَاسۡتَكۡبَرَ ﴿23﴾ فَقَالَ

پھر | دیکھا | پھر | تیوری چڑھائی | اور منہ بگاڑا | پھر | پیٹھ پھیری | اور تکبر کیا | پھر بولا

سوچا پھر ایک بات بنائی۔ وہ ہلاک ہو اس نے کیا بات بنائی۔ پھر وہ ہلاک ہو اس نے کیسی بات بنائی۔ پھر اس نے دیکھا،

اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ يُّؤۡثَرُ ﴿24﴾ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا قَوۡلُ الۡبَشَرِ ﴿25﴾ سَاُصۡلِيۡهِ

نہیں ہے یہ | مگر | جادو | نقل شدہ | نہیں ہے | یہ | مگر | کلام | بشر کا | جلد ہم پہنچائینگے اسے

پھر تیوری چڑھائی، منہ بنایا۔ پھر پیٹھ پھیر کر چل دیا اور تکبر کرنے لگا۔ پھر بولا ''یہ تو جادو ہے جو پہلے سے چلا آ رہا ہے۔

سَقَرَ ﴿26﴾ وَمَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿27﴾ لَا تُبۡقِىۡ وَلَا تَذَرُ ﴿28﴾ لَوَّاحَةٌ

دوزخ میں | اور کیا | تو جانے | کیا ہے | دوزخ | نہیں | باقی رکھتی | اور نہ | وہ چھوڑتی | جھلسا دینے والی ہے

یہ تو انسانی کلام ہے''۔ میں عنقریب اسے دوزخ میں داخل کروں گا۔ اور تم کیا سمجھے وہ دوزخ کیا ہے؟ وہ نہ باقی رہنے

لِّلۡبَشَرِ ﴿29﴾ عَلَيۡهَا تِسۡعَةَ عَشَرَ ﴿30﴾ وَمَا جَعَلۡنَاۤ اَصۡحٰبَ النَّارِ اِلَّا

بشر کو | اس پر | 19 فرشتے ہیں | اور نہیں | ہم نے بنائے | محافظ | دوزخ کے | مگر

دے گی، نہ چھوڑے گی۔ وہ تن بدن کو مسخ کر ڈالے گی۔ اس پر اُنیس (۱۹) فرشتے مقرر ہیں۔ ہم نے فرشتوں کو

مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلۡنَا عِدَّتَهُمۡ اِلَّا فِتۡنَةً لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۙ لِيَسۡتَيۡقِنَ

فرشتے | اور نہیں | ہم نے رکھی | تعداد ان کی | مگر | آزمائش | ان کے لیے جو | کافر ہوئے | تاکہ یقین کرلیں

دوزخ کا رکھوالا بنایا ہے۔ ان کی تعداد اتنی رکھی ہے جو کافروں کے لئے آزمائش بن جائے۔ اہلِ کتاب کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ

وہ لوگ جن کو | دی گئی | کتاب | اور زیادہ ہوں | وہ لوگ جو | ایمان لائے ہیں | ایمان میں | اور نہ | شک کریں

یقین کو پختہ کر دے اور ایمان والوں کے ایمان میں اضافہ کر دے۔ اس طرح اہلِ کتاب

الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ

وہ لوگ | جن کو دی گئی | کتاب | اور ایمان والے | اور تا کہ کہیں | وہ لوگ | میں | جن کے دلوں

اور اہلِ ایمان دونوں اس بارے میں کسی شک میں نہ رہیں۔ تا کہ منافق اور کافر لوگ یہ کہنے لگیں کہ

مَّرَضٌ وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ

کھوٹ ہے | اور کافر لوگ | کہ کیا | ارادہ کیا ہے | اللہ نے | اس | مثال سے | اس طرح | گمراہ کرتا ہے | اللہ

ایسی باتوں سے اللہ کی کیا مراد ہے؟ دیکھو اس طرح اللہ گمراہ کرتا ہے

مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ

جسے | وہ چاہتا ہے | اور ہدایت دیتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | اور نہیں | جانتا | لشکروں کو | تیرے رب کے | مگر | وہی

جسے چاہتا ہے اور ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔ تمہارے رب کے لشکروں کو صرف وہی جانتا ہے۔

وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ﴿31﴾ ع كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ ﴿32﴾ وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ ﴿33﴾ (ع 1 / 31 / 15)

اور نہیں | وہ | مگر | یاددہانی | انسان کیلئے | ہرگز نہیں | قسم ہے چاند کی | قسم ہے رات کی | جب | وہ پیٹھ پھیرے

یہ سب باتیں لوگوں کو سمجھانے کے لئے ہیں۔ بے شک چاند اور اس کا گھٹنا بڑھنا، رات کا پیچھے ہٹنا،

وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۙ ﴿34﴾ اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۙ ﴿35﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ ﴿36﴾ لِمَنْ

قسم ہے صبح کی | جب | وہ روشن ہو | بیشک وہ | ایک ہے | بڑی چیزوں میں | خبردار کرنیوالی | انسان کو | اس کے لیے جو

صبح کا روشن ہونا سب اس بات پر گواہ ہیں کہ قیامت بڑی ہولناک چیز ہے۔ جو انسانوں کے لئے بہت بڑی تنبیہ ہے تا کہ ان لوگوں

شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿37﴾ كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ

چاہے | تم میں سے | کہ | وہ آگے بڑھے | یا | وہ پیچھے رہے | ہر | جان | اس پر جو | اس نے کمایا

میں سے جس کا جی چاہے اسے مان کر آگے نکل جائے یا اس کا انکار کر کے پیچھے رہ جائے۔ یادرکھو ہر شخص اپنے اعمال کے باعث پکڑا جائے

رَهِيْنَةٌ ۙ ﴿38﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۛ ﴿39﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَاۗءَلُوْنَ ۙ ﴿40﴾ عَنِ مع

جوابدہ ہے | مگر | والے | دائیں ہاتھ | میں | باغوں | وہ پوچھتے ہوں گے | سے

گا۔ لیکن جن کا اعمال نامہ ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ بہشت کے باغوں میں ہوں گے۔ وہ پوچھیں گے مجرموں سے"

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُجْرِمِيْنَ ﴿41﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿42﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ

مجرموں | کیا چیز | لے گئی تمہیں | میں | دوزخ سقر | وہ کہیں گے | نہ | ہم تھے | سے

تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئی؟" وہ کہیں گے "ہم نماز نہیں

الْمُصَلِّيْنَ ﴿43﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿44﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ

نمازیوں میں | اور نہ | ہم تھے | ہم کھلاتے | مسکین کو | اور ہم تھے | ہم بحثا بحثی کرتے | ساتھ

پڑھتے تھے۔ ہم غریبوں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔ ہم دین کے خلاف بحث کرنے والوں کے ساتھ

الْخَآئِضِيْنَ ﴿45﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿46﴾ حَتّٰۤى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿47﴾

بحثا بحثی کرنیوالوں کے | اور ہم تھے | ہم انکار کرتے | دن کا | جزا کے | یہاں تک کہ | آ گئی ہم کو | موت

مل کر بحث کرتے تھے۔ ہم جزا و سزا کے دن کو جھٹلاتے تھے۔ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی۔

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿48﴾ فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ

پھر نہ | فائدہ دے گی ان کو | سفارش | سفارش کرنیوالوں کی | پس کیا ہے | ان کو | سے | یاددہانی

پھر وہاں کوئی سفارشی نہ ہو گا جس کی سفارش ان کے کچھ کام آئے۔ آخر ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے وہ قرآن سے منہ موڑتے ہیں۔ گویا

مُعْرِضِيْنَ ﴿49﴾ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿50﴾ فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿51﴾ بَلْ

وہ منہ موڑتے ہیں | گویا کہ وہ ہیں | گدھے | بدکے ہوئے | بھاگتے ہیں | سے | شیر | بلکہ

وہ بدکے ہوئے وحشی گدھے ہیں۔ جو شیر سے ڈر کر بھاگتے جا رہے ہیں۔ بلکہ ان میں سے ہر شخص چاہتا ہے اسے کھلے آسمانی صحیفے

يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿52﴾ كَلَّا بَلْ

چاہتا ہے | ہر | شخص | ان میں سے | کہ | اسے دیے جائیں | صحیفے | کھلے ہوئے | ہرگز نہیں | بلکہ

دیے جائیں۔ مگر ایسا ہرگز نہ ہو گا۔ اصل بات یہ ہے وہ آخرت سے نہیں ڈرتے۔ اس لیے قرآن سننا نہیں چاہتے۔ یہ قرآن تو ایک

لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿53﴾ كَلَّاۤ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿54﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿55﴾

نہیں وہ ڈرتے | آخرت سے | ہرگز نہیں | بیشک یہ | یاددہانی ہے | پھر جو کوئی | چاہے | یاد کرے اسے

نصیحت ہے۔ جس کا جی چاہے اس نصیحت کو قبول کرے۔ لیکن وہ اس نصیحت کو اسی وقت قبول کریں گے جب اللہ چاہے گا۔ اللہ وہ ذات ہے

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿56﴾ ع 2 25 16

اور نہیں وہ یاد کرتے (اسے) | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | وہی ہے | لائق | ڈرنے کے | اور لائق | بخشنے کے

جس سے ڈرنا چاہیے اور وہی ہے جو بخشنے کے لائق ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(75) سُوْرَةُ الْقِیٰمَةِ مَكِّيَّةٌ (31)

اٰیَاتُهَا 40 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿1﴾ وَلَآ أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿2﴾

میں قسم کھاتا ہوں | دن کی | قیامت کے | اور میں قسم کھاتا ہوں | جان کی | ملامت کرنیوالی

قیامت کا دن خود گواہ ہے۔ اس کے برحق ہونے پر انسان کا ضمیر گواہ ہے جو اسے برے کام پر ملامت کرتا ہے۔

أَيَحْسَبُ الْإِنْسَانُ أَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهُ ﴿3﴾ بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى أَنْ

کیا گمان کرتا ہے | انسان | یہ کہ ہرگز نہیں | ہم جمع کریں گے | ہڈیاں اسکی | کیوں نہیں بلکہ | قدرت رکھتے ہیں | اس پر | کہ

کیا انسان خیال کرتا ہے ہم اس کے مرنے کے بعد اس کی ہڈیاں جمع نہ کر سکیں گے۔ کیوں نہیں، ہم تو اس کی انگلیوں کی پوروں کو بھی

نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ ﴿4﴾ بَلْ يُرِيْدُ الْإِنْسَانُ لِيَفْجُرَ أَمَامَهُ ﴿5﴾ يَسْئَلُ أَيَّانَ

ہم درست کریں | اس کے جوڑ جوڑ | بلکہ | چاہتا ہے | انسان | تا کہ وہ گناہ کررکھے | اپنے آگے | وہ پوچھتا ہے | کب ہے

درست کر دینے پر قادر ہیں۔ اصل بات یہ ہے کہ صرف وہی انسان قیامت کا منکر ہے جو چاہتا ہے کہ بداعمالیاں کرتا پھرے۔ پوچھتا

يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ﴿6﴾ فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ﴿7﴾ وَخَسَفَ الْقَمَرُ ﴿8﴾ وَجُمِعَ

دن | قیامت کا | پھر جب | پتھرا جائیں گی | آنکھیں | اور ماند پڑ جائے گا | چاند | اور جمع کیا جائے گا

ہے قیامت کا دن کب آئے گا؟ مگر جب قیامت آئے گی تو آنکھیں پتھرا جائیں گی۔ چاند بے نور ہو جائے گا۔ سورج اور چاند آپس

الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ﴿9﴾ يَقُوْلُ الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ الْمَفَرُّ ﴿10﴾ كَلَّا

سورج | اور چاند | کہے گا | انسان | اس روز | کہاں ہے | بھاگنے کی جگہ | ہرگز نہیں

میں ٹکرا جائیں گے۔ اس وقت انسان کہے گا ''کہاں بھاگوں؟'' جواب ملے گا ''کہیں نہیں، اب کوئی جائے پناہ نہیں''۔ اُس دن

لَا وَزَرَ ﴿11﴾ إِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ﴿12﴾ يُنَبَّؤُا الْإِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا

نہیں کوئی جگہ پناہ کی | طرف | تیرے رب کی | اس دن | ٹھکانا | بتایا جائے گا | انسان کو | اس دن | اس کا جو

تمہارے رب کے ہاں ٹھکانا ہو گا۔ اس روز انسان کو بتایا جائے گا اس نے کیا آگے بھیجا ، کیا

قَدَّمَ وَأَخَّرَ ﴿13﴾ بَلِ الْإِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهِ بَصِيْرَةٌ ﴿14﴾ وَّلَوْ أَلْقٰى

آگے بھیجا | اور پیچھے چھوڑا | بلکہ | انسان | پر | اپنی جان | دلیل ہے | اور اگر چہ | وہ پیش کرے

پیچھے چھوڑا۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان اپنے آپ کو اچھی طرح جانتا ہے چاہے وہ کتنے ہی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَعَاذِيْرَهٗ ﴿15﴾ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿16﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ

عذر اپنے | نہ | تو ہلا | اسکے ساتھ | اپنی زبان کو | تاکہ تو جلدی کرے | اسکے ساتھ | بیشک | ہم پر ہے | جمع کرنا اسکا

بہانے پیش کرے۔ اے نبی ﷺ جب قرآن نازل ہو تو آپ ﷺ اسے جلد سیکھنے کے لئے اپنی زبان کو تیزی سے نہ چلائیں۔

وَقُرْاٰنَهٗ ﴿17﴾ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿18﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿19﴾

اور پڑھنا اس کا | پھر جب | ہم پڑھیں اسے | پھر تو پیروی کر | اُس کے پڑھنے کی | پھر | بیشک | ذمے ہمارے ہے | اس کی تشریح

کیونکہ اس کا جمع کرنا اور اس کا سنانا ہماری ذمہ داری ہے۔ جب ہم آپ ﷺ کو قرآن سنائیں تو آپ ﷺ اس تلاوت کی پیروی

كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ﴿20﴾ وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿21﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

ہرگز نہیں | بلکہ | تم چاہتے ہو | جلدی (دنیا) کو | اور تم چھوڑ دیتے ہو | آخرت کو۔ | کئی چہرے | اس دن

کریں۔ پھر اس قرآن کو کھول کر بیان کر دینا بھی ہمارے ذمے ہے۔ لوگو تم صرف دنیا کے فوری فائدے دیکھتے ہو آخرت کو چھوڑ

نَّاضِرَةٌ ﴿22﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿23﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ﴿24﴾ تَظُنُّ

تروتازہ ہوں گے | طرف | اپنے رب کی | دیکھتے ہوں گے | اور کئی چہرے | اس دن | مرجھائے ہوں گے | وہ یقین کریں گے

دیتے ہو۔ یاد رکھو کچھ چہرے قیامت کے دن بارونق ہوں گے۔ اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے۔ کچھ چہرے اُس دن اُداس

اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿25﴾ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿26﴾ وَقِيْلَ مَنْ ۜ سکتۃ

یہ کہ | ہوگا | ان کے ساتھ | سخت معاملہ | ہرگز نہیں | جب | پہنچتی ہے | ہنسلی تک | اور کہا جائے | کون ہے

ہوں گے جو گمان کرتے ہوں گے ان کے ساتھ کمر توڑ معاملہ کیا جائے گا۔ اور دیکھو جب جان بدن سے نکل کر حلق میں اٹک جائے

رَاقٍ ﴿27﴾ وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿28﴾ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿29﴾ اِلٰى

جھاڑ پھونک کرنیوالا | اور یقین کر لیا | کہ یہ ہے | جدائی | اور لپٹ جائے گی | پنڈلی | پنڈلی سے | طرف

گی۔ پاس کھڑے لوگ آہستہ سے کہیں گے "ہے کوئی جھاڑ پھونک کرنے والا جو اس کی جان بچائے"۔ اور مرنے والے کو یقین ہو

رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِۨالْمَسَاقُ ﴿30﴾ فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿31﴾ وَلٰكِنْ كَذَّبَ ع 1 30 17

تیرے رب کی | اس دن | چلنا (ہوگا) | پس نہ | اس نے سچ مانا | اور نہ | نماز پڑھی | اور لیکن | جھٹلایا

جائے گا اب دنیا سے جدائی کا وقت ہے۔ پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی۔ وہ وقت ہوگا تیرے رب کی طرف جانے کا۔ لیکن غافل

وَتَوَلّٰى ﴿32﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿33﴾ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿34﴾ ثُمَّ

اور منہ پھیرا | پھر | وہ گیا | طرف | اپنے گھر والوں کی | اکڑتا ہوا | افسوس ہے | تجھ پر | پھر افسوس ہے | پھر

انسان نے نہ اللہ کے کلام کو سچ مانا، نہ نماز پڑھی بلکہ اُلٹا جھٹلایا، منہ موڑا، پھر اکڑتا ہوا اپنے لوگوں کی طرف چلا گیا۔ ارے افسوس تجھ پر

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿35﴾ اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿36﴾

افسوس ہے | تجھ پر | پھر افسوس ہے | کیا گمان کرتا ہے | انسان | یہ کہ | اسے چھوڑ دیا جائیگا | یوں ہی

افسوس۔ پھر افسوس تجھ پر افسوس۔ کیا انسان خیال کرتا ہے اسے مرنے کے بعد یوں ہی چھوڑ دیا جائے گا؟ وہ غور کرے، کیا

اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿37﴾ ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿38﴾

کیا نہ وہ تھا | ایک بوند | سے | منی | جو ٹپکائی جاتی ہے | پھر | وہ تھا | جما ہوا لہو | پھر پیدا کیا | پھر درست بنایا

وہ ٹپکائی ہوئی منی کی ایک بوند نہ تھا؟ پھر لوتھڑا بنا۔ پھر اللہ نے اس کا ناک نقشہ بنایا۔ اس کے اعضاء درست کیے۔

فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿39﴾ اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى

پھر بنائے | اس سے | دو جوڑے | نر | اور مادہ | کیا نہیں ہے | وہ (اللہ) | قادر | اس پر

پھر اس کی دو قسمیں کر دیں۔ مرد اور عورت۔ کیا وہ اللہ اس پر قادر نہیں کہ

2 ع 10 18

اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿40﴾

کہ | زندہ کرے | مردوں کو

مردوں کو زندہ کر دے؟

(76) سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ (98)

اٰیاتھا 31 | رکوعاتھا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿1﴾

کیا نہیں | آیا | پر | انسان | ایک وقت | سے | زمانے میں | کہ نہ | وہ تھا | چیز | ذکر کے قابل

انسان پر زمانے میں ایسا وقت بھی گزرا ہے جب وہ کوئی قابلِ ذکر چیز نہ تھا۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا

بیشک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | سے | نطفے | ملے ہوئے | ہم آزمائیں اسے | پھر ہم نے بنایا اسے | سننے والا

ہم نے انسان کو ملے جلے نطفے سے پیدا کیا۔ پھر کئی مرحلوں سے گزارنے کے بعد اسے دیکھنے

بَصِيْرًا ﴿2﴾ اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ﴿3﴾ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

دیکھنے والا | بیشک ہم | ہم نے دکھائی اسے | راہ | پھر یا تو | شکر کرنے والا | اور یا | کفر کرنے والا | بیشک ہم | ہم نے تیار کیں

سننے والا بنایا۔ ہم نے اسے نیکی اور بدی کی راہ سجھائی۔ اب چاہے شکر کرنے والا بنے یا ناشکرا بنے۔ ہم نے کافروں کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَاۡ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿4﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ مِنْ

کافروں کے لیے | زنجیریں | اور طوق | اور آگ | بیشک | نیک لوگ | پئیں گے | سے

لیے زنجیریں ، طوق اور بھڑکتی آگ تیار کی ہے۔ لیکن نیک لوگ ایسے جام پئیں

كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ﴿5﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللّٰهِ

پیالہ | ہے | آمیزش جس میں | کافور کی | ایک چشمہ ہے | کہ پئیں گے | اس سے | بندے | اللہ کے

گے جن میں کافور کی آمیزش ہوگی۔ یہ کافور ملی شراب کا ایک چشم ہوگا جس سے اللہ کے نیک بندے پئیں گے۔

يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ﴿6﴾ يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ

نکال لیں گے اس سے | نکالنا | وہ پورا کرتے ہیں | نذر کو | اور وہ ڈرتے ہیں | اس دن سے کہ | ہے | شر اس کا

اس میں سے جہاں چاہیں گے اس کی شاخیں اور نالیاں نکال لیں گے۔ یہ وہ لوگ ہوں گے جو دنیا میں اپنی نذریں اور اپنے فرائض

مُسْتَطِيْرًا ﴿7﴾ وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ﴿8﴾

پھیل جانے والا | اور وہ کھلاتے ہیں | کھانا | باوجود اس کی محبت کے | مسکینوں کو | اور یتیموں کو | اور قیدیوں کو

پورے ادا کرتے رہے اور اُس دن سے ڈرتے رہے جس کی دہشت ہر طرف پھیلی ہوگی۔ یہ وہ تھے جو اللہ کی خاطر مسکین، یتیم اور

اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ مِنْكُمْ جَزَآءً وَّلَا شُكُوْرًا ﴿9﴾ اِنَّا

صرف | ہم کھلاتے ہیں تمہیں | رضا کے لیے | اللہ کی | نہیں | ہم چاہتے | تم سے | کوئی بدلہ | اور نہ | شکرگزاری | بیشک ہم

قیدی کو کھانا کھلاتے تھے، یہ کہتے ہوئے کہ ''ہم صرف اللہ کی رضا کے لئے تمہیں کھلاتے ہیں۔ تم سے اس کا کوئی بدلہ نہیں چاہتے،

نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ﴿10﴾ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ

ہم ڈرتے ہیں | سے | رب اپنے | اس دن سے | چہرے بگاڑنے والا | نہایت لمبا | پھر بچالیا ان کو | اللہ نے | برائی | اس

نہ شکریہ مانگتے ہیں۔ ہمیں اپنے رب کے اس دن کے عذاب کا ڈر ہے جو سخت بھاری اور کٹھن ہوگا'' اس پر اللہ نے انہیں اس دن کی

الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ﴿11﴾ وَجَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً

دن کی سے | اور ملادی ان کو | تازگی | اور خوشی | اور بدلہ دیا انکو | اس کا جو | انہوں نے صبر کیا | جنت

سختی سے بچالیا۔ انہیں تازگی اور خوشی عطا فرمائی۔ ان کے صبر کے بدلے میں انہیں جنت اور ریشمی لباس عطا کیا۔ وہ اونچے مسندوں

وَّحَرِيْرًا ﴿12﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا

اور ریشمی کپڑے | تکیہ لگائے ہوئے | اس میں | پر | تختوں | نہ | وہ دیکھیں گے | اس میں | دھوپ

پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔ وہاں نہ دھوپ ہوگی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَا زَمْهَرِيرًا ﴿13﴾ وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلَالُهَا وَذُلِّلَتْ قُطُوفُهَا تَذْلِيلًا ﴿14﴾

اور نہ | پالا | اور قریب ہوں گے | ان پر | سائے اسکے | اور جھکائے جائیں گے | ان کے پھل | جھکانا

اور نہ سخت سردی۔ جنت کے سائے ان پر جھکے ہوں گے اور اس کے پھل میوے ان کے پاس ہی ہوں گے۔

وَيُطَافُ عَلَيْهِم بِآنِيَةٍ مِّن فِضَّةٍ وَأَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيرَا ﴿15﴾

اور پھریں گے | ان پر | ساتھ برتن | کے | چاندی | اور پیالے | ہونگے | شیشے کے

ان کے آگے چاندی کے برتن اور شیشے کے پیالے گردش میں ہوں گے۔

قَوَارِيرَا مِن فِضَّةٍ قَدَّرُوهَا تَقْدِيرًا ﴿16﴾ وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ

شیشے | سے | چاندی کے | اندازہ وہ لگائیں گے وہ اس کے | اندازہ کرنا | اور ان کو پلایا جائے گا | اس میں | جام | ہے

وہ شیشے سفید چاندی کے ہوں گے جنہیں بھرنے والوں نے مناسب طریقے سے بھر کر سجا رکھا ہوگا۔ اس کے علاوہ انہیں وہاں ایک

مِزَاجُهَا زَنجَبِيلًا ﴿17﴾ عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّىٰ سَلْسَبِيلًا ﴿18﴾ وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ

آمیزش جس کی | سونٹھ کی | ایک چشمہ ہے | اس میں | نام رکھا جاتا ہے | سلسبیل | اور پھریں گے | ان پر

اور جام پلایا جائے گا جس میں ادرک کی آمیزش ہوگی۔ یہ ایک چشمہ ہوگا جسے سلسبیل کہا جاتا ہے۔ ان کی خدمت کے لئے ایسے لڑکے

وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ إِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ لُؤْلُؤًا مَّنثُورًا ﴿19﴾ وَإِذَا

لڑکے | ہمیشہ رہنے والے | جب | تو دیکھے گا ان کو | تو سمجھے گا ان کو | موتی | بکھرے ہوئے | اور جب

ہوں گے جو ہمیشہ لڑکے ہی رہیں گے۔ وہ یوں نظر آئیں گے جیسے بکھرے موتی۔ جدھر دیکھو گے تمہیں بڑی نعمتیں اور شاہانہ

رَأَيْتَ ثَمَّ رَأَيْتَ نَعِيمًا وَمُلْكًا كَبِيرًا ﴿20﴾ عَالِيَهُمْ ثِيَابُ سُندُسٍ

تو دیکھے گا | اس جگہ کو | تو دیکھے گا | نعمتیں | اور بادشاہی | بڑی | ان پر ہوں گے | کپڑے | باریک ریشمی

سروسامان نظر آئے گا۔ جنتی لوگوں پر باریک اور موٹے

خُضْرٌ وَإِسْتَبْرَقٌ ۖ وَحُلُّوا أَسَاوِرَ مِن فِضَّةٍ وَسَقَاهُمْ

سبز | اور موٹے ریشمی | اور ان کو پہنائے جائیں گے | کنگن | کے | چاندی | اور پلائے گا ان کو

ریشم کا لباس ہوگا۔ انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ ان کا رب انہیں

رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا ﴿21﴾ إِنَّ هَٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَكَانَ سَعْيُكُم

ان کا رب | مشروب | پاکیزہ | بیشک | یہ | ہے | تمہارے لیے | بدلہ | اور ہے | تمہاری کوشش

پاکیزہ مشروب پلائے گا۔ ان سے کہا جائے گا'' یہ سب تمہارے اعمال کا صلہ ہے، تمہاری محنت

قرا حفص بغیر الالف فی الوصل فیہما ووقف علی الاول بالالف وعلی الثانی بغیر الالف 12

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1 ع 22 19

مَّشْكُوْرًا ﴿22﴾ ع اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ﴿23﴾ ج فَاصْبِرْ

قدردانی کی گئی | بیشک ہم | ہم نے | نازل کیا | تجھ پر | قرآن | نازل کرنا | پس تو صبر کر

مقبول ہوئی'' اے نبی ﷺ! ہم نے آپ پر یہ قرآن تھوڑا تھوڑا کر کے نازل کیا ہے۔ آپ ﷺ اپنے رب کے حکم

لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿24﴾ ج وَاذْكُرِ اسْمَ

فیصلے کا | اپنے رب کے | اور نہ | تو کہا مان | ان میں سے | کسی گناہگار | یا | کافر کا | اور تو ذکر کر | نام کا

پر صبر کریں ۔ ان میں سے کسی پاپی گناہ گار یا کافر کی بات نہ مانیں۔ صبح و شام اپنے

رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿25﴾ ج وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا

اپنے رب کے | صبح | اور شام | اور کو | رات | پس تو سجدہ کر | اسے | اور تو تسبیح کر اس کی | رات

رب کا ذکر کریں۔ رات کو بھی اُس کے حضور سجدہ ریز ہوں اور رات کا بڑا حصہ اس کی تسبیح

طَوِيْلًا ﴿26﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا

گئے تک | بیشک | یہ لوگ | چاہتے ہیں | جلدی (دنیا) کی | اور چھوڑ دیتے ہیں | اپنے پیچھے | دن

کرتے گزاریں ۔ یہ کافر لوگ دنیا چاہتے ہیں انہوں نے اپنے آگے آخرت کے بھاری دن کو

ثَقِيْلًا ﴿27﴾ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ج وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ

بھاری کو | ہم | ہم نے پیدا کیا ان کو | اور ہم نے مضبوط کئے | ان کے جوڑ بند | اور جب | ہم چاہیں گے | ہم بدل ڈالیں گے

چھوڑ رکھا ہے۔ مگر وہ یاد رکھیں، ہم نے انہیں پیدا کیا، ان کے جوڑ بند مضبوط کیے۔ ہم جب چاہیں گے انہیں ہلاک کر کے ان کی جگہ

اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿28﴾ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ج فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى

ان جیسوں کو | بدل ڈالنا | بیشک | یہ ہے | یاد دہانی | پھر جو کوئی | وہ چاہے | پکڑے | طرف

اور لوگوں کو لے آئیں گے۔ لوگو، یہ قرآن ایک نصیحت ہے۔ لہٰذا جو شخص چاہے اپنے رب کا سیدھا راستہ اختیار کرے۔ یاد رکھو،

رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿29﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ

اپنے رب کی | راہ | اور نہیں | تم چاہتے | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | بیشک | اللہ

تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ نہ چاہے۔ بے شک اللہ

كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿30﴾ ق يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ط وَالظّٰلِمِيْنَ

ہے | خوب جاننے والا | خوب حکمت والا | وہ داخل کرتا ہے | جسے | وہ چاہتا ہے | میں | اپنی رحمت | اور ظالم لوگ

جاننے والا حکمت والا ہے۔ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت کے سائے میں لے لیتا ہے ۔ لیکن نافرمانوں کے لئے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2 ع 9 20

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ﴿31﴾ ع

اس نے تیار کیا | ان کے لیے | عذاب | دردناک۔

اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

(77) سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ (33)

اٰیَاتُهَا 50 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿1﴾ فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿2﴾ وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿3﴾

قسم ہواؤں کی جو چلتی ہیں | نرمی سے | پھر تیز چلنے والیوں کی | تیز چلنا | اور (بادل) پھیلانے والیوں کی | (بادل) پھیلانا

گواہ ہیں ہوائیں جیسے فرشتے جنہیں نیکی کا پیغام دے کر بھیجا جاتا ہے، جو باطل کو اڑا کر رکھ دیتے ہیں اور وہ فرشتے بھی جو مردہ شے

فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿4﴾ فَالْمُلْقِیٰتِ ذِكْرًا ﴿5﴾ عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿6﴾

پھر جدا کرنیوالیاں مینہ کو | جدا کرنا | پھر ان کی جو ڈالنے والے ہیں | ذکر کو | اتمام حجت کیلئے | یا | خبردار کرنے کیلئے

میں زندگی کی لہر دوڑا دیتے ہیں۔ اور وہ بھی جو حق و باطل میں فرق کر دیتے ہیں، اور وہ بھی جو وحی نازل کرتے ہیں تاکہ لوگوں کو عذاب

اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿7﴾ فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿8﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ

بیشک جو کچھ | تم سے وعدہ کیا جاتا ہے | ضرور ہونے والا ہے | پھر جب | ستارے | مٹا دیے جائیں گے | اور جب | آسمان

سے بچایا جائے یا ان کو خبردار کر دیا جائے کہ اے لوگو تم سے جس قیامت کا وعدہ کیا جاتا ہے وہ ضرور واقع ہو کر رہے گی۔ اس وقت

فُرِجَتْ ﴿9﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿10﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿11﴾ لِاَیِّ

کھولا جائے گا | اور جب | پہاڑ | اُڑائے جائیں گے | اور جب | رسولوں کو | وقت مقررہ پر لایا جائیگا | واسطے کس

ستارے بے نور ہو جائیں گے، آسمان پھٹ جائے گا، پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے، پیغمبر مقررہ وقت پر جمع کیے جائیں گے۔

یَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿12﴾ لِیَوْمِ الْفَصْلِ ﴿13﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الْفَصْلِ ﴿14﴾

دن کے | وعدہ دیئے گئے ہیں | دن کے لیے | فیصلے کے | اور کیا | جانے تو | کیا ہے | دن | فیصلے کا

لیکن ان باتوں میں دیر کس لیے ہے؟ فیصلے کے دن کے لیے اور تم کیا سمجھے وہ فیصلے کا دن کیا ہے؟ تباہی ہے اُس دن جھٹلانے والوں

وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿15﴾ اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِیْنَ ﴿16﴾ ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ

ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | کیا نہیں | ہم نے ہلاک کیا | پہلوں کو | پھر | ہم پیچھے چلاتے ہیں انکے

کے لیے۔ کیا ہم نے پہلی قوموں کو ہلاک نہیں کیا؟ ہم یہی سلوک بعد والوں کے ساتھ کریں گے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْاٰخِرِیْنَ ﴿17﴾ كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِیْنَ ﴿18﴾ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿19﴾

بعد میں آنے والوں کو | اسی طرح | ہم کرتے ہیں | ساتھ مجرموں کے | ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے

مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی برتاؤ کرتے ہیں ۔ تباہی ہے اُس دن جھٹلانے والوں کے لیے۔

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ﴿20﴾ فَجَعَلْنٰهُ فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ﴿21﴾

کیا نہیں | ہم نے پیدا کیا تم کو | سے | پانی | حقیر | پھر ہم نے رکھا اسے | میں | جگہ | مضبوط کے

کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی سے پیدا نہیں کیا؟ پھر اُس نطفے کو محفوظ جگہ میں رکھا ، مقررہ

اِلٰی قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿22﴾ فَقَدَرْنَا ۖ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿23﴾ وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ

تک | ایک وقت | معلوم | پھر ہم نے اندازہ رکھا | پس کیا ہی اچھا | اندازہ کرنیوالے ہیں (ہم) | ہلاکت ہے | اس دن

مُدّت تک کے لیے۔ پھر ہم نے اس کے بارے میں اندازہ مقرر کیا۔ ہم کیسا اچھا اندازہ کرنے والے ہیں۔ اس دن تباہی ہے

لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿24﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ﴿25﴾ اَحْیَآءً وَّ اَمْوَاتًا ﴿26﴾

جھٹلانے والوں کے لیے | کیا نہیں | ہم نے بنائی | زمین | سمیٹنے والی | زندوں کو | اور مردوں کو

جھٹلانے والوں کے لیے۔ کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا؟ جو زندوں کو بھی سمیٹے ہوئے ہے اور مردوں کو بھی۔

وَّ جَعَلْنَا فِیْهَا رَوَاسِیَ شٰمِخٰتٍ وَّ اَسْقَیْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ﴿27﴾ وَیْلٌ

اور ہم نے بنائے | اس میں | پہاڑ | بلند | اور ہم نے پلایا تمہیں | پانی | پیاس بجھانے والا | ہلاکت ہے

ہم نے اس میں اونچے پہاڑ بنا دیئے۔ تم لوگوں کو میٹھا خوشگوار پانی پلایا۔ لیکن تباہی ہے اس

یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِیْنَ ﴿28﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰی مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿29﴾

اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | تم چلو | طرف | اس کی | تم تھے | جس کو | تم جھٹلاتے

دن جھٹلانے والوں کے لیے۔ اس دن حکم ہوگا جھٹلانے والوں کو" چلو دوزخ کی طرف جسے تم جھٹلاتے تھے۔ چلو دھوئیں کے تین

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰی ظِلٍّ ذِیْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿30﴾ لَّا ظَلِیْلٍ وَّ لَا یُغْنِیْ مِنَ

تم چلو | طرف | سایہ | والے | تین | شاخوں کی | نہ | سایہ دینے والا | اور نہ | وہ بچائے | سے

شاخوں والے سائے کی طرف جس میں نہ سائے کی ٹھنڈک ہے، نہ وہ شعلوں کی لپیٹ سے بچاتا ہے۔ اس میں سے اتنے بڑے

اللَّهَبِ ﴿31﴾ اِنَّهَا تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿32﴾ كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿33﴾

آگ کے شعلے | بیشک وہ | پھینکتی ہے | چنگاریاں | جیسے محل | گویا کہ وہ ہیں | اونٹ | زرد

انگارے برس رہے ہوں گے جیسے اونچے محل۔ دور سے ایسے دکھائی دیں گے جیسے زردی مائل سیاہ رنگ کے اونٹ تباہی ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿34﴾ هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿35﴾ وَلَا يُؤْذَنُ

ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | یہ | دن ہے کہ | نہیں | وہ بولیں گے | اور نہ | اجازت دی جائیگی

اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔ اس دن وہ لوگ کوئی بات نہ کر سکیں گے۔ نہ انہیں اجازت ہو گی کہ

لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿36﴾ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿37﴾ هٰذَا يَوْمُ

اُن کو کہ | وہ عذر پیش کر سکیں | ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | یہ ہے | دن

کوئی عذر پیش کر سکیں۔ اس دن تباہی ہے جھٹلانے والوں کے لئے۔ ارشاد ہو گا ”یہ فیصلے کا دن ہے۔ ہم نے تمہیں اور تم سے پہلے

الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿38﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿39﴾

فیصلے کا | ہم نے جمع کیا تمہیں | اور پہلوں کو | پھر اگر | ہے | تمہاری کوئی | چال | تو چال چلو میرے خلاف

گزرے ہوئے سب لوگوں کو جمع کیا ہے۔ اب تم میرے خلاف کوئی چال چل سکتے ہو تو چل دیکھو“ تباہی ہے اس دن جھٹلانے

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿40﴾ ع اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿41﴾ ع 1 40 21

ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | بیشک | پرہیزگار | میں | سایوں | اور چشموں میں ہوں گے

والوں کے لئے۔ البتہ جو لوگ اللہ سے ڈرنے والے ہیں، وہ سایوں اور چشموں کے عیش میں ہوں گے۔ انہیں اپنی پسند کے پھل

وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿42﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ

اور پھلوں میں | اُس سے جو | وہ چاہیں گے | تم کھاؤ | اور پیو | مزے سے | بدلے میں اسکے جو | تم تھے

میوے ملیں گے۔ ان سے کہا جائے گا کھاؤ پیو مزے سے، اپنے اُن اعمال کے صلے میں جو تم نے دنیا میں کیے۔

تَعْمَلُوْنَ ﴿43﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿44﴾ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ

تم کرتے | بیشک ہم | اسی طرح | ہم بدلہ دیتے ہیں | نیکی کرنیوالوں کو | ہلاکت ہے | اس دن

نیک لوگوں کو ہم ایسا ہی صلہ دیں گے۔ مگر اس دن تباہی ہے جھٹلانے والوں کے لئے۔

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿45﴾ كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿46﴾

جھٹلانے والوں کے لیے | تم کھاؤ | اور تم فائدہ اٹھاؤ | تھوڑا سا | بیشک تم ہو | مجرم

اے نافرمانو! آج دنیا میں کھا پی لو۔ کچھ دن عیش کر لو۔ بے شک تم مجرم ہو۔

وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿47﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا

ہلاکت ہے | اس دن | جھٹلانے والوں کے لیے | اور جب | کہا جاتا ہے | ان کو | تم رکوع کرو

یاد رکھو اس دن تباہی ہے جھٹلانے والوں کے لیے۔ جب ان سے کہا جاتا ہے اپنے رب کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿48﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿49﴾ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ

نہیں وہ رکوع کرتے	ہلاکت ہے	اس دن	جھٹلانے والوں کے لیے	پس ساتھ کس	بات کے

آگے جھکو تو نہیں جھکتے۔ اس دن تباہی ہے جھٹلانے والوں کے لئے تو اس قرآن کے بعد وہ

بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿50﴾ ع 2 10 22

اس کے بعد	وہ ایمان لائیں گے

کس بات پر ایمان لائیں گے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(78) سُوْرَةُ النَّبَاِ مَكِّيَّةٌ (80)

اٰيَاتُهَا 40 — رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿1﴾ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ﴿2﴾ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ﴿3﴾

کس بارے میں | آپس میں پوچھتے ہیں | بارے میں | خبر | بڑی کے | جس میں | وہ | اُس میں | اختلاف کرتے ہیں

کافر لوگ کس چیز کے بارے میں پوچھتے ہیں؟ کیا قیامت کی اس بڑی خبر کے بارے میں جس میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿4﴾ ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿5﴾ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ

ہرگز نہیں | جلد وہ جان لیں گے | پھر | ہرگز نہیں | جلد وہ جان لیں گے | کیا نہیں | ہم نے بنایا | زمین کو

اچھا انہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔ انہیں جلد پتہ چل جائے گا۔ کیا تم دیکھتے نہیں ہم نے زمین کو

مِهٰدًا ﴿6﴾ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿7﴾ وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ﴿8﴾ وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ

بچھونا | اور پہاڑوں کو | میخیں | اور ہم نے پیدا کیا تمہیں | نر اور مادہ | اور ہم نے بنایا | نیند تمہاری کو

فرش بنایا۔ پہاڑوں کو میخوں کے طور پر گاڑ دیا۔ تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا۔ تمہارے آرام کے لیے

سُبَاتًا ﴿9﴾ وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ﴿10﴾ وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ﴿11﴾ وَّبَنَيْنَا

ذریعہ آرام | اور ہم نے بنایا | رات کو | پردہ | اور ہم نے بنایا | دن کو | وقت معاش | اور ہم نے بنائے

نیند بنائی۔ رات کا پردہ بنایا۔ دن کو کمائی کرنے کے لیے بنایا۔ ہم نے تمہارے اوپر

فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ﴿12﴾ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿13﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ

تمہارے اُوپر | سات آسمان | سخت | اور ہم نے بنایا | چراغ (سورج) | روشن | اور ہم نے اتارا | سے

سات مضبوط آسمان بنائے۔ سورج کا چمکتا ہوا چراغ بنایا۔ ہم نے پانی بھرے بادلوں

الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿14﴾ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿15﴾ وَّجَنّٰتٍ

بھرے بادلوں سے | پانی | موسلا دھار | تاکہ ہم نکالیں | اس کے ذریعے | اناج | اور بوٹیاں | اور باغات

سے زور دار بارش برسائی اور اُگایا اُس کے ذریعے غلہ، سبزہ اور گھنے

اَلْفَافًا ﴿16﴾ اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿17﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ

گھنے | بے شک | دن | فیصلے کا | ہے | مقرر وقت پر | جس دن | پھونکا جائے گا | میں | صور

باغ۔ بے شک فیصلے کا دن مقرر ہے۔ جس دن صُور پھونکا جائے گا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ﴿18﴾ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ أَبْوَابًا ﴿19﴾ وَّسُيِّرَتِ

پھر تم آؤ گے | فوج در فوج | اور کھولا جائے گا | آسمان | پھر ہو جائیں گے | دروازے | اور چلائے جائینگے

پھر تم گروہ کے گروہ چلے آؤ گے۔ آسمان کھول دیا جائے گا۔ اس میں دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے۔ پہاڑ چلا

الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿20﴾ إِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿21﴾ لِّلطَّاغِينَ

پہاڑ | پھر وہ ہو جائیں گے | سراب | بے شک | دوزخ | ہے | گھات میں لگی ہوئی | سرکشوں کے لیے

دیے جائیں گے اور ریت کی طرح ہو جائیں گے۔ بے شک دوزخ گھات میں ہے۔ جو سرکشوں کا

مَآبًا ﴿22﴾ لَّابِثِينَ فِيهَآ أَحْقَابًا ﴿23﴾ لَا يَذُوقُونَ فِيهَا بَرْدًا

ٹھکانہ ہے | وہ رہیں گے | اس میں | طویل زمانوں تک | نہ | وہ چکھیں گے | اس میں | ٹھنڈک

ٹھکانا ہے۔ اس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے ۔ اس میں انہیں ٹھنڈک نصیب ہوگی ، نہ پینے

وَّلَا شَرَابًا ﴿24﴾ إِلَّا حَمِيمًا وَّغَسَّاقًا ﴿25﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿26﴾ إِنَّهُمْ كَانُوا

اور نہ مشروب | مگر | کھولتا پانی | اور پیپ | یہ بدلہ ہے | پورا | بے شک وہ | تھے

کو کچھ ملے گا۔ ملے گا تو کھولتا پانی اور پیپ۔ یہ ہوگا ان کے برے اعمال کا بدلہ کیونکہ انہیں آخرت

لَا يَرْجُونَ حِسَابًا ﴿27﴾ وَّكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا كِذَّابًا ﴿28﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ

نہ ڈرتے | حساب سے | اور وہ جھٹلاتے تھے | ہماری نشانیوں کو | جھٹلانا | اور ہر | چیز | ہم نے حساب کیا اسکا

کے حساب کا ڈر نہ تھا۔ انہوں نے ہماری آیتوں کو بالکل جھٹلا دیا تھا۔ ہم نے ہر چیز کا حساب

كِتَابًا ﴿29﴾ فَذُوقُوا فَلَن نَّزِيدَكُمْ إِلَّا عَذَابًا ﴿30﴾ إِنَّ لِلْمُتَّقِينَ ع 1 30 1

لکھ کر | اب تم چکھو عذاب | پس ہرگز نہ | ہم زیادہ کرینگے تم کو | مگر | عذاب میں | بے شک | پرہیزگاروں کیلئے

لکھ رکھا ہے۔ پھر ان سے کہا جائے گا "اب چکھو اپنے کیے کا مزا، تمہارے لیے عذاب ہی عذاب ہے"۔ بے شک اللہ سے ڈرنے

مَفَازًا ﴿31﴾ حَدَآئِقَ وَأَعْنَابًا ﴿32﴾ وَّكَوَاعِبَ أَتْرَابًا ﴿33﴾ وَّكَأْسًا دِهَاقًا ﴿34﴾

کامیابی | باغ ہیں | اور انگور ہیں | اور نوجوان عورتیں ہیں | ہم عمر | اور جام ہیں | بھرے ہوئے

والوں کے لیے بڑی کامیابی ہے۔ انکے لئے باغ اور انگور ہوں گے۔ نوجوان ہم عمر حوریں ہوں گی۔ چھلکتے جام ہوں گے۔

لَّا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا وَّلَا كِذَّابًا ﴿35﴾ جَزَآءً مِّن رَّبِّكَ عَطَآءً

نہ | وہ سنیں گے | اس میں | بیہودہ بات | اور نہ | جھٹلانا | یہ بدلہ ہے | طرف سے | تیرے رب کی | عنایت ہے

وہاں وہ کوئی بیہودہ اور جھوٹی بات نہ سنیں گے۔ یہ صلہ ملے گا اے نبی آپ ﷺ کے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حِسَابًا ﴿36﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ

حساب سے | رب ہے | آسمانوں کا | اور زمین کا | اور جو کچھ | درمیان دونوں کے | وہ رحمٰن ہے | نہ | وہ اختیار پائینگے

رب کی طرف سے لوگوں کو ان کے نیک اعمال کا اور مزید نعمتیں بھی ملیں گی، اُس رحمٰن کی طرف سے جو آسمانوں اور زمین کا مالک

مِنْهُ خِطَابًا ﴿37﴾ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ

اس سے | بات کرنے کا | اس دن | کھڑے ہونگے | روح | اور فرشتے | صف باندھے | نہ | وہ کلام کرسکیں گے

ہے۔جس سے بات کرنے کی کسی میں ہمت نہیں۔ اس دن جبرئیل اور دوسرے فرشتے صف بستہ کھڑے ہوں گے۔کوئی بول

اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿38﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ فَمَنْ

مگر | جسے | اجازت دے | اسکے لیے | رحمٰن | اور وہ کہے | درست بات | یہ ہے | دن | برحق | پھر جو کوئی

نہ سکے گا، مگر وہی جسے اللہ رحمٰن بولنے کی اجازت دے گا اور وہ ٹھیک بات کہے گا۔وہ دن برحق ہے۔اب جو کوئی

شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿39﴾ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا يَّوْمَ

چاہے | پکڑے | طرف | اپنے رب کی | ٹھکانہ | بے شک ہم | ہم نے خبردار کردیا تمہیں | عذاب | قریبی سے | جس دن

چاہے اپنے رب کے ہاں اپنے لیے اچھا ٹھکانا بنانے کی کوشش کرے۔لوگو ہم نے تمہیں قریب آجانے والے قیامت کے عذاب

يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿40﴾ 2 ع 10 2

دیکھے گا | ہر شخص | جو کچھ | بھیجا تھا | اُس کے ہاتھوں نے | اور کہے گا | کافر | اے کاش مجھے کہ | میں ہوتا | مٹی

سے ڈرا دیا ہے۔جس دن آدمی دیکھ لے گا جو کچھ اس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا۔اور کافر کہے گا "اے کاش میں مٹی ہوتا"۔

(79) سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ (81)

اٰيَاتُهَا 46 | رُكُوْعَاتُهَا 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿1﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿2﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿3﴾ فَالسّٰبِقٰتِ

قسم ہے کھینچنے والوں کی | ڈوب کر | اور قسم ہے کھولنے والوں | آسانی سے | اور قسم تیرنے والوں کی | تیزی سے | پھر آگے نکلنے والے

قسم ہے ان فرشتوں کی جو سختی سے کافر کی جان نکالتے ہیں، جو نرمی کے ساتھ مومن کی روح قبض کرتے ہیں، جو کائنات میں

سَبْقًا ﴿4﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿5﴾ يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿6﴾ تَتْبَعُهَا

بھاگتے ہوئے | پھر جو تدبیر کرتے ہیں | کام کی | جس دن | کانپے گی | کانپنے والی | پیچھے آئے گی اسکے

تیز رفتاری سے چلتے پھرتے ہیں، جو حکم بجالانے کے لئے ایک دوسرے سے آگے بڑھتے ہیں۔جو حکم کے مطابق کام چلاتے ہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقف لازم الرَّادِفَةُ ۭ (7) قُلُوْبٌ يَّوْمَىِٕذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ (8) اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ (9) يَقُوْلُوْنَ

پیچھے آنے والی | دل ہوں گے | اس دن | دھڑکتے | نگاہیں انکی ہوں گی | جھکی ہوئی | وہ کہتے ہیں

کہ قیامت آ کر رہے گی۔ لوگو اس دن سے ڈرو جب سخت زلزلہ آئے گا۔ اس کے بعد ایک دوسرا جھٹکا آئے گا۔ اس دن کتنے دل

ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۭ (10) ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۭ (11) قَالُوْا

کیا ہم | ضرور لوٹائے جائیں گے | میں | حالت پہلی | کیا جب | ہم ہوں گے | ہڈیاں | گلی ہوئی | وہ کہتے ہیں

خوف کے مارے دھڑک رہے ہوں گے، نظریں جھکی اور سہمی ہوئی ہوں گی۔ کافر لوگ اعتراض کرتے ہوئے پوچھتے ہیں ''کیا ہمیں

وقف لازم تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ (12) فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ (13) فَاِذَا هُمْ

یہ | اس وقت | واپسی ہے | نقصان دہ | پس بے شک | وہ ہے | ڈانٹ | ایک ہی | پھر اچانک | وہ ہونگے

دوبارہ زندگی کی طرف لوٹایا جائے گا۔ جب ہم بوسیدہ ہڈیاں بن چکے ہوں گے'' اور وہ کہتے ہیں ''اچھا، تو پھر یہ واپسی تو بڑے

وقف لازم بِالسَّاهِرَةِ ۭ (14) هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ۘ (15) اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ

میدان میں | کیا | آئی تیرے پاس | بات | موسیٰ کی | جب آواز دی اسکو | اس کے رب نے | وادی

گھاٹے کی ہوگی۔ مگر وہ قیامت ایک دھماکے کی طرح آئے گی۔ اس کے بعد سب لوگ حشر کے میدان میں پہنچ جائیں گے۔ اے

الْمُقَدَّسِ طُوًى ۚ (16) اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ۖ (17) فَقُلْ هَلْ

پاک | طویٰ میں | تو جا | طرف | فرعون کی | بے شک وہ | سرکش ہوا ہے | پس تو کہہ | کیا

نبی ﷺ کیا آپ ﷺ کے پاس موسیٰ ؑ کا قصہ پہنچا؟ جب ان کے رب نے انہیں طُور کی پاک وادی طویٰ میں پکارا اے موسیٰ ؑ فرعون کی

لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ۙ (18) وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ۚ (19) فَاَرٰىهُ

تیرے لیے ہے | اس طرف | کہ | تو پاک ہو | اور میں ہدایت دوں تجھے | کی طرف | تیرے رب | تا کہ تو ڈرے | پھر دکھائی اسکو

طرف جائیں وہ سرکش ہو گیا ہے۔ اسے کہیں ''کیا تم چاہتے ہو تمہاری اصلاح ہو؟ میں تمہیں تمہارے رب کی راہ دکھاؤں تا کہ تم اس

الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ۖ (20) فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۖ (21) ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ۖ (22) فَحَشَرَ

نشانی | بڑی | پھر اس نے جھٹلایا | اور نافرمانی کی | پھر | پیٹھ پھیری | دوڑتے ہوئے | پھر جمع کیا

سے ڈرنے والے بنو۔'' پھر موسیٰ ؑ نے جا کر اسے عصا کا بڑا معجزہ دکھایا۔ مگر فرعون نے جھٹلایا۔ وہ نہ مانا۔ پھر وہ پلٹا اور موسیٰ ؑ کے خلاف

فَنَادٰى ۖ (23) فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ۖ (24) فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

پھر پکارا | پھر اس نے کہا | میں ہوں | تمہارا رب | سب سے بلند | پھر پکڑا اسے | اللہ نے | عذاب | آخرت میں

تدبیریں کرنے لگا۔ پھر اس نے اپنے لوگوں کو جمع کیا، پکارا اور کہا ''میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔'' پھر اللہ نے اسے دنیا اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالْاُوْلٰى ﴿25﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿26﴾ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ

اور دنیا کے | بے شک | بیچ | اسکے ہے | البتہ عبرت | اس کیلئے جو | وہ ڈرے | کیا تم ہو | زیادہ مشکل

آخرت کے عذاب میں پکڑا۔ بے شک اس واقعے میں بڑی عبرت ہے، اس شخص کے لئے جو اللہ سے ڈرتا ہو۔ لوگو، کیا تمہیں دوبارہ

خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۚ بَنٰىهَا ﴿27﴾ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿28﴾ وَاَغْطَشَ

بنانے میں | یا | آسمان | بنایا اسکو | بلند کی | اس کی چھت | پھر برابر کر دیا اسکو | اور ڈھانک دی اس

پیدا کرنا اللہ کے لئے زیادہ مشکل ہے یا آسمان کو پیدا کرنا؟ جسے اللہ نے بنایا۔ اس کی بلندی کو اونچا کیا۔ پھر اسے درست بنایا۔ رات کو

لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿29﴾ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿30﴾ اَخْرَجَ

اس کی رات | اور نکالا | اُس کی روشنی (دن) کو | اور زمین | بعد | اسکے | بچھا دیا اسکو | نکالا

تاریک بنایا۔ دن کو روشن کر دیا۔ اس کے علاوہ زمین کو بچھایا۔ اس میں سے

مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿31﴾ وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿32﴾ مَتَاعًا لَّكُمْ

اس سے | پانی اسکا | اور چارہ اسکا | اور پہاڑوں کو | اس نے گاڑ دیا | فائدہ | تمہارے لیے

پانی اور چارا نکالا۔ اور پہاڑوں کو قائم کر دیا۔ یہ سب کچھ تمہارے فائدے کے لئے کیا اور تمہارے

وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿33﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿34﴾ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ

اور تمہارے جانوروں کے لیے | پھر جب | آئے گی | آفت | بڑی | اس دن | یاد کرے گا

مویشیوں کی خاطر۔ پھر جب قیامت کا وہ بڑا ہنگامہ برپا ہو گا۔ اس دن انسان کو اپنا کیا ہوا

الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿35﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ﴿36﴾ فَاَمَّا مَنْ

انسان | جو | اس نے کوشش کی | اور ظاہر کی جائے گی | دوزخ | اس کے لیے جو دیکھے گا | پھر لیکن | جس نے

سب کچھ یاد آ جائے گا۔ دوزخ ان لوگوں کے سامنے ظاہر کی جائے گی جو اس سے دوچار ہوں گے۔ جس نے

طَغٰى ﴿37﴾ وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿38﴾ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿39﴾ وَاَمَّا

سرکشی کی | اور ترجیح دی | زندگی کو | دنیا کی | تو بے شک | دوزخ ہے | اسکا | ٹھکانہ | اور لیکن

سرکشی کی اور دنیا کی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی، اس کا ٹھکانا دوزخ ہو گا۔ مگر جو

مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿40﴾ فَاِنَّ الْجَنَّةَ

جو کوئی | ڈرا | کھڑے ہونے سے | اپنے رب کے سامنے | اور روکا | نفس کو | سے | خواہش | تو بے شک | جنت ہے

اپنے رب کے سامنے پیش ہونے سے ڈرتا رہا۔ اپنے جی کو ناجائز خواہشوں سے روکتا رہا۔ اس کا ٹھکانا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هِيَ الْمَاْوٰى ﴿41﴾ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿42﴾ فِيْمَ اَنْتَ

(اس کا) وہ | ٹھکانہ | وہ پوچھتے ہیں تجھ سے | بارے میں | قیامت کی گھڑی کے | کب ہے | اسکا ٹھہرنا | کس میں | تو ہے

جنت ہوگا۔ اے نبی ﷺ کفار آپ ﷺ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کب آئے گی؟ تو آپ ﷺ کو قیامت آنے کے

مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿43﴾ اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿44﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿45﴾

سے | اس کی یاد | طرف | تیرے رب کی ہے | انتہا اسکی | بیشک صرف | تو ہے | خبردار کرنیوالا | اسے جو | ڈرتا ہے اس سے

وقت سے کیا کام؟ یہ معاملہ آپ ﷺ کے رب کے حوالے ہے۔ آپ ﷺ کا کام ان لوگوں کو خبردار کرنا ہے جو قیامت سے ڈریں۔

كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿46﴾ ع 2 20 4

گویا کہ وہ | جس دن | وہ دیکھیں گے اسے | نہیں | وہ رہے | مگر | ایک شام | یا | اس کی صبح

جس دن یہ کافر لوگ اپنی آنکھوں سے قیامت کو دیکھ لیں گے، ایسا معلوم ہوگا گویا دنیا میں ایک شام یا ایک صبح سے زیادہ نہیں رہے۔

(80) سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ (24)

اٰیاتُھا 42 | رُکُوْعَاتُھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿1﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿2﴾ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿3﴾

تیوری چڑھائی | اور منہ موڑا | کہ | آیا اسکے پاس | نابینا | اور کیا | معلوم تجھ کو | شاید کہ وہ | پاک ہو جائے

نبی ﷺ نے ناگواری محسوس کی اور منہ موڑا، اس بات پر کہ ایک نابینا صحابی مجلس میں آپ ﷺ کے پاس آ گیا۔ اے نبی ﷺ

اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿4﴾ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿5﴾ فَاَنْتَ لَهٗ

یا | وہ نصیحت پاتا | پھر اُسے فائدہ دیتی | نصیحت | مگر | جو شخص | پروا نہیں کرتا | پس تو | اس کیلئے

آپ ﷺ کو کیا معلوم، شاید وہ سُدھر جائے۔ یا نصیحت سنے اور وہ نصیحت اس کے کام آ جائے۔ دوسری طرف جو شخص دین سے

تَصَدّٰى ﴿6﴾ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿7﴾ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ﴿8﴾

فکرمند ہے | اور نہیں | تجھ پر | اگر نہ | وہ پاک ہو | اور مگر | جو | آیا تیرے پاس | دوڑتا ہوا

لاپرواہی کرتا ہے آپ ﷺ اس کی فکر میں پڑتے ہیں۔ حالانکہ اگر وہ نہ سنورے تو آپ ﷺ پر کچھ الزام نہیں۔ لیکن جو شخص آپ

وَهُوَ يَخْشٰى ﴿9﴾ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ﴿10﴾ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿11﴾ فَمَنْ

اور وہ | وہ ڈرتا ہے | پس تو | اس سے | بے توجہی کرتے | ایسا ہرگز نہیں | بے شک یہ | یاددہانی ہے | پس جو کوئی

کے پاس شوق سے آتا ہے۔ اللہ سے ڈرتا ہے۔ آپ ﷺ اس سے بے رُخی کرتے ہیں۔ لوگو! یہ قرآن ایک نصیحت ہے۔ اب جس کا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿12﴾ فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ﴿13﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍۭ ﴿14﴾ بِاَیْدِیْ

چاہے | یاد کرے اسکو | میں | صحیفوں | احترام والے | بلند درجہ | پاک | ہاتھوں میں

جی چاہے اس سے ہدایت حاصل کرے۔ یہ ان صحیفوں میں درج ہے جو تعظیم کے لائق ہیں۔ بلند مرتبہ اور پاکیزہ ہیں۔ وہ لکھنے والے

سَفَرَةٍ ﴿15﴾ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ﴿16﴾ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿17﴾ مِنْ اَیِّ

لکھنے والوں کے | باعزت | نیکوکار | ہلاک ہو | انسان | کتنا | ناشکرا ہے وہ | سے | کس

ایسے فرشتوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں جو معزز اور نیک ہیں۔ برا ہو کافر آدمی کا، کیسا ناشکرا ہے وہ ذرا سوچے

شَیْءٍ خَلَقَهٗ ﴿18﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿19﴾ ثُمَّ السَّبِیْلَ

چیز | پیدا کیا ہے اسکو | سے | نطفے | پیدا کیا ہے اسکو | پھر اندازہ کیا اُس کا | پھر | راہ

اللہ نے اسے کس چیز سے پیدا کیا؟ حقیر بوند سے اسے پیدا کیا۔ پھر مناسب اندازے سے بنایا۔ پھر اس کے لیے ہدایت کی راہ

یَسَّرَهٗ ﴿20﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿21﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿22﴾ كَلَّا لَمَّا

آسان کی اسکی | پھر | موت دی اسکو | پھر اُسے قبر میں ڈالا | پھر | جب | چاہے گا | زندہ اٹھائے گا اسکو | ہرگز نہیں | ابھی تک نہیں

آسان کردی۔ اسے ایک خاص وقت پر موت دی۔ پھر اسے قبر میں دفن کرادیا۔ پھر جب اللہ چاہے گا اسے دوبارہ زندہ کردے گا۔

یَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ﴿23﴾ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰی طَعَامِهٖ ﴿24﴾ اَنَّا صَبَبْنَا

پورا کیا | جو | حکم دیا اسکو | پس چاہئے کہ دیکھے | انسان | طرف | اپنے کھانے کی | کہ ہم نے | اوپر سے ڈالا

ایسا ہرگز نہیں کہ قیامت برپا نہ ہو۔ مگر انسان کا حال یہ ہے اس نے وہ کام نہیں کیا جس کا اللہ نے اسے حکم دیا۔ انسان اپنی غذا ہی کو

الْمَآءَ صَبًّا ﴿25﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿26﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِیْهَا حَبًّا ﴿27﴾

پانی | گرتا ہوا | پھر | ہم نے پھاڑا | زمین کو | پھاڑنا | پھر ہم نے اگائے | اس میں | اناج

دیکھ لے۔ جسے تیار کرنے کے لئے ہم نے اوپر سے اچھی طرح پانی برسایا۔ پھر زمین کو پھاڑا۔ پھر اس سے اگائے غلے،

وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿28﴾ وَّزَیْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿29﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿30﴾ وَّفَاكِهَةً

اور انگور | اور سبزی ترکاری | اور زیتون | اور کھجوریں | اور باغات | گھنے | اور پھل

انگور، ترکاریاں، زیتون، کھجوریں، گھنے باغات، پھل میوے اور سبزہ۔ یہ سب

وَّاَبًّا ﴿31﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿32﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿33﴾ یَوْمَ

اور چارہ | فائدہ ہے | تمہارے لیے | اور تمہارے جانوروں کے لیے | پھر جب | آئے گی | کان پھاڑنے والی آواز | اس دن

کچھ پیدا کیا تمہارے لئے اور تمہارے مویشیوں کے لیے۔ پھر جب وہ کانوں کو بہرا کردینے والا صُور پھونکا جائے گا تو انسان

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿34﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿35﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿36﴾

بھاگے گا | آدمی | سے | اپنے بھائی | اور اپنی ماں سے | اور اپنے باپ سے | اور اپنی بیوی سے | اور اپنے بیٹوں سے

بھاگے گا اپنے بھائی سے، اپنی ماں سے، اپنے باپ سے، اپنی بیوی سے اور اپنے بیٹوں سے۔

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿37﴾ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ

ہر | شخص کے لیے | ان میں سے | اس دن | ایک حالت جو | بے نیاز کرے گی اُس کو | کئی چہرے | اس دن

اس دن ہر شخص کو اپنی پڑی ہو گی۔ کچھ چہرے اس دن روشن ہوں گے۔ ہنستے ہوئے، خوشیاں

مُّسْفِرَةٌ ﴿38﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿39﴾ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿40﴾

روشن ہوں گے | ہنستے | خوش وخرم | اور کئی چہرے | اس دن | اُن پر ہوگا | گرد وغبار

مناتے ہوئے۔ کچھ چہروں پر اس دن خاک اُڑ رہی ہو گی۔

تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿41﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿42﴾ ع 1 / 42 / 5

ڈھانک لے گی انکو | سیاہی | یہ لوگ | وہ ہیں | کافر | برے عمل کرنے والے

اس پر سیاہی چھائی ہو گی۔ وہ کافر نافرمان لوگ ہوں گے۔

(81) سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ (7)

اٰيَاتُهَا 29 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿1﴾ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿2﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ

جب | سورج | لپیٹا جائے گا | اور جب | تارے | گہنا جائیں گے | اور جب | پہاڑ

جب سورج لپیٹ دیا جائے گا، جب تارے بے نور ہو جائیں گے، جب پہاڑ چلائے

سُيِّرَتْ ﴿3﴾ وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿4﴾ وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ﴿5﴾ وَاِذَا

چلائے جائیں گے | اور جب | دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں | بے کار چھوڑ دی جائیں گی | اور جب | وحشی جانور | اکٹھے کئے جائیں گے | اور جب

جائیں گے۔ جب دس مہینے کی گابھن اونٹنیاں آوارہ پھریں گی، جب وحشی جانور ڈر کے مارے اکٹھے ہو جائیں گے، جب

الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ﴿6﴾ وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿7﴾ وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿8﴾

سمندر | اُبل پڑیں گے | اور جب | جانیں | ملائی جائیں گی | اور جب | زندہ گاڑی ہوئی سے | پوچھا جائے گا

سمندر بھڑکا دیے جائیں گے، جب روحوں کو جسموں سے دوبارہ ملا دیا جائے گا، جب زندہ گاڑی گئی بچی سے پوچھا جائے گا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِاَیِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۚ﴿9﴾ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۙ﴿10﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ

کون سے | گناہ پر | قتل کی گئی وہ | اور جب | اعمال نامے | کھولے جائیں گے | اور جب | آسمان کی

کہ وہ کس گناہ پر ماری گئی ؟ جب لوگوں کے اعمال نامے کھولے جائیں گے ، جب آسمان کا پردہ

كُشِطَتْ ۙ﴿11﴾ وَاِذَا الْجَحِیْمُ سُعِّرَتْ ۙ﴿12﴾ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۙ﴿13﴾ عَلِمَتْ

کھال اتاری جائے گی | اور جب | دوزخ | دہکائی جائے گی | اور جب | جنت | قریب کردی جائے گی | جان لے گا

ہٹا دیا جائے گا۔ جب دوزخ بھڑکائی جائے گی ، جب جنت قریب لائی جائے گی ، اس وقت ہر شخص

نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ؕ﴿14﴾ فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ﴿15﴾ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ﴿16﴾

ہر شخص | جو کچھ | حاضر کیا ہے | پس میں قسم کھاتا ہوں | پھر جانے والوں | سیدھے چلنے والوں | پیچھے ہٹنے والوں کی

جان لے گا وہ کیا اعمال لے کر اللہ کے سامنے پیش ہوا۔ میں گواہ بناتا ہوں اُن ستاروں کو جو پیچھے ہٹتے ہیں۔ کبھی آگے چلتے ہیں۔ پھر

وَالَّیْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۙ﴿17﴾ وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۙ﴿18﴾ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ

اور رات کی | جب | وہ چلی جائے | اور صبح کی | جب | وہ روشن ہو | بے شک یہ ہے | بیان | قاصد

چھپ جاتے ہیں اور رات کو جب وہ ڈھل جاتی ہے۔ اور صبح کو جب وہ روشن ہو جاتی ہے کہ یہ ایک باعزت قاصد

كَرِیْمٍ ۙ﴿19﴾ ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ ۙ﴿20﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ؕ﴿21﴾

معزز کا (لایا ہوا) | جو والا | قوت ہے | نزدیک | والے | عرش کے | بلند مرتبے والا | اطاعت کیا گیا | وہاں کا | امانت دار

جبریل ؑ کا لایا ہوا کلام ہے، جو قوت والا ہے اور عرش والے اللہ کے نزدیک بلند مرتبہ فرشتہ ہے، جس کے ماتحت فرشتے اس کا حکم مانتے

وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۚ﴿22﴾ وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ۚ﴿23﴾ وَمَا هُوَ

اور نہیں | ساتھی تمہارا | دیوانہ | اور بے شک | دیکھا اسکو | اُفق کے کنارے پر | ظاہر | اور نہیں | وہ

ہیں اور وہ امانت دار ہے۔ لوگو تمہارے ساتھ رہنے والا نبی ﷺ کوئی دیوانہ نہیں۔ انہوں نے جبرائیل ؑ کو آسمان کے روشن افق پر

عَلَى الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ ۚ﴿24﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ۙ﴿25﴾ فَاَیْنَ

پر | غیب کی بات | بخل کرنے والا | اور نہیں ہے | وہ | قول | شیطان | مردود کا | پس کہاں

دیکھا۔ وہ وحی کی پوشیدہ باتوں کو چھپاتے بھی نہیں بلکہ بیان کر دیتے ہیں۔ یہ قرآن کسی شیطان مردود کا کلام نہیں۔ پھر تم

تَذْهَبُوْنَ ؕ﴿26﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۙ﴿27﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ

تم جاتے ہو | نہیں ہے | یہ | مگر | یاددہانی | سارے جہان والوں کے لیے | اس کیلئے جو | چاہے | تم میں سے | یہ کہ

لوگ کدھر جا رہے ہو؟ یہ قرآن سارے جہان والوں کے لئے نصیحت ہے۔ ایسے شخص کے لیے جو تم میں سے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ع 1 29 6

يَّسْتَقِيْمَ ﴿٢٨﴾ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٩﴾

سیدھی راہ چلے | اور نہیں | تم چاہتے | مگر | یہ کہ | چاہے | اللہ | رب | سب جہانوں کا

سیدھے راستے پر چلنا چاہے۔ یاد رکھو، تم کچھ بھی نہیں چاہ سکتے جب تک سارے جہانوں کا رب نہ چاہے۔

(82) سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ (82)

اٰيَاتُهَا 19 | رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿١﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿٢﴾ وَاِذَا الْبِحَارُ

جب | آسمان | پھٹ جائے گا | اور جب | تارے | جھڑ جائیں گے | اور جب | سمندر

جب آسمان پھٹ جائے گا، جب تارے بکھر جائیں گے۔ جب سمندر ابل

فُجِّرَتْ ﴿٣﴾ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿٤﴾ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ

پھاڑ دیئے جائیں گے | اور جب | قبریں | کھولی جائیں گی | جان لے گا | ہر شخص | جو کچھ | اس نے آگے بھیجا

پڑیں گے۔ جب قبریں کھول دی جائیں گی۔ اس وقت ہر شخص جان لے گا اس نے کیا آگے بھیجا،

وَاَخَّرَتْ ﴿٥﴾ يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ﴿٦﴾ الَّذِيْ

اور پیچھے چھوڑا | اے | انسان | کس چیز نے | فریب دیا تجھ کو | ساتھ رب تیرے | باعزت کے | وہ جس نے

کیا پیچھے چھوڑا۔ اے انسان تجھے اپنے رب کریم سے کس چیز نے بہکا دیا؟ حالاں کہ

خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿٧﴾ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿٨﴾ كَلَّا

پیدا کیا تجھے | پھر ٹھیک کیا تجھے | پھر برابر کیا تجھ کو | میں | جس | صورت | کہ | چاہا | ترکیب دی تجھ کو | ہرگز نہیں

اسی رب نے تجھے پیدا کیا، پھر ٹھیک ٹھاک کر کے بنایا، تیرے جوڑ جوڑ مناسب انداز سے بنائے۔ تجھے جس صورت میں چاہا جوڑ کر

بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿٩﴾ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿١٠﴾ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿١١﴾

بلکہ | تم جھٹلاتے ہو | بدلے (کے دن) کو | اور بے شک | تم پر ہیں | البتہ نگہبان | معزز | لکھنے والے

بنا دیا۔ لوگو تم انصاف کے دن کو جھٹلاتے ہو۔ حالاں کہ تمہارے اعمال لکھنے کے لئے تم پر نگران فرشتے مقرر ہیں۔ کراماً کاتبین جو

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿١٢﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿١٣﴾ وَاِنَّ الْفُجَّارَ

وہ جانتے ہیں | جو کچھ | تم کرتے ہو | بے شک | نیک لوگ | البتہ میں | نعمتوں | اور بے شک | برے لوگ

جانتے اور لکھتے ہیں جو کچھ تم کرتے ہو۔ بے شک نیک لوگ جنت میں جائیں گے۔ برے لوگ

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾

البتہ میں | دوزخ ہوں گے | داخل ہونگے اس میں | دن | بدلے کے | اور نہیں | وہ | اس سے | غائب ہونے والے

دوزخ میں جائیں گے۔ پھر ہمیشہ وہیں رہیں گے۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾

اور کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | دن | بدلے کا | پھر | کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | دن | بدلے کا

اور اے نبی ﷺ تجھے کیا خبر انصاف کا دن کیا ہے؟ پھر تم کیا سمجھے انصاف کا دن کیا ہے؟

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾

اس دن | نہ | اختیار رکھے گی | کوئی جان | کسی جان کے لیے | کچھ بھی | اور حکم | اس دن | اللہ کیلئے ہے

اس دن کوئی جان کسی دوسری جان کے کام نہ آ سکے گی۔ سارا معاملہ اُس دن اللہ کے اختیار میں ہو گا۔

(83) سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ (86)

اٰیاتہا 36 | رکوعاتہا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿۱﴾ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ﴿۲﴾

ہلاکت ہے | کمی کرنیوالوں کیلئے | جو | جب | ماپ کریں | پر | لوگوں | وہ پورا لیں

ہلاکت ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے جو دوسروں سے مال لیں تو پورا لیں۔

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ﴿۳﴾ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ

اور جس وقت | وہ ماپ کردیں انکو | یا | وہ تول کردیں انکو | تو کم دیں | کیا نہیں | گمان کرتے | وہ لوگ | کہ وہ

مگر جب خود ناپ کر یا تول کر دیں تو گھٹا کر دیں۔ کیا ایسے لوگ نہیں سمجھتے کہ ان کو مرنے کے بعد دوبارہ

مَّبْعُوْثُوْنَ ﴿۴﴾ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾

دوبارہ اٹھائے جائینگے | دن کے لیے | بڑے | جس دن | کھڑے ہونگے | لوگ | سامنے مالک | سارے جہانوں کے

زندہ کیا جائے گا۔ اس بڑے سخت دن کی پیشی کے لیے۔ جس دن سب لوگ رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔

كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ﴿۷﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ﴿۸﴾

ہرگز نہیں | بے شک | اعمال نامہ | سیاہ کاروں کا | البتہ میں | مقام سجین ہے | اور کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | سجین

اور دیکھو، برے لوگوں کے اعمال نامے سجین میں ہوں گے۔ تمہیں کیا معلوم سجین کیا ہے؟

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿9﴾ وَيْلٌ يَّوْمَىِٕذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿10﴾ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ

ایک دفتر ہے ‖ لکھا ہوا ‖ ہلاکت ہے ‖ اس دن ‖ جھٹلانے والوں کے لیے ‖ وہ جو ‖ جھٹلاتے ہیں ‖ دن کو

وہ مجرموں کے اعمال کا دفتر ہے۔اس دن ہلاکت ہے جھٹلانے والوں کے لیے جو انصاف کے دن کو

الدِّيْنِ ﴿11﴾ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿12﴾ اِذَا تُتْلٰى

بدلے کے ‖ اور نہیں ‖ جھٹلاتا ‖ اس کو ‖ مگر ‖ ہر ‖ حد پھلانگنے والا ‖ گنہگار ‖ جب ‖ پڑھی جائیں

جھٹلاتے ہیں ۔ جسے وہی شخص جھٹلاتا ہے جو حد سے گزرنے والا گناہ گار ہو ۔ جب اسے ہماری

عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿13﴾ كَلَّا بَلْ ٚ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

اُس پر ‖ ہماری آیتیں ‖ تو کہے ‖ یہ کہانیاں ہیں ‖ پہلوں کی ‖ ہرگز ایسا نہیں ‖ بلکہ ‖ زنگ چڑھ گیا ہے ‖ پر ‖ ان کے دلوں

آیتیں سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے ’’ یہ پہلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ‘‘ اصل میں ان لوگوں کے دلوں پر ان کی بداعمالیوں

مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿14﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿15﴾

جو ‖ وہ تھے ‖ وہ کماتے ‖ ہرگز نہیں ‖ بے شک وہ ‖ سے ‖ اپنے رب ‖ اس دن ‖ ضرور پردے میں

کا زنگ لگ گیا ہے۔ اور دیکھو اس دن کافروں کو ان کے رب کے دیدار سے محروم رکھا جائے گا۔

ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿16﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ

پھر ‖ بے شک وہ ‖ البتہ داخل ہوں گے ‖ دوزخ میں ‖ پھر ‖ کہا جائے گا ‖ یہ ہے ‖ وہ جسے ‖ تم تھے ‖ اس کو

پھر وہ دوزخ میں ڈالے جائیں گے۔ ان سے کہا جائے گا یہ وہی عذاب ہے جسے تم

تُكَذِّبُوْنَ ﴿17﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿18﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

جھٹلاتے ‖ ہرگز نہیں ‖ بے شک ‖ اعمال نامہ ‖ نیک لوگوں کا ‖ البتہ میں ‖ علیین ‖ اور کیا ‖ معلوم تجھے

جھٹلاتے تھے اور دیکھو ، نیک لوگوں کے اعمال نامے علیین میں ہوں گے۔ تمہیں کیا معلوم

مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿19﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿20﴾ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿21﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ

کیا ہے ‖ علیون ‖ ایک کتابچہ ‖ لکھا ہوا ‖ دیکھتے ہیں اسکو ‖ مقرب بندے ‖ بے شک ‖ نیک لوگ

علیین کیا ہے؟ وہ نیک لوگوں کے اعمال کا دفتر ہے۔جس کی نگرانی خاص مقرب فرشتے کرتے ہیں۔ بے شک نیک لوگ

لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿22﴾ عَلَى الْاَرَاۗىِٕكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿23﴾ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ

البتہ میں ‖ نعمتوں ہیں ‖ پر ‖ تختوں ‖ وہ دیکھتے ہوں گے ‖ تو پہچانے گا ‖ میں ‖ ان کے چہروں ‖ تروتازگی

جنت میں ہوں گے۔ اونچی مسندوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گے۔ ان کے چہروں پر عیش و آرام کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

النَّعِيْمِ ﴿24﴾ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿25﴾ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ

نعمت کی | وہ پلائے جائیں گے | سے | خالص شراب | مہر لگی ہوئی | اس کی مُہر ہے | مشک | اور میں | اس

تازگی اور بشاشت ہوگی۔ انہیں مہر لگی خالص شراب پلائی جائے گی جس پر مشک کی مہر لگی ہوگی۔ یہ وہ انعام ہے جسے حاصل کرنے

فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿26﴾ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿27﴾ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا

پس چاہیئے کہ رغبت کریں | رغبت کرنیوالے | اور آمیزش اسکی ہے | سے | تسنیم | وہ چشمہ ہے | پیتے ہیں | جس سے

کے لئے تمہیں ایک دوسرے سے بڑھ کر کوشش کرنی چاہیئے اور اس شراب میں تسنیم کے چشمے کی آمیزش ہوگی۔ جو ایک خاص چشمہ ہوگا

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿28﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿29﴾

مقرب لوگ (اللہ کے) | بے شک | جن لوگوں نے | جرم کئے | وہ تھے | سے | ان لوگوں | جو ایمان لائے | ہنستے

جس سے اللہ کے مقرب بندے خوب سیر ہو کر پئیں گے۔ اور دیکھو، دنیا میں ان مجرموں کا کیا حال تھا؟ وہ ایمان والوں پر ہنستے

وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿30﴾ وَاِذَا انْقَلَبُوْۤا اِلٰۤى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا

اور جب | وہ گذرتے | اُن کے پاس سے | وہ آنکھیں مارتے آپس میں | اور جب | وہ لوٹتے | طرف | اپنے لوگوں کی | لوٹتے تھے

تھے۔ وہ جب ان کے سامنے سے گزرتے تو آپس میں آنکھوں سے اشارے کرتے تھے۔ پھر جب اپنے لوگوں کے پاس جاتے تو

فَكِهِيْنَ ﴿31﴾ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْۤا اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿32﴾ وَمَاۤ اُرْسِلُوْا

خوش گپیاں مارتے | اور جب | وہ دیکھتے تھے انکو | تو کہتے | بے شک | یہ لوگ | البتہ گمراہ ہیں | اور نہیں | وہ بھیجے گئے

وہاں بھی دل لگی کا یہ مشغلہ جاری رکھتے۔ ایمان والوں کو جہاں دیکھتے، جھٹ سے کہتے ”یہ تو بھٹکے ہوئے ہیں“ حالاں کہ وہ ان پر

عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿33﴾ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ

اُن پر | نگران بنا کر | پھر آج کے دن | وہ لوگ جو | ایمان لائے | سے | کافروں

نگران بنا کر نہیں بھیجے گئے۔ تو آج آخرت کی زندگی میں مومن لوگ کافروں پر ہنسیں گے، جو

یَضْحَكُوْنَ ﴿34﴾ عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿35﴾ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا

ہنستے ہونگے | پر | تختوں | وہ دیکھتے ہوں گے | کیا | بدلہ دئے گئے | کافر لوگ | اس چیز کا جو

مسندوں پر بیٹھے ان کو دیکھ رہے ہوں گے۔ اب مل گیا کافروں کو اپنے

كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿36﴾

وہ تھے | وہ کرتے

کئے کا بدلہ!

ع 1 36 8

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(84) سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ (83)

اٰیَاتُهَا 25 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿1﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿2﴾ وَ اِذَا الْاَرْضُ

جب ، آسمان ، پھٹ جائے گا ، اور وہ حکم سن لے گا ، اپنے رب کا ، اور وہ اسی لائق ہے ، اور جب ، زمین

جب آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اپنے رب کا حکم سن لے گا اور اسے ایسا ہی کرنا چاہیے۔ جب زمین پھیلا

مُدَّتْ ﴿3﴾ وَ اَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَ تَخَلَّتْ ﴿4﴾ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ﴿5﴾

کھینچی جائے گی ، اور وہ ڈال دے گی ، جو کچھ ، اس میں سے ، اور خالی ہو جائے ، اور حکم سن لے گی ، اپنے رب کا ، اور وہ اسی لائق ہے

دی جائے گی۔ وہ اپنے اندر کی تمام چیزیں اگل دے گی اور خالی ہو جائے گی۔ وہ بھی اپنے رب کا حکم سن لے گی اور اسے ایسا ہی کرنا

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿6﴾ فَاَمَّا مَنْ

اے ، انسان ، بے شک تو ، کوشش نے والا ، طرف ، اپنے رب کی ، شدید کوشش ، پھر ملنے والا ہے اس سے ، پس لیکن ، جو کوئی

چاہیے۔ اے انسان! تو مشقتیں اٹھا کر اپنے رب کی طرف جا رہا ہے اور آخرت میں اس سے ملنے والا ہے۔ وہاں جس کسی کو اس کا

اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿7﴾ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿8﴾ وَّ يَنْقَلِبُ

دیا گیا ، اس کا اعمال نامہ ، اُس کے دائیں ہاتھ میں ، پھر جلد ، اسکا حساب کیا جائے گا ، حساب ، آسان ، اور وہ لوٹے گا

اعمال نامہ دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا۔ تو اس کا حساب ہلکا ہو گا۔ وہ اپنے لوگوں کے

اِلٰۤى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿9﴾ وَ اَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ﴿10﴾ فَسَوْفَ

طرف ، اپنے لوگوں کی ، خوش ہو کر ، اور مگر ، جو کوئی ، دیا گیا ، اس کا اعمال نامہ ، پیچھے سے ، اس کی پیٹھ کے ، پھر جلد

پاس خوش خوش آئے گا اور جس کو اس کا اعمال نامہ اس کی پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا۔ وہ موت کو

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ﴿11﴾ وَّ يَصْلٰى سَعِيْرًا ﴿12﴾ اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿13﴾

وہ پکارے گا ، ہلاکت کو ، اور وہ داخل ہوگا ، دہکتی آگ میں ، بے شک وہ ، تھا ، میں ، اپنے گھر والوں ، خوش

پکارے گا۔ اسے دوزخ میں ڈالا جائے گا کیونکہ وہ دنیا میں اپنے لوگوں میں مگن رہتا تھا۔

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿14﴾ بَلٰۤى اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿15﴾ مع

بیشک اس نے ، گمان کیا تھا ، کہ ، ہر گز نہ ، پھرے گا ، کیوں نہیں ، بے شک ، رب اسکا ، تھا ، اس کو ، دیکھنے والا

وہ خیال کرتا تھا اسے مرنے کے بعد کسی کے سامنے پیش نہیں ہونا۔ حالاں کہ اس کا رب اس کے برے اعمال دیکھ رہا تھا۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَآ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ﴿16﴾ وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ﴿17﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ﴿18﴾

پس میں قسم کھاتا ہوں | شفق کی | اور رات کی | اور جو | وہ جمع کرتی | اور چاند کی | جب | وہ پورا ہو جائے

مجھے قسم ہے شفق کی سرخی کی ہے رات اور ان ساری چیزوں کی جن پر وہ چھا جاتی ہے۔ اور چاند کی جب وہ

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿19﴾ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿20﴾ وَاِذَا قُرِئَ

ضرور تم کو چڑھنا | ایک درجہ | سے | درجہ | پس کیا ہے | ان کے لیے | نہیں | وہ ایمان لاتے | اور جب | پڑھا جاتا

پورا ہو جاتا ہے کہ تم لوگوں کو ایک کے بعد دوسری حالت میں جانا ہے۔ مگر کافروں کو کیا ہو گیا ہے وہ آخرت پر ایمان نہیں لاتے؟ جب

عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ﴿21﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ﴿22﴾ وَاللّٰهُ

ان پر | قرآن | نہیں | وہ سجدہ کرتے | بلکہ | جو لوگ | کافر ہوئے | وہ جھٹلاتے ہیں | اور اللہ

ان کے سامنے قرآن پڑھا جاتا ہے تو اللہ کی طرف نہیں جھکتے۔ بلکہ اُلٹا قرآن کو جھٹلاتے ہیں۔ اللہ کو معلوم ہے جو کچھ وہ کرتے ہیں۔

السجدۃ 14

اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ﴿23﴾ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿24﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

خوب جانتا ہے | اس کو جو | وہ جمع رکھتے ہیں | پس تو خوشخبری دے انکو | ساتھ عذاب | دردناک کے | مگر | جو لوگ | ایمان لائے

اے نبی ﷺ آپ ﷺ انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری دیں ۔ البتہ جو لوگ ایمان لائے

ع 1 25 9

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿25﴾

اور عمل کئے | نیک | ان کے لیے ہے | ثواب | نہ | ختم ہونے والا

اور انہوں نے نیک عمل کیے ان کے لئے بے انتہا اجر ہے۔

(85) سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ (27)

اٰیاتھا 22 | رکوعاتھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ﴿1﴾ وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ﴿2﴾ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ﴿3﴾

قسم ہے آسمان کی | والے | برجوں | اور دن کی | وعدہ دیے گئے | اور حاضر ہونے والے کی | اور حاضر کیے ہوئے کی

قسم ہے برجوں والے آسمان کی، وعدہ کیے گئے دن یعنی قیامت کی، شاہد اور مشہور (جمعہ اور عرفہ کا دن) کی

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ﴿4﴾ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ﴿5﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا

مارے گئے | والے | کھائیوں | کہ آگ تھی | والی | بہت ایندھن | جب | وہ | اس پر

ہلاکت ہے خندق کھودنے والوں کے لیے جس میں بھڑکتی آگ تھی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قُعُوۡدٌ ۙ﴿۶﴾ وَّهُمۡ عَلٰى مَا يَفۡعَلُوۡنَ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ شُهُوۡدٌ ؕ﴿۷﴾ وَمَا نَقَمُوۡا

بیٹھے تھے | اور وہ | اُس پر | جو | وہ کرتے تھے | مسلمانوں کے ساتھ | دیکھ رہے تھے | اور نہ | انتقام لیا

وہ اس کے قریب بیٹھے ہوئے تھے، جو ظلم وستم مومنین پر ڈھا رہے تھے اسے دیکھ رہے تھے۔

مِنۡهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ يُّؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ الۡعَزِيۡزِ الۡحَمِيۡدِ ۙ﴿۸﴾ الَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ

ان سے | مگر | یہ کہ | وہ ایمان لائے | اللہ پر | جو غالب ہے | تعریف کیا گیا ہے | وہ جو | اسی کی ہے | بادشاہی

ان کا صرف یہ قصور تھا وہ اس اللہ پر ایمان لائے تھے جو غالب اور تعریف کے

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ؕ﴿۹﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ

آسمانوں کی | اور زمین کی | اور اللہ | اوپر | ہر | چیز کے | نگران ہے | بے شک | جن لوگوں نے

لائق ہے۔ جو آسمانوں اور زمین کی بادشاہی کا مالک ہے اور ہر چیز کو دیکھ رہا ہے۔ بے شک جن لوگوں

فَتَنُوا الۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَالۡمُؤۡمِنٰتِ ثُمَّ لَمۡ يَتُوۡبُوۡا فَلَهُمۡ عَذَابُ جَهَنَّمَ

ستایا | ایمان والوں کو | اور ایمان والیوں کو | پھر | نہ | انہوں نے توبہ کی | تو ان کیلئے | عذاب ہے | دوزخ کا

نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو ستایا اور توبہ نہ کی ان کے لئے دوزخ میں

وَلَهُمۡ عَذَابُ الۡحَرِيۡقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمۡ

اور ان کیلئے | عذاب ہے | جلنے کا | بے شک | جو لوگ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | ان کیلئے ہیں

جلنے کا عذاب ہے۔ لیکن جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کیے ان کے لئے

جَنّٰتٌ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الۡفَوۡزُ الۡكَبِيۡرُ ؕ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطۡشَ

باغات | بہتی ہیں | سے | اُن کے نیچے | نہریں | یہ ہے | کامیابی | بڑی | بے شک | گرفت

ایسے باغ ہوں گے جن میں نہریں بہتی ہوں گی۔ یہ ہے بڑی کامیابی۔ اے نبی ﷺ بے شک آپ ﷺ کے رب کی

رَبِّكَ لَشَدِيۡدٌ ؕ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبۡدِئُ وَيُعِيۡدُ ۚ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الۡغَفُوۡرُ الۡوَدُوۡدُ ۙ﴿۱۴﴾

تیرے رب کی | بڑی سخت ہے | بیشک وہی | جو | پہلی بار پیدا کرتا ہے | اور وہی لوٹاتا ہے | اور وہ | بہت بخشنے والا | محبت کرنیوالا

پکڑ بڑی سخت ہے۔ وہ پہلے بھی پیدا کرتا ہے، دوبارہ بھی پیدا کرے گا۔ وہ بخشنے والا محبت کرنے والا ہے۔

ذُو الۡعَرۡشِ الۡمَجِيۡدُ ۙ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيۡدُ ؕ﴿۱۶﴾ هَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ الۡجُنُوۡدِ ۙ﴿۱۷﴾

عرش والا | بزرگ | کر گزرنے والا ہے | جو وہ | وہ چاہے | کیا | آئی تجھ کو | بات | لشکروں کی

وہ عرش والا بڑی عظمت والا ہے۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ کیا کچھ لشکروں کے حالات بھی آپ ﷺ تک پہنچے

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿18﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿19﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ

فرعون کے | اور ثمود کے | بلکہ | جو لوگ | کافر ہوئے | میں ہیں | جھٹلانے | اور اللہ | سے

جو فرعون اور ثمود کے لشکر تھے؟ مگر کافر تو اس قرآن کو جھٹلانے پر لگے ہوئے ہیں۔ جبکہ اللہ انہیں

وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿20﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿21﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿22﴾

1 ع 22 10

اُن کو پیچھے سے | گھیرنے والا | بلکہ | وہ ہے | قرآن | بزرگ | میں | لوح | محفوظ

ہر طرف سے گھیرے میں لیے ہوئے ہے۔ اور یہ تو عظمت والا قرآن ہے جو لوحِ محفوظ میں موجود ہے۔

(86) سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ (36)

اٰیاتھا 17 — رکوعاتھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿1﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿2﴾ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿3﴾ اِنْ

قسم آسمان کی | اور رات کو آنے والے کی | اور کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | رات کو آنے والا | تارا ہے | چمکنے والا | نہیں

قسم ہے آسمان کی اور رات کو روشن ہونے والے کی۔ اور تجھے کیا خبر وہ رات کو آنے والا کیا ہے؟ وہ روشن ستارہ ہے۔ اور یہ سب

كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿4﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿5﴾

کوئی | جان | مگر | اس پر | نگہبان | پس چاہئے کہ دیکھے | انسان | کس سے | وہ پیدا ہوا

بلاشبہ ہر شخص کے لئے اللہ کی طرف سے مقرر کیا ہوا کوئی نہ کوئی نگران موجود ہے۔ انسان ذرا غور کرے وہ کس چیز

خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿6﴾ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ﴿7﴾ اِنَّهٗ

پیدا ہوا | سے | پانی | اچھلنے والے | جو نکلتا | سے | درمیان | پیٹھ | اور سینے کے | بے شک وہ

سے پیدا کیا گیا؟ پانی کی حقیر بوند سے، جو اچھل کر نکلتی ہے۔ پیٹھ اور سینے کے درمیان سے۔ بے شک اللہ

عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿8﴾ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿9﴾ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ

پر | اسکو دوبارہ لوٹانے | ضرور قادر ہے | جس دن | پرکھے جائیں گے | چھپے راز | پھر نہ | اس کیلئے | کوئی | طاقت

اسی انسان کو دوبارہ پیدا کرنے پر بھی پوری طرح قادر ہے۔ یاد رکھو، جس دن لوگوں کی ساری چھپی باتیں پرکھی جائیں گی۔ اس دن

وَّلَا نَاصِرٍ ﴿10﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿11﴾ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿12﴾ اِنَّهٗ

اور نہ مدد کوئی مددگار | قسم ہے آسمان کی | والے | بارش برسانے | قسم ہے زمین کی | والی | پھٹنے | بیشک یہ

عذاب سے بچنے کے لئے انسان کے پاس کوئی زور نہ ہوگا نہ اس کا کوئی مددگار ہوگا۔ قسم آسمان کی جس سے بارش برستی ہے۔ اور

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿13﴾ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿14﴾ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿15﴾ وَّاَكِيْدُ

البتہ بات | فیصلہ کن | اور نہیں | یہ | مذاق | بیشک وہ | وہ چال چلتے ہیں | چال چلنا | اور میں چال چلتا

زمین کی جو پیداوار اگاتے وقت پھٹ جاتی ہے کہ یہ فیصلہ کن کلام ہے۔کوئی مذاق نہیں۔اے نبی ﷺ یہ کافر لوگ اپنی چالیں چل

كَيْدًا ﴿16﴾ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ﴿17﴾ 1 ع 17 11

چال چلنا | پس مہلت دے | کافروں کو | تو مہلت دے انکو | تھوڑی مدت تک۔

رہے ہیں۔اور میں بھی اپنی تدبیر کر رہا ہوں۔آپ ان کافروں کو ڈھیل دیں، بس تھوڑی سی ڈھیل۔

(87) سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ (8)

اٰیاتھا 19 | رکوعاتھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿1﴾ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿2﴾ وَالَّذِيْ قَدَّرَ

تسبیح پڑھ | نام | اپنے رب | اعلیٰ کی | جس نے | پیدا کیا | پھر درست کیا | اور جس نے | اندازہ کیا

اے نبی ﷺ آپ ﷺ اپنے رب کے نام کی تسبیح کریں جو سب سے بلند مرتبہ ہے۔جس نے ہر چیز کو پیدا کیا، اسے ٹھیک ٹھاک

فَهَدٰى ﴿3﴾ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿4﴾ فَجَعَلَهٗ غُثَاۗءً اَحْوٰى ﴿5﴾ سَنُقْرِئُكَ

پھر ہدایت دی | اور جس نے | نکالا | چارہ | پس کر دیا اسکو | چورا | سیاہ | جلد ہم پڑھائیں گے تجھ کو

بنایا، اس کا اندازہ مقرر کیا۔پھر اسے اس کی راہ بتادی۔وہی زمین سے چارا نکالتا ہے۔پھر اسے سیاہ کوڑا بنا دیتا ہے۔اور ہم

فَلَا تَنْسٰٓى ﴿6﴾ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿7﴾

پھر نہ | تو بھولے گا | مگر | جو | چاہے | اللہ | بے شک وہ | وہ جانتا | بلند آواز کو | اور جو کہ | پست آواز ہو

آپ ﷺ کو یہ قرآن پڑھا دیں گے تو آپ ﷺ اسے نہیں بھولیں گے۔مگر جو اللہ چاہے۔اور اونچی آواز سے پڑھا جائے یا آہستہ

وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿8﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿9﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ

اور ہم تجھے آسانی دینگے | آسان راستے کی | پس تو نصیحت کر | اگر | فائدہ دے | نصیحت | عنقریب نصیحت پکڑے گا | وہی جو

سے، اللہ بہر حال سنتا اور جانتا ہے۔اور ہم آپ ﷺ کے لئے راہِ حق پر قائم رہنا آسان کر دیں گے۔جب تک لوگوں کے لیے

يَّخْشٰى ﴿10﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿11﴾ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿12﴾ ثُمَّ

ڈرتا ہے | اور دور رہے گا اس سے | بڑا بدبخت | وہ جو | داخل ہوگا | آگ | بڑی میں | پھر

نصیحت مفید ہو، آپ ﷺ انہیں سمجھاتے رہیں۔جس کے دل میں اللہ کا ڈر ہوگا وہ نصیحت قبول کرے گا۔اس سے گریز وہی کرے گا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ⑬ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ⑭ وَذَكَرَ اسْمَ

نہ | وہ مرے گا | اس میں | اور نہ | وہ جیے گا | بے شک | کامیاب ہوا | وہی جو | پاک ہوا | اور اس نے یاد کیا | نام

جو بڑا بد بخت ہوگا۔ اور وہ دوزخ کی بڑی آگ میں پڑے گا۔ پھر اس میں نہ مرے گا نہ جیے گا۔ البتہ کامیاب ہوا وہ جس نے اپنے

رَبِّهٖ فَصَلّٰى ⑮ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ⑯ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ

اپنے رب کا | پس نماز پڑھی | بلکہ | تم ترجیح دیتے ہو | زندگی کو | دنیا کی | اور آخرت | بہتر ہے

آپ کو پاک کیا۔ جو اپنے رب کا نام جپتا رہا۔ نماز پڑھتا رہا۔ مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو۔ حالاں کہ آخرت اس سے بہتر

وَّاَبْقٰى ⑰ اِنَّ هٰذَا لَفِى الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ⑱ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ⑲ ع 1 19 12

اور باقی رہنے والی | بے شک | یہ بات ہے | البتہ میں | صحیفوں | پہلے کے | صحیفے | ابراہیم | اور موسیٰ کے

اور باقی رہنے والی ہے۔ یہی نصیحت پہلے صحیفوں میں بھی تھی، ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے صحیفوں میں۔

(88) سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ (68)

اٰیاتھا 26 | رکوعاتھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ① وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ② عَامِلَةٌ

کیا | آئی تجھے | بات | ڈھانک لینے والی کی | کئی چہرے | اس دن | جھکے ہوئے | محنت کش

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس چھا جانے والی قیامت کی خبر پہنچی؟ اس دن کچھ چہرے خوفزدہ ہوں گے محنت کرنے والے نڈھال اور تھکے

نَّاصِبَةٌ ③ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ④ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ⑤ لَيْسَ

تھکے ہوئے | داخل ہوں گے | آگ | جلتی میں | پلائے جائیں گے | سے | چشمے | کھولتے سے | نہیں

ہارے ہوں گے۔ انہیں دوزخ کی دہکتی آگ میں ڈالا جائے گا۔ جہاں انہیں کھولتے ہوئے چشمے کا پانی پینے کو دیا جائے گا۔ کانٹوں

لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ⑥ لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ⑦

اُن کے لیے | کھانا | مگر | سے | کانٹوں والی گھاس | نہ | وہ موٹا کرے گی | اور نہ | وہ کام آئے گی | سے | بھوک

کے سوا انہیں کوئی کھانا نہ ملے گا۔ جو نہ موٹا کرے نہ اس سے بھوک مٹے گی

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ⑧ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ⑨ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ⑩

کئی چہرے | اس دن | تروتازہ ہوں گے | کوشش اپنی پر | خوش باش | میں | بہشت | بلند

اور کچھ چہرے اس دن بارونق ہوں گے۔ اپنی کمائی پر خوش ہوں گے۔ اعلیٰ جنت میں جائیں گے۔ کوئی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿11﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿12﴾ فِيْهَا سُرُرٌ

نہ وہ سنیں گے | اس میں | کوئی بیہودہ بات | اس میں ہے | چشمہ | جاری | اس میں ہیں | پلنگ

بیہودہ بات ان کے کان نہیں سنیں گے۔ وہاں بہتے ہوئے چشمے ہوں گے۔ بیٹھنے کے لئے اونچے پلنگ

مَّرْفُوْعَةٌ ﴿13﴾ وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿14﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿15﴾

اونچے | اور پیالے | رکھے ہوئے | اور گاؤ تکیے | ترتیب میں

ہوں گے۔ سلیقے سے رکھے ہوئے جام ہوں گے ۔ ترتیب سے لگے ہوئے گاؤ تکیے ہوں گے۔ اور عمدہ قالین

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿16﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿17﴾

اور نفیس چاندنیاں | بچھائی ہوئی | کیا پس نہیں | وہ دیکھتے | طرف | اونٹوں کی | کیسے | وہ پیدا کئے گئے

بچھے ہوں گے۔ کیا یہ لوگ اونٹ کو نہیں دیکھتے کیسے پیدا کیا گیا؟ آسمان کو نہیں دیکھتے

وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿18﴾ وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿19﴾ وَاِلَى

اور طرف | آسمان کی | کیسے | وہ بلند کیا گیا | اور طرف | پہاڑوں کی | کیسے | وہ گاڑے گئے | اور طرف

کیسے بلند کیا گیا؟ پہاڑوں کو نہیں دیکھتے کیسے کھڑے کیے گئے؟ اور زمین کو نہیں دیکھتے کس طرح

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿20﴾ فَذَكِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿21﴾ لَسْتَ

زمین کی | کیسے | وہ بچھائی گئی | پس تو نصیحت کر | بے شک | تو | نصیحت کرنے والا ہے | تو نہیں ہے

بچھادی گئی؟ اے نبی ﷺ آپ ﷺ ان لوگوں کو نصیحت کرتے رہیں۔ آپ ﷺ کا کام سمجھانا ہے۔

عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿22﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿23﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ

اُن پر | مسلط کیا ہوا | مگر | جس نے | منہ پھیرا | اور کفر کیا | تو عذاب دیگا اسے | اللہ

آپ ﷺ ان پر جبر تو نہیں کر سکتے۔ پھر جس نے منہ موڑا اور کفر کیا، تو اللہ

الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿24﴾ اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿25﴾ ثُمَّ اِنَّ

عذاب | بڑا۔ | بے شک | ہماری طرف ہے | لوٹنا ان کا | پھر | بے شک

اسے بڑا عذاب دے گا۔ ہمارے پاس ہی ان کو آنا ہے۔ پھر ہمارے ذمے ان سے

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿26﴾

ہم پر ہے | حساب لینا ان کا

حساب لینا ہے۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(89) سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ (10)

اٰیَاتُهَا 30 — رُکُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْفَجْرِ ﴿1﴾ وَلَیَالٍ عَشْرٍ ﴿2﴾ وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿3﴾ وَالَّیْلِ اِذَا یَسْرِ ﴿4﴾

قسم فجر کی | اور راتوں کی | دس | اور جفت | اور طاق کی | اور رات کی | جب | وہ گزرے

قسم ہے صبح کی! دس راتوں کی۔ جفت اور طاق کی۔ رات کی جب وہ گزرتی ہے۔

هَلْ فِیْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِیْ حِجْرٍ ﴿5﴾ اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

کیا | میں | اس | قسم ہے | عقل والوں کے لیے | کیا نہیں | تو نے دیکھا | کیسے | معاملہ کیا | تیرے رب نے

ان سب چیزوں میں عقل مند آدمی کے لئے دلیل موجود ہے کہ جزا و سزا ضرور ہوگی۔ کیا تم نے نہیں دیکھا تمہارے رب نے قوم عاد

بِعَادٍ ﴿6﴾ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿7﴾ الَّتِیْ لَمْ یُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ ﴿8﴾

ساتھ عاد کے | ارم | والے | ستونوں کے | وہ جو | نہ | پیدا کیا گیا | مانند انکے | میں | شہروں

کے ساتھ کیا سلوک کیا؟ جو اونچے ستونوں والی قوم اِرم کہلاتی تھی۔ جس کے برابر دنیا میں کوئی قوم پیدا نہیں کی گئی۔

وَثَمُوْدَ الَّذِیْنَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿9﴾ وَفِرْعَوْنَ ذِی الْاَوْتَادِ ﴿10﴾

اور ساتھ ثمود کے | جنھوں نے | تراشا | پتھروں کو | وادی میں | اور ساتھ فرعون | والے | میخوں کے

اور قوم ثمود کے ساتھ اللہ نے کیا برتاؤ کیا، جو وادیوں میں چٹانیں کاٹ کر گھر بناتی تھی۔ اور فرعون کا کیا انجام ہوا جو بڑے لاؤ لشکر

الَّذِیْنَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ ﴿11﴾ فَاَكْثَرُوْا فِیْهَا الْفَسَادَ ﴿12﴾ فَصَبَّ عَلَیْهِمْ

یہ جنھوں نے | سرکشی کی | میں | شہروں | پھر بہت کیا | اس میں | فساد | پھر برسایا | اُن پر

والا تھا؟ ان سب نے دنیا میں سرکشی کی۔ بہت فساد پھیلایا۔ تمہارے رب نے ان پر عذاب

رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿13﴾ اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿14﴾ فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا

تیرے رب نے | کوڑا | عذاب کا | بے شک | تیرا رب ہے | ضرور گھات میں | پس مگر | انسان | جب | کہ

کا کوڑا برسایا۔ بے شک تمہارا رب نافرمانوں کی گھات میں رہتا ہے۔ مگر انسان کا حال یہ ہے جب اس کا

ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ فَیَقُوْلُ رَبِّیْۤ اَكْرَمَنِ ﴿15﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا

آزمائے اسکو | اسکا رب | پھر عزت دے اسکو | اور نعمت دے اسکو | تو وہ کہتا ہے | میرے رب نے | عزت دی مجھے | اور مگر | جب | کہ

رب اسے آزماتا ہے، اسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ خوش ہو کر کہتا ہے "میرے رب نے مجھے عزت دی"۔ لیکن جب اللہ اسے اس

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۬ فَيَقُوْلُ رَبِّیْٓ اَهَانَنِ ﴿16﴾ كَلَّا بَلْ

آزمائے اسکو | پھر کم کرے | اُس پر | روزی اسکی | تو وہ کہتا ہے | میرے رب نے | ذلیل کیا مجھے | ہرگز نہیں | بلکہ

طرح آزماتا ہے کہ اس کی روزی کم کر دیتا ہے تو پھر وہ کہنے لگتا ہے "میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا"۔ بات یہ ہے

لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ﴿17﴾ وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿18﴾ وَتَاْكُلُوْنَ

نہیں عزت کرتے | یتیم کی | اور نہیں | تم ترغیب دیتے | پر | کھانے | مسکین کے | اور تم کھاتے ہو

تم لوگ یتیم کی عزت نہیں کرتے ، مسکین کو کھانا کھلانے کی ایک دوسرے کو ترغیب نہیں دیتے۔وراثت کا مال

التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿19﴾ وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿20﴾ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ

مال وراثت کا | ہڑپ کر کے | سارا | اور تم پیار کرتے ہو | مال سے | پیار | بہت | ہرگز نہیں | جب | توڑ پھوڑ دی جائیگی

سمیٹ کر کھا جاتے ہو اور مال سے انتہائی محبت رکھتے ہو۔ اُس وقت کو یاد رکھو جب زمین کُوٹ کُوٹ کر

الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿21﴾ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿22﴾ وَجِایْٓءَ

زمین | ریزہ | ریزہ | اور آئیگا | تیرا رب | اور فرشتے | صفیں | باندھے ہوئے | اور لائی جائے گی

ریزہ ریزہ کر دی جائے گی ۔ تمہارا رب آئے گا ، فرشتے پرے باندھے کھڑے ہوں گے۔ اس دن جہنم

يَوْمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۬ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿23﴾

جس روز | دوزخ | اس دن | نصیحت پکڑے گا | انسان | اور کس کام کا | اسکا | نصیحت پکڑنا

سب کے سامنے لائی جائے گی۔ اس وقت انسان کو سمجھ آئے گی مگر اس وقت سمجھنے کا کیا فائدہ؟

يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَيَاتِیْ ﴿24﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

وہ کہے گا | اے کاش مجھے | کہ میں پہلے بھیجتا | اپنی زندگی کے لیے | پھر اس دن | نہ | عذاب دیگا | اس جیسا عذاب

وہ کہے گا " کاش ، میں آخرت کی زندگی کے لئے کچھ آگے بھیج دیتا" پھر اس دن اللہ نافرمانوں کو وہ عذاب دے گا جو کسی

اَحَدٌ ﴿25﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿26﴾ يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿27﴾ ارْجِعِیْٓ اِلٰى

کوئی بھی | اور نہ | جکڑے گا | اس طرح کا جکڑنا | کوئی بھی | اے | روح | اطمینان والی | تو چلی جا | کی طرف

کو نہ دیا ہوگا۔اللہ انہیں اس طرح جکڑے گا جیسا کسی نے نہ جکڑا ہوگا۔اے اطمینان پانے والی جان چل اپنے رب کی طرف،تو اس

رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿28﴾ فَادْخُلِیْ فِیْ عِبٰدِیْ ﴿29﴾ وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ﴿30﴾ ع 1 30 14

اپنے رب | خوش ہو کر | پسندیدہ ہو کر | پس تو داخل ہو جا | میں | میرے بندوں | اور تو داخل ہو جا | میری جنت میں

سے راضی وہ تجھ سے راضی" پھر اللہ اسے فرمائے گا" شامل ہو جا میرے نیک بندوں میں، اور داخل ہو جا میری جنت میں"۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(90) سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ (35)

آیاتہا 20 — رکوعاتہا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿1﴾ وَأَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿2﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا

میں قسم کھاتا ہوں | اس | شہر کی | اور تو | رہنے والا ہے | اس | شہر کا | قسم باپ کی | اور اس کی جو

اے نبی ﷺ قسم ہے اس شہر مکہ کی جس میں آپ ﷺ رہتے ہیں، اور قسم ہے تم سب کے باپ آدم علیہ السلام ،

وَلَدَ ﴿3﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿4﴾ أَيَحْسَبُ أَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ

اُس کی اولاد۔ | بے شک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | میں | مشقت | کیا وہ گمان کرتا ہے | کہ | ہرگز نہ | قادر ہوگا

اور اس کی ساری اولاد کی کہ ہم نے انسان کو محنت و مشقت کے لئے پیدا کیا ہے۔ کیا انسان یہ سمجھتا ہے، اس پر کسی کا زور

عَلَيْهِ أَحَدٌ ﴿5﴾ يَقُوْلُ أَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿6﴾ أَيَحْسَبُ أَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ

اس پر | کوئی بھی | وہ کہتا ہے | میں نے خرچ کیا | مال | ڈھیروں | کیا وہ گمان کرتا ہے | یہ کہ | نہیں | اس کو دیکھا

نہ چلے گا؟ کہتا ہے ”میں نے بہت مال خرچ کیا۔“ کیا وہ خیال کرتا ہے اسے کوئی نہیں

أَحَدٌ ﴿7﴾ أَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ﴿8﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿9﴾ وَهَدَيْنٰهُ

کسی نے | کیا نہیں | ہم نے بنائیں | اسکی | دو آنکھیں | اور ایک زبان | اور دو ہونٹ | اور ہم نے ہدایت دی اسکو

دیکھ رہا؟ کیا ہم نے اسے دو آنکھیں نہیں دیں؟ ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ اور ہم نے اسے نیکی اور بدی کے

النَّجْدَيْنِ ﴿10﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿11﴾ وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿12﴾ فَكُّ

دونوں راستوں کی | پس نہیں | وہ داخل ہوا | گھاٹی میں | اور کیا | معلوم تجھے | کیا ہے | وہ گھاٹی | چھڑانا

دونوں راستے نہیں دکھائے؟ مگر وہ دینداری کی گھاٹی پر نہیں چڑھا۔ اور اے لوگو! تمہیں کیا معلوم وہ گھاٹی کیا ہے وہ ہے

رَقَبَةٍ ﴿13﴾ أَوْ إِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ﴿14﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿15﴾

گردن کا | یا | کھانا کھلانا | میں | دن | والے | بھوک کے | یتیم کو | والے | قرابت

غلام کو آزاد کرنا ۔ یا بھوک کے دن کھانا کھلانا کسی رشتہ دار یتیم کو ،

أَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿16﴾ ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا

یا | محتاج کو | والے | خاک | پھر | وہ ہو | سے | ان لوگوں میں جو | ایمان لائے | اور باہم تاکید کی

یا محتاج کو جو خاک نشین ہے۔ تا کہ وہ ان لوگوں میں شامل ہو جائے جو ایمان لائے اور انہوں نے ایک دوسرے کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿17﴾ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ ﴿18﴾ وَالَّذِينَ

صبر کرنے کی | اور باہم تاکید کی | رحم کرنے کی | یہ لوگ ہیں | والے | دائیں ہاتھ | اور جو لوگ

صبر کی اور باہمی ہمدردی کی نصیحت کی۔ یہی لوگ بڑے نصیب والے ہیں ۔ مگر جنہوں نے

كَفَرُوا بِآيَاتِنَا هُمْ أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ ﴿19﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُؤْصَدَةٌ ﴿20﴾ ع 1 20 15

منکر ہوئے | ہماری آیتوں کے | وہی ہیں | والے | بدقسمتی | اُن پر ہے | آگ | بند کی ہوئی

ہماری آیتوں کا انکار کیا وہ بدبخت ہیں ۔ اور وہ دوزخ کی آگ میں گھرے ہوں گے۔

(91) سُورَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ (26)

آیاتها 15 | رکوعها 1

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا ﴿1﴾ وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَاهَا ﴿2﴾ وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّاهَا ﴿3﴾

قسم سورج کی | اور اُس کی دھوپ کی | قسم چاند کی | جب | اسکے پیچھے نکلے | اور دن کی | جب | وہ روشن کردے

قسم ہے سورج کی اور اُس کی دھوپ کی، قسم ہے چاند کی جب وہ سورج ڈوبنے کے بعد نکلتا ہے، قسم ہے دن کی جب وہ خوب

وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَاهَا ﴿4﴾ وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَاهَا ﴿5﴾ وَالْأَرْضِ وَمَا

قسم رات کی | جب | وہ ڈھانپ دے اسکو | قسم آسمان کی | اور جس نے | بنایا اسکو | قسم زمین کی | اور جس نے

روشن ہو جاتا ہے، رات کی جب وہ چھا جاتی ہے، آسمان کی اور اُس کی جس نے اسے بنایا۔ زمین کی اور جس نے اسے

طَحَاهَا ﴿6﴾ وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا ﴿7﴾ فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا ﴿8﴾ قَدْ

بچھایا اسکو | اور جان کی | اور جس نے | درست کیا اسکو | پھر الہام کی اسے | اس کی بدی | اور اُس کا تقویٰ | بے شک

پھیلایا۔قسم ہے انسان اور اُس کی جس نے اسے ٹھیک بنایا۔ پھر اسے نیکی اور بدی کی تمیز دی۔ کہ جزا و سزا ہوگی۔ بے شک کامیاب ہوا وہ

أَفْلَحَ مَنْ زَكَّاهَا ﴿9﴾ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسَّاهَا ﴿10﴾ كَذَّبَتْ ثَمُودُ

کامیاب ہوا | وہ جس نے | پاک کیا اسکو | اور بیشک | وہ نامراد ہوا | جس نے | خاک آلودہ کیا اسے | جھٹلایا | ثمود نے

جس نے اپنے نفس کو پاک کر لیا۔ اور ناکام ہوا وہ جس نے اسے خاک میں ملا دیا۔ اور دیکھو، قوم ثمود نے

بِطَغْوَاهَا ﴿11﴾ إِذِ انْبَعَثَ أَشْقَاهَا ﴿12﴾ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ نَاقَةَ

اپنی سرکشی سے | جب | اٹھا | بڑا بدبخت انکا | پس کہا | اُن کو | رسول نے | اللہ کے | اونٹنی

اپنی سرکشی کی بنا پر پیغمبر کو جھٹلایا۔ جبکہ اس قوم میں سے ایک بڑا بدبخت آدمی اٹھ کھڑا ہوا۔ اللہ کے رسول نے کہا ”خبردار اللہ کی اونٹنی کو

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ﴿13﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ

اللہ کی ہے | اور اُس کی پانی پینے کی باری ہے | پھر انہوں نے جھٹلایا اس کو | پھر اس کی کونچیں (ٹانگیں) کاٹیں | پھر ہلاکت ڈال دی | اُن پر | اُن کے رب نے

ہاتھ نہ لگانا اور اسے پانی پینے سے نہ روکنا' مگر ان لوگوں نے رسول کی بات نہ مانی اور اونٹنی کو مار ڈالا۔ ان کے رب نے ان کے

بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ﴿14﴾ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ﴿15﴾

ان کے گناہ کی وجہ سے | پھر برابر کردیا انکو | اور نہ | وہ ڈرا | ان کے انجام سے

گناہوں کے سبب ان پر عذاب نازل کیا اور ان کا صفایا کردیا۔ اور اللہ اس سے نہیں ڈرتا کہ بعد میں کیا ہوگا۔

1 ع 15 16

(92) سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ (9)

اٰيَاتُهَا 21 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ﴿1﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿2﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ

قسم رات کی | جب | وہ ڈھانپ لے | قسم دن کی | جب | وہ روشن ہوجائے | قسم اُس کی جس نے | پیدا کیا | نر کو

قسم ہے رات کی جب وہ چھا جاتی ہے۔ دن کی جب وہ خوب روشن ہو جاتا ہے، قسم ہے نر مادہ کی

وَالْاُنْثٰى ﴿3﴾ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ﴿4﴾ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ﴿5﴾ وَصَدَّقَ

اور مادہ کو | بے شک | کوشش تمہاری | البتہ الگ الگ ہے | پس مگر | جس نے | دیا | اور تقویٰ اختیار کیا | اور اس نے مانا

کہ اے لوگو! تمہاری کوشش الگ ہے تو اس کا نتیجہ بھی الگ ہے۔ اور دیکھو، جس کسی نے اللہ کی راہ میں مال خرچ کیا، نیک

بِالْحُسْنٰى ﴿6﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ﴿7﴾ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ﴿8﴾

اچھی بات کو | تو جلد ہم آسان کردینگے اسے | آسانی راستہ کی | اور مگر | جس نے | بخل کیا | اور تکبر کیا

بات کو سچ جانا تو ہم اسے جنت کی سہولت میں پہنچا دیں گے۔ مگر جس نے بخل کیا، دین سے لا پروائی برتی۔

وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ﴿9﴾ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ﴿10﴾ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا

اور اس نے جھٹلانا | اچھی بات کو | تو جلد ہم راہ کھولیں گے | تنگی کے لیے | اور نہ | کام آئے گا | اس کے | اس کا مال | جب

نیک بات کو جھوٹ جانا۔ ہم اسے دوزخ کی سختی میں پہنچا دیں گے۔ اس کا مال اس کے کام نہ آئے گا جب وہ دوزخ کے گڑھے میں

تَرَدّٰى ﴿11﴾ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ﴿12﴾ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ﴿13﴾ فَاَنْذَرْتُكُمْ

وہ نیچے گریگا | بے شک | ہم پر ہے | البتہ ہدایت دینا | اور بیشک | ہمارے لئے ہے | ضرور آخرت | اور دنیا | پس میں نے خبردار کردیا تم کو

گرے گا۔ بے شک ہمارے ذمے ہے راہ دکھا دینا اور ہمارے اختیار میں ہے آخرت بھی اور دنیا بھی۔ لوگو میں نے تمہیں دوزخ کی

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَارًا تَلَظّٰى ﴿14﴾ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿15﴾ الَّذِىْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿16﴾

آگ سے | شعلے مارتی | نہیں | داخل ہوگا اس میں | مگر | بڑا بدبخت | جس نے | جھٹلایا | اور منہ پھیرا

بھڑکتی آگ سے خبردار کر دیا ہے۔ اس میں وہی گرے گا جو بڑا بدبخت ہوگا جس نے دینِ حق کو جھٹلایا اور اُس سے منہ موڑا۔

وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿17﴾ الَّذِىْ يُؤْتِىْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿18﴾ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ

اور عنقریب بچا لیا جائیگا اس سے | جو بڑا متقی ہے | وہ جو | دیتا ہے | مال اپنا | تاکہ پاک ہو | اور نہیں | کسی کیلئے | اس کے پاس | سے

البتہ اس آگ سے وہ شخص بچے گا جو اللہ سے ڈرتا رہا۔ اس کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتا رہا تاکہ پاک ہوجائے۔ جسنے اسلیئے خرچ نہیں

نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ﴿19﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ﴿20﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿21﴾ 1 ع 21 17

نعمت | کہ بدلہ دیا جائے | مگر | چاہنے کے لیے | خوشنودی | اپنے رب | اعلیٰ کی | اور البتہ جلد | وہ راضی ہوگا

کیا کہ کسی کا بدلہ اتارے۔ بلکہ صرف اپنے رب کی، جو اعلیٰ ہے خوشنودی حاصل کرے۔ اور وہ بھی اس سے جلد خوش ہوجائے گا۔

(93) سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ (11)

اٰیاتھا 11 — رکوعاتھا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحٰى ﴿1﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿2﴾ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿3﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

قسم دن چڑھے کی | قسم رات کی | جب | وہ چھا جائے۔ | نہیں | چھوڑا تجھے | تیرے رب نے | اور نہ | وہ بیزار ہوا | اور البتہ آخرت

قسم ہے چاشت کے وقت کی۔ اور رات کی جب وہ چھا جاتی ہے کہ آپ ﷺ کے رب نے نہ تو آپ ﷺ کو چھوڑا اور نہ وہ

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿4﴾ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ﴿5﴾ اَلَمْ يَجِدْكَ

بہتر ہے | تیرے واسطے | سے | دنیا | اور البتہ جلد | عطا کرے گا تجھے | تیرا رب | پس تو راضی ہوگا | کیا نہیں | پایا تجھے

آپ ﷺ سے بیزار ہوا۔ یقیناً آخرت آپ کو دنیا سے کہیں بہتر ہے۔ آپ ﷺ کا رب عنقریب اتنا دے گا کہ آپ ﷺ خوش ہو

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿6﴾ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿7﴾ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿8﴾ فَاَمَّا

یتیم | پھر ٹھکانہ دیا | اور پایا تجھے | بے خبر | پس ہدایت دی | اور پایا تجھے | تنگ دست | پس غنی کر دیا | پس جو

جائیں گے۔ اور دیکھیں، کیا اللہ نے آپ ﷺ کو یتیم نہیں پایا پھر ٹھکانا دیا۔ آپ ﷺ کو راستہ ڈھونڈنے والا پایا تو راستہ دکھایا۔ آپ ﷺ

الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿9﴾ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿10﴾ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿11﴾ 1 ع 11 18

یتیم ہو | پس نہ | تو جھڑک | اور جو | سوالی ہو | پس نہ | تو ڈانٹ | اور جو | نعمت ہے | تیرے رب کی | پس تو بیان کر

کو تنگ دست پایا تو غنی کر دیا۔ لہٰذا آپ ﷺ کسی یتیم کو نہ ڈانٹیں۔ کسی سائل کو نہ جھڑکیں اور اپنے رب کی نعمتیں بیان کرتے رہیں۔

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(94) سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ (12)

اٰيَاتُهَا 8 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿1﴾ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿2﴾ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ

کیا نہیں | ہم نے کھول دیا | تیرے لیے | سینہ تیرا | اور ہم نے اتار دیا | تجھ سے | بوجھ تیرا | جس نے | توڑ دی تھی

اے نبی ﷺ کیا ہم نے آپ ﷺ کا سینہ نہیں کھول دیا؟ آپ ﷺ سے وہ بوجھ اتار دیا جس نے آپ ﷺ کی کمر

ظَهْرَكَ ﴿3﴾ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿4﴾ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿5﴾ اِنَّ مَعَ

کمر آپ کی | اور ہم نے بلند کر دیا | تیرے لیے | ذکر تیرا | پس بیشک ساتھ | مشکل کے | آسانی ہے | بیشک | ساتھ

جھکا دی تھی۔ اور ہم نے آپ ﷺ کا ذکر بلند کر دیا۔ بے شک مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ لہٰذا

الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿6﴾ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿7﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿8﴾ ع 1/8/19

مشکل کے | آسانی ہے | پس جب | تو فارغ ہو | تو محنت کر | اور طرف | اپنے رب کی | پس تو رغبت کر۔

جب آپ ﷺ دعوت کے کام سے فارغ ہوں تو عبادت میں لگ جائیں۔ اور اپنے رب کی طرف متوجہ ہو جائیں۔

(95) سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ (28)

اٰيَاتُهَا 8 — رُكُوْعَاتُهَا 1

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿1﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿2﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ﴿3﴾

قسم انجیر کی | اور زیتون کی | اور طور | سینا کی | اور اس | شہر | امن والے کی

قسم ہے انجیر کی، اور زیتون کی قسم ہے طور سینا کی۔ قسم ہے اس امن والے شہر مکہ

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿4﴾ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ

بے شک | ہم نے پیدا کیا | انسان کو | میں | خوبصورت | بناوٹ میں | پھر | اس کو لوٹا دیا | زیادہ نیچا

کی کہ ہم نے انسان کو بہت اچھی صورت میں پیدا کیا۔ مگر اس کی نافرمانی کی وجہ سے اسے سب سے نچلے مقام پر پہنچا دیا۔ البتہ جو لوگ

سٰفِلِيْنَ ﴿5﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ

سب نیچوں سے | مگر | جو لوگ کہ | ایمان لائے | اور عمل کئے | اچھے | تو ان کیلئے | ثواب ہے | نہ

ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے تو ان کے لئے بے انتہا

محکم دلائل وبراہین سے مزین، متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

